UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222965
UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—43—30-1-71—5,000

**OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY**

Call No. ۸۳۳ د م Accession No. U1653

Author مارشز، جارج

Title دخترفرعون

This book should be returned on or before the date last marked below.

# دخترِ فرعون

## حصّہ دویم

یعنی

جارج ماڑنز۔ ایبرس مشہور جرمنی ماہر علوم مصریہ کی معرکۃ الآرا تصنیف کا


ترجمہ

از

## لطافت حسین خاں

باہتمام خواجہ صدیق حسین

اگرہ اخبار پریس آگرہ میں چھپا



دختر فرعون

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دختر فرعون حصہ دوم

## باب اکیسواں

### امداد غیبی

دوسرے دن دوپہر ہوتے اِن تمام واقعات کی خبر بابل میں پھیل گئی۔ شہر کی گلی کوچوں میں لوگوں کا مجمع تھا اور شہنشاہ کی دغا بازو مکار منظور نظر مصری شہزادی کی ذلت و رسوائی دیکھنے کے لئے ہر شخص بے چین تھا۔ اکثر شراب کے نشہ سے جو جشن سالگرہ کے موقعہ پر مفت تقسیم ہوئی تھی مدہوش و بیخود نظر آتے تھے۔ اور سڑکوں پر شور و غل مچاتے پھر رہے تھے۔ اسی لئے جگہ جگہ اہل پولیس کوڑے برداز مصروفِ انتظام تھے۔ اور تماشائیوں کو حرکاتِ بیجا و فساد سے روک رہے تھے کچھ عرصہ بعد جب بردیہ اور اس کے رفقا کی سزائے موت کی خبر مشتہر ہوئی تو اُسے سنتے ہی اس مجمع کا تمام نشہ ہرن ہوگیا۔ لوگوں کی عجیب حالت ہوگئی ہر طرف سے آہ و بکا کے نعرے اُٹھنے لگے اور سب نے بلا خوف و خطر یہ چلّانا شروع کیا "ہائے افسوس! ہمارا پیارا شہزادہ بھی قتل ہوتا ہے!!" عورتوں کے کان میں یہ صدائے دردناک پڑی تو اپنی شرم و حیا بھول کر پردے سے باہر

نکل آئیں اور سینے کوٹ کوٹ کر ماتم کرتی ہوئی مردوں کے مجمع کے پیچھے ہولیں ابھی کچھ دیر ہوئی کہ اپنی ہم جنس کی تشہیر و رسوائی کا تماشہ اُنکے لئے بڑی دلچسپی و مسرت کا باعث تھا لیکن نوجوان و خوشرو بردیہ کی مصیبت نے سب کچھ بھلا دیا وہ سر پیٹنے لگیں اور اُنکے رنج و اندوہ کی کچھ انتہا نہ رہی۔ غرضکہ مرد و زن۔ بچے۔ بوڑھے سب چلاتے۔ چیختے۔ کوستے۔ آہ و زاری کرتے۔ ایک دوسرے کو بغاوت و شورش پر آمادہ کرنے لگے۔ دوکانیں بند ہوگئیں کارخانے خالی ہوگئے۔ اور غلاموں کے گروہ اور درسگاہوں کے طلبا بھی جنھیں بادشاہ کی سالگرہ کی خوشی میں ایک ہفتے کی چھٹی ملی تھی مجمع میں شامل ہوکر گلے پھاڑ پھاڑ کر چلانے لگے۔ ان میں سے اکثر اصلی واقعات سے بالکل بے خبر تھے مگر دوسروں کی دیکھا دیکھی فساد پر آمادہ ہوگئے۔ بالآخر جب "کوڑہ برداروں" نے دیکھا کہ عوام کا جوش و خروش حد سے زیادہ بڑھتا جاتا ہے اور وہ اس کے روکنے سے مجبور ہیں تو سواران خاصہ کا ایک دستہ سڑکوں کو خالی کرنیکے لئے فی الفور طلب کیا گیا۔ ان کے چمکدار زرہ بکتر اور لمبے لمبے نیزوں پر نظر پڑتے ہی لوگوں میں بھگدڑ مچ گئی اور ادھر اُدھر گلیوں میں چھپ گئے۔ مگر جب سوار مطمئن ہوکر محل شاہی کی طرف چلے گئے اور نظروں سے اوجھل ہوگئے تو فسادیوں کے گروہ از سر نو جمع ہونے لگے۔ خصوصاً بابل کے قریب جہاں سے بڑی شاہراہ مغرب کی طرف جاتی ہے۔ اس وقت ایک بہت بڑا ہجوم تھا اور یہ افواہ گرم تھی کہ مصری شہزادی جو شہر میں اسی پھاٹک سے داخل ہوئی تھی اب اُسی سے بذلت و خواری بدر کی جائے گی۔ یہاں کوڑے برداروں کی بھی ایک کافی تعداد پہونچ گئی تھی اور اس انتظام میں کہ مسافروں کے آنے جانے میں دقت نہ ہو مصروف و سرگرم ہوگئی۔ مگر آج تو شاید ہی کوئی بھولا بھٹکا شہر سے باہر گیا ہو۔ سب کے دل میں ایک ایسے نظارے و تماشہ کا

شوق دامنگیر تھا کہ تمام ضرورتیں وخواہشیں بالائے طاق تھیں اور کوئی باہر سے آنے والا بھی یہاں پہنچتا تو یہ سنتے ہی کہ عنقریب کیا ہونے والا ہے۔ فوراً اپنا سب کام کاج چھوڑ کر اسی جگہ منتظر دید کھڑا ہو جاتا تھا۔ آفتاب اب نصف النہار پر پہنچ گیا تھا اور صرف چند گھنٹے بے گناہ اسیروں کے قتل کو باقی تھے کہ اتنے میں ایک قافلہ بڑی عجلت کے ساتھ شہر کی طرف آتا ہوا نظر آیا۔ اس کے آگے آگے ایک ہرما مکس[1] تھا جس میں چار گھوڑے جُتے تھے۔ پیچھے ایک دوپہیہ گاڑی اور اس کے بعد ایک چھکڑا تھا جسے چار خچر کھینچ رہے تھے۔ پہلی گاڑی میں ایک وجیہہ اور رعب دار شخص جس کی عمر قریب پچاس سال ہوگی نہایت زرق برق پوشاک پہنے بیٹھا تھا اور اُس کے پاس ہی ایک دوسرا معمر شخص تھا جس کا لباس نہایت سادہ اور ڈھیلا ڈھالا تھا۔ دوسری گاڑی میں بہت سے غلام تھے جن کے سروں پر چوڑی چھجے دار نمدے کی ٹوپیاں تھیں اور اُن کے ساتھ ساتھ ایک بوڑھا شخص ایرانی خادموں کا لباس پہنے گھوڑے پر سوار تھا۔ جب یہ قافلہ **باب بل** کے قریب آیا تو اگلی گاڑی کے کوچبان کو جس کے گھوڑوں کی گردنوں میں بہت سی گھنٹیاں رسیوں سے لٹک رہے تھے۔ عوام کے انبوہ کثیر سے گذرنا دشوار نظر آیا۔ اس نے فوراً رسیں کھینچ لیں اور چلا کر افسر پولیس کو آواز دی اور یہ کہا "ذرا مہربانی کر کے ہمارے لئے راستہ کر دیجئے۔ یہ شاہی ڈاک کی گاڑی ہے۔ محل عالی پر اسے جلد پہنچنا ہے۔ اس میں ایک نہایت نامور رئیس بھی سوار ہیں جنھیں اگر دیر ہوئی تو آپ سب کی خبر لے ڈالیں گے۔"

**افسر پولیس**۔ (ہاتھ اٹھا کر) ٹھیرو! آگے نہ بڑھنا۔ ذرا صبر سے کام لو۔ یہاں راستہ بند ہے۔ تم دیکھ رہے ہو لوگوں کا اس قدر مجمع ہے کہ اس وقت شہر میں داخل ہونا ذرا کارے دارد۔ تمہاری گاڑی میں یہ کون شخص ہے؟

---

[1] ایرانی سفری گاڑیاں جن کا ذکر زنوفن نے کیا ہے۔ (ایڈیٹر)

**کوچبان** - یہ ایک معزز امیر ہیں جن کے پاس شاہی پروانہ راہداری ہے۔

**افسر** - ان کا ساز و سامان تو کچھ زیادہ امیرانہ معلوم نہیں ہوتا۔

**کوچبان** "اس سے تمہیں کیا مطلب - پروانہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

**افسر** (مسافروں پر مشتبہ نظر ڈال کر) میں پہلے ان کا پروانہ دیکھنا چاہتا ہوں پھر اندر داخل ہونے کی اجازت دونگا۔

یہ سنتے ہی وہ شخص جو ایرانی لباس پہنے تھا اپنی آستین کے اندر سے پروانہ نکالنے لگا اور افسر پولس مڑ کر اپنے ایک ساتھی سے کہنے لگا "واہ کیا عجب سواری ہے! کبھی ایسا جلوس بھی تمہاری نظروں سے گذرا ہے! مجھے اس میں کچھ بھید و فریب معلوم ہوتا ہے۔ اگر نہ ہو تو میرا نام گیبو نہ رکھنا۔ اس شخص کا لباس تو ضرور امیرانہ ہے اور اپنے پاس ایک پروانہ راہداری بھی بتاتا ہے مگر خدم و حشم تو دیکھو۔ ہمارے یہاں کا ایک شاہی فراش بھی اس سے کہیں زیادہ شان کے ساتھ سفر کرتا ہے"

اتنے میں مشتبہ شخص نے ایک ریشمی ٹکڑا جو مشک و عنبر سے بسا ہوا تھا اور جس پر شاہی مُہر اور چند حروف کندہ تھے نکال کر افسر کے حوالہ کیا۔ جس نے اُسے لیکر پہلے مُہر کو بغور دیکھا اور جب اس کی صحت کا یقین ہو گیا تو نوشتہ کو پڑھنے لگا۔ ابھی مشکل سے پہلے حروف پر نظر پڑی ہوگی کہ یکایک اُس کے چہرہ کا رنگ بدل گیا۔ فوراً لپک کر اُس نے گھوڑوں کی راس پکڑ لی اور نہایت غصہ سے مسافروں کی طرف گھور کر اپنے آدمیوں کو آواز دی۔ "جوانو! اس گاڑی کو گھیر لو۔ یہ شخص کوئی جعل ساز و فریبی معلوم ہوتا ہے" چشم زدن میں پولس کے گارد نے گاڑی کو حراست میں لے لیا۔ پھر اُنکے افسر کو جب یقین ہو گیا کہ اجنبی کہیں بھاگ کر نہیں جا سکتا تو آپ آکر اُس سے اس طرح مخاطب ہوا "یہ پروانہ تمہارا نہیں ہو سکتا۔ بلکہ جعلی ہے۔ کیونکہ اس پر **گیجیس پیر کری سس** کا نام لکھا ہے جو قید میں ہے اور آج ہی قتل کیا جائے گا۔ تمہاری شکل و شباہت بھی اُس سے نہیں ملتی۔

تمہیں معلوم نہیں کہ یہ کتنا بڑا جرم ہے دیکھو تو اس دھوکا دہی کی کیسی سخت سزا ملتی ہے گاڑی سے اترو اور میرے ساتھ چلو" اجنبی پر ان الفاظ کا مطلق اثر نہ ہوا اور نہ اُس نے اس حکم کی پرواہ کی۔ بلکہ نہایت اطمینان کے ساتھ اپنی ٹوٹی پھوٹی فارسی میں افسر کو جواب دیا کہ مجھے تم سے ایک خفیہ بات کہنی ہے۔ ذرا مہربانی کر کے تھوڑی دیر کے لئے خود ہی گاڑی کے اندر چلے آؤ۔ افسر پہلے تو ہچکچایا مگر جب اس نے دیکھا کہ سپاہیوں کی کافی تعداد موجود ہے اور ایک دوسرا گارد بھی آرہا ہے تو اشارہ سے اُن سے کہہ کر کہ ذرا ہوشیار رہنا۔ خود گاڑی کے اندر پہنچا۔ اجنبی نے اب افسر کو بہت غور سے گھورا۔ پھر اُس کا ہاتھ پکڑ کر مسکراتے ہوئے نہایت اطمینان بھرے لہجہ سے پوچھا "سچ بتاؤ! کیا میں شکل وصورت سے کوئی مکار دغری معلوم ہوتا ہوں"

**افسر پولس** - میں نہیں کہہ سکتا۔ بلکہ خود حیران ہوں۔ کیونکہ گو تمہارا لہجہ و زبان ایرانی نہیں ہے۔ لیکن بظاہر ایک شریف و معزز آدمی معلوم ہوتے ہو۔

**اجنبی** - میں ایک یونانی امیر ہوں اور شہنشاہ کمبوجیہ کے ایک بہت بڑی خدمت انجام دینے یہاں آیا ہوں۔ یہ پروانہ راہداری میرے دوست گیجیس کا عطیہ ہے جب وہ مصر میں تھے تو انھوں نے اسے دیکر مجھ سے کہا تھا کہ جب کبھی ایران آنے کا قصد کروں تو بلا خوف وخطر اسے استعمال کر سکتا ہوں۔ تم یقین جانو میں بالکل صحیح تم سے کہہ رہا ہوں بلکہ بادشاہ کے سامنے بھی اسی طرح کہنے کے لئے تیار ہوں اور اپنے قول کی صداقت کا ثبوت دے سکتا ہوں۔ علاوہ بریں مجھے بعض نہایت اہم واقعات شہنشاہ کے گوشِ مبارک تک پہنچانا ہیں جنھیں سُنکر یقیناً وہ بہت خوش ہونگے۔ اگر تمہیں اپنے فرض منصبی کا خیال ہے تو بہتر ہوگا کہ مجھے کری سس کے پاس لے چلو۔ وہ میرے ضامن ہو جائیں گے۔ (جیب سے اشرفیاں نکالکر) یہ لو اپنے آدمیوں کو تقسیم کر دینا اور ہاں یہ تو کہو کہ میرے غریب دوست گیجیس نے کیا قصور

کیا ہے کہ بقول تمہارے اُسے سزائے موت ملنے والی ہے اور لوگوں کا یہاں اس قدر اژدہام کیوں ہے۔ کیا کوئی میلہ یا تماشہ ہونے والا ہے؟" اجنبی کی فارسی گو ناقص تھی لیکن اسکے طرزِ کلام میں ایسی خودداری و طمانیت تھی اور اس کا عطیہ ایسا گرانبہا تھا کہ ایرانی افسر پر بہت بڑا اثر ہوا۔ وہ اُسے کسی مُلک کا حاکم یا شہزادہ سمجھا اور نہایت ادب سے معافی مانگ کر اپنی مشکل خدمات کا ذکر کرنے لگا کہ کس طرح گذشتہ تمام رات اُسے دربار میں پہرہ دیتے گذری ہے جہاں ملزموں کی قسمت کا فیصلہ خود اُس نے اپنے کانوں سے سُنا تھا۔ بعدہٗ وہ تمام واقعات جنکی اسے خبر تھی بالتفصیل بیان کرنا شروع کئے۔ یونانی اس گفتگو کو ایک غیر معمولی دلچسپی و غور کے ساتھ سُنتا رہا اور کبھی کبھی خصوصاً جب بردیہ اور دختر فرعون کی باہمی سازش کا ذکر آیا تو گردن ہلا کر بے اعتباری کا اظہار کرنے لگا پھر ملزموں خصوصاً کری سس کے متعلق سزائے قتل کا حکم سُنا تو بظاہر نہایت متاثر ہوا۔ اور بڑی دیر تک کچھ سوچتا رہا۔ پھر یکایک اس کی پریشانی و فکر غائب ہوگئی اور چہرہ پر ایک ناقابلِ بیان مسرت و خوشی کے آثار نمایاں ہوئے جس سے ظاہر تھا کہ اسکے ذہن میں کوئی ایسی نئی بات آئی ہے جس نے تمام اوہام باطلہ کو دھوئیں کی طرح اُڑا دیا اور فکر و تردد کو بھی رفتہ رفتہ دل سے دور کر دیا ہے وہ اپنی خوشی کو ضبط نہ کر سکا اور اپنے زانوؤں پر دونوں ہاتھ مار کر بڑے زور سے ہنسا۔ پھر افسر پولس کا بڑی گرمجوشی سے ہاتھ دبا کر کہنے لگا "کہو یار! اگر شہزادہ بردیہ کی جان بچ گئی تو تم خوش ہوگے؟"

افسر۔ (متحیر و حیران ہو کر) بیشک میں بے انتہا خوش ہونگا۔

فینس۔ اچھا تو بندہ وعدہ کرتا ہے اور دو ٹیلنٹ بھی آپ کے نذر کرنیکے لئے تیار ہے مگر شرط یہ ہے کہ ملزموں کی سزایابی سے پہلے کسی طرح شہنشاہ کے روبرو مجھے پیش کر دو۔

افسر پولیس۔ (گردن ہلا کر) بھلا مجھسے یہ کیونکر ہو سکتا ہے میں ایک معمولی غریب ....."

فینس۔ نہیں میں نہ مانونگا۔ تمھیں ضرور میری مدد کرنا پڑے گی۔

افسر۔ افسوس! یہ میری قدرت سے باہر ہے۔

فینس۔ یہ سچ ہے کہ ایک اجنبی مسافر کے لئے شہنشاہ کے دربار میں جلد بار یابی حاصل کرنا از حد مشکل بلکہ قریباً ناممکن ہے۔ لیکن یہ کام بھی تو اس قدر ضروری واہم ہے کہ اس میں ایک لحظہ کی تاخیر نہیں ہوسکتی۔ تمہارے شہزادے اور اس کے عزیز دوستوں کی جان معرضِ خطر میں ہے۔ میں انکی بے گناہی ثابت کرسکتا ہوں۔ (افسر کا شانہ ہلاکر) دیکھو یہ کتنی بڑی بات ہے۔ کچھ سمجھے بھی کہ میں کیا کہہ رہا ہوں۔ یہ نہایت اہم و نازک معاملہ ہے۔ تمہارا فرض ہے کہ بہت جلد میری رسائی کی کوئی تدبیر نکالو"

افسر۔ آپ ہی بتائیے کہ میں کیا کرسکتا ہوں؟

فینس۔ پھر وہی بہانے و عذر۔ اب ان باتوں کا وقت نہیں ہے فی الفور کچھ کرنا چاہئے تم ابھی کچھ کہہ رہے تھے کہ دارا کو بھی سزا ملنے والی ہے۔

افسر۔ جی ہاں۔

فینس۔ میں نے سُنا ہے کہ اس کا باپ نہایت معزز و با اثر ہے۔

افسر۔ ہاں۔ کورش اعظم کی اولاد کے بعد انہیں کا سب سے بڑا مرتبہ سمجھا جاتا ہے۔

فینس۔ اچھا۔ تو فوراً مجھے اُنکے پاس لے چلو۔ جب انھیں معلوم ہوگا کہ میں انکے فرزند کی جان بچانے آیا ہوں تو میرے لئے اپنی آنکھیں بچھائیں گے اور مدد کرنے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھیں گے۔

افسر۔ آپ واقعی عجب شخص ہیں۔ اور اپنی بات پر ایسا یقین رکھتے ہیں کہ میں ....."

فینس۔ (مُسکرا کر) "کہ تم بھی مجھے سچ سمجھنے لگے! اچھا تو جلد اپنے آدمیوں کو حکم دو کہ اس مجمع کو ہٹا کر میری گاڑی نکل جانے دیں"

فطرتِ انسانی کا خاصہ ہے کہ جب کوئی شخص پورے بھروسے اور اعتبار کے ساتھ ایک ایسی امر کی امید دلا رہا ہو جس کا تعلق سُننے والے کی خواہش دلی سے ہو تو

یقیناً اس پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے۔ ایرانی افسر جسے اجنبی مسافر کی گفتگو سے اسکی صداقت پر پورا یقین ہو گیا تھا فوراً گاڑی سے اُتر پڑا اور ایک پُرجوش آواز میں لوگوں سے مخاطب ہو کر کہنے لگا "یہ معزز اجنبی شہزادہ بردیہ کی بیگنا ہی کا ثبوت رکھتے ہیں اور بادشاہ سے ملنا چاہتے ہیں۔ دوستو! ان کے لئے راستہ کر دو۔ اور ہمارے پیچھے پیچھے آؤ۔" اسی اثنا میں باڈی گارڈ کے چند سوار نظر آئے۔ کپتان پولس دوڑتا ہوا اُن کے افسر کے پاس گیا اور تمام واقعہ بیان کرنیکے بعد اسے بھی اجنبی کے ساتھ محل پر چلنے کے لئے آمادہ کیا۔ دوسرے لوگوں نے بھی اس کی تائید کی اور بڑے جوش خروش سے ہمارے مسافر کا خیر مقدم کیا جسے دیکھتے ہی وہ فوراً گاڑی سے اُتر کر اپنے ایک خادم کے گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ اور ایرانیوں کے پیچھے پیچھے جو اُس کے لئے راستہ صاف کرتے جاتے تھے روانہ ہوا۔

چشم زدن میں یہ خبر تمام شہر میں پھیل گئی۔ لوگوں کی خوشی کی انتہا نہ تھی وہ جوق جوق چاروں طرف سے آکر اجنبی کے جلوس میں اسطرح شامل ہو رہے تھے کہ اس کی سواری اب ایک اچھا خاصہ شاہانہ جلوس معلوم ہوتی تھی جو بڑی تیز قدمی کے ساتھ محل کی طرف رواں تھی جس کے برنجی پھاٹک ابھی تک بند تھے۔ یہاں آئے زیادہ دیر نہ گذری تھی کہ اتنے میں سامنے سے ایک دوسرا جلوس نظر آیا۔ اس کے آگے آگے ایک مرد کہن سال پیرہن دریدہ اسپ نیلگوں پر سوار نظر آیا اُس کے گھوڑے کی دُم و ایال ماتمی رسم کے مطابق قطع کر کے نیلے رنگ دیئے گئے تھے۔ یہ گستاشپ تھا جو شہنشاہ سے اپنے فرزند دلبند کی جان بخشی کے لئے منت و التجا کرنے روانہ ہوا تھا۔ افسر پولس اسے دیکھتے ہی فوراً آگے بڑھا۔ اور سامنے آتے ہی زمین بوس ہو کر دست بستہ اجنبی کا واقعہ بیان کرنے لگا جسے سنتے ہی گستاشپ کے مردہ دل میں ایک جان پڑ گئی۔ اس نے اشارہ سے اجنبی کو بُلایا اور جب اس کی زبانی کل حالات سُنے تو بجائے امید موہوم کے اُسے بھی اطمینان اور بھروسہ ہونے لگا اور خوشی خوشی نوارد کو اپنے ہمراہ لیکر فوراً محل کے اندر پہونچا۔

یہاں اس نے میر چوبدار سے کہا کہ بادشاہ کو اس کی آمد کی اطلاع دے اور یونانی کو ہدایت کی کہ تھوڑی دیر کے لئے باہر منتظر کھڑا رہے۔ جب ہمارا معزز و معزز گستاشپ جس کے دل میں امید و بیم کا ایک عجب طوفان بپا تھا ایوانِ شاہی کے اندر داخل ہوا تو کیا دیکھتا ہے کہ شہنشاہ عالیجاہ ایک خوشنما اونچی مسند پر اپنی ارغوانی چادر اوڑھے ہوئے دراز ہے۔ اس کے زرد چہرہ پر سخت مردنی چھائی ہوئی ہے۔ اس کے قدموں کے پاس ایک ساقی جھکا ہوا اُس بیش بہا مصری جام کے ٹکڑے جمع کرنے میں مصروف ہے جسے اس کے آقا نے ابھی غصہ میں زمین پر پھینک دیا تھا۔ سامنے چند امرا و درباری خاموش ہاتھ باندھے کھڑے ہیں۔ ہر ایک شہنشاہ[۵۱] کے غیظ و غضب سے لرزاں ہے اور اپنے دل میں جلد وہاں سے رہائی پانے کی دعائیں مانگ رہا ہے۔

حجرۂ شاہی کی کھڑکیاں کھلی ہوئی ہیں۔ مئی کا مہینہ ہے۔ سورج کی چمکا چوند روشنی اور دھوپ کی گرمی اندر آرہی ہے۔ ہر طرف ایک غیر معمولی سکوت و خاموشی چھائی ہوئی ہے۔ صرف ایک بڑے خونخوار شکاری کتے کی آواز سنائی دیتی ہے جو ایک طرف دبکا ہوا

---

[۵۱] کمبوجیہ پر نخوت و مغلوب الغضب تھا۔ فردوسی نے جو صفات کیکاؤس کے لکھے ہیں وہ اس پر صادق آتے ہیں۔ فردوسی

چو رفتند و بردند پیشش نماز — برآشفت و پاسخ نداد ایچ باز
یکے بانگ برزد بگیو ارنخست — پس انگاہ شرم از دو دیدہ بشست
کہ رستم کہ باشد کہ فرمانِ من — کند سست و پیچد ز پیمانِ من
اگر تیغ بودے کنوں پیشِ من — سرش کندمی چوں برنجی زتن

---

بشد تند کاؤس چیں برجبیں — شدہ راست مانند شیرِ عریں
خود از جائے برخواست کاؤس کے — برافروخت برسان آتش زنے

چلّا رہا ہے۔ کیونکہ کمبوجیہ نے ابھی زور سے لات مار کر اسے اپنے پاس سے ہٹا دیا ہے۔ شہنشاہ کی بیکاری و بے شغلی اس کے اضطراب دل کے لئے ایک تازیانہ ہو گئی ہے۔ غم و غصہ نے خفقان اور زیادہ کر دیا ہے۔ کتّے کی آواز نے اس کے منتشر دماغ میں ایک نیا خیال پیدا کیا۔ فوراً بے تابانہ اُٹھ کھڑا ہوا اور اپنے حیرت زدہ درباریوں سے للکار کر بولا "مابدولت شکار کے لئے جائیں گے۔ فوراً اسی وقت انتظام کیا جائے"۔ یہ سنتے ہی میر شکار، میر آخور و محافظ سگان۔ گھبرائے ہوئے دست بستہ سامنے آئے۔ شہنشاہ نے اُن سے مخاطب ہو کر اپنی گرجتی ہوئی آواز سے کہا "مابدولت کی سواری کے لئے رخش[1] نامی اسپ جس پر آجتک کوئی سوار نہیں ہوا ہے حاضر کیا جائے۔ شاہین و باز لائے جائیں اور تمام شکاری کتے ساتھ رہیں۔ اور ہر شخص جسے نیزے و تیر چلانے میں مہارت ہے ہمراہ چلے۔ آج ہم ایسا شکار کھیلیں گے کہ صید گاہ کا کوئی پرند و چرند زندہ باقی نہ رہے گا"۔

اتنا کہنے کے بعد تکان و ماندگی کے آثار پھر اسکے چہرہ سے ظاہر ہونے لگے وہ مسند پر ہاتھ ٹیک کر بیٹھ گیا اور اس کے غم و اندوہ بھری آنکھیں ان ذرات خاکی کو جو سورج کی کرن میں چمکتے ہوئے رقص کر رہے تھے ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے لگیں۔

گستاشپ جس کا اضطراب دلی دم بدم بڑھ رہا تھا۔ شہنشاہ کو اپنی طرف متوجہ نہ دیکھ کر بڑی ہمت و جرأت سے کام لیکر کھڑکی کے سامنے جہاں سے روشنی آرہی تھی۔ کھڑا ہو گیا۔ اس طرح کمبوجیہ کی نگاہ خواہ مخواہ اس پر پڑی اور اس کا لباس ماتمی اور پیرہن تار تار دیکھ کر پہلے تو بہت چیں بجبیں ہوا۔ پھر جب اُسے قدم بوس ہوتے دیکھا تو ایک تلخ آمیز مسکراہٹ کے ساتھ بولا "کہو کیوں آئے ہو؟ اور میرے پیروں پر کیوں گر رہے ہو"۔

گستاشپ۔ شہنشاہ کا ہمیشہ بول بالا رہے۔ حضور کا چچا۔ یہ ادنیٰ غلام اپنے آقا سے رحم و کرم کی التجا کرنے آیا ہے"۔

---

[1] رخش بمعنی:۔ رستم کے مشہور گھوڑے کا بھی یہی نام تھا۔

**بادشاہ**۔ (غصہ سے) بس میرے سامنے سے دور ہو! جھوٹے و دغا بازوں کے لئے ہرگز مجھے رحم نہیں آسکتا۔ تمہارا لڑکا بھی اس سازش میں شامل تھا۔ اور گردن زدنی کا مستحق ہے۔ اب تمہیں رنج و غم کرنا فضول ہے۔ ایک روسیاہ فرزند کا مرجانا ہی بہتر ہے۔

**گستاشپ**۔ لیکن اگر شہزادہ بردیہ بیگناہ ہوں۔ اگر دارا ....."

**کمبوجیہ**۔ (گرج کر) گستاشپ! تمہاری یہ مجال کہ مابدولت کے فیصلہ کے خلاف رائے زنی کرتے ہو!!

**گستاشپ**۔ (گردن جھکا کر) آقائے نامدار! غلام کا ہرگز یہ منشا نہیں۔ اور نہ کوئی شخص فرمان والاشان کے خلاف ایک لفظ بھی اپنی زبان سے نکالنے کی جرأت کرسکتا ہے۔ لیکن ....."

**کمبوجیہ**۔ خاموش! میں نہیں چاہتا کہ کوئی میرے سامنے اب گذشتہ واقعات کا ذکر کرے۔ تم الفتِ پدری کے سبب قابلِ رحم ہو۔ مجھے تمہاری پیرانہ سالی پر ترس آتا ہے لیکن میرے لئے بھی یہ چند دن خوشی سے نہیں گذرے ہیں تاہم اپنے حکم کو اسی طرح منسوخ نہیں کرسکتا جس طرح تم اپنے فرزند کو اس کے جرم سے بری الذمہ نہیں کرسکتے۔

**گستاشپ**۔ لیکن اگر شہزادہ بردیہ بیگناہ ہوں۔ اگر یزدان پاک ....."

**کمبوجیہ**۔ تمہارا خیال ہے کہ اہرمزد۔ دروغ گو دغا بازوں کی مدد کریگا؟

**گستاشپ**۔ نہیں یہ نہیں ہوسکتا۔ مگر جہاں پناہ! اُس نے ایک شخص کو غیب سے بھیجا ہے۔ ایک نیا گواہ آیا ہے جو ....."

**کمبوجیہ**۔ (حیرت زدہ) نیا گواہ! میں اپنی نصف سلطنت اس شخص کو بخشنے کے لئے تیار ہوں جو ان مجرموں کی بیگناہی ثابت کردے۔ میرے بھی تو وہ قریبی عزیز و رشتہ دار ہیں۔

**گستاشپ** - (جوش مسرت سے) شہنشاہ کا اقبال ہمیشہ قایم رہے!! باہر ایک نوجوان یونانی حاضر ہے۔ جو اپنی شکل و صورت و طرز و انداز سے اپنے ملک کا کوئی شریف سردار معلوم ہوتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں بردیہ کی بیگناہی ثابت کرسکتا ہوں۔

بادشاہ یہ سنکر زور سے ہنس پڑا اور بڑے مضحکہ و طنز آمیز لہجہ سے بولا "یونانی! شاید وہ بردیہ کی معشوقہ کا کوئی رشتہ دار یا چاہنے والا ہوگا۔ یہ اجنبی کب آیا؟ اسے ہمارے محل کے حالات کیونکر معلوم ہوگئے؟ میں ان بدمعاش یونانیوں کو بخوبی جانتا ہوں یہ فطرتاً سخت بے حیا و گستاخ ہیں۔ اور ہر جگہ دخل دینے کو موجود ہو جاتے ہیں۔ اپنی چالاکی پر انھیں ناز ہے اور سمجھتے ہیں کہ جھوٹ و فریب سے ہر شخص دھوکے میں آسکتا ہے۔ چچا جان یہ تو فرمائیے کہ آپ اس نئے گواہ کو کتنا زر و جواہر دیکر میرے سامنے لائے ہیں؟ میں کیا جانتا نہیں کہ یونانیوں کو دروغ[1] گوئی اور مجوسیوں کو دعا گوئی میں مشق کامل حاصل ہے مجھے خوب معلوم ہے کہ روپئے کی خاطر وہ سب کچھ کرنے کو تیار ہیں۔ خیر میں آپ کے اس گواہ کے دیکھنے کا بہت مشتاق ہوں۔ ذرا بلایئے تو۔ (آنکھیں لال پیلی نکال کر) اگر وہ میرے سامنے جھوٹ بولنے کے ارادہ سے آنا چاہتا ہے تو بہتر ہوگا کہ باہر ہی رہے

---

[1] ایرانی عموماً اہل یونان کو دروغ گو۔ لالچی و کمینہ خیال کرتے تھے۔ وہ تجارت پیشہ و بت پرست تھے اور اپنی خانہ جنگیوں میں پرانے دشمنوں سے امداد طلب کرتے تھے۔ جسے ایرانی سخت نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

یہی وجوہات تھے کہ گو ان دونوں قوام کا اکثر میل جول رہا۔ ہزاروں یونانی ایران کی رعایا تھے۔ یونانی سفارتیں مہینوں ایران میں فروکش رہیں۔ یونانی مفروریں پناہ گزیں ہوئے۔ یونانی حکما دربار ایران میں بلائے گئے اور یونانی صناعوں سے مختلف کام لئے گئے مگر ان تمام باتوں کا ایرانی تمدن پر بہت کم اثر پڑا۔ اور انکے بادشاہ اور امرا وغیرہ یونانی زبان سیکھنا یا انکا طرز معاشرت اختیار کرنا اپنے لئے باعث ننگ و ذلت سمجھتے رہے۔ اس طرح نہ صرف صنعت و حرفت و مذہب

کیونکہ جس معاملہ میں اپنے بھائی۔ اپنے والد مکرم کورش اعظم کے فرزند دلبند کی کچھ حقیقت میں نہیں سمجھتا۔ اس میں وہ کیا ہزاروں یونانیوں کے سر قلم ہو جائیں تو کچھ پرواہ نہ کرینگا۔

بادشاہ کی آنکھیں غصہ سے چمک رہی تھیں لیکن گستاشپ نے ہمت کرکے یونانی کو اندر بلانے کا اشارہ کیا۔ چوبداروں نے فوراً اسے خبر کی۔ آداب شاہی سے اسے مطلع کیا اور منہ پر ایک کپڑا باندھ کر اندر لے آئے۔ یونانی ایک نہایت شائستہ و دلپذیر انداز سے شہنشاہ کی طرف جو اسے بغور دیکھ رہا تھا آہستہ آہستہ بڑھا۔ اور قریب پہنچتے ہی ایرانی طریقہ سے نہایت ادب کے ساتھ زمین بوس ہوا۔ اسکی شریفانہ شکل وصورت۔ اسکی امیرانہ شان۔ اسکی نڈر و مودبانہ ادا نے بادشاہ پر باوجود اس کی خفگی کے نہایت عمدہ اثر کیا۔ اس نے فوراً اس سے اٹھنے کے لئے کہا اور کسی قدر ٹھنڈے ہو کر آشتی آمیز لہجہ سے پوچھا "تم کون ہو؟"

**اجنبی**۔ میں ایک یونانی امیر ہوں۔ میرا نام **فینیس** ہے۔ میرا وطن **اتھنز** ہے اور میں نے دس سال تک مصر میں یونانی فوج کی خدمت پہ سالاری بہ نیکنامی انجام دی ہے۔

**کمبوجیہ**۔ کیا تمہیں وہ شخص ہو جس کی سرداری میں مصریوں کو **قبرس** پر فتح حاصل ہوئی تھی؟

**فینس**۔ جہاں پناہ۔ میں ہی وہ خادم ہوں۔

**کمبوجیہ**۔ تم کس غرض سے ایران آئے ہو۔

**فینس**۔ شہنشاہ کا نام نامی شہرۂ آفاق ہے۔ میں بھی صرف یہ تمنا و خواہش دل میں لیکر آیا ہوں کہ اپنی تلوار اب خدمتِ شاہی کے لئے نذر کر دوں۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف

**کمبوجیہ**۔ بس اسی قدر۔ دیکھو صاف صاف بولو اور یاد رکھو کہ ذرہ بھی جھوٹ بولے تو تمہاری جان کی خیر نہیں ہے۔ ہم ایرانی بخلاف تم لوگوں کے صداقت و سچائی کا کچھ اور ہی مفہوم

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) بلکہ زبان بھی اجنبی اثر سے محفوظ رہی۔ چنانچہ فرامین شاہی قدیم فارسی میں لکھے جاتے تھے۔ اور غیر اقوام رعایا کو بھی جن میں بکثرت یونانی شامل تھے وہ اسی زبان میں احکامات صادر کئے جاتے تھے۔

(آرٹ آف پرشیا)

سمجھتے ہیں۔

**فینس**۔ مجھے بھی دروغ گوئی سے سخت نفرت ہے۔ خصوصاً اس لئے کہ دروغ ایک فطرتی یعنی سچی و اصلی بات کو بگاڑ کر بدنما بنا دیتا ہے۔

**کمبوجیہ**۔ اچھا تو جو کہنا چاہتے ہو۔ کہو۔

**فینس**۔ دراصل وہ امر جو میرے ایران آنے کا باعث ہوا کچھ اور ہی ہے جسے پھر کسی موقعہ پر عرض کرونگا۔ کیونکہ اس کا تعلق اتنے بڑے اہم مسئلہ سے ہے کہ اس پر بحث کرنے کے لئے کافی وقت ہونا چاہیئے۔ آج ۔۔۔۔"

**کمبوجیہ**۔ آج میں کوئی نئی بات سننا چاہتا ہوں۔ میرے ہمراہ شکار پر چلو۔ تم اچھے وقت آئے۔ مجھے اپنے دل بہلانے اور غم غلط کرنے کی سخت ضرورت ہے

**فینس**۔ غلام بسر و چشم حاضر ہے۔ لیکن۔ حضور ۔۔۔۔۔"

**کمبوجیہ**۔ ما بدولت کوئی بہانہ یا عذر و شرط سننا نہیں چاہتے۔ تمہیں شکار کھیلنا بھی آتا ہے؟

**فینس**۔ اس ناچیز نے بہت سے شیر خود اپنے ہاتھوں سے لیبیا[۵۱] کے بیابانوں میں مارے ہیں۔

**کمبوجیہ**۔ اچھا تو ہمارے ساتھ چلو۔ ہم بھی تمہاری ہمت و جرأت کا تماشہ دیکھیں۔

شکار کا خیال از سر نو پیدا ہوتے ہی کمبوجیہ کی افسردگی و سستی کسی قدر غائب ہو چلی اور فی الفور روانگی کا ارادہ کر کے باہر جانا چاہتا تھا کہ گستاشپ پھر قدموں پر گر پڑا اور دونوں ہاتھ اٹھا کر بڑی مایوسی و لجاجت سے عرض کرنے لگا "عالی جاہ۔ مجھے ابھی تک کوئی جواب نہیں ملا۔ کیا مجھ غریب کا فرزند اور حضور کا پیارا بھائی بیگناہ قتل کئے جائیں گے۔ کورش اعظم اس غلام کو اپنا سچا بہی خواہ اور محب خاص سمجھتے

---

۵۱ ارض طرابلس کا قدیم نام

تھے۔ میں ہاتھ جوڑ کر حضور کو انھیں کی روح پاک کا واسطہ دیتا ہوں کہ اس معزز یونانی کی زبانی کچھ سُن لیجئے۔

کمبوجیہ۔ یکایک ٹھیر گیا۔ غصہ سے اُس کی تیوری پر بل پڑ گئے اور یونانی کی طرف ہاتھ اُٹھا کر بولا "اچھا کہو میں سُنتا ہوں۔ مگر یاد رکھو ایک لفظ بھی زبان سے جھوٹ نکلا تو اپنی موت کا پیام ہی سمجھنا۔

فنیس نے اپنی گردن جھکا دی اور نہایت خوبی و انداز کے ساتھ یہ جواب دیا "اس دنیا میں کوئی شے نہ تو آفتاب سے پوشیدہ رہ سکتی ہے نہ میرے شہنشاہ سے۔ اگر اول الذکر کی روشنی عالمگیر ہے تو دوسرا روشن ضمیر ہے۔ پھر بھلا مجھ ایسے ایک ادنیٰ شخص کی ہمت ہو سکتی ہے کہ اصلیت یا حقیقت کو ایک ذرہ برابر بھی چھپانے کی کوشش کروں۔ میرے معزز و بزرگ گستاشپ کا خیال ہے کہ یہ ناچیز حضور والا جاہ کے عزیز بھائی کی بگیا ہی کا ثبوت پیش کر سکتا ہے۔ یہ ایک ایسا عظیم و اہم کام ہے جس کے لئے خادم اپنے کو قابل نہیں سمجھتا لیکن یہ کہنے کی ضرور جرأت کر سکتا ہے کہ حسن اتفاق اور دیوتاؤں کے فضل سے اُسے ایک ایسا راز معلوم ہو گیا ہے جو گذشتہ واقعات پر ایک نئی روشنی ڈالتا ہے۔ حضور والا سُنیں گے تو خود فیصلہ کر لیں گے کہ میرا خیال صحیح ہے یا محض قیاسات پر مبنی ہے۔ بہر حال یہ تو حضرت اقدس پر واضح ہو جائیگا کہ یہ ناچیز صدق دلی کے ساتھ خدمت شاہ بجا لانا چاہتا ہے اور اگر اسے کوئی غلط فہمی ہوئی ہے تو معافی کے قابل ہے کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ اس دنیا میں کوئی بات یقینی نہیں ہو سکتی۔ اور ہر شخص اسی امر کو محقق بتاتا ہے جسے وہ اپنے عقل و ہوش کے مطابق صحیح و سچا سمجھتا ہے۔

کمبوجیہ۔ (متاثر ہو کر) تمہارا بیان دلپذیر ہے۔ یہ گفتگو سُن کر مجھے کسی اور کی باتیں یاد آ رہی ہیں۔ اچھا۔ جو کچھ کہنا ہے چند لفظوں میں جلد بیان کرو۔ کتے باہر بھونک رہے ہیں۔ ہمارے شکار میں دیر ہوئی جاتی ہے۔

فینیس۔ بہت خوب۔ پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب حضور کی سفارت شہزادی نٹیتیس کو لینے ایران سے آئی تھی تو میں مصر ہی میں تھا۔ اور اپنی معزز دوست مشہور خاتون رو ڈوفس کے مکان پر کری سس اور انکے فرزند سے کئی بار ملا تھا۔ اور شہزادہ بردیہ اور ان کے رفیقوں کو بھی ایک دو مرتبہ میں نے دور سے دیکھا تھا اور ان کی شکل وشباہت سے بخوبی آشنا تھا جس کا ثبوت یہ ہے کہ بعد ازاں جب مجھے ساموس میں وہاں کے مشہور و معروف نقاش تھیوڈورس کے مکان پر جانے کا اتفاق ہوا تو میں نے شاہزادہ کی شبیہ بآسانی پہچان لی۔

کمبوجیہ۔ ساموس! بردیہ وہاں کب گیا تھا؟

فینیس۔ وہ بذاتِ خود تشریف نہیں لے گئے تھے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ال کمیونی نے ڈلفی مندر میں رکھنے کے لئے تھیوڈورس سے سورج دیوتا کے سر کا ایک بت بنانے کی فرمائش کی تھی جس کے لئے اس ماہر فن نے آپ کے بھائی کی شکل پسند کی اور اسکی ایک نقل ایسی ہو بہو اتاری کہ بالکل اصلیت کا گمان ہوتا تھا۔ انھیں صرف ایک ہی بار شہزادہ کو رو ڈوفس کی محفل میں دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا۔

کمبوجیہ۔ تم ابھی سے خلاف قیاس باتیں کرنے لگے۔ یہ کس طرح ممکن ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص ایک ایسے آدمی کی شبیہ جو اس کے سامنے موجود نہ ہو بنا سکے۔

فینیس۔ تھیوڈورس نے یہ کمال کر کے دکھا دیا۔ اگر حضور اس کا ثبوت چاہتے ہیں تو وہ ایک دوسرا اسی قسم کا مجسمہ بآسانی بنا کر حاضر کر سکتا ہے۔

کمبوجیہ۔ مجھے اس کی خواہش نہیں۔ اپنا واقعہ بیان کرو۔

فینیس۔ میں اپنے دوران سفر میں جو آپ کے والد مرحوم کے اعلیٰ درجہ کے انتظام کی وجہ سے اس غیر معمولی سرعت و آرام کے ساتھ طے ہوا۔ منزل بمنزل گھوڑے بدلتا ہوا۔

کمبوجیہ۔ تم یونانی غیر ملک کے باشندے ہو۔ تمہیں کس نے شاہی ڈاک کے گھوڑوں

پر آنے کی اجازت دی؟

**فینس**۔ گیجیس کے پروانۂ راہداری نے۔ جب میں مصر سے اپنی جان لیکر فرار ہوا تھا تو اسی شریف بہادر نوجوان نے بھیس بدلنے کے لئے اپنے کپڑے مجھے پہنا دیئے تھے اسی وقت سے یہ پروانہ میرے قبضہ میں تھا۔

**کمبوجیہ**۔ (عرصہ کے بعد پہلی بار مسکرا کر) لیدیہ والے لومڑی کو دھوکہ دیسکتے ہیں۔ شامی ان سے بڑھ کر ہیں۔ مگر یونانی ان دونوں کے کان کاٹتا ہے۔ کریسس نے اس واقعہ کا مجھ سے ذکر کیا تھا۔ غریب کریسس!! کریسس کا خیال آتے ہی کمبوجیہ کے چہرہ کا رنگ یکایک بدل گیا اور اپنا ہاتھ پیشانی پر رکھ کر کچھ سوچنے لگا۔

**یونانی**۔ میرا تمام سفر بخیر و عافیت طے ہوا۔ مگر کل رات بعد از نصف شب ایک گھڑی ساعت گذری ہوگی کہ عجیب واقعہ پیش آیا جس کی وجہ سے مجھے راستہ میں ٹھیرنا پڑا۔

بادشاہ اب ہمہ تن دلچسپی کے ساتھ سُن رہا تھا۔ اس نے یونانی سے جو فارسی مشکل بول سکتا تھا۔ جلد بیان کرنے کے لئے کہا۔

**فینس**۔ حضور والا۔ ہم لوگ بابل کے قریب آخری منزل پر پہنچ گئے تھے اور اس امید میں تھے کہ صبح تڑکے شہر کے اندر داخل ہوں گے۔ میں اپنی گذشتہ زندگی پر خیال کر رہا تھا۔ اور بعض مظالم یاد کر کے جن کے انتقام کا میں نے بیڑہ اُٹھایا ہے۔ میرا دل غم و غصہ و رنج و الم سے بھرا تھا اور نیند اُڑ گئی تھی لیکن میرا ساتھی جو ایک معمر مصری شخص تھا۔ تھوڑی ہی دیر میں گھوڑوں کی چالوں۔ ان کی گھنٹیوں اور دریائے فرات کی لہروں کی آوازیں سُنتے سُنتے سو گیا اور خوب خراٹے لینے لگا۔ رات بڑی خوشگوار و سہانی تھی۔ چاندنی ایسی کھلی تھی کہ دن معلوم ہوتا تھا۔ مگر ہر طرف سناٹا چھایا تھا۔ ہمیں کوئی گاڑی۔ مسافر یا سوار عرصہ سے نظر نہ آیا تھا۔ ہم نے سُنا تھا کہ مضافات بابل کے تمام باشندے شہنشاہ کی جشن سالگرہ منانے اور دعوتوں و تماشوں کا لطف اُٹھانے شہر

گئے ہیں۔ میں بھی اپنے دل میں سوچ رہا تھا کہ نہ معلوم کل مجھے کیا دیکھنا نصیب ہوتا ہے۔ کہ اتنے میں یکایک میں چونک پڑا۔ گھوڑوں کے پیروں کی آہٹ اور ان کی گھنٹیوں کی ٹن ٹن میرے کان میں آئی اور تھوڑی ہی دیر بعد کسی نے زور سے چیخ ماری اور ایک دلخراش آواز سے مدد کے لئے بلایا۔ میں فوراً اُٹھ کھڑا ہوا اور گاڑی بان اور خادموں کو ہوشیار کر کے۔ جلدی جلدی ہتھیار باندھ ایک گھوڑے پر سوار ہو گیا اور ایڑ مارتا ہوا جس طرف سے آواز آ رہی تھی سرپٹ گیا۔ چند منٹ بعد ایک نہایت خوفناک سین مجھے نظر آیا۔ تین نہایت خونخوار وحشی آدمی ایک نوجوان کو جو مجوسی پروہتوں کا سفید لباس پہنے تھا۔ گھوڑے سے نیچے گرا کر مار رہے تھے۔ اور اُسے پکڑے ہوئے دریا میں غوطہ دیکر ڈبونا چاہتے تھے کہ یکایک میں ایک بلائے ناگہانی کی طرح سر پر آ پہنچا۔ اور نعرہ مار کر اس زور سے اُن پر حملہ آور ہوا کہ وہ گھبرا گئے۔ ایک کی کھوپڑی پھوٹی اور باقی ماندہ دُم دبا کر بھاگ گئے۔ میں نے بھی ان کا تعاقب کرنا مناسب نہ سمجھا اور زخمی شخص کو جھک کر دیکھنے لگا۔ میں اپنی حیرت و استعجاب کو بیان نہیں کر سکتا جب مجھے آپ کے بھائی شہزادہ بردیہ کی شکل نظر آئی۔ بعینہٖ وہی صورت و وہی خط و خال تھے جو میں ڈنوکراٹس میں یا تھیبو ڈورس کے مکان پر چند مہینے پیشتر دیکھے تھے۔

**گستاشپ**۔ عجب حیرت انگیز۔

**کمبوجیہ**۔ ہاں ایسا عجیب واقعہ کہ ناقابلِ یقین ہے۔ یونانی خبردار! یاد رکھ کہ میری قدرت و طاقت دور دور تک پہنچنے والی ہے اور تیرے اس بیان کی بآسانی تحقیق کر سکتا ہوں۔

**یونانی**۔ (ادب سے سر جھکا کر) جہاں پناہ۔ مجھے حکیم فیثاغورث کی شاگردی کا فخر حاصل ہے۔ جن کی شہرت آپ کے گوشِ مبارک تک بھی پہنچی ہو گی۔ میں انھیں کی دانشمندانہ نصیحت پر ہمیشہ عمل کرتا ہوں یعنی کبھی کوئی ایسی بات اپنی زبان سے نہیں نکالتا کہ آیندہ مجھے اس کی وجہ سے پشیمانی نصیب ہو۔

کمبوجیہ۔ بیشک یہ بہت عاقلانہ اور اچھا اصول ہے۔ مگر متھرا کی قسم میں ایک ایسی مکارہ سے دھوکہ کھا چکا ہوں جس کی زبان پر ہمیشہ اسی حکیم کا نام رہا کرتا تھا۔ لیکن اپنے اعمال و کردار سے اُس نے ظاہر کر دیا کہ درحقیقت اہرمن کی شاگرد رشیدہ تھی۔ تم اُس دغاباز عورت سے شاید واقف ہو گے اور آج دیکھ بھی لو گے کہ اُسے اپنے کرتوتوں کی کیسی سخت سزا ملتی ہے۔

فینس۔ (کمبوجیہ کے چہرہ پر حزن و ملال کے آثار دیکھ کر) قصور معاف۔ میں اپنے مشہور اُستاد کا ایک دوسرا قول بھی حضور کے سامنے بیان کرنا چاہتا ہوں۔

کمبوجیہ۔ وہ کیا ہے؟

فینس۔ اس دنیا کی بڑی سے بڑی نعمت بھی حاصل ہوتے ہی فوراً گم ہو جاتی ہے اور نعمت نہیں رہتی۔ اسی طرح رنج و غم بھی ایک عارضی کیفیت کا نام ہے جسے صبر و شکر کے ساتھ برداشت کر کے ہمیشہ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ دیوتا انسان پر کبھی اس قدر بوجھ نہیں ڈالتے جسے وہ اُٹھا نہ سکے۔ اس لئے مصیبت کے وقت انہیں الزام دینا یا اُن سے گلہ و شکوہ کرنا بالکل بیجا ہے۔ بلکہ بجائے اسکے لازم ہے کہ انسان صبر و استقلال کا دامن کبھی نہ چھوڑے اور اپنے مجروح دل کو چھیڑنے سے اسی طرح اجتناب کرے جس طرح اپنی زخمی آنکھ کو چھونے سے باز رہتا ہے اور یاد رکھے کہ سوہانِ روح کا سب سے عمدہ علاج صرف دو باتیں ہیں۔ امید و صبر۔

کمبوجیہ۔ فیتا غورث کے اس عاقلانہ قول کو سُنکر لفظ صبر پر مسکرایا۔ تاہم یونانی کی گفتگو اُسے پسند آئی اور اُس کے باقی حالات سُننے کا مشتاق ہوا۔

فینس۔ بعد ازاں میں اُس نوجوان کو جو بیہوش تھا اپنی گاڑی میں لے گیا اور سرائے قریب ہی تھی وہاں پہنچکر اُسے لٹا دیا۔ کچھ دیر بعد اُس نے آنکھیں کھولیں اور حیرت سے میری طرف دیکھ کر پوچھا کہ میں کون ہوں اور کیا واقعہ گذرا۔ میرا منزل قریب ہی کھڑا ہوا تھا

اس لئے اس خیال سے کہ کہیں اُسے شبہ نہ ہو جائے کہ میرا پروانہ جعلی ہے مجھے مجبوراً اپنے آپ کو کری سس کا فرزند بتانا پڑا۔ مجروح شاید گیجلیس سے واقف تھا کیونکہ میری زبان سے اُسکا نام سُنتے ہی اُسنے گردن ہلا کر آہستہ سے کہا۔ تم تو وہ نہیں معلوم ہوتے۔ پھر اُس کی آنکھیں بند ہوگئیں اور بخار کی وجہ سے کانپنے لگا۔ میں نے اُس کی آستین کھول کر فصد لی۔ زخموں کو صاف کر کے پٹی باندھی۔ میرا ایرانی غلام جو فرعون کا داروغۂ اصطبل رہ چکا تھا اور جس نے بردیہ کو کئی بار اُس کے دربار میں دیکھا تھا۔ نیز وہ بوڑھا مصری بھی جو میرا ہم سفر تھا یہ دونوں بڑے دعوے کے ساتھ کہنے لگے کہ زخمی سوائے حضور کے بھائی کے اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ پھر مالک سرائے نے بھی اسکا چہرہ بغور دیکھکر انکی تائید کی۔ اسی اثنار میں مصری اپنی دوائیوں کا بکس جسے یہ لوگ ہمیشہ اپنے ساتھ سفر میں رکھتے ہیں۔ باہر جا کر لے آیا اور اس میں سے ایک دوا نکال کر نوجوان کو پلائی۔ جس کے چند قطروں کا مُنہ میں جانا تھا کہ عجیب و غریب اثر ہوا۔ بخار جاتا رہا اور صبح ہوتے ہوتے بیمار نے اپنی آنکھیں کھول دیں۔ جب ہم نے اُسے ہوش میں دیکھا تو آپ کا بھائی سمجھ کر نہایت ادب سے اُسے سلام کیا اور بابل کے محل شاہی میں چلنے کے لئے عرض کیا مگر اُس نے بہت زور کے ساتھ انکار کیا اور کہا کہ میں وہ شخص نہیں ہوں جو تم لوگ سمجھے ہوئے ہو بلکہ۔۔۔

**بادشاہ۔** (حیرت سے) بردیہ کے اس قدر مشابہ کون شخص ہو سکتا ہے۔

**فینس۔** وہ گوماتا حضور کے مہا پجاری کا چھوٹا بھائی ہے۔ اس نے جب اپنا نام بتایا تو مجھ سے کہا کہ اگر یقین نہ ہو تو اُس پروانہ میں جو اُس کی آستین میں موجود ہے دیکھ سکتا ہوں۔ مالک سرائے کو پڑھنا آتا تھا اُس نے وہ کاغذ نکال کر پڑھا اور زخمی نوجوان کے قول کی پورے طور سے تصدیق کی۔ تھوڑی دیر بعد اسکے بخار کا پھر زور ہوا۔ اور حالتِ ہذیان میں طرح طرح کی باتیں بکنے لگا۔

**بادشاہ۔** وہ تمہاری سمجھ میں بھی آئیں؟

**فینس**۔ جی ہاں۔ باغاتِ معلقہ کا نام بار بار اُس کی زبان پر آتا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی بڑے خطرے سے بچ کر وہاں سے بھاگا تھا اور ایک عورت مندانا نامی سے وہاں جا کر ملا تھا۔

**کمبوجیہ**۔ (پیشانی پر ہاتھ رکھ کر) مندانہ! مندانہ! اگر میری یاد دھوکہ نہیں دیتی ہے تو یہ نام شاید دخترِ فرعون کی بڑی خواص کا ہے۔

ان الفاظ نے یونانی کو یکایک چونکا دیا۔ وہ خاموش کچھ دیر تک سوچتا رہا پھر بادشاہ کی طرف دیکھ کر مسکراتے ہوئے بڑے جوش سے بولا "جہاں پناہ! قیدیوں کو رہا کر دیجئے۔ اگر شاہزادہ بردیہ نے باغ میں قدم بھی رکھا ہو تو میرا سر حاضر ہے"

کمبوجیہ یہ دلیرانہ کلمات سُنکر بہت حیران ہوا۔ مگر وہ ناخوش نہ تھا۔ یونانی کا مؤدب و آزادانہ برتاؤ اسے ایک نئی بات معلوم ہوئی۔ اسکے امرا و وزرا بلکہ قریبی عزیز و اقارب تک بلا اپنا سر خم کئے کبھی اُس سے گفتگو کی جرأت نہ کرتے تھے مگر یہ یونانی عجیب تھا کہ آنکھیں سامنے کئے باتیں کرتا تھا۔ ایرانی اُمرا اپنے شہنشاہ کی ہر بات پر "جی حضور" اور خوشامدانہ جملے کہتے تھے مگر اس اجنبی کے کلام میں سادگی اور آزادی پائی جاتی تھی وہ اپنی حرکات و سکنات سے اس خوش اسلوبی کے ساتھ تمام مطلب بیان کر جاتا تھا کہ باوجود زبان داں نہ ہونے کے کمبوجیہ اسے بآسانی سمجھ لیتا تھا۔ یہ شخص اور تمشیس ہی صرف دو ایسے تھے جن سے بوقت گفتگو وہ تھوڑی دیر کے لئے بھول جاتا تھا کہ میں شہنشاہ ہوں اور مخاطب کی موت و زندگی میرے قبضہ قدرت میں ہے۔ یہ احساس ایک مغرور، جابر و قادر شخص کے لئے انوکھا تھا لیکن جس طرح سمندر کی خوشگوار ہوا ایک درماندہ شخص کے جسم و جان میں ایک نئی روح پھونک دیتی ہے۔ اسی طرح اس وقت اس آزاد منش اجنبی کی باتوں نے بادشاہ کے غمزدہ دل پر اپنا اثر کیا۔ وجہ یہ کہ وہ اُس کی اُس سب سے زیادہ محبوب شے کو جو نہ صرف گم ہو گئی تھی بلکہ اس سے بھی بدرجہا بدتر تھی۔ زندہ واپس لانے کی اُمید

ولا رہا تھا۔ تاہم کیا وہ اُس کے قول پر اعتبار کرے اور اپنے بڑے بڑے معزز امرا کی شہادت کے مقابلہ میں اسے ترجیح دے۔ غرض کہ اس کے دل میں ایک عجب پیچ و تاب تھا۔ وہ **فینیس** کی رائے زنی یعنی قیدیوں کی رہائی کے مشورے سے ناخوش نہ ہوا۔ بلکہ اسکی اس بیباکی و دلیری کو دیکھ کر کہ جوش میں اپنی ڈاڑھی اور مُنھ پر سے کپڑا اتار کر پھینک دیا تھا بے اختیار ہنس پڑا اور کہنے لگا "منتھرا کی قسم! یونانی! ہم سمجھتے ہیں کہ تم ہماری خوشنودی و بھلائی کے خواہاں ہو۔ تمہاری تجویز ہمیں پسند ہے۔ مگر یاد رکھنا کہ مزید تحقیقات کے بعد یہ سب غلط ثابت ہوا اور تم مجرم و خطاوار ٹھیرے تو تمام عمر میرے دربار میں ایک خادم کی حیثیت سے رہنا پڑیگا۔ لیکن بخلاف اس کے نتیجہ میری تمنائے دلی و خواہش کے موافق نکلا تو اپنے ملک میں تمام امرا سے سب سے زیادہ تمہیں دولت و زر سے مالا مال کردونگا۔

**فینیس**۔ (مُسکرا کر) حضور والا۔ مجھے اجازت ہے کہ میں چند سوال آپ اور آپ کے درباریوں سے کرسکوں۔

**کمبوجیہ**۔ ہاں ہاں۔ تم بخوشی پوچھ سکتے ہو۔

اتنے میں میر شکار ہانپتا کانپتا سامنے حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ شکار کا تمام سامان تیار ہے۔

**کمبوجیہ**۔ ٹھیرو! شاید آج ہم شکار کو نہ جاسکیں۔ **بشن** کوڑہ برداروں کا سردار کہاں ہے؟

داتا جسے "چشم شاہ"[۱] کہتے تھے یہ سُنتے ہی فوراً دوڑتا ہوا باہر گیا اور ایک چشم زدن میں **بشن** کو اپنے ساتھ لے آیا۔ اسی اثنار میں **فینیس** بھی چند امرا سے بعض حالات کے متعلق دریافت کرتا رہا۔

**کمبوجیہ**۔ (بشن سے جو اُسکے قدموں پر سرنگوں تھا) قیدی کیا کر رہے ہیں؟

---

[۱] موجودہ زمانہ کے لحاظ سے اسے کوتوال شہر کہنا چاہیئے۔ یہ نہایت معزز عہدہ تھا۔

بشن۔ شہنشاہ کا اقبال بلند رہے۔ اسیران شاہ صبر و استقلال کے ساتھ موت کا انتظار کر رہے ہیں۔ حضور کے حکم پر جان دینا بھی اُن کی عین خوشی و راحت کا باعث ہے۔

کمبوجیہ۔ تو نے انھیں آپس میں باتیں کرتے بھی سُنا؟

بشن۔ جی حضور۔ میں نے سُنا۔

کمبوجیہ۔ انھوں نے ایک دوسرے سے اپنے جرم کا اقبال بھی کیا؟

بشن۔ متھرا ہی اُنکے دل کے حال سے واقف ہے۔ لیکن جو باتیں اس غلام نے اپنے کانوں سے سُنیں۔ اگر بندگان عالی بھی سُنتے تو شاید اُن کی بیگناہی کے قائل ہو جاتے۔

بشن بڑی ہمت کر کے یہ کہہ تو گیا مگر بادشاہ کے غصہ کا خیال آتے ہی خوف سے تھر تھر کانپنے لگا اور نہایت مایوسی و لجاجت کے ساتھ سر اُٹھا کر کمبوجیہ کی طرف دیکھنے لگا مگر اُس کے چہرہ پر خوشی اور ہونٹوں پر مسکراہٹ پا کر نہایت حیران و ششدر رہ گیا۔ کمبوجیہ کچھ دیر تک سوچتا رہا پھر ایک خیال آتے ہی افسردہ خاطر ہو گیا اور نہایت کمزور آواز سے بولا "بشن تو نے گری سس کو کس وقت قتل کیا؟" یہ الفاظ سُنتے ہی افسر سر سے پیر تک کانپ اُٹھا۔ دہشت کے مارے پسینے پسینے ہو گیا اور بمشکل یہ الفاظ اُس کی زبان سے ادا ہو سکے "وہ .... وہ ہیں .... میں نے خیال کیا تھا"

بادشاہ۔ (جلدی سے۔ اسکے دل میں ایک امید پیدا ہو گئی) تو نے کیا خیال کیا؟ کیا تو نے میرے حکم کی فوراً تعمیل نہیں کی؟ کریسس زندہ ہے کہ نہیں؟ بول۔ تو چُپ کیوں ہے۔ میں بالکل سچ بات سُننا چاہتا ہوں"

بشن کی بُری حالت تھی۔ بادشاہ کے قدم پکڑے ہوئے اپنی پیشانی رگڑ رہا تھا اور گھبرایا ہوا مُنہ ہی مُنہ میں کچھ کہہ رہا تھا۔ بالآخر سر اُٹھا کر اپنے دونوں ہاتھ اس نے سامنے پھیلا دیئے اور بہت گڑگڑاتے ہوئے کانپتی آواز سے بولا "میرے آقا۔ میرے مولا۔ رحم۔ رحم۔ میں بہت غریب ہوں۔ میرے تیس بچے ہیں جن میں سے پندرہ ...."

کمبوجیہ - یہ کیا بکتا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ کری سس زندہ ہے یا نہیں ؟

بشن - وہ زندہ ہیں۔ اُن کے مجھ پر بڑے احسانات تھے۔ میں نے خیال کیا کہ ایک گھنٹے کی مہلت دینے میں کچھ حرج نہ ہوگا۔ آقا۔ اس غلام کا قصور معاف ....."

بادشاہ - (اطمینان سے ایک لمبی سانس لیکر) بس یہ کافی ہے۔ مابدولت تیری اس حکم عدولی کو قابل سزا نہیں سمجھتے۔ اور چونکہ تو اس قدر صاحب اولاد ہے۔ ہمارے خزانہ سے تجھے دو ٹیلنٹ بطور انعام عطا کئے جائیں گے۔ اب اُٹھ اور جلد کری سس کو میرے پاس بھیجدے اور قیدیوں کو بھی یہ مژدہ سُنا دے کہ وہ بیگناہ ہیں اور جلد رہا کر دیئے جائینگے۔

بشن - (جوش مسرت سے) شہنشاہ کا رحم و کرم آفتاب عالمتاب کی طرح زندگی بخش و بے پایاں ہے۔

کمبوجیہ - بردیہ اور اُس کے رفیق رہا ہوتے ہی۔ تیرے ہمراہ محل کے اندر داخل ہو سکتے ہیں (داتا سے مخاطب ہو کر) تو فوراً باغات معلقہ جا اور بوگس کو حکم دے کہ دختر فرعون کو ابھی سزا نہ دی جائے۔ پھر چند سوار اُس منزل پر بھیجکر جس کا نام یونانی نے لیا ہے۔ وہاں سے زخمی شخص کو بحفاظت تمام مابدولت کے سامنے جلد حاضر کر۔

داتا رخصت ہونے والا ہی تھا کہ فینس نے اُسے روک کر بادشاہ سے کہا "حضور والا۔ میری ایک اور التجا ہے اگر اجازت ہو تو عرض کروں ؟"

بادشاہ - کہو۔

فینس - میرے خیال میں سردار خواجہ سرا سے ہمیں بہت سی باتوں کا پتہ لگ سکتا ہے کیونکہ زخمی شخص نے ہذیان کی حالت میں اپنی معشوقہ کے ساتھ کئی بار اسکا بھی نام لیا تھا

کمبوجیہ - داتا۔ جلدی جا۔ اور بوگس کو فوراً حاضر کر۔

فینس - گوماتا کے بھائی موبد اعظم کو بھی طلب کیا جائے اور مندانہ دختر فرعون کی موجودگی بھی بہت ضروری ہے۔

کمبوجیہ۔ داتا اُسے بھی اپنے ہمراہ لیتے آنا۔
فینس۔ اگر شاہزادی تتیتس خود .....؟
یہ نام سُنتے ہی کمبوجیہ کا رنگ فق ہوگیا اور جسم کانپ اُٹھا۔ وہ اپنی معشوقہ کو دیکھنے کے لئے از حد بیتاب تھا مگر اس کی ملامت آمیز ہوش رُبا آنکھوں کی تاب نہ لاسکتا تھا اس لئے بہت ضبط کرکے داتا سے بولا "جا! بوگس و مندانہ کو فوراً حاضر کر۔ تتیتس ابھی محل ہی میں مقیم رہیں گی۔ یہاں آنے کی ضرورت نہیں ہے۔" یہ کہہ کر وہ تخت پر بیٹھ گیا اور اپنا سر ہاتھ سے پکڑے زمین کی طرف دیکھ کر کچھ سوچنے لگا۔ حور وش و ملائک فریب تتیتس!! اس کی معشوقہ دلنواز کی تصویر آنکھوں کے سامنے پھر رہی تھی اور کسی طرح دور نہ ہوتی تھی۔ گذشتہ صحبتوں کی یاد دل کو بے تاب کر رہی تھی اور یہ خیال کہ وہ بالکل بیگناہ ہے رفتہ رفتہ اس کے تمام شک و شبہات پر غالب آرہا تھا۔ اگر بردیہ کی طرف سے صفائی ہوجائے تو پھر اُسے پورا اطمینان ہوجائے اور وہ خود اُسے لینے کے لئے باغات معلقہ جائے اور معافی کا خواستگار ہوکر جشن شادی کی تیاریاں کرے۔ گذشتہ چند دنوں کے واقعات نے طرح طرح کے وسوسے و خیالات دل میں پیدا کرکے اس کی انتقام کی آگ حد سے زیادہ بھڑکا دی تھی لیکن کیا اُس کی محبت میں کچھ فرق آیا تھا؟ نہیں ہرگز نہیں۔ بلکہ اب تو وہ اور بھی زیادہ فزوں تھی۔ سچ ہے کہ عشق جب کسی پختہ کار و سن رسیدہ شخص پر غلبہ پاتا ہے تو اس کے دل و دماغ و رگ و ریشے میں اس طرح سرایت کر جاتا ہے کہ تا بہ زندگی نجات ملنا ناممکن ہے۔

کمبوجیہ ابھی اپنے خیالات میں مستغرق تھا کہ کری سس سامنے آکر قدموں پر گر پڑا بادشاہ نے بڑی شفقت و مہربانی کے ساتھ اُسے اُٹھا کر کہا "کری سس میں تم سے ناراض تھا مگر اب معاف کرتا ہوں۔ تم ہمارے خاندان کے سچے ہمدرد و بہی خواہ ہو والد مرحوم کی بھی یہ آخری وصیت تھی کہ تمہارا ہمیشہ پاس و لحاظ رکھوں۔ مجھے افسوس ہے کہ

گذشتہ واقعات نے ہمارے تعلقات کو بالکل قطع کر دیا تھا مگر اب تم انھیں بھول جاؤ۔ میں بھی تمہاری گستاخیاں دل سے معاف کرتا ہوں۔ اور مشیر سلطنت کے اعلیٰ عہدہ پر پھر تمہارا تقرر کرتا ہوں۔ اس وقت ایک اجنبی ہمارے دربار میں موجود ہے جو تم سے اپنی شناسائی کا اظہار کرتا ہے اور کچھ گفتگو کرنا چاہتا ہے۔ جس کے متعلق میری خواہش ہے کہ تمہاری بھی رائے سُنوں"۔ کری سس یہ سُنکر دوبارہ قدمبوس ہوا۔ پھر یونانی کی طرف متوجہ ہوا۔ جسے دیکھتے ہی اس نے پہچان لیا اور بڑی مسرت کے ساتھ اُس سے بغلگیر ہوا۔ فینس نے تمام واقعات سے اُسے مطلع کیا۔ کری سس بڑی توجہ و دلچسپی کے ساتھ سُنتا رہا بعد ازاں آسمان کی طرف اپنے دونوں ہاتھ اُٹھا کر انتہائے جوش سے بولا" اے پاک دیوتاؤ۔ مجھے معاف کرنا کہ تمہارے عدل و انصاف پر میں نے شک و شبہ کا اظہار کیا تھا (کمبوجیہ سے) شاہا! یہ کس قدر عجیب و غریب واقعہ ہے کہ میرے پیارے گیجیس نے اپنی جان معرض خطر میں ڈال کر اس شریف یونانی کو رہائی دلائی۔ جسے دیوتا اب اس غرض سے ایران لائے کہ اپنے احسان کا دس گنا معاوضہ ادا کرے۔ اگر فینس مصر میں قتل ہو جاتا تو ہمارے پیارے بچوں و عزیزوں کے سر بھی اُس وقت اپنے تن سے جدا نظر آتے"۔ اتنا کہکر کری سس و گستاشپ دونوں ایک دوسرے لپٹ گئے اور فرط مسرت سے بے ساختہ رونے لگے۔ یہ دیکھکر کمبوجیہ اور تمام حاضرین دربار نہایت متاثر ہوئے۔ اور اب کسی کو بھی بردیہ کی بے گناہی پر شبہ نہ رہا۔

سچ ہے کہ جب ارتکاب جُرم محض قیاسی ہوتا ہے تو ایک پیروکار کے دلائل جادو کا اثر رکھتے ہیں۔ اور تمام شبہات بہت جلد دور ہو جاتے ہیں۔

# باب بائیسواں ۲۲

## رہائی

**فینس** - بردیہ کی گرفتاری کے افسوس ناک حالات سُنتے ہی فوراً اپنی غیر معمولی دانائی و فراست سے حقیقت و اصلیت کی تہہ پر پہنچ گیا تھا۔ یعنی کوئی دشمن درپے آزار ہے جس کے بغض و عداوت کا یہ نتیجہ ہے اور شہزادہ کا خنجر باغ میں پایا جانا اس کا ایک بدیہی ثبوت ہے۔ وہ انہیں شبہات کو بادشاہ کے سامنے بیان کر رہا تھا کہ اتنے میں چوبدار موبد اعظم اُرو لسپتس کو ساتھ لئے حاضر ہوا۔ کمبوجیہ نے اسے دیکھتے ہی بلا کسی تمہید وغیرہ کے نہایت رُکھائی کے ساتھ پوچھا "تمہارا کوئی بھائی بھی ہے"

**موبد اعظم** - جی ہاں۔ حضور۔ ہمارے چھ بھائی بہنوں میں صرف میں اور وہ باقی رہ گئے ہیں۔ ہمارے والدین ..... "

**بادشاہ** - یہ بھائی تم سے بڑا ہے یا چھوٹا؟

**اُرو لسپتس** - میں سب سے بڑا ہوں۔ میرا بھائی سب سے چھوٹا ہے اور ہمارے والدین کا بڑا چہیتا تھا۔

**بادشاہ** - خیر اب یہ بتاؤ کہ اس میں اور میرے کسی عزیز کی شکل و صورت میں کوئی خاص مشابہت پائی جاتی ہے؟

**موبد اعظم** - (چونک کر) جہاں پناہ! یہ بالکل صحیح ہے۔ راغہ[۱] کی درگاہ میں جہاں میرا بھائی مقیم ہے۔ تمام پجاری اُسے شہزادہ کہتے ہیں کیونکہ وہ حضور کے بھائی بردیہ سے بہت

---

[۱] رے جس کے کھنڈر طہران سے ۶ میل جنوب مشرق واقع ہیں۔

مشابہ ہے۔

**بادشاہ**۔ کیا وہ اس زمانہ میں کبھی بابل آیا تھا؟

**موبد اعظم**۔ جشن نوروز کے بعد پھر وہ نہیں آیا۔

**بادشاہ**۔ تم سچ بول رہے ہو؟

**موبد اعظم**۔ میرا لباس، میرا عہدہ و مرتبہ اس امر کی دلیل ہے کہ اگر ایک حرف بھی میری زبان سے خلاف واقعہ نکلے تو سب سے زیادہ گنہگار و مستوجب سزا سمجھا جاؤں۔

**بادشاہ**۔ (غصہ سے چلاکر) پھر بھی تم میرے سامنے جھوٹ بول رہے ہو۔ کیونکہ گوماتا کل شام یہاں موجود تھا۔ مابدولت کا خوف شاید تمہارے دل سے محو ہو گیا ہے۔

**اردسپتس**۔ شاہا! میری جان و مال۔ ہر شے کا تو ہی مالک ہے جو چاہے سزا دے سکتا ہے۔ مگر میں ایران کا سب سے بڑا اتھرون[1] ہوں اور اُسی یزدان پاک کی جس کی تیس سال سے عبادت کر رہا ہوں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھے اپنے بھائی کے بابل میں آنے کی بالکل خبر نہیں۔

**کمبوجیہ**۔ (متاثر ہو کر) تمہارے چہرہ سے مجھے صداقت کا یقین ہوتا ہے۔"

**موبد اعظم**۔ قبلۂ عالم کو خود ہی معلوم ہے کہ کل میں ایک لحظہ کے لئے بھی حضور کے قدموں کے پاس سے جدا نہیں ہوا تھا۔

**کمبوجیہ**۔ ہاں۔ مجھے معلوم ہے۔

اتنے میں چوبدار ایک عورت کو جو خوف و دہشت کے مارے تھر تھر کانپ رہی تھی پکڑے ہوئے دربار میں لائے۔ یہ مندانہ تھی جسے دیکھتے ہی اردسپتس چونک پڑا۔ اور بادشاہ بھی جو بغور اُسے دیکھ رہا تھا فوراً تاڑ گیا کہ ان دونوں کا ضرور ایک دوسرے کے ساتھ کوئی تعلق ہے۔

**کمبوجیہ**۔ تم اس لڑکی کو پہچانتے ہو؟

---

[1] رئیس روحانی۔

اروسپتس - جی - خداوندا میں اسے جانتا ہوں - میری ہی سفارش سے یہ ملکہ نتتیس کی خواص مقرر ہوئی تھی - اہرمزداس پر رحم کرے -

کمبوجیہ - اس نوجوان عورت سے تمہیں کیوں اس قدر دلچسپی ہوئی ؟

موبد اعظم - اس کا باپ ایک مشہور پروہت اور ہمارے خاندان کا دوست تھا جب اس ملک میں وبائے طاعون پھیلی جس نے میرے بھائیوں کا خاتمہ کر دیا - تو اُسی بیماری میں اس لڑکی کے والدین کا بھی یکایک انتقال ہوگیا - اور میں نے اس یتیمہ کو متبنیٰ کر لیا - کیونکہ ہمارے مقدس مذہب میں یہ حکم ہے کہ جو کوئی کسی مومن یا اس کی اولاد کے ساتھ سلوک کریگا تو اُسے اس پاک زمین سے نکال کر ایسے خوفناک مقام میں پھینک دیا جائیگا - جہاں کانٹے اُسکے جسم میں چبھوئے جائیں گے اور سخت عذاب میں مبتلا ہوگا - غرضکہ میں نے اسی خیال سے اسے بیٹی بنا کر اپنے مکان میں رکھا اور گوماتا کے ساتھ اس کی تعلیم و تربیت اس زمانہ تک کی جب وہ بڑا ہو کر خانقاہ میں جانے کے قابل ہوگیا -

بادشاہ - (فینس کی طرف ایک پُرمعنی نگاہ سے دیکھکر - موبد اعظم سے خطاب کرکے) پھر تم نے اس غریب لڑکی کو بھی جو حسین و تعلیم یافتہ تھی اپنے گھر سے نکال دیا - کیا وجہ ؟

موبد اعظم - جب یہ جوان ہوئی اور بالیاں پہننے لگی تو میں نے اسے اپنے یہاں رکھنا مناسب نہ سمجھا اور اس کی آیندہ بہبودی و بھلائی کے لئے محل میں سفارش کرکے نوکر رکھا دیا -

بادشاہ - کیا یہ لڑکی جوان ہونیکے بعد بھی تمہارے بھائی سے کبھی ملی ہے -

موبد اعظم - جی ہاں - جب گوماتا میرے یہاں آتا تھا تو مندانہ سے مثل اپنی بہن کے ملتا جلتا و سلوک کرتا تھا - مگر جب میں نے دیکھا کہ بچپن کی محبت میں جوانی کے جذبات پیدا ہو چلے ہیں تو مجھے اندیشہ ہوا اور میں نے ان دونوں کو علٰحدہ رکھنا مناسب سمجھا -

بادشاہ - (موبد اعظم کو ایک طرف کھڑے ہونے کا اشارہ کرکے) ہم کو اب کافی معلوم

ہوگیا۔ لڑکی کو سامنے لاؤ۔

جس وقت مندانہ سامنے لائی گئی تو بادشاہ نے گھور کر اس کی طرف دیکھا اور ایک گرجتی ہوئی خوفناک آواز سے کہا "کھڑی ہوجا" مندانہ کا تمام جسم بید کی طرح کانپ رہا تھا۔ اسکے گلگوں رخساروں پر موت کی زردی چھائی ہوئی تھی اور سُرخ سرخ ہونٹ دہشت سے نیلے پڑ گئے تھے۔

**کمبوجیہ**۔ کل شام کے واقعہ کے متعلق جو کچھ جانتی ہے بیان کر۔ یاد رکھ ذرا بھی جھوٹ بولی اور تیرا سر قلم کر دیا گیا۔

لڑکی کی زبان مارے خوف کے بند تھی۔ اس کے جسم پر اس قدر لرزہ تھا کہ بمشکل کھڑی ہوسکتی تھی۔

**کمبوجیہ**۔ (چلاکر) تو بولتی ہے کہ نہیں۔ میں زیادہ انتظار نہیں کرسکتا۔

یہ سُننا تھا کہ غریب مندانہ کی حالت اور بھی ابتر ہوگئی۔ آنکھیں باہر نکل پڑیں۔ چہرہ پر ہوائیاں اُڑنے لگیں۔ قوت گویائی پہلے ہی سلب ہوچکی تھی اب رہے سہے ہوش حواس بھی غائب ہوگئے۔ یہ حال دیکھکر **فنیس** نے بادشاہ سے مؤدبانہ عرض کیا کہ اُسے لڑکی سے سوال کرنے کی اجازت دی جائے۔ شاید تسکین و دلاسے کے بعد اس کا خوف کم ہو اور زبان کھُل جائے۔ بادشاہ نے اشارہ سے اپنی رضامندی کا اظہار کیا۔

یونانی کا خیال صحیح نکلا کیونکہ جیوں ہی اس نے لڑکی کے سر پر دست شفقت پھیرا اُسے پچکارا اور سمجھایا بُجھایا کہ ڈر نہیں صاف صاف کہدے۔ تیرا بال بیکا نہ ہوگا۔ میں ذمہ لیتا ہوں تو وہ اپنا مُنہ چھپاکر زار و قطار رونے لگی اور آنسوؤں کی جھڑی جاری ہوتے ہی گویائی بھی آگئی پھر سسکیاں لے لے کر رُکتی ہوئی زبان سے اُسنے سارا کچا چٹھا بیان کر دیا۔ اور **بوگس** کی شراکت کا ذکر کرکے آخر میں یہ کہا "میں عنقریب موت کے مُنہ میں جانے والی ہوں اور جانتی ہوں کہ حد درجہ گنہگار و سزاوار قتل ہوں۔ اس دنیا میں کون مجھ سے زیادہ نمکحرام

وناشکرہ ہوسکتا ہے۔ لیکن یہ تمام مصیبتیں (موبد اعظم کی طرف اشارہ کرکے) ان حضرت کی لائی ہوئی ہیں۔ اگر یہ اپنے بھائی سے میری شادی کردیتے تو کیوں یہ نوبت آتی۔" یہ آخری جملہ کچھ ایسی آرزو وتمنا۔ جھنجھلاہٹ وغصہ کے ساتھ ہچکیاں لے لیکر اس کی زبان سے ادا ہوا کہ نہ صرف تمام حاضرین بلکہ بادشاہ بھی ہنس پڑا۔ یہ بہت غنیمت ہوا۔ کیونکہ اس ہنسی نے غریب مندانہ کی جان جو اس وقت ایک کچے دھاگے سے لٹکی نظر آتی تھی۔ بچالی۔ کمبوجیہ کی خوشنودی وخندہ زنی کا ایک اور بھی سبب ہوا۔ وہ یہ کہ مندانہ اس طبعی فراست سے جو خطرہ کے وقت جنس اناث کی ہمیشہ رہبری کرتی ہے فوراً سمجھ گئی کہ مخاطب کی خاص کمزوری سے کس طرح فائدہ اٹھانا چاہیے۔ اس لئے اس نے ان تحائف کا ذکر کیا جو بادشاہ نے اپنی محبوبہ کو روانہ کئے تھے اور انھیں دیکھکر نتیتیس کو جو خوشی ومسرت ہوئی تھی اسے مبالغہ آمیز الفاظ میں ادا کرنے لگی۔ "آقائے نامدار! کیا عرض کروں کہ حضور کے تحائف دیکھکر میری بیوی نے کتنی بار انھیں اپنی آنکھوں سے لگایا اور پیار کیا۔ خصوصاً وہ پھول جو حضور نے خود اپنے دست مبارک سے توڑ کر بھیجے تھے انھیں دیکھ کر تو ان کی عجیب حالت ہوگئی۔ کبھی اپنے سینے سے لگاتی تھیں کبھی ہونٹوں پر رکھتی تھیں۔ حتیٰ کہ جب وہ پژمردہ ہونے لگے تو ایک ایک پنکھڑی نہایت احتیاط سے جمع کرکے انھوں نے اپنے ریشمی رومال کی تہوں میں دبا کر رکھے اور ایک طلائی ڈبیا میں بند کرکے اپنے گلے سے لٹکالی تاکہ حضور کی نشانی کبھی انکے پاس سے جدا نہ ہونے پائے۔"

بادشاہ کے چہرہ پر ایک غیر معمولی مسرت دیکھکر مندانہ کی ہمت بڑھ گئی اور مزید رنگ آمیزیوں کے ساتھ یہ کہنے لگی۔ "ان کی الفت وعشق کا میں کیا ذکر کروں۔ بارہا خواب سے چونک پڑی ہیں۔ اور حضور کا نام اس جوش محبت سے لیا ہے کہ میں بیان نہیں کرسکتی۔"

غرض کہ جب اُسے بخوبی معلوم ہوگیا کہ ان باتوں نے کمبوجیہ کا دل نرم کردیا ہے تو بہت رو رو کر انتہائے لجاجت وعاجزی سے رحم وکرم کی خواستگار ہوئی۔ کمبوجیہ

کا غصہ فرو ہو گیا تھا۔ تاہم اس عورت کی حرکات سے وہ بے خبر نہ تھا۔ اور جب اس کی سب باتیں سن چکا تو نہایت نفرت و حقارت کے ساتھ ٹھوکر مار کر اُسے اپنے قدموں سے جدا کر کے کہنے لگا "نالایق و بیوقوف عورت! تجھے میں کیا سزا دوں۔ تجھ ایسی بے حیا کے خون سے تو میرے جلاد کا تبر بھی ناپاک ہو جائیگا۔ جا۔ میرے سامنے سے دور ہو" یہ سُننا تھا کہ مندانہ کو پھر دوبارہ کہنے کی ضرورت نہ ہوئی "دور ہو" کا جملہ اسکے کانوں میں ایک خوش آہنگ راگ سے بھی زیادہ شیریں معلوم ہوا۔ وہ اپنے پیروں پر سر رکھ کر دربار سے بے تحاشہ بھاگی اور باہر نکلتے ہی لوگوں سے دیوانہ وار چلا کر پکاری "مجھے رہائی مل گئی۔ میری جان بچ گئی"۔

اسکے جاتے ہی داتا جو افسر پولیس یا چشم شاہ تھا حاضر ہوا اور سر جھکا کر بولا کہ سردار خواجہ سرا یعنی بوگس کو اُسنے بہت ڈھونڈا مگر وہ کہیں نہ ملا۔ کچھ دیر ہوئی کہ باغات معلقہ میں تھا۔ اب وہاں سے بھی یکایک غائب ہو گیا ہے۔ اس نے اپنے سوار دپیادے چاروں طرف دوڑائے ہیں اور کہدیا ہے کہ جہاں کہیں ملے مُردہ یا زندہ اُسے فوراً پکڑ لائیں۔

یہ سُنتے ہی کمبوجیہ کا غصہ پھر بھڑک اُٹھا۔ اس نے میر پولیس کو بہت بُرا بھلا کہا اور حکم دیا کہ اگر کل صبح تک مفرور گرفتار ہو کر نہ آیا تو محل کے تمام پہرہ والوں کو سخت سزا دی جائے گی۔

اتنے میں ایک چوبدار اندرون محل کے بڑے خواجہ سرا کو لئے ہوئے حاضر ہوا جسنے قدمبوس ہو کر بادشاہ سے عرض کیا کہ معزز و محترم ملکہ کاسندانہ حضور سے ملنے کی خواہشمند ہیں۔ کمبوجیہ فوراً اپنی ماں کے پاس جانے کے لئے کھڑا ہو گیا۔ لیکن قبل رخصت اس نے فینس کی طرف اپنا ہاتھ پھیلا دیا اور اُسے بوسہ دینے کی اجازت دی جو اتنی بڑی عزت تھی جو مصاحبین خاص کو بھی شاذ و نادر نصیب ہوتی تھی۔ بعدہ بآواز بلند اپنے امرا سے مخاطب ہو کر بولا "تمام قیدی فوراً رہا کر دیئے جائیں۔ تم میں جو

اُن کے باپ یا عزیز ہیں اپنے فرزندوں کو یہ مژدہ سُنا دیں کہ عنایتِ خسروانہ کے منتظر رہیں۔ انہیں ایک رات کی بیجا قید کے صلے میں صوبوں کی حکومت عطا کرونگا۔

(فینیس سے) میرے یونانی دوست میں تمہارا بہت احسانمند ہوں۔ میری خواہش ہے کہ تم ہمیشہ میرے ساتھ دربار میں رہو۔ فی الحال مابدولت کے خزانچی کے پاس جاؤ وہ تمہیں ایک سو ٹیلنٹ حوالہ کر دیگا۔

فینیس۔ (قدمبوس ہوکر) شاہا! میں اتنی بڑی دولت لیکر کیا کرونگا۔

بادشاہ۔ (مُسکراکر) فضول خرچی کرنا۔ عیش و عشرت میں اُڑا پڑا دینا۔

اتنا کہہ کے وہ اپنے خدم و حشم۔ امیروں و مصاحبوں کے جلو میں باہر نکلا اور پیچھے مُڑکر ایک مرتبہ پھر یونانی سے مخاطب ہوکر بولا "آج رات ہماری دعوت ہے۔ تم بھی ضرور آنا"

یہاں کا تو یہ حال تھا لیکن مادرشاہ کے محل میں کسی کو خبر نہ تھی۔ وہاں ماتم بپا تھا۔ اور ہر طرف غم و اندوہ کی گھٹا چھائی تھی۔ کاسندانہ نے جب سے نیتیس کے خط کا مضمون سُنا تھا اُسے بھی اُس کے جرم کا یقین ہوگیا تھا۔ مگر اپنے پیارے فرزند کو بے گناہ سمجھتی تھی۔ وہ بار بار خیال کرتی تھی کہ وہی لڑکی جو عفت و عصمت کی دیوی تھی ایسی بے حیا و بیسوا نکلی۔ وہی عزیز دوشیزہ دارجن کی شرافت و نجابت ضرب المثل تھی۔ جھوٹے و دغاباز ثابت ہوئے۔ اب اس کے بعد دنیا میں بھلا کون قابلِ اعتبار ہوسکتا ہے۔ نیتیس تو اسکے لئے ایک مُردہ سے بھی بدتر تھی۔ مگر مہیات کہ اس کا لختِ جگر بردیہ اور دارا۔ کری سس۔ گیجیس و آریاسپ۔ یہ سب جن سے اُسے دلی تعلق تھا اب ہمیشہ کے لئے جدا ہونے والے تھے۔ یہ ایک ایسا روح فرسا خیال تھا جو اسکے استقلال و ہمت کو پست کر رہا تھا۔ اسکی کچھ سمجھ میں نہ آتا تھا کہ اب کیا کرے۔ ادھر تند مزاج **اتوسا** آپے سے

باہر ہوئی جاتی تھی اور اُسے تسکین و تسلی دینا یا اُس کے جوشِ غم کو روکنا ایک امر محال تھا۔

اتوسا نے جب یہ خبر وحشت اثر سُنی تو اس کی حالت بالکل دیوانوں کی سی ہوگئی۔ دخترِ فرعون کی صحبت میں جو اعتدال اس کی طبیعت میں آچلا تھا فوراً غائب ہوگیا۔ اور وہ فطرتی جوش و خروش جو ایک عرصہ سے دبا ہوا تھا اب وہ چند قوت کے ساتھ ظاہر ہونے لگا۔ نتیتیس اُس کی مُنہ بولی بہن۔ بردیہ اس کا عزیز بھائی وارا اس کا عاشقِ زار۔ کری سس جسے وہ اپنی باپ کے برابر سمجھتی تھی۔ یہ سب کیا اس طرح یکایک اُس سے چھُٹ جائیں گے۔ یہ خیال آتے ہی اپنے بال نوچنے پیرہن و کپڑے پھاڑنے لگی۔ اور کمبوجیہ کو ہزاروں صلواتیں سُنا کر اُن لوگوں کو بھی جو اُس کے پیارے عزیزوں کو مجرم سمجھتے تھے کوسنے و گالیاں دینے لگی۔ پھر بھی اسے تسکین نہ ہوئی تو چلا کر رونے اور ہر مرد و متھرا سے گڑگڑا کر دعائیں مانگنے لگی۔ پھر تھوڑی دیر بعد آنسو پونچھ کر اُٹھ کھڑی ہوئی اور ماں سے کہنے لگی کہ میں باغات معلقہ جاتی ہوں اور نتیتیس سے کل حالات سُن کر بھائی کے سر پہ چڑھتی ہوں۔ کاستدانہ نے اپنی پریشان خاطر لڑکی کو بہت سمجھایا کہ یہ خیال عبث ہے۔ نتیتیس سے ملنا ناممکن ہے۔ لیکن اتوسا کب مانتی تھی فوراً چل کھڑی ہوئی۔ پھر پکڑ کر لائی گئی تو غصہ سے پیر زمین پر پٹخنے لگی اور جب مایوس ہوئی تو اس زور سے رونا و چلانا شروع کیا کہ آخر ماں نے مجبوراً اپنی خواصوں کو حکم دیا کہ اسے پکڑ کر خوابگاہ میں بند کر دو۔

لڑکی وہاں پہنچی تو بجائے پلنگ پر لیٹنے کے ایک کھڑکی کے پاس جس کا رُخ جانب چمن تھا کھڑی ہوگئی اور بڑی حسرت و یاس سے اپنی مُنہ بولی بہن نتیتیس کے محل کو دور سے دیکھ کر اس کی بیکسی و تنہائی پر آٹھ آٹھ آنسو بہانے لگی۔ ناگہاں

باغاتِ معلقہ کی اطراف وسمت سے ایک خوشنما پرند اپنے بازو پھیلائے ہوئے نظر آیا اور قریب آتے ہی اُسی کھڑکی کے نیچے جہاں وہ کھڑی تھی ایک شمشاد کے درخت پر آہستہ سے بیٹھ گیا۔ اتوسا نے جیوں ہی اس پرند کو دیکھا اس کا رنج وغم یکایک غائب ہوگیا۔ اور مارے خوشی کے تالیاں بجا کر کہنے لگی "اہاہا۔ یہ تو ہُما ہے۔ اسکا آنا بڑا مبارک ہوتا ہے اب سب باتیں درست ہوجائیں گی"۔ حُسن اتفاق سے یہ وہی پرند تھا جسے دیکھ کر نتتیس کو بھی تسکین وڈھارس ہوئی تھی اور اب اتوسا کی امیدوں کو بھی اسی نے از سر نو تازہ کر دیا۔ وہ کچھ دیر تک بغور اُسے دیکھتی رہی۔ پھر ایک نیا خیال دل میں پیدا ہوا۔ اس نے جلدی سے چاروں طرف ایک نگاہ ڈالی۔ اور جب یقین ہوگیا کہ باغ میں سوائے ایک بڈھے مالی کے اور کوئی نہیں ہے تو کھڑکی پر دونوں ہاتھ رکھکر بڑی پھُرتی کے ساتھ زمین پر کود پڑی اور روشوں و کیاریوں کو روندتی ہوئی باغبان کے پاس آئی جو اُسے دیکھتے ہی ہکا بکا رہ گیا اور اپنی گردن ہلا کر خوف وخطر کا اظہار کرنے لگا۔ اتوسا اُس کے رُخساروں کو تھپتھپا کر پھُسلانے لگی اور اس کے گلے میں باہیں ڈالکر مچل کے بولی "کیوں سپاہی۔ تم مجھ سے محبت کرتے ہو۔ نا؟"

بڈھا۔ (شہزادی کے دامن کا بوسہ لیکر) آپ یہ کیا فرماتی ہیں۔ میں تو حضور کا ایک ادنیٰ غلام ہوں۔

اتوسا۔ ہاں تم بڑے نیک واچھے ہو۔ مجھے تم پر پورا بھروسہ ہے۔ اسی لئے تو اس وقت ایک بہت ضروری کام کے لئے تمہارے پاس آئی ہوں (اپنے دامن کے اندر سے بہت سے پھول نکال کر) یہ لو۔ ذرا انھیں اچھی طرح چھُپا لینا۔ اور کوئی پوچھے تو کہہ دینا کہ شاہی دسترخوان کے لئے میوے لئے جاتا ہوں۔ انہیں لیکر جلدی محل شاہی کی طرف جاؤ۔ جہاں سپاہیانِ خاصہ کے پہرے کی چوکی ہے۔ وہیں ایک جگہ میرا غریب بھائی اور دارالپسر گستاشپ مقید ہیں۔ ان دونوں کو یہ میری طرف سے

پھول دینا اور بہت بہت سلام کہہ دینا۔ سُنتے ہو! سمجھے بھی کہ نہیں؟

**باغبان** - ہاں - مگر شاہزادی! پہرے والے مجھے قیدیوں کے پاس نہ جانے دینگے۔"

**اتوسا** - (اپنی انگلیوں سے کئی چھلّے و انگوٹھیاں اتار کر) لو! یہ انھیں چپکے سے دیدینا مجھے یقین ہے کہ پھر وہ تمہیں نہ روکیں گے۔ بھلا کون ایسا بیدرد ہو سکتا ہے کہ بیچارے قیدیوں کو پھول تک نہ دینے دے۔

**باغبان** - بہت خوب میں حتی المقدور کوشش کرونگا۔

**اتوسا** - میرے اچھے سباسی! مجھے پہلے ہی معلوم تھا کہ تم میرے آڑے وقت کام آؤگے۔ اب دیکھو جلدی جاؤ اور فوراً واپس آنا۔

بڈھا باغبان بڑی تیزی کے ساتھ قدم بڑھاتا ہوا روانہ ہوا۔ **اتوسا** دل میں کہنے لگی "اب اُن دونوں کو معلوم ہو جائیگا کہ میں آخر وقت تک انھیں کی محبت کا دم بھرتی رہی ہوں۔ گلاب عشق و محبت کی نشانی ہے۔ اور گلِ سدا بہار سے مطلب ہے کہ میری الفت ہمیشہ قایم و غیر فانی رہے گی۔"

ایک گھنٹہ کے بعد بوڑھا مالی نظر آیا۔ **اتوسا** اُس کے پاس دوڑی ہوئی گئی۔ مالی نے **بردیہ** کی طرف سے ایک انگوٹھی اور **دارا** کی طرف سے ایک ہندی رومال جس پر خون کے چھینٹے تھے پیش کیا۔ انھیں دیکھکر **اتوسا** کے آنسو جاری ہو گئے اور کیلے کے ایک درخت کے نیچے بیٹھ گئی۔ دونوں نشانیوں کو بار بار آنکھوں سے لگاتی تھی اور کہتی تھی "بھیّا کی انگوٹھی کے معنی ہیں کہ میری یاد اُنکے دل میں تازہ ہے۔ دارا کے خون آلود رومال کا مطلب ہے کہ انھیں موت کی پرواہ نہیں اور میری خاطر اپنا خون تک بہانے کو تیار ہیں۔ اس خیال نے غریب لڑکی کے دل کو بہت کچھ تسکین و ڈھارس دی۔ وہ اپنے کمرے میں واپس آکر ماں کے پاس گئی مگر اب بہت خاموش تھی۔ اور اپنے دلی جذبات کا کچھ اظہار نہ کرتی تھی۔ غرضکہ اسی طرح

چند گھنٹے گذر گئے۔ دونوں ماں بیٹیاں اپنی قسمت پر شاکر نہایت صدق دل سے دعائیں مانگ رہی تھیں کہ اتنے میں یکایک کری سس کا ایک قاصد محل میں آیا اور شہزادوں کی رہائی کا مژدہ سُنا کر اس نے نیتیس کی بیگناہی کا بھی کل حال بیان کیا جسے سُنتے ہی ملکہ و اتوسا دونوں کے مرجھائے ہوئے دلوں کی کلیاں کھل گئیں اور انہیں ایسی مسرت و خوشی حاصل ہوئی کہ جس کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔

کاسندانہ نے فوراً باغاتِ معلقہ سے نیتیس کو بلانیکے لئے قاصد بھیجے۔ اتوسا مارے خوشی کے ناچنے لگی اور جو کوئی سامنے ملتا اُسے پکڑ کر تمام واقعہ سُناتی اور کہتی۔ دیکھیو ہم نہ کہتے تھے کہ سب بیگناہ ہیں اور رہا ہو جائیں گے۔ اب اُسے اپنی مُنہ بولی بہن سے ملنے کا بڑا انتظار تھا۔ بار بار ڈیوڑھی پر جا کر جھانک کر دیکھتی تھی۔ نیتیس۔ سرو قد بالا بلند نیتیس۔ حُسن کی دیوی۔ صحت و تندرستی کی مورت نیتیس کب آتی ہے؟ بالآخر ہرکاروں کی آواز آئی۔ دختر فرعون کی پالکی آکر لگی۔ اُس کا پردہ کھلا۔ اندر سے ایک لڑکی نکلی جو نیتیس نہ تھی بلکہ اُسکا ہیولا تھی۔ جسم لاغر۔ چہرہ زرد، کملایا ہوا اور مُردنی چھائی۔ جسے دیکھتے ہی دونوں ماں بیٹیوں کا کلیجہ دھک سے ہو گیا۔ اس نے اُٹھنے کی کوشش کی مگر قدم ڈگمگانے لگے۔ اتوسا لپک کر آگے بڑھی اور لپٹ کر رونے لگی۔ خواصیں دوڑتی ہوئی آئیں اور نیتیس کو جس پر غشی طاری تھی اُٹھا کر مادر شاہ کے کمرہ میں لے گئیں۔ یہاں کچھ دیر آرام ملا تو اُس نے آنکھیں کھول دیں۔ اپنا سر ملکہ کی آغوش میں پایا اور دیکھا کہ اتوسا جھکی ہوئی اس کی پیشانی پر اپنا مُنہ مل رہی ہے اور شہنشاہ کمبوجیہ بھی قریب ہی خاموش کھڑا ہے اولاً خوف زدہ و وحشت انگیز نگاہوں سے اس نے ادھر اُدھر دیکھا۔ رفتہ رفتہ ایک ایک کو پہچانا پھر اپنا کمزور ہاتھ پیشانی پر بار بار پھیرا گویا کوئی تکلیف دہ شے سامنے حائل ہے جسے وہ دور کرنا چاہتی ہے۔ پھر ایک ہلکی سی مسکراہٹ لبوں پر

آئی اور آنکھیں بند ہوگئیں۔ اسے محسوس ہوا کہ یہ بیداری نہیں بلکہ عالمِ رویا ہے اور آسس نے اس کی روح کی تسکین کے لئے ایک نہایت خوشگوار خواب دکھایا ہے جس کے لطف سے کبھی اسے سیری نہیں ہوسکتی۔ اتنے میں اتوسا نے بڑی محبت سے کئی بار اس کا نام لیکر پکارا۔ نیتیتس نے پھر آنکھیں کھول دیں اور انہیں شکلوں کو دیکھا جنہیں وہ عالمِ خواب میں مشاہدہ کر رہی تھی۔ ہاں وہی اتوسا ہے اس کی مُنہ بولی بہن۔ وہی بلکہ ہے جو ماں سے زیادہ اس سے محبت کرتی تھی۔ وہی شہنشاہ ہے جس کے چہرہ سے ناخوشی کے آثار مفقود ہیں۔ وہی کمبوجیہ ہے جو جان و دل سے اس پر نثار ہے۔ وہی آنکھیں ہیں جو انتہائے الفت و محبت سے بھری ہوئی اس طرح اُسے تک رہی ہیں گویا خواہان عفو ہیں وہی ہونٹ ہیں جو اب ہلتے ہیں اور یہ شیریں الفاظ اُن سے نکل کر سُنائی دیتے ہیں "پیاری تمہیں کیا ہوگیا۔ ذرا ہوش میں آؤ۔ مُنہ سے بولو تم بالکل بیگناہ ہو۔ میں ہی خطاوار و قابل الزام ہوں" لڑکی کے سر کو ذرا سی جنبش ہوتی ہے۔ اس کے پیارے چہرہ پر خوشی کا اک رنگ اس طرح دوڑ جاتا ہے جس طرح بادِ بہاری مرجھائے ہوئے پھولوں کو تر و تازہ کر دے۔ کمبوجیہ بیمار کی بالیں پر گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔ اس کا غرور۔ خودداری و استقلال سب رخصت ہوگئے تھے اور بار بار چلا کر کہتا تھا "یہ بے قصور ہے۔ متھرا کی قسم یہ کبھی جھوٹی و بیوفا نہیں ہوسکتی۔ ہائے۔ اس کی یہ کیا حالت ہوگئی!" اتنے میں ایک شاہی طبیب بیمار کے پاس آیا اور اس کی پیشانی و کنپٹی پر ایک خوشبودار روغن ملنے لگا نبنچاری مصری کھال بھی قریب ہی کھڑا ہوا دعائیں پڑھ پڑھ کر لڑکی پر پھونک رہا تھا کچھ دیر بعد اس نے اس کی نبض دیکھی اور گردن ہلا کر چُپ ہو رہا۔ پھر اپنا بکس کھول کر ایک دوا نکالی اور اس کے چند قطرے مریضہ کے منہ میں ٹپکائے۔ جنکے

پیتے ہی وہ بالکل ہوش میں آگئی اور اپنے ہاتھوں کے بل پلنگ پر بیٹھنے کی کوشش کرنے لگی۔ کمبوجیہ پاس ہی جھکا ہوا تھا۔ لڑکی نے ایک عجب محبت بھری نگاہ سے اس کی طرف دیکھا اور آہستہ سے کہنے لگی "میرے مالک! میرے سرتاج! بھلا آپ کو مجھ سے یہ بدگمانی کیوں ہوئی؟" اس جملہ میں ملامت و شکایت بالکل نہ تھی بلکہ ایک عجب درد انگیز پیرایہ میں اپنی محرومی قسمت کا گلہ تھا۔

کمبوجیہ۔ (نہایت منت و عاجزی سے) پیاری۔ مجھے دھوکہ ہوا۔ میں بہت نادم و پشیمان ہوں۔ اب معاف کردو۔

کاسندانہ۔ بیٹی میں بھی خطاوار ہوں۔ اور تجھ سے معافی چاہتی ہوں۔

اتوسا۔ (بیمار کی پیشانی کا بوسہ لیکر) لیکن میں نے کبھی تم پر شک و شبہ نہیں کیا۔

کاسندانہ۔ مجھے بھی پہلے معلوم نہ تھا مگر اس خط کا مضمون سنتے ہی جو تم نے بردیہ کو بھیجا تھا۔ میرے خیالات بدل گئے۔

نتیتس۔ اماں جان! بھلا اس میں کون ایسی بیجا بات میں نے لکھی تھی۔ لیجئے یہ آپ کو اپنی ماں کا خط دیتی ہوں۔ جسے کری سس سے ترجمہ کرا کے سن لیجئے گا۔ آپ کو خود میرے گھر کی سب باتیں معلوم ہو جائیں گی۔ اور بردیہ کو میرے خط لکھنے کا سبب بھی ظاہر ہو جائیگا۔ ہاں یہ البتہ مجھ سے غلطی ہوئی کہ میں نے احتیاط و دور اندیشی سے کام نہ لیا۔ (کمبوجیہ سے خطاب کرکے) آقا! آپ بھی اس خط کو سنئے گا۔ اور میری غریب بہن کی حالتِ زار پر رحم کھائیے گا۔ ہم مصری بڑے بھولے و نادان ہیں۔ جب کسی سے محبت کرتے ہیں تو اس کی یاد کبھی دل سے محو نہیں کر سکتے۔ (جلدی جلدی سانس لیکر) ہائے مجھے بڑا ڈر معلوم ہو رہا ہے۔ موت اب قریب آرہی ..... (ٹھہر ٹھہر کر) گذشتہ گھنٹے بھی کس مصیبت و بلا کے تھے۔ اُس ظالم کمبخت شخص نے جب میری ذلت و خواری و

قتل کا حکم پڑھ کر سنایا ۔۔۔۔ تو ۔۔۔۔ تو ۔۔۔۔ سوائے زہر کھا لینے کے اور کیا چارہ تھا ۔۔۔۔ (یکایک اپنے سینہ کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر) ہائے میرا دل ۔ میں چلی ۔ سنبھالو" اتنا کہتے ہی کاسندانہ کے آغوش میں پھر بیہوش ہو کر گر پڑی ۔ **نبنچاری** جلدی سے مریضہ کے پاس آیا اور اپنی پہلی دوا کے چند قطرے اس کے منہ میں ڈال کر کہنے لگا "میں تو پہلے ہی جانتا تھا کہ سمِ قاتل پوری طور سے اپنا اثر کر گیا ہے ۔ موت سے اب بچنا محال ہے ۔ مگر یہ تریاق شاید چند دنوں تک اور اسے زندہ رکھ سکے"

کمبوجیہ کا یہ سنتے ہی چہرہ زرد پڑ گیا ۔ وہ بے حس و حرکت کھڑا ہوا حکیم کا منہ تک رہا تھا اور الوتسا کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے جو بیمار کی پیشانی پر ٹپ ٹپ گر رہے تھے ۔

**نبنچاری** ۔ (تحکمانہ لہجہ سے) فوراً کچا دودھ لاؤ اور میری دوائیوں کا بڑا بکس حاضر کرو ۔ خواصیں شہزادی کو جلدی اٹھا کر یہاں سے لیجائیں کیونکہ اُسے اب سب سے زیادہ آرام و تنہائی کی ضرورت ہے ۔

الوتسا اور کاسندانہ یہ سنکر دوسرے کمرے میں چلی گئیں ۔ مگر کمبوجیہ ابھی تک اسی طرح بت بنا ہوا کھڑا تھا ۔ اس کی آنکھیں مریضہ کی طرف تھیں ۔ ہاتھ کانپ رہے تھے ۔ ہونٹوں میں لغزش تھی ۔ کچھ بولنا چاہتا تھا مگر زبان سے ادا نہ ہوتا تھا ۔ آخر ہمت ضبط کر کے اس نے حکیم سے پوچھا "کیا اب اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں ہو سکتی؟"

**حکیم** ۔ افسوس کہ یہ زہر لاعلاج ہے اور موت کا روکنا اب انسانی طاقت سے مجھے بعید معلوم ہوتا ہے"

یہ سننا تھا کہ کمبوجیہ نے زور سے ایک دھکا دیکر طبیب کو الگ کر دیا ۔ اور نہایت دردناک آواز سے چلا کر بولا "دور ہو! اے جاہل و بیوقوف حکیم ۔ تیرا علم ناقص ہے ۔ میری بیماری ضرور زندہ رہے گی ۔ میں حکم دیتا ہوں کہ اس کی جان بچائی جائے ۔ خواجہ سرا اِدھر آؤ! ابھی جا کر بابل کے تمام طبیبوں ۔ پروہتوں و موبدوں کو یہاں جمع کرو ۔

خبردار شاہزادی مرنے نہ پائے۔ تم نے سنا کہ نہیں؟ تمہارا شہنشاہ حکم دیتا ہے۔
دیکھو یہ مرنے نہ پائے۔ . . . . مرنے نہ پائے۔"

یہ گلوگیر و دردانگیز آواز جب مریضہ کے کانوں میں پڑی تو اُس نے یکایک آنکھیں کھول دیں۔ گویا اپنے عاشق وشیدا کی عدول حکمی اُسے منظور نہ تھی۔ جس پلنگ پر وہ لیٹی تھی اُسکا رُخ کھڑکی کی طرف تھا۔ جہاں باہر شمشاد کے درخت پر ایک پرند جس کے پنجوں میں طلائی زنجیریں لٹک رہی تھیں خاموش بیٹھا تھا۔ بیمار کی پہلی نگاہ اپنے عاشق پر پڑی وہ اُس کا ہاتھ پکڑے ہوئے اپنے ہونٹوں سے لگا رہا تھا جسے محسوس کرتے ہی ایک عجب دلفریب مسکراہٹ اُسکے لبوں پر آئی اور آہستہ سے بولی۔
"آہ! اے جان اب آرام سے نکل۔ تیری تمنا و آرزو پوری ہوگئی" پھر اُس کی نظر پرند پر پڑی تو انگلی سے اشارہ کر کے چلائی "دیکھو! دیکھو! یہ بُنّو ہے۔ یہ وہی راکی چڑیا ہے جو پہلے بھی مجھے دیکھنے آئی تھی" اتنا کہتے ہی پھر اُس کی آنکھیں بند ہوگئیں اور بخار کی شدت سے بیہوشی طاری ہوگئی۔

# باب تیئیسواں[۲۳]

## بوڑھا ہیب

فرش اسپایا پرکز اسپ جو شاہ کا خاص سفیر تھا۔ گوماتا کی گرفتاری کے لئے روانہ کیا گیا۔ یہ نہایت آسان کام تھا اور قیدی کو باوجود زخمی ہونے کے

بابل کے ایک محفوظ زندان میں بند کر دیا گیا۔ لیکن بوگس جو اس تمام سازش کا سرغنہ تھا اس کا کہیں پتہ نہ چلا۔ افسران پولس نے بہت تلاش و جستجو کی مگر ناکام رہے لوگوں کی بھیڑ بھاڑ کی وجہ سے اُسے موقع مل گیا اور باغ کے چور دروازہ سے نکل کر کہیں روپوش ہو گیا۔ اس کے گھر کی تلاشی لی گئی جہاں سے بکثرت زر و جواہر جسے اُسنے بے ایمانی سے جمع کیا تھا برآمد ہوا اور خزانہ شاہی میں داخل کر دیا گیا۔ نیز ایک شاہی اعلان بھی صادر ہوا کہ جو کوئی اُس دغاباز کو پکڑ لائے گا اُسے یہ تمام دولت بلکہ اس سے بھی دس گنہ انعاماً بخشی جائے گی۔ اس واقعہ کے دو دن بعد کمبوجیہ نے سوائے اپنی ماں۔ بہن اور بیمار شہزادی کے اور تمام حرم کو سوسا روانہ کر دیا۔ فدیما کو جو مایوسی و رنج ہوا وہ ناقابلِ بیان تھا۔ علاوہ بریں بکثرت معزز خواجہ سرا اپنے عہدوں سے معزول کئے گئے اور ان کی جگہوں پر موبد اعظم کے ایما سے منتخب و قابل اعتبار مجوس مقرر کئے گئے۔ عوام الناس نے شاہزادہ بردیہ کی رہائی کے لئے جس جوش و خروش کا اظہار کیا تھا اس کی خبر بادشاہ کو اس وقت ہوئی جب تمام فتنہ و فساد فرو ہو چکا تھا۔ تاہم باوجودیکہ نیتیتس کی بیماری کی وجہ سے وہ بہت پریشان تھا۔ یہ سُنکر بہت بگڑا و خفا ہوا۔ اور حکم دیا کہ اس بلوہ کی پوری تحقیقات کی جائے اور اس کے سرغنوں کو سختی کے ساتھ سزا دی جائے۔ اسے فوراً بردیہ پر شبہ گذرا کہ ممکن ہے کہ اسی کے اشارے سے یہ شورش پھیلی ہو اس لئے پہلے اپنے سامنے بُلا کر اُسے ڈانٹنا چاہتا تھا مگر رُک گیا۔ کیونکہ اس کا ضمیر ملامت کرتا تھا کہ بجائے بھائی کو الزام دینے کے اُسے خود اس سے معافی مانگنا چاہیئے۔ بایں ہمہ بردیہ کی طرف سے ایک خلش دل میں باقی رہی اور اسے اپنے پاس سے دور کرنے کی تدبیریں سوچنے لگا۔ اسی اثنا میں شہزادہ نے نوکرا تیس جانے کی اجازت مانگی تو کمبوجیہ کی مراد بر آئی۔ اور گلے لگا کر اُسے بخوشی رخصت کر دیا۔ چنانچہ اپنی

رہائی کے تین دن بعد بردیہ اپنی ماں و بہن کو الوداع کہکر عازمِ سفر ہوا۔ اس مرتبہ اسکے جلوس میں غیر معمولی خدم و حشم تھا۔ شہنشاہ کی طرف سے سافو کے لئے بیش بہا تحائف تھے اور ہمراہ رکاب اس کے عزیز دوست گیبیس و زبیروس بھی تھے۔ دازا کو اتوسا کی محبت نے روک لیا۔ علاوہ بریں عنقریب اس کی شادی ارتس[1] تونہ بنت گبریاس (گاوبَرَوا) سے ہونے والی تھی اسلئے وہ اور بھی مجبور تھا اور سفر کا ارادہ نہ کرسکتا تھا۔ جب بردیہ اپنے رفیق و دمساز دارا سے رخصت ہونے لگا تو اسے دیر تک سمجھاتا رہا کہ اتوسا کے معاملہ میں نہایت ہوشیاری سے کام لینا۔ ملکۂ معظمہ کو بھی یہ راز معلوم ہوگیا ہے۔ اور انہوں نے وعدہ فرمایا ہے کہ موقع پاکر کمبوجیہ سے اس کا ذکر کرونگی۔ بھلا دختر کورش اعظم کے لئے پسر گستاشپ سے بڑھکر کون دوسرا شخص زیادہ موزوں و حقدار ہوسکتا تھا۔ وہ موجودہ خاندانِ فرماں روا سے اس قدر قریبی رشتہ رکھتا تھا کہ اگر برابری کا دعویٰ بھی کرتا تو کچھ بیجا نہ تھا، اس کا معزز و بزرگ پدر تمام امرائے سلطنت کا سردار و پیشوا مانا جاتا تھا۔ اور اس لئے صوبہ فارس جہاں سے خاندانِ ہخامنش کی جڑ بنیاد نکلی تھی۔ اسی کے زیرِ نگین رکھا گیا تھا جس کے یہ معنی تھے کہ اگر کورش اعظم کا خاندان نابود ہوجائے تو سوائے اولاد گستاشپ اور کوئی دعویدار سلطنت ایران نہیں ہوسکتا۔ غرضکہ انہیں وجوہات سے گستاشپ اپنے پسر کی نسبت کا پیام ابھی بھیجدیتا تو کوئی بیجا بات نہ تھی اور اس کی کامیابی یقینی

---

[1] دختر گبریاس ۔ ۔ ۔ ۔ ایں عیال در ایام شاہزادگی گرفت۔ از و سہ فرزند داشت۔
(۱) ارتابازنا۔ کہ ارشد فرزندانِ او بود۔ (۲) آریہ مگھبا۔ (۳) سوم اسمش نامعلوم۔
(ایران نامہ)

مؤلف مذکور اس لڑکی کا نام نہیں لکھتے۔ اور ارتس تونہ کو بنت کورش اعظم کہتے ہیں جو غالباً مشکوک ہے۔

تھی تاہم فی الحال عجلت کرنا کسی طرح مناسب نہ تھا۔ موجودہ واقعات نے بادشاہ کو ایسا غمگین و پژمردہ کر دیا تھا کہ ممکن ہے بے موقعہ و محل کوئی بات سُنکر خفا ہو جاتا اور انکار کر دیتا۔ جس کی آیندہ پھر کوئی تلافی نہ ہو سکتی۔ اس لئے بردیہ نے اپنے عزیز دوست کو صبر و انتظار کی رائے دی لیکن خود اس کے دل میں اک عجب خلجان تھا اور ڈر رہا تھا کہ نہ معلوم ان دونوں ہجراں نصیبوں کی قسمت میں آیندہ کیا لکھا ہے بردیہ اپنی روانگی سے پہلے کری سس سے بھی ملا۔ جو اُسے فنیس کے پاس لیگیا۔ وہ اس یونانی کی تعریف اپنی سافو سے پہلے ہی سُن چکا تھا۔ اور اب ملنے کے بعد اور بھی اُس کا گرویدہ ہو گیا۔ فنیس نے اُس کے سفر کے متعلق بہت سی مفید و کارآمد باتیں بتائیں اور ایک خط بھی اپنے دوست تھیوپمپوس رئیس ملیسیا کے نام دیا جو نوکراتیس میں رہتا تھا۔ بعدہٗ علیحدہ لیجا کر دیر تک کوئی مخفی اور راز کی بات سمجھاتا رہا۔ جس کا یہ اثر ہوا کہ اس ملاقات کے بعد جب بردیہ اپنے دوستوں سے ملا تو بہت سنجیدہ و خاموش معلوم ہوتا تھا۔ مگر شام ہوتے ہوتے اس کی طبیعت بہل گئی اور جب دعوت الوداعی میں شامل ہوا تو حسب معمول نہایت خوش مزاجی کے ساتھ اپنے دوستوں سے ہنسی دل لگی میں مشغول ہو گیا۔ دوسرے دن اس کا قافلہ روانہ ہو چکا تھا اور وہ خود اب گھوڑے پر سوار ہونے والا تھا کہ اتنے میں منتچاری کی شکل دکھائی دی۔ اس نے جُھک کر شہزادہ کو سلام کیا اور ایک خط سر بمہر شاہ اماسس کے نام دیا۔ اس کا مضمون بہت لمبا چوڑا تھا اور اس میں منتیس کی تمام سرگزشت اور بیماری کا حال بیان کرنے کے بعد یہ لکھا تھا "مختصر یہ کہ اب چند گھنٹوں میں یہ غریب لڑکی اُس زہر کے اثر سے جو اُس نے حالتِ مایوسی میں پی لیا تھا اس دنیا سے گذر جائیگی۔ اور آپ کی بیدردانہ خود غرضی اور جاہ طلبی کی وجہ سے اپنی جانِ شیریں کھو بیٹھے گی۔ سچ ہے کہ ایک صاحبِ قدرت نفسانیت

بہت سی خوش و خرم ہستیوں کو صفحۂ دنیا سے اسطرح مٹائے دیتی ہے جیسے ایک گیلا اسفنج کسی خوبصورت تصویر یا نقش و نگار کو ایک لحظہ میں تختی یا سلیٹ پر سے محو کر دے۔ حضور کا یہ غلام بھی اپنے وطن سے دور۔ اپنی تمام مال و دولت سے محروم۔ اس ناپاک سرزمین میں مصیبت و صعوبت کے دن کاٹ رہا ہے۔ کیا اُس کی یہ قربانی کافی نہ تھی کہ ایک اعلیٰ نسب بیکس شاہزادی کو بھی یہاں بھیجا گیا جواب سسک سسک کر دم توڑ رہی ہے۔ عنقریب اس کا مردہ جسم زردشتیوں کی رسوم کے مطابق بھوکے گِدوں و کُتّوں کی نذر کر دیا جائیگا۔ ہیہات! ہیہات! یہ ظلم! یہ بدعت! دیوتاؤں کی مار اُس شخص پر جس نے ایک کو وطن سے نکال کر خانماں برباد کیا۔ دوسرے غریب کو نہ صرف اس دنیا کی راحت و آرام بلکہ عاقبت کی خوشی و بھلائی سے بھی محروم کر دیا۔" بردیہ نے اس خط کو لیکر جیب میں رکھ لیا اور وعدہ کیا کہ فرعون کو بحفاظت تمام پہونچا دوں گا۔

اب اس کے ساتھ لوگوں کا ایک جم غفیر ہو لیا۔ شہر پناہ کے قریب پتھروں[۵۱] کے کئی ڈھیر دکھائی دیئے جو مسافر کے بخیر و عافیت واپس آنے کے لئے شگونِ نیک تھے۔ پھر سب کو الوداع کہہ کر شہزادے نے گھوڑے کو ایڑ دی اور اپنے قافلہ سے جا ملا۔ نینچاری بھی اب دختر فرعون کی تیمارداری کے لئے واپس جا رہا تھا۔ جب وہ اُس برجی پھاٹک کے قریب سے گذرا۔ جو باغات اور محل شاہی کے درمیان واقع تھا۔ تو ایک سفید پوش بڈھا شخص سامنے نظر آیا جسے دیکھتے ہی کمال اپنی جگہ پر ٹھٹک کے کھڑا ہو گیا۔ اور انتہائے حیرت و استعجاب سے اُسے گھورنے لگا پہلے تو اُسے کسی بھوت یا ہمزاد کا گمان گذرا لیکن بوڑھے نے ہنس کر اشارہ سے بلایا تو لپکتا ہوا آگے بڑھا اور اس گرمجوشی سے جسے ایرانی دیکھتے تو حیران ہو جاتے

---

[۵۱] ایران میں اب بھی یہ رسم ہے۔

نووارد کا ہاتھ پکڑ کر مصری زبان میں بولا "میری آنکھیں تو دھوکہ نہیں دیتیں۔ ہب[1] عزیز من! تم یہاں کیسے پہنچے؟ پہاڑوں کے چلنے اور آسمانوں کے گرنے کا مجھے یقین آجاتا مگر تم سے دریائے فرات کے کنارے یوں ملنے کا کبھی وہم و گمان بھی نہ ہوتا۔ یہ عمر اور اتنا دور و دراز سفر! تجھے آسرس کی قسم! جلد اپنی سرگزشت بیان کر اور بتا کہ کیوں آیا ہے؟"

بڈھے نے جو دونوں ہاتھ پیچھے کئے نہایت ادب سے کھڑا تھا۔ اب سر اُٹھا کر کمال کی طرف ایک ناقابلِ بیان مسرت و خوشی سے دیکھا۔ اور اپنے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے اس کا جسم جھو کر دوزانو سامنے بیٹھ گیا۔ پھر ایک ہاتھ اپنے سینے پر رکھا اور دوسرا آسمان کی طرف اُٹھا کر کہنے لگا "اے بزرگ و برتر آسرس میں کہاں تک تیرا شکریہ ادا کروں۔ تو ہی گم گشتہ مسافروں کی مدد کرتی ہے اور تیرے ہی رحم و کرم سے مجھے اپنے مالک کی صورت آج دیکھنا نصیب ہوئی ہے۔ آقائے نامدار! آپ کی وجہ سے میں کیسا غمزدہ و پریشان تھا۔ مجھے خوف تھا کہ کہیں آپ کو بھی بدنصیب قیدیوں کی طرح کسی پتھر کی کان میں کام کرتا ہوا نحیف و لاغر نہ دیکھوں۔ مگر شکر صد شکر ہے کہ آپ خیریت سے ہٹے کٹے اور پہلے سے بھی زیادہ مضبوط و توانا نظر آتے ہیں۔ اگر بوڑھا ہب ہوتا تو رنج و غم کے مارے کبھی کا گھُل گھُل کے مر گیا ہوتا۔"

**بنجاری**۔ عزیز من۔ تم سچ کہتے ہو۔ میں بھی جب اپنے وطن سے نکالا گیا تھا تو خون کے آنسو رویا تھا۔ اور اب بھی کیا خوش ہوں؟ اس کمبخت و نجس ملک میں ہر طرف سیتھ کی حکومت ہے اور نیک و مہربان دیوتا اپنی پوتر نیل کو چھوڑ کر کب یہاں آتے ہیں؟

**بوڑھا**۔ (ٹھنڈی سانس لیکر) افسوس کہ اب وہاں سے بھی وہ چلے گئے۔

---

[1] قدیم مصری زبان میں آلبس پرند کو ہب کہتے تھے۔

**ننجاری** - کیوں یہ کیا کہا۔ مجھے ناحق نہ ڈرا۔ آخر کیا ہوا کہ اب ..."

**بوڑھا** - کیا ہوا! تمہیں کچھ خبر ہی نہیں کہ کیا ہو گیا۔ ذرا صبر کرو۔ سب سُن لوگے۔ اگر وطن کی زندگی مجھے خوشگوار ہوتی تو اس بڑھاپے میں کہ اسّی برس سے زیادہ عمر ہو گئی ہے اپنے پوتوں در پوتوں کو چھوڑ کر دنیا جہان کی خاک چھانتا فینیقی یا یونانیوں کی طرح ملیچھوں کے اس ملک میں جسے دیوتا غارت کریں یوں مارا مارا پھرتا!!

**ننجاری** - آخر ہوا کیا؟

**بوڑھا** - ابھی سُن لینا۔ ذرا صبر کرو۔ پہلے مجھے اپنے گھر لے چلو۔ وہاں چین سے بیٹھوں گا تو جب تک ٹافون کے اس منحوس ملک میں ہوں کبھی باہر قدم نہ نکالونگا"

یہ الفاظ اس انتہائے نفرت و حقارت سے بڈھے نے کہے کہ کمال مُسکرایا اور کہنے لگا کیا کسی نے تمہیں کوئی تکلیف و رنج پہنچایا ہے کہ ایسے چراغ پا ہوتی ہو؟"

**بڈھا** - (چلا کر) تکلیف و رنج! طاعون و شمسین[۵۱] کی مار! یہ بدذات ایرانی ٹافون کی بدترین اولاد ہیں۔ مجھے یہی حیرت ہے کہ تمام سُرخ بالوں والے کوڑھی کیوں نہیں ہو جاتے۔ میں نے چند روز ہیں دوزخ میں رہکر ان ملیچھوں کے ساتھ اس طرح کاٹے ہیں کہ کوئی میرے ہی دل سے پوچھے۔ میں نے سُنا تھا کہ آپ نتیتس کے علاج میں ایسے مصروف ہیں کہ ملنا ناممکن ہے۔ غریب نتیتس! میں پہلے ہی کہتا تھا کہ یہ شادی منحوس ہے اور بھاگوان نہ ہو گی۔ کسی نے نہ سُنا۔ خیر اماسس کی یہی سزا ہے کہ اپنے بچوں کی طرف سے رنج اُٹھائے اور تمہارے ساتھ جو کیا ہے اس کا بھی ....."

**ننجاری** - ہیں۔ ہیں۔ خبردار فرعون کی شان میں ایسا نہ کہو۔

---

۵۱ ایک ہوائے گرم و تند جو مصر میں چالیس دن تک از سمت جنوب مغرب چلتی ہے اور نباتات کے لئے نہایت مضر ہے (ایڈیٹر)

**بوڑھا**۔ ہاہا! ابھی دیکھو تو کیا کیا کہتا ہوں۔ مجھے اس فرعون سے سخت نفرت ہے۔ یہ وہی ہے نا کہ جب چھوٹا سا تھا تو تمہارے باپ کے درختوں کی کھجوریں چرا کر کھا جاتا تھا اور دروازوں کے پتھر وکیلیں توڑ کر بیچتا تھا۔ میں اس حیل ساز و غاباز کو شروع ہی سے جانتا ہوں کہ بالکل نکما و بیہودہ ہے۔ بڑے افسوس و شرم کی بات کہ ایسا شخص ....

**ننبچاری**۔ بڑے میاں۔ ذرا اپنی زبان کو روکو اور ایسے آپے سے باہر نہ ہو جاؤ۔ ہم سب کی قسمت یکساں نہیں ہے۔ اگر لڑکپن میں تم اماسس کے ہمسر تھے تو یہ کس کا قصور ہے کہ بڑھاپے میں اُس سے اس درجہ پیچھے رہ گئے

**بوڑھا**۔ میرے باپ دادا دونوں مندر کے خادم تھے اس لئے مجھے بھی انکا پیشہ[1] اختیار کرنا پڑا۔

**ننبچاری**۔ ہماری ذات پات کی سختیوں کا یہی نتیجہ ہے لیکن لازم تھا کہ اماسس بھی ایک معمولی فوجی افسر سے زیادہ ترقی نہ کرتا۔

**بوڑھا**۔ اجی اُس کا کیا کہتے ہو۔ ہر شخص اس کی طرح اپنا ایمان تھوڑا ہی بیچتا پھرتا ہے۔

**ننبچاری**۔ تمہاری پُرانی عادت بھی کبھی نہ بدلے گی۔ جب اب تمہیں شرم آنا چاہئے۔ جب سے میں پیدا ہوا ہوں۔ جیسے اب قریباً نصف صدی گذر گئی۔ تمہاری زبان سے جو بات نکلتی ہے اس کے ساتھ صلواتوں کا تو مار ضرور ہوتا ہے جب میں بچہ تھا تو مجھ پر بوچھاریں پڑتی تھیں۔ اب غریب فرعون کی خبر لی جاتی ہے۔

---

[1] مصر میں گو ہندوستان کی طرح ذات پات کی ایسی سختی نہ تھی۔ تاہم لڑکا عموماً اپنے باپ کا ہی پیشہ اختیار کرتا تھا۔ (ایڈیٹر)

بڈھا۔ (مُنہ بناکر) غریب فرعون! بڑا غریب ہے! آپ کو کچھ خبر بھی ہے۔ سات مہینے گذرے ۔۔۔۔۔"

**بنجاری**۔ میں ابھی کچھ نہیں سُننا چاہتا۔ ثریا جب آسمان پر نمودار ہوگا تو میرا ایک غلام تمہیں اپنے ہمراہ لے آئیگا۔ تب تک یہیں انتظار کرو۔ مجھے اپنی مریضہ کو دیکھنے جانا ہے۔

**بوڑھا**۔ کیا کہا؟ مجھے چھوڑ کر جا رہے ہو۔ اچھا خیر جاؤ۔ تمہارا غریب ہب یہیں مر جائیگا۔ اگر گھنٹہ بھر اور مجھے ان بدذات لوگوں کا تماشہ بننا پڑا۔ تو سچ کہتا ہوں سر پھوڑ کر جان دیدوں گا۔

**بنجاری**۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ تمہارا مطلب کیا ہے؟

**بوڑھا**۔ مطلب! مطلب یہ ہے کہ جب تک یہاں رہوں تمہارے گھر کے اندر سے باہر قدم نہ نکالوں گا۔

**بنجاری**۔ (مسکراکر) آخر کچھ کہو تو ان لوگوں نے تمہارے ساتھ کیا بُرا سلوک کیا ہے۔

**بوڑھا**۔ (بہت غصہ سے) ان بدذات کافروں پر دیوتاؤں کی لعنت۔ شیطان کی مار۔ کیا کہوں؟ سب ہی تو میرے کرم کر ڈالے۔ ایک کمبخت ایرانی نے جو میرا ہم سفر تھا اور مصر میں کچھ دنوں رہ چکا تھا اپنے ساتھیوں سے ہماری چھوت وغیرہ کا ذکر کر دیا۔ پھر کیا تھا انہیں ایک اچھا خاصہ تماشہ ہاتھ آگیا۔ مجھے زبردستی اپنے ساتھ ایک ہی پیالے میں کھانے پر مجبور کیا۔ اپنی چھری سے میری روٹی کاٹی اور جب اُس قے آور دوا نے جیسے میں ان کے ساتھ کھانے کے بعد فوراً نگل گیا تھا۔ اپنا کام کرنا شروع کیا تو سب مجھ پر قہقہہ مار کر ہنسنے لگے۔ میں اپنا سر مونڈنا چاہتا تھا تو وہ میرا استرہ کہیں چھپا دیتے تھے۔ پھر ایک دن کسی بجیا لڑکی کو پکڑ لائے جس نے باتوں باتوں میں میری پیشانی کو چوم لیا۔ تم ہنستے ہو ہنسا کرو۔ اب مجھے کم از کم ایک مہینہ اپنے آپ کو پاک وصاف کرنے میں لگے گا۔ اور ہاں صرف اسی پر ان کمبختوں نے اکتفا نہ کی

بلکہ میرے سامنے ایک بلّی کے بچے کو ایسا جھنجوڑا کہ ادھ مرا کر دیا۔ پھر ایک حجام نے جسے معلوم ہو گیا تھا کہ میں تمہارا خادم ہوں۔ اُسی ملعون ایرانی سے جس کی وجہ سے یہ آفتیں مجھ پر نازل ہوئیں۔ کہا کہ ذرہ ان سے پوچھو تو کہ آنکھوں کا[۵۱] بھی علاج جانتے ہیں۔ میری زبان سے شاید ہاں نکل گیا۔ کیونکہ اتنے عرصہ تک اپنے آقا کے ساتھ رہتے سہتے کچھ نہ کچھ تو آدمی سیکھ ہی جاتا ہے۔ اس پر اُس بدمعاش نے بڑی عاجزی سے کہا کہ مجھے آنکھوں کی ایک سخت بیماری ہے۔ ذرا علاج کر دیجئے۔ میں نے پوچھا وہ کیا ہے۔ تو ہنس کر کہنے لگا کہ اندھیری رات میں مجھے کچھ سُجھائی نہیں دیتا۔

**بنیچاری**۔ (ہنس کر) تم اُس کا یہ جواب دینے کہ سب سے آسان علاج یہ ہے کہ ایک شمع روشن کر لو۔

**بڈھا**۔ اَخ تھو۔ ان بدذات ملچھوں پر لعنت۔ مجھے اُن سے سخت نفرت ہے اگر کچھ دن اور ان کی صحبت میں رہتا تو آپ مجھے زندہ نہ دیکھتے۔

**بنیچاری**۔ (مسکرا کر) شاید تمہاری عجیب عادتوں کو دیکھ کر وہ ہنسی اُڑاتے ہوں ورنہ ایرانی تو بڑے خلیق و مہذب ہوتے ہیں۔ اچھا تو اب ذرا سا صبر کرو شام ہوتے ہی تمہیں گھر بلا لوں گا مگر اس وقت تو ناممکن ہے۔

**بڈھا**۔ (گردن ہلا کر) میں یہ پہلے ہی جانتا تھا۔ یہ بھی بدل گیا۔ (آسمان کی طرف دیکھ کر) ہائے! آسرس کیا تو مر گیا اور تمام دنیا سیتھ کے تابع ہو گئی؟

**بنیچاری**۔ اچھا اب رخصت۔ ثریا کے طلوع ہوتے ہی پیانچی میرا غلام تمہیں آ کر لے جائے گا۔

---

۵۱ ہم اوپر لکھ چکے ہیں کہ مصر میں مختلف اعضا کی بیماریوں کے لئے مختلف معالج تھے۔ علم طب و حکمت میں بڑی ترقیاں ہوئی تھیں۔ حفظانِ صحت پر خاص توجہ تھی۔ لوگوں کی قومی و تندرستی بہت اچھی تھی۔ عام طور سے مہینہ میں تین دن جلاب وقے اور دوائیں استعمال کر کے پورے طور سے طبیعت کا تنقیہ کر دیتے تھے۔ (ہسٹری آف ورلڈ)

**بڈھا** - وہی بدذات پیاپچی نا۔ جس کی صورت سے مجھے نفرت ہے۔

**بنبچاری** - ہاں۔

**بڈھا** - اچھا۔ میاں۔ یہ بھی بھگت لونگا۔ میں تو جانتا تھا کہ بڑے لوگ کبھی نہیں بدلتے۔ لیکن اب زالا زمانہ ہے۔ بعض اپنا خاص ہنر چھوڑ کر۔ اب دوسری بیماریوں کا بھی علاج کرنے لگے۔ اور اپنے بڈھے وفادار خادم کو۔۔۔ جھڑکنے۔۔۔"

**بنبچاری** - (ترش رو ہوکر) بس اب زیادہ بک بک نہ کر۔ اور شام تک یہیں کھڑا رہ۔

خادم پر ان الفاظ کا اثر ہوا۔ وہ سر جھکا کر چپ ہو رہا۔ مگر مالک کو جاتا دیکھ کر اُسے ایک بات یاد آئی اور قریب آکر آہستہ سے بولا "یہ تو میں کہنا بھول ہی گیا تھا ایک شخص فینس نامی جو مصر میں افواج یونانی کے افسر اعلیٰ تھے آپ سے کچھ گفتگو کرنا چاہتے ہیں۔ میں بھی انہیں کی زیر حمایت ایران آیا ہوں"

**بنبچاری** - اگر انھیں مجھ سے کچھ کہنا ہے تو خود ہی ملنے آئیں گے۔

**بڈھا** - آپ کو بھلا فرصت کہاں۔ نقیتس کی بیماری سے پہلے آپ دن بھر نادر شاہ کے محل میں رہتے تھے جن کی آنکھیں اچھی خاصی ہیں۔

**بنبچاری** - ہیں!!

**بوڑھا** - ہاں صرف موتیا بند ہی ہے نا جسے اچھا کر دیا آپ کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ اب صرف رات ہی کو آپ سے ملنے کا موقع ہے۔ فینس بھی میرے ہمراہ آئیں۔ کیا ہرج ہے؟

**بنبچاری** - میں صرف تمہیں سے ملنا چاہتا ہوں۔

**ہب** - میری بھی یہی خواہش تھی۔ مگر یونانی سخت عجلت میں ہے۔ اور وہ اُن کل واقعات کو بھی جانتا ہے جنھیں میں آپ سے عرض کرنے والا ہوں۔

**بنبچاری** - مجھے ڈر ہے کہ تو پیٹ کا بڑا ہلکا ہے۔

**خادم** - نا ..... مگر .....

**بنبچاری** - والدمرحوم کو تجھ پر بڑا بھروسہ تھا۔ اور آج تک میں بھی تجھے اپنا معتبر اور رازداں سمجھتا رہا۔

**خادم** - اور اب میں کیا کچھ بدل گیا؟ ہرگز نہیں۔ یونانی پہلے ہی سے واقف تھا مگر ہاں کچھ میری زبان سے بھی ....

**بنبچاری** - کیا؟

**خادم** - دھوکے سے نکل گیا۔ سچ کہتا ہوں اُس نے ایسی چرب زبانی کی کہ اگر میرے گلے میں حفظ نقش و نظر بد سے بچنے کا یہ تعویذ نہ ہوتا تو غضب ہی ہو گیا ہوتا۔

**بنبچاری** - میں یونانی سے بخوبی واقف ہوں اس لئے تیرے قصور سے درگذر کرتا ہوں۔ اور اب تیرے ساتھ اسکے آنے میں بھی کچھ مضائقہ نہیں سمجھتا۔ ابھی سورج غروب ہونے میں بڑی دیر ہے۔ میں بہت عدیم الفرصت ہوں۔ چند لفظوں میں جلد بیان کر کہ کیا واقعہ گزرا۔

**خادم** - بہتر ہوگا کہ رات ہی کے وقت فرصت سے ....."

**بنبچاری** - نہیں میں چاہتا ہوں کہ یونانی کے آنے سے پہلے مجھے کچھ علم ہو جائے جلد بیان کر۔

**خادم** - آپ کے گھر میں چوری ہو گئی۔

**بنبچاری** - بس! اور تو کچھ نہیں ہوا۔

**خادم** - یہ کیا کم ہے؟ آپ کچھ سمجھے بھی کہ نہیں؟

**بنبچاری** - میری بات کا جواب دے۔ اور تو کچھ نہیں ہوا؟

**خادم** - اور کیا ہوتا؟

**ننچاری** - اچھا تو رخصت -

**خادم** - ذرا ٹھیرنا - **ننچاری**! ..... آقا ....."

کمال نے یہ جملہ نہیں سُنا اور جلدی سے قدم بڑھاتا ہوا اندرونِ محل داخل ہوگیا - جس کا دروازہ فی الفور بند ہوگیا -

جب ثریا آسمان پر نمودار ہوا - **ننچاری** ایک عالی شان و آراستہ کمرہ میں جو حرم شاہی کے مشرقی سمت واقع تھا - ایک کرسی پر لیٹا ہوا مہمانوں کا انتظار کر رہا تھا جب وہ آئے تو پہلے اُس نے بکمال اخلاق و مہربانی انہیں اپنے قریب جگہ دی - پھر یکایک خاموش ہوگیا - اور اس کے چہرے سے ایسی سنجیدگی و متانت برسنے لگی جسکی وجہ سے وہ ایرانیوں میں اس قدر بد دماغ و ترش رو مشہور تھا - لیکن درحقیقت وہ ایک سچا مصری تھا اور عادات و اطوار کے لحاظ سے اپنے طبقہ و ذات کے لوگوں کا ایک اصلی نمونہ تھا - آخر الذکر کا یہ دستور تھا کہ عوام الناس خصوصاً اجنبیوں سے نہایت تمکنت و وقار و تکلف سے ملتے[1] - مگر اپنے دوستوں عزیزوں و ہم پلّہ لوگوں میں اس بناوٹ و تصنع کو بالائے طاق کر دیتے اور خوب دل کھول کر اپنے خیالات و جذبات کا پورے طور سے اظہار کرتے - **ننچاری** کو **فینس** سے پہلے واقف تھا - تاہم وہ اجنبی تھا

[1] مصر میں قاعدہ تھا کہ اجنبیوں اور خصوصاً غیر ملکیوں سے سنجیدگی و تکلف سے ملتے تھے مگر عام طور سے بزرگوں کا بہت ادب کیا جاتا تھا - اگر چھوٹا کسی بڑے سے راستہ میں ملتا تو فوراً اسکے لئے جگہ دے دیتا - اگر کوئی بڑا کسی کمرے میں داخل ہوتا تو سب چھوٹے کھڑے ہو جاتے ان کے سلام کا طریقہ بھی عجیب تھا - یعنی مُنہ سے کچھ نہ بولتے بلکہ ہاتھ گھٹنوں تک لے جاکر نہایت ادب سے جُھک جاتے - (ہسٹری آف ورلڈ)

اس لئے اُس سے ملنے میں علاوہ ظاہرداری کے کسی قدر سرد مہری بھی نمایاں تھی۔
کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد اُس نے غلام کو حکم دیا کہ دوسری جگہ چلا جائے وہ اپنے
مہمان سے تخلیہ میں باتیں کرنا چاہتا ہے۔

**یونانی** (مصری زبان میں جس کا وہ ماہر تھا) میں آپ سے چند ضروری امور کے
متعلق صلاح لینے آیا ہوں۔

**کحال**۔ مجھے پہلے ہی سے ان کا علم ہے۔

**یونانی**۔ (مسکرا کر) مجھے اس میں شک ہے۔

**بنبچاری**۔ تم مصر سے جلاوطن کئے گئے۔ شہزادہ سامتک تمہارا دشمن ہوگیا
اور اب ایران اس لئے آئے ہو کہ اپنا انتقام لینے کی غرض سے کمبوجیہ کو میرے
ملک کے خلاف آمادہ کرو۔

**یونانی**۔ آپ کو مغالطہ ہوا ہے۔ مجھے آپ کے ملک سے کوئی خصومت نہیں ہے
مگر ہاں یہ ضرور کہونگا کہ اماسس کے خاندان سے البتہ میرے دل میں کینہ ہے۔

**بنبچاری**۔ تمہیں شاید یہ معلوم نہیں کہ میرے ملک میں حاکم و حکومت دونوں کو
ایک ہی سمجھا جاتا ہے۔

**یونانی**۔ یہ تو میں جانتا نہیں لیکن یہ البتہ معلوم ہے کہ اب آپ کے وطن میں پجاری
و پروہت بھی حکومت کا دعویٰ کرتے ہیں۔

**کحال**۔ خوب یہ ایک نئی بات آپ نے سُنائی۔ اب تک تو میں یہی سمجھتا رہا کہ فراعنہ
سب سے افضل و برتر اور اپنی سلطنت کے مختار کُلی ہیں۔

**یونانی**۔ یہ بیشک اُس زمانہ کا حال ہے جب وہ آپ کے طبقہ یعنی حضرات پروہت
سے محفوظ تھے۔ اب تو اماسس بھی اُن کے سامنے سر جھکاتا ہے۔

**کحال**۔ عجیب بات۔ یہ بالکل نئی خبر ہے۔

یونانی - جو آپ کو پہلے سے معلوم تھی۔

نبنچاری - کیا یہ آپ کا یقین ہے۔

یونانی - بیشک - اور مجھے یہ بھی بخوبی معلوم ہے - ذرا غور سے سنئے کہ ایک مرتبہ اماسس کو اپنے مشیروں کی رائے ہموار کرنے میں غیر معمولی کامیابی حاصل ہوئی تھی۔

نبنچاری - میں نہیں کہہ سکتا - مجھے وطن کی بہت کم خبریں ملتی ہیں - معلوم نہیں آپ کس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

یونانی - بجا و درست! کیونکہ اگر آپ کو علم ہوتا اور یوں ہی ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہتے۔ تو لوگ اُس کتّے سے تشبیہ نہ دیتے جسے جوتے ولاتیں لگائی جائیں پھر بھی اپنے مالک کے قدموں کو نہیں چھوڑتا اور اسکے پیر چاٹ کر دُم ہلاتا ہے۔

ان الفاظ کے سُنتے ہی کحال کا چہرہ متغیر ہوگیا اس نے بہت ضبط کر کے جواب دیا۔ مجھے خوب معلوم ہے کہ اماسس نے مجھ پر کیا کیا ظلم و ستم ڈھائے ہیں۔ لیکن میرا جذبۂ انتقام ایسا شیریں ہے کہ اُس میں کسی غیر کی شراکت پسند نہیں کرسکتا۔

یونانی - آپ کا ارشاد بالکل بجا ہے - لیکن میرے جذبۂ انتقام کا بھی حال سُنئے۔ میں اُسے ایک ایسی ہری بھری بیل تصور کرتا ہوں جو انگوروں سے اس قدر لدی ہو کہ میں تن تنہا جمع نہیں کرسکتا۔

کحال - جس کے یہ معنی ہوئے کہ تم میری مدد مانگنے آئے ہو۔

یونانی - ہاں - اور مجھے قوی امید ہے کہ اگر آپ عقلمند ہیں تو میرا ساتھ دیکر اس بار آور کھیتی سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

مصری - تم غلطی پر ہو - میرا مقصد تو کبھی کا پورا ہوگیا - دیوتاؤں کی مدد سے مجھے کامیابی نصیب ہوئی اور اماسس کو اپنی ظالمانہ حرکات کی کافی سزا مل گئی۔

یونانی - یعنی وہ اندھا ہوگیا۔

مصری - اور کیا۔

یونانی - اچھا تو شاید آپ کو یہ خبر نہیں کہ جناب کے رقیب حکیم تیمن نے اماسس کی آنکھوں پر سے ایک جھلّی کا ٹکڑا نکی بینائی پھر واپس کر دی۔

مصری - (چونک کر اور دل ہی دل میں پیچ و تاب کھا کر) خیر یہ نہ سہی تو دیوتاؤں نے اس کی اولاد پر آفتیں نازل کیں اور میرا بدلہ لے لیا۔

یونانی - یہ کس طرح ثابت ہوا؟ سامتیک سے بادشاہ آج کل بہت راضی و خوش ہے۔ تاشو البتہ بیماری کی مصیبت میں گرفتار ہے لیکن اس حالت میں بھی وہ اپنے باپ کے لئے برابر دعائیں مانگتی رہتی ہے۔ اب رہ گئی نتیتیس وہ مر بھی گئی تو اس کا رنج اماسس کو بس اتنا ہی ہو سکتا ہے جتنا اپنے کسی دوست کی لڑکی کے مرنے کا ہو۔ آپ بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ اس سے میرا کیا مطلب ہے۔

مصری - نہیں۔ میں بالکل نہیں سمجھا۔

یونانی - (گردن ہلا کر) بیشک! بھلا کیوں سمجھنے لگے۔ ابھی تک شاید جناب اسی خیال میں ہیں کہ میں بھی کوئی احمق و نادان ہوں کہ آپ کی مریضہ کو اماسس کی دختر تصور کرتا ہوں۔" اس جملہ پر مصری پھر چونکا۔

فنیس - بندہ پرور۔ مجھے ان سب باتوں کا علم ہے۔ نتیتیس شاہ ہوفرا کی دختر ہے جسے اماسس نے اپنی لڑکی اس غرض سے مشتہر کیا تھا کہ اول تو عوام الناس سمجھیں کہ معزول بادشاہ بے اولاد مر گیا۔ دوسرے یہ کہ اس سلطنت پر جو قانوناً اُس کی میراث ہے وہ کبھی دعویٰ نہ کر سکے۔ عورتیں بھی تو مصر پر حکمراں ہو سکتی ہیں؟

مصری - یہ محض تمہاری خیالی باتیں ہیں۔

یونانی - انہیں خیالی باتوں کو میں ایسے قوی دلائل سے پیش کرنا چاہتا ہوں جن کا کوئی جواب آپ کے پاس نہیں۔ یعنی اُن کاغذات میں جو آپ کے بوڑھے خادم

ہب کے بکس میں محفوظ ہیں۔ چند خطوط ہیں جو ایک مشہور و معروف حکیم یعنی آپ کے والد مکرم کے دستِ مبارک کے لکھے ہوئے ہیں۔

**بنبچاری**۔ بہرحال وہ خط بھی میری ہی ملکیت ہیں جنھیں میں کسی دوسرے کے حوالہ کرنا پسند نہ کرونگا۔ علاوہ بریں تمام ایران میں ایسا کوئی فرد بشر نہیں جو میرے والد کی تحریر پڑھ سکے۔

**یونانی**۔ یہ خادم پھر آداب بجالاتا ہے اور جناب کو اس غلط فہمی پر متنبہ کرنا چاہتا ہے۔ اول تو جیسا عرض کر چکا ہوں وہ بکس فی الحال میرے قبضہ میں ہے۔ اور گو میں حقوق ملکیت کا بہت بڑا حامی ہوں مگر اس موقع پر جبتک میرا مقصد نہ پورا ہو جائیگا آپ کو وہ کاغذات نہیں مل سکتے۔ دوسرے ایک بالکل غیر توقع امر ظہور میں آیا جسے امدادِ غیبی یا دیوتاؤں کا ایک معجزہ سمجھنا چاہیئے یعنی اسی شہر بابل میں ایک شخص موجود ہے جو ہر قسم کی مصری تحریروں کے پڑھنے میں کمال رکھتا ہے۔ آپ نے بھی شاید حکیم انوفس کا نام سُنا ہوگا۔

**بنبچاری** کا چہرہ پھر متغیر ہو گیا۔ اس نے گھبرا کر جلدی سے پوچھا "کیا تمہیں یقین ہے کہ یہ شخص ابھی تک زندہ ہے؟

**یونانی**۔ یقین کی خوب کہی! میں نے خود اپنی آنکھوں سے کل ہی تو اُسے دیکھا ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ یہ شخص ہیلیوپولس[۵۱] کا پروہت اعظم رہ چکا ہے اور اس لئے آپ کے تمام مخفی و پوشیدہ رازوں سے بخوبی واقف ہے۔ جب میرے معزز ہموطن حکیم فنیاغورث مصر تشریف لیگئے تھے تو انہیں اس شہر کے پروہتوں سے تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق ہوا اور بمشکل تمام بعد ادائے رسومات بسیار جب انھیں اجازت مل گئی تو اس کے ایک مشہور درسگاہ یا خانقاہ میں داخل ہوئے جہاں انکی

---

[۵۱] عین الشمس

خداداد ذہن و قابلیت پر مفتوں ہو کر انوفس نے انھیں بہت سے مخفی مسائل[۵۱] و رازہائے سربستہ سے آگاہ کر دیا۔ جنہیں بعد ازاں انہوں نے اپنے ملک میں پہنچکر تمام دنیا پر شائع کرنا چاہا۔ یہ بندۂ ناچیز اور اُس کے معزز دوست رھوڈوفس اُسی یکتائے دہر و یگانہ روزگار فیثاغورث کے شاگرد ہیں۔ غرضکہ جب آپ کے پروہتوں کو معلوم ہوا کہ انوفس سے یہ گناہ سرزد ہوا ہے اور اُس نے بلا اجازت ایک غیر ملکی اجنبی شخص کو علوم مخفی کے تلقین کی جرأت کی ہے تو وہ اس کی جان کے درپے ہو گئے اور اُسے گرفتار کر کے یہ سزا تجویز کی کہ شفتالو کی گٹھلی سے جو زہر نکلتا ہے اُسے پلا کر مارا جائے۔ انوفس نے یہ سُنا تو راتوں رات وہاں سے بھاگ کر نوکراتیس آیا اور رودوفس کے مکان میں روپوش ہوا۔ جہاں فرعون کی حمایت و امان کی وجہ سے کوئی شخص اس پر ہاتھ نہ ڈال سکا۔ وہیں اس کی ملاقات انٹی منادس برادر شاعر الکالیوس باشندۂ لسبوس سے ہوئی۔ یہ معزز یونانی جو عہد پتاکوس میں جلاوطن ہو کر ایک عرصۂ دراز تک بابل میں رہا تھا اور بخت نصر اُس زمانہ کے شاہ اشور کی ملازمت بھی کر چکا تھا۔ قلدانیہ کے حالات سے بخوبی واقف تھا۔ اس نے اس مصری پروہت کی امداد کے لئے کئی تعارفانہ خطوط اپنے دوستوں کے نام لکھے، جنھیں لیکر انوفس یہاں آیا اور بابل میں بود و باش اختیار کرنے لگا۔ اور انھیں خطوط کے ذریعہ معاش حاصل کرنے میں بھی کامیاب ہوا۔ اب وہی شخص جس کا کسی زمانہ میں مصر کے افضل ترین علماء میں شمار تھا۔ قلدانیوں کو مینار بابل میں علم الافلاک و نجوم سکھا کر

---

[۵۱] انکے متعلق ہماری معلومات نہایت محدود ہے بعض قدیم کتبوں کے پڑھنے سے کچھ پتہ چلتا ہے۔ لیکن انکا سمجھنا مشکل ہے کیونکہ پروہت ایسی باتیں عمداً نہایت پیچیدہ زبان میں لکھا کرتے تھے۔ تاہم عقاید وحدانیت کی جھلک اکثر نظر آتی ہے۔ اور گمان اغلب ہے کہ یہ رازہائے سربستہ بھی ذات باری تعالیٰ کے متعلق ہونگے۔ (ایڈیٹر)

اپنی روزی کماتا ہے۔ اس کی عمر اب قریباً اسّی سال کی ہوگی۔ تاہم وہ نہایت مضبوط و تندرست ہے میں کل ملنے گیا تھا اور جب اُس سے مدد کا خواستگار ہوا تو بخوشی راضی ہوگیا۔ آپ کے والد بھی انھیں پروہتوں میں تھے جنہوں نے اسکے خلاف فیصلہ کیا تھا۔ لیکن وہ باپ کا بدلہ لڑکے سے نہیں لینا چاہتا اور آپ کو بہت بہت سلام کہتا ہے۔"

اس دوران گفتگو میں **نبنچاری** اپنا سر نیچے کئے چُپ چاپ زمین کی طرف دیکھ رہا تھا۔ جب فنیس ختم کر چکا تو اس نے بغور اس کی طرف دیکھ کر پوچھا "میرے کاغذات کہاں ہیں؟"

**یونانی**۔ انوفس کے پاس۔ جو انھیں پڑھ کر میرے حصول مقصد کے لئے چند ضروری باتیں تلاش کر رہا ہے۔

**نبنچاری**۔ میں پہلے ہی کھٹک گیا تھا۔ اب ذرا یہ تو فرمائیے کہ یہ بکس جسے آپ نے میرے خادم سے چھین کر یوں ہضم کر لیا ہے۔ کس شکل کا ہے۔

**یونانی**۔ یہ ایک سیاہ آبنوس کی لکڑی کا چھوٹا سا صندوق ہے۔ اس کے ڈھکنے پر نہایت خوبصورت کام ہے۔ وسط میں ایک پردار گبریلے کی شکل ہے اور چاروں کونوں پر ۔۔۔۔"

**نبنچاری**۔ (اطمینان سے سانس لیکر) اس بکس میں سوائے میرے والد کے چند نوشتوں کے اور کوئی کارآمد شے نہیں ہے۔

**یونانی**۔ یہی میرے مقصد کے لئے بالکل کافی ہے۔ آپ کو شاید یہ خبر نہیں کہ شہنشاہ کمبوجیہ آج کل مجھ پر بہت مہربان ہیں۔

**نبنچاری**۔ مبارک ہو۔ مگر مجھے اندیشہ ہے کہ جو کاغذات درحقیقت آپ کے لئے مفید ہو سکتے ہیں وہ ابھی تک مصر ہی میں ہیں۔

**یونانی**۔ وہ انجیر کی لکڑی کے ایک بڑے سے رنگین بکس کے اندر تو نہ تھے؟

**مصری** - (چونک کر) تمہیں کیسے معلوم ہوا؟

**یونانی** - کیونکہ یہ!! منیچاری اب ذرا کان کھول کر سنو میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں قسم نہ کھاؤنگا - اس لئے کہ میرے اُستاد فتیا غورث نے منع کیا ہے - یہ وہی مکس ہے جو مع اپنی تمام چیزوں کے بحکم فرعون بمقام سلیئز معبد نیتھ کے کنج میں ایک روز جلا کر خاکستر کر دیا گیا -

اس جملے کے تمام الفاظ جنھیں فینیس نے نہایت آہستہ آہستہ ایک ایک پر زور دیکر ادا کیا تھا - منیچاری کے کان میں اس طرح پڑے جیسے بجلی کے لپکے و شعلے کسی پر ٹوٹ کر گرتے ہیں - اس کا استقلال و تحمل ہاتھ سے چھوٹ گیا اور ایک ناقابل بیان اضطراب و بیقراری نے چہرہ زرد کر دیا - اُس کی آنکھیں چمکنے لگیں ہاتھ کانپنے لگے اور دل کی ایک عجب حالت ہو گئی جسے اس نے حتی الامکان بہت ضبط کیا رومال سے اپنی پیشانی کا پسینہ پونچھا اور ایک رُکھائی آمیز بھرائی ہوئی آواز سے یونانی کو یوں خطاب کیا "تم مجھے اپنا حلیف و مددگار بنانا چاہتے ہو اس لئے میرے دل میں ہموطنوں کی طرف سے نفرت و عناد پیدا کرنے کا ارادہ رکھتے ہو میں تم یونانیوں کو بخوبی جانتا ہوں بڑے چالاک و سازشی ہو اور اپنا مطلب نکالنے کے لئے کسی قسم کے دھوکہ دہی و دروغ گوئی سے نہیں چوکتے"

**فینیس** - اسی کا نام انتہائے تعصب و ہٹ دھرمی ہے - آپ اور آپ کے دوسرے ہموطن ہم یونانیوں کو عموماً دنیا کی بدترین لوگوں میں شمار کرتے ہیں لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ اس معاملہ میں میں نے نہایت راستبازی و صداقت سے کام لیا ہے اور آپ کے تمام شبہات بالکل بے بنیاد ہیں - بہتر ہوگا کہ اپنے پرانے وفادار خادم ہب کو بلا کر پوچھئے اور دیکھئے کہ وہ میرے اس بیان کی تصدیق کرتا ہے کہ نہیں -

منیچاری نے ہب کو آواز دی اور اُس کی صورت دیکھتے ہی غضبناک آواز

سے گھڑک کے بولا "میرے قریب آ" ہب اپنے دونوں شانوں کو حرکت دیتا اور اپنا پوپلا مُنہ بناتا ہوا سامنے آیا۔

منچاری۔ تجھے اس یونانی نے کوئی لالچ و رشوت تو نہیں دی ہے؟ ہاں یا نہیں۔ سچ بول۔ میری تمام زندگی کا دارومدار اس پر ہے۔ شاید تو اس چالباز کی باتوں میں آگیا ہو۔ خیر میں اسے معاف کرتا ہوں کیونکہ تو میرا پُرانا خادم ہے۔ اور مجھ پر تیرے بہت سے حقوق ہیں۔ مگر اب جھوٹ نہ بولنا۔ میں بمنّت کہتا ہوں تجھے اپنے آباؤ اجداد کی قسم۔ سچ بتا۔ اس شخص کا بیان صحیح ہے؟"

اپنے آقا کے یہ کلمات سُنتے ہی بڈھے کا چہرہ سُرخ ہوگیا۔ پہلے تو کچھ دیر تک کھڑا ہوا بھنکارتا و ہانپتا رہا۔ زبان سے کچھ نہ کہہ سکا۔ پھر آنکھوں کے آنسو جو اُمڈے چلے آتے تھے اُنھیں بڑے ضبط سے پی کر ایک رونی و خشمگین آواز سے چلایا۔

"میں کہتا نہ تھا کہ اس ناپاک و بے غیرت ملک میں رہتے رہتے یہ بھی بگڑ گئے اور ان کا بھی مزاج خراب ہوگیا۔ جو جیسا ہوتا ہے دوسروں پر بھی اسی طرح شبہ کرتا ہے۔ آپ چاہے مجھ پر کتنا ہی خفا ہوں۔ میں چپ ہوں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ کیونکہ آپ کا قدیم نمک پروردہ ہوں۔ ساٹھ برس تک آپ ہی کے خاندان میں رہ کر جس ایمانداری و وفاداری سے خدمت کی ہے دیوتا ہی خوب جانتے ہیں۔ اب جب بوڑھا ہوگیا تو میرے ماتھے پر ایک کلنگ کا ٹیکہ لگایا جاتا ہے۔ مجھے نالایق، فضول گو، جھوٹا، لالچی و دغاباز بناتے ہو۔ خیر میاں جو جی میں آئے کہہ ڈالئے۔ میں اسی قابل ہوں۔"

یہ کہتے ہی باوجود اس قدر ضبط کے بڈھے کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔

**فینس** نے دیکھا تو اُسے بہت ترس آیا اور اُس کے سر پر ہاتھ رکھ کر بڑی شفقت و ہمدردی سے کہنے لگا "ہب۔ تم اپنا دل نہ دُکھاؤ۔ سچّے کو کوئی آنچ نہیں آسکتی۔ تمہاری وفاداری اور اپنے مالک پر جان نثاری کا حال میں بھی خوب جانتا ہوں اور

یہ دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھا کر کہتا ہوں کہ اگر تم مجھسے کبھی ایک دمڑی کے بھی خواستگار ہوئے ہو اور میں چھپاتا ہوں تو میرا ناس ہی ہو جائے اور ہمیشہ کے لئے زیئس کی رحمت سے محروم ہو جاؤں۔

**سحال** کو اپنے خادم کی بے گناہی پر یقین آنے کے لئے یونانی کے ان الفاظ کی کچھ ضرورت نہ تھی۔ وہ بوڑھے ہب کو اپنے بچپن کے زمانے سے بخوبی جانتا تھا۔ اس کا چہرہ دیکھتے ہی فوراً سمجھ گیا کہ وہ جھوٹ بولنے یا دھوکہ دینے کے ناقابل ہے۔ اس لئے کرسی سے اٹھ کر اس کے پاس آیا اور بڑی نرمی و شفقت سے بولا "ہب! میں تجھ پر کوئی الزام نہیں لگاتا۔ ایک ذرا سی بات پوچھی تھی تو اس قدر خفا و رنجیدہ ہو گیا"

**ہب**۔ (آنسو پونچھکر) نہیں تو کیا آپ کی یہ باتیں سُنکر خوش ہوتا۔

**نبنچاری**۔ خیر اسے جانے دے۔ اب یہ بتا کہ میری غیبت میں مکان پر کیا واقعہ گذرا

**بڈھا**۔ کیا بتاؤں کیا گذرا۔ جب اُس کا خیال آتا ہے تو دل پر ایک چوٹ سی لگتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ کڑوے کڑوے اندرائن یا زہر ہلاہل پی رہا ہوں

**نبنچاری**۔ تم نے ابھی کہا تھا کہ میرے گھر میں کوئی چوری ہو گئی۔

**بڈھا**۔ (غصہ و جھنجھلاہٹ سے) چوری بھی کیسی۔ سینہ زوری تھی۔ کسی نے آجتک ایسی چوری نہ دیکھی ہو گی نہ سُنی۔ اگر وہ کمبخت اصلی چور[1] ہوتے تو مجھے صبر بھی آجاتا اور

---

[1] بقول دیو دورس۔ مصر میں چوروں کا بھی ایک خاص پیشہ تھا۔ اور ان میں جو کوئی پولیس کے سامنے حاضر ہو کر اپنی اطلاع کر دیتا تھا۔ اُسے بجائے سزا دینے کے زیر نگرانی رکھا جاتا تھا۔ ان چوروں کا ایک مکھیا یا سردار بھی ہوتا تھا۔ جو ایک چوتھائی قیمت لینے کے بعد تمام مال مسروقہ واپس کر دیتا تھا۔ اس عجیب رسم کی شاید یوں ابتدا ہوئی کہ ہر مصری کو مجبوراً سال میں ایک بار حاکم ضلع کے سامنے حاضر ہو کر اپنے ذرائع معاش کا حال بیان کرنا پڑتا تھا۔ (ایڈیٹر)

مال ملنے کی کچھ امید ہوتی۔ مگر وہ تو دن دہاڑے ظلم تھا۔ ہائے آقا غضب ہوگیا....
کمال۔ میرا وقت بہت تنگ ہے۔ جلدی مطلب کی بات کہہ۔ اور فضول منٹ بک۔
ہب۔ پھر وہی مجھی کو الزام! جب سے میں نے یہاں قدم رکھا ہے۔ کوئی ٹھیک بات ہی میری زبان سے نہیں نکلتی۔ خیر صاحب تم میرے آقا ہو۔ میں ایک ادنیٰ غلام ہوں۔ مالک کا حکم بجالانا میرا فرض ہے۔ اچھا تو سنو مجھے یہ حادثہ کبھی نہ بھولے گا۔ ابھی کل کی بات معلوم ہوتی ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ایرانیوں کی سفارت دختر فرعون کو لینے مصر آئی تھی اور ہر طرف انھیں کا ذکر چرچا تھا۔ ایک دن شام ہوگئی تھی۔ جھٹ پٹے کا وقت تھا۔ میں کیڑوں[1] والے مینار کے اندر بیٹھا ہوا اپنے ببرا کے بڑے بچے کو کھلا رہا تھا۔ جس کی شکل وصورت تیزی وچالاکی کی کیا تعریف کروں ہاتھ پیر کا بھی ایسا مضبوط ہے کہ اپنی عمر سے دوگنا بڑا معلوم ہوتا ہے۔ شریر مجھ سے کہہ رہا تھا کہ باوا نے اماں کی جوتیاں کہیں چھپا دی ہیں آپ جانتے ہیں ہمارے یہاں یہ قاعدہ ہے کہ جو مائیں اکثر اپنے بچوں کو اکیلا چھوڑ کر باہر سیر سپاٹے کو چلی جاتی ہیں اُن کے شوہر انھیں تنگ کرنے کے لئے جوتیاں[2] چھپا دیتے ہیں۔ میں یہ سُنکر بہت ہنس رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ خوب ہوا۔ ببرا کو اچھی سزا ملی کیونکہ وہ کبھی اپنے

---

[1] مصری اپنے مکانوں میں ایک بلند مینار بناتے تھے۔ جہاں رات کے وقت مچھروں وغیرہ سے بچنے کی غرض سے سوتے تھے۔ دلدلوں کے قریب نشیبی مقامات میں غریب لوگوں کے پاس جال ہوتے تھے جن سے دن کے وقت مچھلیاں پکڑتے تھے۔ اور بوقت شب انھیں مچھردانی کی طرح استعمال کرتے تھے۔ (ہسٹری آف ورلڈ)

[2] بقول ہیروڈوٹارک۔ سڑکوں پر ننگے پیر چلنا قدیم مصر میں نہایت معیوب سمجھا جاتا تھا۔ اسی لئے شوہر اپنی بیویوں کی جوتیاں چھپا دیتے تھے کہ وہ سیر وسپاٹے کے لئے باہر نہ نکل سکیں۔ اور خانگی انتظام میں خلل نہ واقع ہو۔ (ایڈیٹر)

بچوں کو میرے پاس نہیں چھوڑتی اور کہتی ہے کہ میں انھیں بگاڑ دیتا ہوں۔ اتنے میں یکایک دروازہ کھٹکھٹانے کی اس زور سے آواز آئی کہ میں چونک پڑا۔ اور سمجھا کہ شاید مکان میں کہیں آگ لگ گئی ہے۔ میں لڑکے کو اپنی گود سے پھینک کر بے تحاشا ایک قدم میں تین تین سیڑھیاں لانگتا۔ پھاندتا نیچے اُترا اور دروازہ کھول کر باہر دیکھنے لگا۔ آناً فاناً میں بہت سے پولیس والے، پجاری و پروہت زبردستی اندر گھس آئے پیچی بدمعاش کو تو آپ جانتے ہی ہونگے جو نمتیھ کے مندر کا خادم ہے۔ مجھے دیکھتے ہی اس موذی نے اس زور سے دہکا دیا کہ گرتے گرتے بچا اور دروازہ بند کر کے پولیس والوں سے کہنے لگا کہ یہ بڈھا اگر ٹرفون کرے تو اس کی مشکیں باندھ دو۔ یہ سُنکر آپ جانتے ہیں کہ مجھ پر بھی بھوت سوار ہوا اور جو کچھ میرے مُنہ میں آیا نے بھی کہہ سُنایا پھر کیا تھا۔ سچ عرض کرتا ہوں۔ تھوتھ کی قسم جو محافظ عقل و ہوش ہے۔ اس حرام زادے نے اپنے ساتھیوں سے کہہ کر مجھے رسی سے بندھوا دیا۔ اور مُنہ میں اس زور سے کپڑا ٹھونسا کہ میرا دم گھٹنے لگا۔ بعدہٗ یہ بولا کہ مہا پروہت کے ایک کام کے لئے ہم یہاں آئے ہیں اگر تم زحمت کرو گے تو پچیس ڈنڈے گن کر ایسے رسید کریں گے کہ تمہاری عقل درست ہو جائے گی۔ یہ کہہ کر مہا پروہت کی مجھے مُہر دکھائی تب مجھے مجبوراً اُن کا حکم ماننا پڑا وہ یہ تھا کہ جس قدر آپ کے کاغذات خطوط و قلمی مسودے وکتبے ہیں وہ سب میں اُن کے حوالے کر دوں۔ یہ سُنتے ہی میرے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے لیکن آپ جانتے ہیں کہ بڈھا اب ایسا بھولا و نادان نہیں ہے کہ آسانی سے کسی کے دم میں آجائے۔ (گردن ہلا کر) گو کہ بعض لوگ شبہ کرتے ہیں اور اُسے لالچی دغا باز و بے وقوف سمجھتے ہیں! آپ کو معلوم ہے کہ اُس وقت میں نے کیا فقرہ جمایا اور کیا چال چلی؟ مُہر کو دیکھتے ہی میں نے نہایت عاجزانہ شکل بنالی۔ اور پیچی سے کہا کہ بھائی میری مشکیں تو کھول دے۔ میں کنجیاں

لاکر ابھی حاضر کرتا ہوں۔ جیوں ہی میں چھوٹا فوراً ہوا کی طرح اُڑتا ہوا آناً فاناً میں کوٹھے پر پہنچا اور وہ کالا بکس جو آپ مجھے سپرد کر گئے تھے ڈھونڈھ کے نکالا اور اپنے نواسہ کے ہاتھ میں دیکر اسے ایک کمرے کے اندر ڈھکیل دیا اور دروازہ بند کر کے لڑکے کو سمجھا دیا کہ کھڑکی سے نکل کر چھجے پر سے ہوتا ہوا کبوتروں کے ڈھابل میں یہ بکس لے جا کر جلدی سے چھپا دے اتنے میں وہ لوگ بھی اوپر چڑھ آئے اور اتنی دیر تک ٹھہرنے کا مجھ سے سبب پوچھنے لگے میں نے کہا کہ ایک بچہ نے جو میرا نواسہ ہے اپنے منہ میں چھری رکھ لی تھی جس سے اس کی زبان کٹ جانے کا اندیشہ تھا۔ اس لئے میں نے ابھی دو چار چپتیں مار کر چھجے پر اُسے نکال دیا ہے۔ اُس خربے دم بچی کو میری اس بات پر یقین آگیا اور بلا کسی شک وشبہ کے مجھے اپنے ہمراہ لئے تمام گھر کی تلاشی لینے لگا۔ اتفاق سے سب سے پہلے اُسکی نگاہ انجیر کی لکڑی کے اُس بڑے صندوق پر پڑی جسے آپ کہہ گئے تھے کہ حفاظت سے رکھنا۔ اُس پر انہوں نے اپنا قبضہ کیا پھر آپکے لکھنے کی میز پر بہت سے پیپرس تھے اور گھر میں جتنے کتبات تھے سب ڈھونڈھ ڈھونڈھ کے باہر لیگئے۔ صرف ایک وہی کالا بکس بچا جسے میرے نواسے نے بڑی ہوشیاری سے چھپا دیا تھا۔ اب میں نے دیکھا کہ یہ بدمعاش نہیں مانتے اور آپکا قیمتی اسباب لئے جاتے ہیں تو میں پھر چلّانا چیخنا شروع کیا۔ انھیں گالیاں دیں۔ دھمکایا ڈرایا کہ عدالت تک اس معاملہ کو لے جاؤں گا۔ اور فرعون کے سامنے فریاد وزاری کرونگا۔ جس پر وہ قہقہہ مار کے ہنسنے لگے پھر میں نے اُن تماشائیوں سے جو مکان کے سامنے جمع ہو گئے تھے۔ اپنا دُکھڑا رویا اور ان ڈاکوؤں کے خلاف ورغلانا چاہا۔ اس میں مجھے ضرور کامیابی ہوتی کہ اتنے میں ایرانی سفارت کے چند لوگ اس طرف سیر کرتے آنکلے۔ ان کمبختوں کو دیکھتے ہی لوگ سب چھوڑ چھاڑ کر اُن کے پیچھے ہو لئے اور میں اپنا سا منہ لے کے رہ گیا۔ اُسی دن شام کے وقت میں اپنے داماد کے یہاں گیا جو منیتھ کے مندر کا پجاری ہے اور اُس سے کہا کہ ذرا دیکھنا تو ان کتبوں وغیرہ کا کیا حشر ہوا۔ وہ ابھی تک

آپ کا احسانمند ہے کہ میری نبرا کی شادی میں کیسا اچھا جہیز آپ نے اُسے عنایت کیا تھا۔ تین دن بعد وہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ تمہارے آقا کا وہ خوبصورت صندوق اور کاغذ وغیرہ پروہتوں نے جلا کر خاک کر دیئے۔ خود میں نے اپنی آنکھوں سے اسے دیکھا ہے۔ اس خبر کے سُنتے ہی مجھے اس قدر صدمہ و رنج ہوا کہ یرقان ہوگیا۔ تاہم اس بیماری کی حالت میں بھی جہاں تک مجھ سے ہوسکا دوڑ دھوپ کی عدالت میں عرضی دعویٰ داخل کیا۔ مگر کمبخت ججوں نے میری ایک نہ سُنی کیونکہ وہ بھی تو آخر پروہت ہی تھے۔ پھر میں نے آپ کے نام سے ایک عرضداشت فرعون کی خدمت میں گذاری مگر وہاں سے بھی دھتکار کر نکالا گیا اور یہ دھمکی ملی کہ دوبارہ اُن کاغذوں کا نام لیا تو سلطنت کے خلاف دغابازی کے جرم میں سزا پاؤں گا۔ اب میں بالکل مجبور و لاچار ہوا تو مصر میں ایک دن کا رہنا بھی مجھے دوبھر ہوگیا۔ اور سوچنے لگا کہ کس طرح آپ سے مل کر ان تمام حالات کی اطلاع دوں اور وہ سیاہ بکس بھی جو دشمنوں کی دستبرد سے بچ گیا تھا آپ کے حوالہ کر کے اپنے فرض سے سبکدوش ہوجاؤں۔ غرضکہ اسی خیال سے میں نے اپنے وطن کو خیرباد کہا۔ اور اپنے پیارے بچوں کو روتا دھوتا چھوڑ کر اس بڑھاپے میں اتنے بڑے سفر کی ہمت کی۔ میرا چھوٹا نواسا بڑا ذہین و چالاک ہے چلتے وقت جب میں اُسے پیار کر کے رخصت ہونے لگا تو کیا کہتا ہے۔ نانا! یہاں سے نہ جاؤ۔ ملیچھ ملک میں تمہیں چھوت لگ جائے گی تو ہم تمہیں پیار نہ کرنے دیں گے۔ نبرا نے آپ کو بہت بہت آداب کہا ہے اور میرے داماد نے کہلا بھیجا ہے کہ **سامتیک** و **پتمن** جو آپ کے جانی دشمن ہیں انھیں دونوں کے اشارے و سازش سے یہ چوری ہوئی تھی۔ خیر صاحب! آپ کو معلوم ہے کہ میں دریائی سفر سے بہت ڈرتا ہوں اسلئے خشکی کی راہ روانہ ہوا اور عرب سوداگروں کے ایک قافلہ کے ساتھ تدمور[۵۱] تک جو **فنیکیون** کی ایک ریگستانی سرسبز بستی ہے

[۵۱] موجودہ پالمیرا (پالمارا۔ بلقیس السنجا)

آیا۔ وہاں سے سیدا کے تاجروں کے ساتھ ہولیا اور فرات کے کنارے کرشمس پہنچا یہاں وہ دونوں سڑکیں جو فلیقیہ و سارڈیس سے بابل جاتی ہیں باہم ملتی ہیں۔ اور ایک عالی شان سرائے بنی ہوئی ہے۔ میں جب اس مقام پر پہنچا تو سفر کی تکلیفوں سے تھکا ماندہ درختوں کے نیچے دم لے رہا تھا کہ اتنے میں ایک اجنبی شاہی ڈاک کی گاڑی میں سفر کرتا ہوا نظر آیا جسے میں نے دیکھتے ہی پہچان لیا کہ ہو نہ ہو یہ تو ہمارے ملک کے یونانی فوج کا پرانا سپہ سالار ہے۔

فینس۔ ہاں اور میں نے بھی تو بڑے میاں تمہیں دیکھتے ہی پہچان لیا تھا کہ ہو نہ ہو یہ وہی حضرت ہیں جن کی تنک مزاجی و زبان درازی کا شہرہ تمام مصر میں ہے۔ مجھے خوب یاد ہے کہ جب تم اپنے آقا کی دوائیوں کا بکس بغل میں دبائے ہوئے ان کے پیچھے پیچھے سڑک پر نکلتے تو لونڈے تمہیں دیکھتے ہی تالیاں بجاتے تھے اور تم غصہ میں آکر انھیں گالیاں و صلواتیں سناتے تو مارے ہنسی کے پیٹ میں بل پڑ جاتے تھے۔ ایک دن کا واقعہ ہے کہ اتفاقاً تم دونوں فرعون کے سامنے سے گذرے تو اُس نے زور سے ہنس کر مجھسے کہا تھا "ذرا اس مسخرے بڈھے کو دیکھنا۔ معلوم ہوتا ہے کوئی کھوسٹ اُلّو جا رہا ہے جس کے پیچھے بہت سی چڑیاں چیں چیں کر رہی ہیں۔ میں نے سُنا ہے کہ بنیچاری کی بیوی بڑی بدمزاج ہے کہیں کسی دن غصہ میں آکر اس کھوسٹ خادم کے دیدے نہ نکال لے تو اُس کے بیوقوف شوہر کو آنکھوں کے علاج کی حقیقت معلوم ہو"

ہیب۔ (نہایت برہم ہوکر) وہ خود کھوسٹ اور اُس کا باپ دادا اُلّو۔ یہ بھلا مجھسے کینہ و عداوت نہیں تو اور کیا ہے۔ دیوتاؤں کی مار اس بے حیا بے غیرت شخص پر جو فرعون بنا ہوا شیخی مارتا ہے۔

کحال نہایت خاموشی و توجہ کے ساتھ اپنے خادم کی گفتگو سُنتا رہا۔ اس کا

چہرہ گھڑی گھڑی متغیر ہو رہا تھا۔ خاص کر جب اس نے سُنا کہ اُس کی وہ تمام قلمی تحریریں و کتبے جو برسوں کی محنت کا نتیجہ تھے اور جنھیں خونِ جگر پی پی کے اس نے مرتب کیا تھا رقیبوں کے اغوا اور بادشاہ کے ایما سے ایک لحظہ میں جلا کر خاکستر کر دیئے گئے تو اس نے اپنی مٹھیاں زور سے بند کر لیں اور اس طرح کانپنے لگا کہ گویا بخار سے لرزہ چڑھا ہے۔ مصری کے یہ تمام حرکات و سکنات یونانی بغور دیکھ رہا تھا۔ وہ فطرت انسانی کا ماہر کامل تھا اور خوب جانتا تھا کہ بعض وقت ایک معمولی حقارت آمیز لفظ ایک سریع الحس غیر تمند و بلند ہمت شخص کے دل پر ایسا اثر کرتا ہے کہ برچھی و تلواروں کے زخموں کی کوئی حقیقت نہیں۔ چنانچہ اس نے اماسس کی پھپتی کو خوب ہی نمک مرچ لگا کر بیان کیا۔ اور یہ دیکھ کر دل میں بہت ہی خوش ہوا کہ اس کے سُنتے ہی نبچاری کا منہ سرخ ہو گیا اور اُسے ایسا غصہ آیا کہ ایک پھول کو جو میز پر رکھا تھا مٹھی میں لیکر کچل ڈالا۔

فینس۔ (نیچی نگاہیں کر کے) اب بڈھے ہیب کے باقی سفر کے حالات میری زبانی سُنئے۔ میں نے اُسے دیکھتے ہی بڑی گرمجوشی سے خوش آمدید کہا اور اپنی گاڑی میں جگہ دینے کو بُلایا۔ پہلے تو وہ انکار کرتا رہا کہ میرے ساتھ سفر کرنے میں کہیں چھوت نہ لگ جائے۔ مگر پھر راضی ہو گیا اور ہماری آخری منزل میں موبد اعظم کے بھائی کا نہایت خوبی کے ساتھ علاج کر کے ثابت کر دیا کہ آپ کے اور آپ کے والد کے فیضانِ صحبت سے وہ بھی فنِ حکمت میں کچھ کم ماہر نہیں ہے۔ جب ہم بابل بخیریت پہنچ گئے تو میں نے شاہی محل کے ایک گوشہ میں اس کے قیام کا بھی بندوبست کر دیا۔ کیونکہ آپ کی عدیم الفرصتی کی وجہ سے فوراً آپ سے ملنا ناممکن تھا۔ باقی حال آپ کو معلوم ہی ہے۔

نبچاری نے ایک کمزور آواز سے ہاں کہہ کے اشارہ سے ہیب کو

باہر جانے کا حکم دیا۔ بڈھا بادلِ ناخواستہ مُنہ ہی مُنہ میں کچھ بڑبڑاتا ہوا چلا گیا۔ پھر دروازہ بند ہوتے ہی کحال نے فینیس کے قریب آکر یہ کہا "یونانی! باوجود ان تمام واقعات کے مجھے اندیشہ ہے کہ میں تمہارا حلیف بننا پسند نہ کرونگا۔

**یونانی**۔ کیوں؟

**کحال**۔ اس لئے کہ میرا انتقام تم سے کہیں زیادہ بڑھ چڑھ کر ہوگا۔

**یونانی**۔ (جوشِ مسرت سے) اگر یہی خیال ہے تو میں یقین دلاتا ہوں کہ آپ مطمئن رہیں۔ فرمایئے میں آج سے آپ کو اپنا حامی و مددگار سمجھوں؟

**مصری**۔ ایک شرط سے۔

**یونانی**۔ وہ کیا ہے؟

**مصری**۔ تم یہ وعدہ کرو کہ مجھے اپنے انتقام کے دیکھنے کا موقع مل سکے گا۔

**فینیس**۔ یعنی جب شاہ کمبوجیہ مصر پر چڑھائی کرے تو آپ ہمراہ فوج رہنا چاہتے ہیں

**بنبچاری**۔ ہاں! (جوش میں آکر) ہاں! میری یہ آرزو۔ میری یہی تمنا ہے کہ اپنے دشمنوں کو انتہائے ذلت و خواری میں دیکھ کر۔ خود اُن کے مُنہ پر لعنت بھیجوں اور کہوں کہ اے بُزدل و بدذات کمینو! تمہاری مصیبت و ادبار کا باعث یہی غریب **کحال** ہے جسے تم نے اس بیدردی سے جلا وطن کر دیا تھا۔ اور اُسکے نوشتوں کو جلا دیا تھا۔ (انتہائے حسرت و یاس سے اپنے ہاتھ مل کر) ہائے میری کتابیں۔ وہ قیمتی کتبے۔ وہ بے بہا نسخے!! ہیہات میری تمام عمر کی محنت برباد ہو گئی۔ کس دلسوزی و مشقت سے میں نے انھیں لکھا تھا کہ اس دُھن میں اپنی پیاری بیوی و بچوں کی موت کا غم و الم تک بھول گیا تھا صرف اس لئے کہ آیندہ نسلیں میری تحقیقاتوں کی قدر کریں۔ میرے نسخوں کو پڑھ کر مجھے دعائیں دیں۔ ہزاروں اندھے بینا ہوں۔ اور انسان کی آنکھوں کا وہ نور جو دیوتاؤں کی سب سے بڑی نعمت ہے

ضائع ہونے سے محفوظ رہ سکے۔ واحسرتا! میری تمام زندگی برباد ہوگئی۔ میرا خزانہ تباہ و پراگندہ ہوگیا۔ ان کمبختوں نے میرے نوشتے نہیں جلائے بلکہ مجھی کو خاک کر دیا ہائے! ہائے! میرے بیش بہا کتبے! میری لاجواب تصانیف!!" یہ کہکر بدنصیب حکیم سے ضبط نہ ہوسکا اور سسکیاں لیکر زور زور سے رونے لگا۔

فینس نے یہ دیکھا تو بڑی محبت سے اُس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر کہنے لگا "بھائی صبر و شکر سے کام لو۔ انہیں بدذاتوں کے ظلم و ستم کا تو میں بھی مارا ہوں۔ تمہارے گھر سے تو صرف کتابیں اور کتبے ہی لے گئے۔ جنھیں شاید تم دوبارہ بھی کچھ کچھ لکھ سکتے ہو۔ لیکن مجھے تو ہمیشہ کے لئے تباہ حال کر دیا۔ اولاً مجھے جلاوطن کیا جس کی خیر مجھے کچھ شکایت نہیں کیونکہ یہ اُن کا ملکی قانون تھا اور وہ حق بجانب تھے۔ غرض کہ جہانتک ان کے برتاؤ کا میری ذات سے تعلق رہا میں کچھ نہیں کہتا اور بخوشی معاف کرتا ہوں۔ کیونکہ اماسس کے مجھ پر بڑے احسانات تھے اور اس کی خدمت سے برطرف ہونیکے بعد بھی میں ہمیشہ اُسے دعائیں دیتا لیکن معلوم نہیں پھر اُسے کیا ہوگیا کہ میرے دشمنوں کے جبر و تعدی کو اُس نے روا رکھا۔ کیسا جبر! کیسا ظلم! جس کے خیال ہی سے میرا دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ ذرا انصاف سے دیکھو کہ ایک غریب الوطن و معزز خاتون کے مکان میں بوقتِ شب چند سپاہی خونخوار درندوں کی طرح داخل ہوتے ہیں۔ وہاں میرا ایک لڑکا و لڑکی دونوں میری آنکھوں کے تارے زندگی کے سہارے جنھیں دیکھکر میں جیتا تھا مقیم ہیں۔ لڑکی کو ایک اندھیری کوٹھری میں قید کر دیتے ہیں تاکہ میں اس کے خوف سے مصر کے خلاف کچھ نہ کرسکوں۔ اور لڑکا! ہائے میرا اکلوتا بیٹا۔ اس کی خوبیوں اور حُسن و جمال کی کیا تعریف کروں۔ وہ میرا لختِ جگر سامتیک کے سامنے لایا جاتا ہے اور بڑی بیدردی سے قاتل کا خنجر اُس کی گردن پر پھرتا ہے اور کمبخت فرعون! وہی فرعون جس کی خدمت میں میں نے اپنا خون

بہادیا تھا۔ خاموش ہے اور میرے دشمنوں سے کچھ باز پرس نہیں کرتا۔ آہ کیا کہوں یہ دنیا میری آنکھوں کے سامنے تاریک ہوگئی تھی مدت تک دیوانوں کی طرح مارا مارا پھرا کیا پھر دل میں انتقام کی آگ سُلگنے لگی جس کے شعلے اب اس قدر بلند ہوگئے ہیں کہ سوائے حصول مقصد کے اس دنیا کی کوئی طاقت انھیں بجھا نہیں سکتی۔ رات دن یہی ایک خیال میرے دل میں بسا ہے اور اس کی امید و بیم میں ایک ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتا ہوں۔

**نینچاری** ۔ (یونانی کا ہاتھ بڑی ہمدردی سے پکڑ کر) برادر من۔ ہم دونوں ایک ہی کشتی میں سوار ہیں۔ ہمارا اب چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اور میں تمہاری مدد کے لئے پورے طور سے تیار ہوں۔

**یونانی** ۔ (خوش ہوکر) آپ کی اس عنایت و مہربانی کا میں کہاں تک شکریہ ادا کروں۔ اب بھی ہمیں اپنی تدابیر کا جال پھیلانا چاہیئے اور سب سے پہلے بادشاہ کو ملانے کی کوشش کرنا چاہیئے۔

**کحال** ۔ میں اُسے خوش کرنے کے لئے ملکہ **کاسندانہ** کی آنکھیں اچھی کردونگا

**یونانی** ۔ (حیرت سے) کیا واقعی یہ ممکن ہے؟

**کحال** ۔ کیوں نہیں۔ جس عمل سے **اماسس** کی آنکھیں اچھی ہوگئیں وہ میرا ہی ایجاد کردہ تھا۔ **پتمن** نے میرے ہی نسخوں سے اُسے چُرایا تھا۔

**یونانی** ۔ تو آپ نے پہلے ہی اُس غریب کی آنکھیں کیوں نہ اچھی کردیں۔

**کحال** ۔ کیونکہ میں اپنے دشمنوں کے ساتھ احسان کرنے کا عادی نہیں ہوں۔

**فینیس** کو اُس کی اس بیدردی پر سخت تعجب ہوا۔ اور بات کاٹ کر بولا۔

"مجھے بھی پوری امید ہے کہ بادشاہ کو بہت جلد اپنی مٹھی میں لے آؤنگا۔ قوم **ماساجت** کے سفیر آج ہی صبح اپنے وطن واپس چلے گئے۔ اُن کے ساتھ صلح

ہوگئی ہے۔ اور ....." اتنا کہنے پایا تھا کہ کمرے کا دروازہ یکایک کھلا اور ایک خواجہ سرا جو ہانپتا کانپتا اندر داخل ہوا تھا حکیم سے گھبرا کر کہنے لگا "شہزادی کا بُرا حال ہے۔ جلد آؤ۔ فوراً میرے ساتھ چلو"

بنجاری اپنے دوست کو اشارہ سے رخصت کر کے فوراً اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور جوتے پہن کر خواجہ سرا کے ساتھ ہولیا۔

## ۲۴

# باب چوبیسواں

## دختر فرعون کی وفات

آفتاب طلوع ہو چکا تھا۔ اس کی دھیمی شعاعیں اُس کھڑکی سے جس پر سیاہ پردے پڑے تھے بیمار کے کمرہ میں چھن چھن کے آ رہی تھیں بنجاری ابھی تک شہزادی کی بالیں پر بیٹھا ہوا۔ کبھی اُس کی نبض ٹٹولتا۔ کبھی اس کی پیشانی و سینہ پر ایک خوشبودار مرہم ملتا۔ اور کبھی اپنے خیالات میں محو سامنے ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے لگتا تھا کچھ دیر ہوئی کہ مریضہ کو ایک سخت تشنج کا دورہ اُٹھا تھا جس کے بعد اُس پر ایک قسم کی غنودگی طاری ہوگئی تھی۔ چھ ایرانی طبیب پلنگ کے پائین کھڑے ہوئے کچھ پڑھ رہے تھے اور بنجاری کے احکام جسے وہ اپنا اُستاد مانتے تھے وقتاً فوقتاً بجا لاتے تھے۔ جب کبھی مصری کا ہاتھ مریضہ کی نبض پر پڑتا اور وہ اپنے شانوں کو جنبش دیتا تو دوسرے طبیب بھی اُسی کی نقل کر کے اپنے مونڈھے ہلانے لگتے تھے۔

کبھی کبھی ایک خوبصورت لڑکی جس کی آنکھوں سے انتہائے رنج و غم کے آثار نمایاں تھے۔ اندر جھانک کر دیکھتی اور آہستہ سے کمال سے کچھ پوچھتی جس کے جواب میں وہ اُسی طرح اپنا مونڈھا ہلا دیتا۔

دو مرتبہ یہ لڑکی یعنی شہنشاہ کی بہن التوسا دبیز اونی قالین پر آہستہ آہستہ قدم رکھتی ہوئی مریضہ کے سرہانے آئی اور جھک کر اُس کی پیشانی کا جو پسینہ سے تر تھی بوسہ لیا لیکن نبنچاری نے اس خشم آلود نگاہ سے گھور کے اس کی طرف دیکھا کہ اُلٹے پاؤں جلدی سے اپنے کمرے میں چلی گئی۔ جہاں اُس کی والدۂ محترمہ ملکہ کاسندانہ فکر و غم کی تصویر بنی ہوئی دمبدم خبروں کا انتظار کر رہی تھی۔ کمبوجیہ کو بھی تمام رات مریضہ کے سرہانے بیٹھے ہوئے جاگتے کٹ گئی تھی۔ جب صبح ہوئی تو وہ اپنے چند مصاحبوں کے ساتھ باغ میں آیا اور ایک تند و تیز اسپ پر سوار ہو کر بے تحاشا ادھر اُدھر دوڑانے لگا اور اس طرح اپنی بے چین و مضطرب طبیعت کو بہلانے کی کوششیں کرتا رہا۔ نبنچاری کے کانوں میں جب اس گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز آئی تو اس کے تخیلہ نے عجیب و غریب سین پیش کئے یعنی شہنشاہ ایک لشکرِ جرار کے ساتھ اس کے وطن پہنچا ہے اور بکثرت شہروں و مندروں کو شعلہ ہائے آتشین مار کر خاکستر کر رہا ہے۔ اونچے اونچے عظیم الشان اہرام اسکے گرزوں کی ضرب سے ٹوٹ کر تودۂ خاک بن گئے ہیں۔ ہزاروں عورتیں و بچے اپنے گھروں میں جلکر راکھ کے ڈھیر ہو گئے اور مُردوں کی "ممیاں" بھی اپنی قبروں سے نکل کر نعرہ آہ و بکا بلند کرنے لگیں۔ یکایک وہ تمام مردوزن۔ پروہت و سپاہی جو مر چکے تھے یا اب مر رہے ہیں۔ نبنچاری کو غدار و دشمنِ قوم پکارنے اور اس کا نام لے کر ہزاروں لعنتیں بھیجنے لگے۔ جسے سُنکر اس کے جسم میں ایک لرزہ سا چڑھتا ہے۔ دل دھڑکتا ہے اور نبض مرنے والی مریضہ سے بھی زیادہ تیزی کی

کے ساتھ چلنے لگتی ہے۔ اتنے میں کمرہ کا پردہ پھر کھلتا ہے۔ ایک لڑکی اندر آکر اس کے شانے پر اپنا ہاتھ آہستہ سے رکھتی ہے وہ گھبرا کر چونک پڑتا ہے اور آنکھیں کھول کر حیرت سے اتوسا کی طرف دیکھتا ہے جو اس سے کچھ پوچھ کر دبے پاؤں پھر اپنی ماں کے پاس چلی جاتی ہے۔ اور ہر طرف خاموشی و سناٹا چھا جاتا ہے حکیم اپنے خواب کو یاد کرتا ہے اور دل میں کہتا ہے کہ کیا واقعی میں ملت فروش ہوں و غداری کا ٹیکہ میرے ماتھے پر لگنے والا ہے۔ اتنے میں پھر اس کی آنکھ جھپک گئی وہی سین پھر دوبارہ سامنے آئے لیکن اس مرتبہ مُردوں کی خوفناک صورتوں کے ساتھ ایک دوسری شکل بھی نظر آئی۔ یہ اماسس ہے جس نے اس پر اس قدر ظلم و ستم کیے تھے۔ اب پابجولاں قیدیوں کی طرح کھڑا ہے اور ساطینک اور وہ دوسرے رقیب بھی جنہوں نے اس کی کتابیں جلائی تھیں سامنے موجود ہیں جنھیں دیکھتے ہی اُس کے ہونٹوں پر ایک زہر آلود ہنسی آتی ہے۔ وہ اپنے دشمنوں پر جو ہاتھ باندھے ہوئے رحم کی التجا کر رہے ہیں لعنت بھیجتا ہے۔ اس کا دل سخت ہے۔ آنکھیں اشک آلود ہیں۔ اُسے وہ لمبی راتیں یاد آتی ہیں جب چراغ کی دھندلی روشنی میں قلم ہاتھ میں لئے تمام وقت اس کا مطالعہ و تحریر میں صرف ہو گیا ہے۔ ایک ایک مسئلہ گھنٹوں کے غور و خوض کے بعد اس نے حل کیا ہے ایک ایک حرف نہایت محنت و کاوش سے پیپرس کے ٹکڑوں پر کندہ کیا ہے آنکھوں کے وہ معرکتہ الآرا علاج اس نے دریافت کئے تھے جنھیں تھوتھ کی مقدس کتابیں اور مشہور و معروف پروہت ہیلوس کی تحریریں لاعلاج بتا چکی تھیں جنھیں اسنے اپنے ساتھیوں پر اس لئے ظاہر نہ کیا تھا کہ کہیں اپنی تعصبانہ تنگ دلی کی وجہ سے اُسے ملزم و گنہ گار یا مدعی باطل نہ خیال کریں اسی لئے اپنی ایک تصنیف کا عنوان ان الفاظ سے شروع کیا تھا۔

"آنکھوں[۵۱] کے علاج کے متعلق متبرک تھوتھ کی چند جدید تحریریں جنہیں کحال منچاری نے دریافت کیا ہے" اس کا ارادہ تھا کہ ان تصانیف کو تھیبز کے بڑے کتب خانہ میں سپرد کر دیگا تاکہ اس کے جانشین فائدہ اُٹھائیں اور ہزاروں مریضوں کو صحت و بینائی بخشنے میں کامیاب ہوں۔ اس کی تمنائے دلی تھی کہ مرنے کے بعد لوگ اس کی قدر کریں اور جس علم کے پیچھے اس نے اپنی زندگی صرف کر دی۔ اپنے راحت و آرام کو نثار کر دیا۔ اُس سے اُسی طبقہ حکما کو جس میں شامل ہونے کا اُسے فخر تھا۔ شہرت و عزت حاصل ہو۔ لیکن اب ان تمام امیدوں پر پانی پڑ گیا۔ اس کے تخیل کے سامنے خوفناک سین پھرنے لگے یعنی وہ پرانا رقیب و دشمن جانی جس نے موتیا بند کا عمل جراحی اس کی تحریرات سے چرا کر شہرت حاصل کی تھی۔ ولیعہد مصر کے دوش بدوش کھڑا ہے۔ اور سامنے ایک اگن ہوتر کے شعلوں پر تیل چھڑک کر انھیں اس قدر مشتعل کر رہا ہے کہ اس کی روشنی میں دونوں کے منحوس چہرے صاف نظر آتے ہیں۔ وہ اس پر اپنی طنز و حقارت آمیز جملے کستے ہیں اور زور سے ایک قہقہہ مارتے ہیں جس کی آواز دھوئیں کے ساتھ آسمان پر چڑھتی ہے اور اُس سے انتقام انتقام کی ایک صدائے بازگشت پیدا ہوتی ہے۔ اب ایک دوسرا شخص سامنے آتا ہے یہ پروہت اعظم ہے جو اماسس کو منچاری کے باپ کا خط دکھا رہا ہے۔ بادشاہ کے چہرہ پر انتہا سے نفرت و غصہ کے آثار ہیں اور منتیجہ ہوتا ہے اپنی کامیابی پر خوشی کے مارے پھولوں نہیں سماتا ہے۔ ابھی اس خواب کا سلسلہ ختم نہیں ہوا تھا

---

[۵۱] مصریوں کا اعتقاد تھا کہ تھوتھ دیوتا (جس کا سر آبس کا ہے) تمام علوم و فنون کا موجد ہے۔ اور اُسی نے حکمت پر چوبیس ضخیم کتابیں لکھی ہیں۔ ایبر پیپرس یعنی وہ کتبہ جسے پروفیسر ایبرز نے دریافت کیا تھا مختلف بیماریوں کے علاج کے متعلق ایک مکمل تصنیف خیال کیا جاتا ہے۔

کہ ایک ایرانی طبیب نے اُسے جھنجوڑ کر بیدار کیا اور مریضہ کے ہوش میں آنے کی اطلاع دی۔ نبنچاری چونک پڑا اور اپنی درماندہ و خواب آلود آنکھوں کی طرف اشارہ کرکے لڑکی کی طرف جھکا۔ اور اُس سے مصری زبان میں پوچھا "کہو بیٹی نیند آئی کہ نہیں؟"

بیمار لڑکی۔ (ایسی دھیمی آواز سے کہ بمشکل سُنائی دیتی تھی) معلوم نہیں۔ نیند تھی کہ کیا تھی۔ میں سب کچھ دیکھتی و سُنتی رہی۔ ایسی کمزور ہوگئی ہوں کہ سونے و جاگنے میں کچھ فرق نہیں معلوم ہوتا۔ اتنا سا مجھے دیکھنے کئی بار یہاں آئی تھیں۔

حکیم۔ ہاں۔

لڑکی۔ اور میرے کمبوجیہ بھی رات بھر یہیں بیٹھے رہے اور صبح ہوتے ہی اپنے گھوڑے رخش پر سوار ہوکر باغ کی سیر کو چلے گئے۔

حکیم۔ تمہیں کیسے معلوم ہوا؟

لڑکی۔ واہ میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

نبنچاری یہ سُنکر نہایت متحیر ہوا۔ اور لڑکی کا چہرہ جس کی آنکھوں میں اس وقت ایک خاص چمک پیدا ہوگئی تھی۔ غور سے دیکھنے لگا۔

لڑکی۔ اس مکان کے پیچھے ایک صحن میں مجھے بہت سے کتے بھی نظر آتے ہیں۔

حکیم۔ (نہایت متاثر ہوکر) ہاں شاید بادشاہ اپنا دل بہلانے کے لئے شکار پہ جا رہے ہیں۔

لڑکی۔ واہ کیا مجھے معلوم نہیں۔ موبد اعظم نے کہا تھا کہ مرتے وقت زردشتیوں کے سامنے کتے لائے جاتے ہیں تاکہ موت کے دیو اُن[1] میں سما جائیں۔

---

[1] مرنے کے بعد موت کے ناپاک دیو جو جسم کی عفونت و خرابی کا باعث ہوتے ہیں۔ فوراً ایک مکھی کی شکل بن کر لاش پر بیٹھ جاتے ہیں اور جو کوئی موجود ہو اُس پر حملہ کرتے ہیں۔ اس لئے پارسی کتوں کو مُردہ کے پاس لاتے ہیں تاکہ ارواحِ خبیثہ ان جانوروں میں سما جائیں۔ (ایڈیٹر)

حکیم۔ بیٹی ایسی باتیں نہ کرو۔ ابھی تو تم زندہ ہو۔

لڑکی۔ اس سے کیا ہوتا ہے۔ میں عنقریب مرنے والی ہوں۔ تم دوسرے حکیموں سے سرگوشیاں کر رہے تھے جب ہی میں سمجھ گئی تھی کہ اب چند گھنٹوں کی مہمان ہوں بھلا زہر کا مارا بھی کہیں زندہ رہ سکتا ہے۔

حکیم۔ زیادہ باتیں نہ کرو۔ تمہیں تکلیف ہوتی ہے۔

لڑکی۔ مجھے اس سے نہ روکو۔ یہ میرا آخری وقت ہے اور تم سے کچھ کہنا چاہتی ہوں۔

حکیم۔ میں تمہارا خادم ہوں اور بسر و چشم سُننے کے لئے تیار ہوں۔

لڑکی۔ نہیں بنجاری تم میرے خادم نہیں ہو۔ تم میرے رفیق ہو۔ میرے بزرگ پروہت ہو۔ مجھ سے خفا نہ ہونا کہ ایرانی دیوتاؤں کو میں نے سجدہ کیا۔ مگر ہاتھر کی محبت کبھی میرے دل سے دور نہیں ہوئی تھی۔ اب میرا قصور معاف کر دو۔ میں تم سے ایک وعدہ لینا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ مرنے کے بعد میری لاش کتوں و گدوں کے سامنے ہرگز نہ پھینکنے دینا۔ ہائے اس کے خیال ہی سے میری روح لرز جاتی ہے۔ تمہیں آسرس کی قسم میرے مُردہ جسم پر یہ بدعتیں واذیتیں نہ ہونے پائیں۔ اُسے تعویذوں، دعاؤں و متبرک نوشتوں سے سجانا اور مصالحے اور خوشبوئیں لگا کر ایک تابوت میں بحفاظت تمام بند کر دینا۔

حکیم۔ بشرطیکہ بادشاہ اجازت دے اور مانع نہ ہو۔

لڑکی۔ وہ ضرور اجازت دیدیں گے۔ یہ میری آخری خواہش ہے۔ بھلا اُسے پورا نہ کریں گے۔

حکیم۔ تو پھر مجھے کیا عذر ہو سکتا ہے۔ بجان و دل آپ کا حکم بجا لاؤنگا

لڑکی (مطمئن ہو کر) دیوتا تمہیں اس کارِ خیر کا اجر دیں۔ اب ایک دوسری عرض بھی تم سے کرنا چاہتی ہوں۔

**حکیم** - جلدی کہو۔ ایرانی حکیم تمہیں خاموش رہنے کے لئے مجھے اشارہ کر رہے ہیں۔

**لڑکی** - انھیں کیا ایک لحظہ کے لئے باہر نہیں بھیج سکتے۔

**حکیم** - دیکھو کوشش کرتا ہوں۔

**بنچاری** نے ایرانیوں سے جا کر کہا کہ اُسے ایک خاص منتر مریضہ کی شفا کے لئے یاد آیا ہے جس کی یہ شرط ہے کہ تخلیہ ہو اور کوئی دوسرا موجود نہ ہو۔ یہ سنتے ہی سب باہر چلے گئے اور کمرے میں بالکل تنہائی ہو گئی۔

**نتیتس** - (ایک آہ سرد بھر کر) ذرا قریب آجاؤ اور میرے لئے دعا کرو کہ تحت الثریٰ کا دشوار گذار سفر خیریت سے گذرے اور میری گم گشتہ روح **آسرس** کے دربار میں بآسانی پہنچ جائے۔

**بنچاری** پلنگ کے پاس دو زانو بیٹھ گیا اور اپنی دھیمی آواز سے ایک بھجن گانے لگا۔ جس کے ہر شعر کے بعد وہ ذرا سا توقف کرتا تھا اور **نتیتس** نہایت خلوص دل کے ساتھ جواب دیتی تھی۔ گویا کمال **آسرس** یعنی مالک تحت الثریٰ کا قائم مقام بن کر بازپرس کر رہا تھا۔ اور لڑکی کی روح اپنے اعمالوں کا جواب دیتی تھی۔ جس کی اختتام پر مریضہ کے چہرہ پر ایک عجب اطمینان و مسرت پیدا ہو گئی۔ **بنچاری** بھی خوش ہوا کہ ایک نیک روح کو دم واپسین اس نے کفر و الحاد سے بچا لیا۔ اس وقت اس کا سخت دل ایک سچی محبت و ہمدردی سے بھر گیا تھا۔ لیکن جیوں ہی یہ خیال آیا کہ یہ حسین و بیگناہ لڑکی جو ہزاروں حسرتیں لیکر اس دنیا سے رخصت ہو رہی ہے اس کی ان تمام مصائب کا بانی بھی وہی **اماسس** ہے تو ایک ناقابل بیان جذبۂ غضب پیدا ہو گیا اور اس کی انتقام کی آگ پھر بھڑک اٹھی۔

**نتیتس** (مسکرا کر) کیوں میرے محترم پروہت۔ اب آسمانی عدالت کے سامنے بھی مجھے سرخروئی نصیب ہو گی کہ نہیں؟

حکیم۔ مجھے اس کا پورا یقین اور امید ہے۔

لڑکی۔ شاید تاشو اور ابا جان بھی آسرس کے تخت کے پاس ملیں۔

حکیم۔ ہاں نیک ارواح کو اسکے ماں باپ دونوں ملتے ہیں۔ اب اس آخری وقت تمہیں لازم ہے کہ اپنے اصلی والدین کو دعا دو اور اُن بدذاتوں پر جنھوں نے تمہیں تاج و تخت سے محروم کرکے زندہ درگور کر دیا لعنت بھیجو۔

لڑکی۔ میں نہیں سمجھی۔ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔

حکیم۔ (مرنے والی کو گھور کر ایک کانپتی آواز سے) سُن نتیتس! اماسس تیرا اصلی باپ نہیں ہے۔ وہ تیرے والدین کا قاتل اور تیری سلطنت کا غاصب ہے لڑکی سُنتی ہے کہ نہیں؟ اپنی اس بدذات دشمن اور اُس کی اولاد پر لعنت بھیج کیونکہ یہ ایسی لعنت ہے جو ہزاروں نیکیوں سے زیادہ منصفان ارواح کی خوشنودی اور تیری مغفرت کا باعث ہوگی۔

یہ کہہ کر کحال نے اس زور سے مرنے والی کا ہاتھ پکڑا کہ وہ خوف زدہ ہوکر اسکے پُرجوش و غضب آلود چہرے کو تکنے لگی اور بے سمجھے بوجھے اس کی زبان سے نکل گیا "میں لعنت بھیجتی ہوں"

حکیم۔ اُن موذیوں کو جنھوں نے تجھے تاج و تخت سے محروم کرکے تیری جان لی ہے۔ پھر بد دعا دے۔

لڑکی (نہایت کمزور آواز سے) وہ کون ہیں جنھوں نے مجھ پر یہ ظلم کئے ہیں؟ ہائے میرا دل! میرا دل!" یہ کہتے ہی ضعف کے مارے پھر بیہوش ہوگئی۔ بنجاری نے بڑی محبت سے اُس کی پیشانی کا بوسہ لیا۔ اور کہا "میں خوش ہوں کہ تو بھی دم واپسین میری ہم خیال و حلیف بن گئی۔ دیوتا اپنی نیک و پاکباز بندہ کی مرتے وقت دعا بہت جلد قبول کرتے ہیں۔ اب میری ہمت دہ چند بڑھ گئی اور نہ صرف اپنا بلکہ

شاہ ہوفرا کا انتقام لینے کے لئے بھی شمشیر بکف مصر میں داخل ہونگا۔

چند گھنٹوں کے بعد نیتیتس نے آنکھیں کھول دیں۔ اس مرتبہ اس کا سر د ہاتھ کاسندانہ کے ہاتھ میں تھا۔ اتوسا اس کے قدموں پر سرنگوں بیٹھی تھی۔ کری سس سرہانے کھڑا ہوا کمبوجیہ کو جو ایک مخمور شخص کی طرح لڑکھڑا رہا تھا سنبھالے ہوئے تسکین و دلاسے دے رہا تھا۔ بیمار نے نگاہ اُٹھا کر اپنے چاروں طرف دیکھا۔ اس وقت اس کی آنکھوں میں ایک غیر معمولی چمک اور چہرہ پر اک عجب حُسن و دلفریبی تھی۔ کمبوجیہ جُھکا اور اپنے ہونٹ اُن ہونٹوں کے پاس لاکر جو اب برف کی طرح یخ ہو رہے تھے۔ ایک بوسہ لیا۔ اس بدنصیب عاشق کی قسمت میں یہی بوسہ تھا جسے سب سے پہلا اور سب سے آخری کہنا چاہیئے۔ مرنے والی کی دُھندلی آنکھوں سے جو اب لحظہ بہ لحظہ بند ہو رہی تھیں خوشی کے دو آنسو نکل پڑے۔ اس کے زرد ہونٹوں میں ایک بار حرکت ہوئی۔ کمبوجیہ کا نام آہستہ سے لیا۔ پھر منکا ڈھلنے لگا اتوسا کی آغوش میں گر پڑی اور روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی

نیتیتس کی وفات کے بعد جو ظہور میں آیا اُسے بیان کرنے سے ہمارے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں ایرانی افسر الاطبا کے اشارہ کرتے ہی سوائے منیجاری اور کری سس کے سب لوگ کمرے سے باہر نکل گئے۔ رسم سگ دید[۵۱] ادا کی گئی

---

۵۱ اس موقع پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پارسیوں کے رسوم میت کا حال بالتفصیل بیان کیا جائے۔ یہ زیادہ تر پروفیسر جیکسن کی کتاب سے ماخوذ ہے۔ جب کوئی شخص مرنے والا ہوتا ہے تو ایک پروہت یا موبد اس کے پاس آتا ہے۔ اسکے گناہوں کی مغفرت کی دعا مانگتا ہے اور اُس کے ہونٹوں پر بیل کے پیشاب کی (گئو میتر) کے چند قطرے ٹپکاتا ہے۔ پھر آتشکدہ میں جاکر مُردہ کی نجات کے لئے رسم سروش درون (روں برم) ادا کرتا ہے۔ مردہ کی لاش جسے سوائے چند مخصوص آدمیوں کے اور کوئی نہیں چھو سکتا۔ ہرگز تنہا نہیں چھوڑی جاتی۔ کچھ دیر بعد نہلانے والی

کتے اندر لائے گئے۔ اُن کے مُنہ مُردے کی طرف پھیرے گئے تاکہ ارواحِ خبیثہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) (مُردہ شو) آتے ہیں۔ یہ عموماً دو شخص ہوتے ہیں اور کستی (جنیو) کا ایک سرا ہاتھوں میں پکڑے رہتے ہیں۔ اسے پیوند کہتے ہیں۔ یعنی دونوں اپنا کام ایک دوسرے کی شمولیت کے ساتھ کر رہے ہیں۔ ایک اپنے ہاتھوں میں اونی دستانے پہنے ہے جس سے وہ لاش کو مل مل کر صاف کرتا ہے۔ دوسرا ایک لانبے دستے کے چمچے سے گئو متر چھڑکتا ہے۔ پانی کا استعمال منع ہے۔ مرد کو مرد اور عورت کو عورتیں غسل دیتی ہیں۔ بعد ازاں مردہ کو کفن جو صاف و سفید مگر پرانے کپڑوں کا ہونا چاہیے پہنایا جاتا ہے۔ غسل دینے والے اپنا کام کرنے کے بعد اپنی نجاست دور کرنے کے لئے باقاعدہ طہارت کرتے ہیں۔ نہلانیکے بعد سگ دید ادا کی جاتی ہے۔ یہ رسم زمانہ قدیم سے چلی آتی ہے یعنی ایک کتے کو (آج کل کوئی خاص کتا مخصوص نہیں ہے) اندر لاکر مُردہ کی صورت دکھاتے ہیں۔ کیونکہ کتے کی نگاہ میں یہ خاصیت ہے کہ اس سے فوراً نجاست کے دیو بھاگ جاتے ہیں۔ نیز مُردہ کے سینہ پر روٹی کے چند ٹکڑے بھی رکھ دیئے جاتے ہیں اور کتے کو کھلائے جاتے ہیں۔ بعدہٗ لاش اٹھانے والے ناسوکشس (پیش گمان) جن کی تعداد بمطابق جسامت لاش اور مسافت ۱۲ سے ۲۲ تک ہوتی ہے آتے ہیں۔ یہ سب ایک دوسرے کے ساتھ پیوند ہوتے ہیں یعنی ایک ہی جنیو یا کستی پکڑے رہتے ہیں۔ یہ بھی اپنا فرض ادا کرنیکے بعد خوب نہا دھو کر پہلے صاف کپڑے پہن لیتے ہیں پھر دوسروں سے مل سکتے ہیں۔ غرضکہ یہ لوگ مُردہ کو ایک لوہے کی ارتھی (گھان) پر رکھ کر (جلوس (یاداش) بنا کر باہر نکلتے ہیں۔ سب سے آگے ایک شخص کے ہاتھ میں عود دان ہوتا ہے۔ اس کے پیچھے مُردہ کے عزیز و اقارب پھر اس کا جنازہ بعدہ موبد و دیگر دوست و عزیز وغیرہ یہ سب زادہ مرگ یا پرسش خانہ پہنچکر لاش کو اُس مکان میں رکھ دیتے ہیں۔ موجودہ زمانہ میں اس عمارت کے دو دروازے ہوتے ہیں۔ ایک سے میت اندر لائی جاتی ہے۔ دوسرے سے باہر جاتی ہے۔ ہندوستان میں پرسش خانوں کا رواج کم ہے۔ اور گرمی زیادہ ہونے کی وجہ سے مُردہ کو سیدھا دخمہ لیجاتے ہیں اور ۲۴ گھنٹہ سے زیادہ تاخیر نہیں کرتے۔ پرسش خانہ کے اندر ایک اونچا چبوترہ ہوتا ہے جس پر

کو بھگا دیں۔ کاسندانہ۔ اتوسا اور تمام خادم و خواصیں وغیرہ مُردے کی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) لاش تابوت سے نکال کر رکھی جاتی ہے۔ بعدہٗ تمام اعزا و دوست جمع ہوتے ہیں۔ اسے پرسش رفتگان کہتے ہیں۔ اب موبد اپنے مذہبی آیات پڑھتا ہے اور رسم سگ دید دوبارہ ادا کی جاتی ہے۔ پھر لاش تابوت کے اندر بند کر کے ایک موٹے کستی (زنار) سے باندھ دی جاتی ہے اور اوپر سے ایک سفید چادر اُڑھا دیتے ہیں۔ اب اس جنازہ کو لئے ہوئے جلوس بنا کر پردہت نکلتے ہیں اور اوستا کی آیتیں پڑھتے جاتے ہیں۔ تھوڑی دور جا کر عورتیں جو دخمہ تک جانا نہیں چاہتیں۔ اپنی بندگی کر کے واپس چلی جاتی ہیں۔ دخمہ میں پہنچتے ہی تیسری بار رسم سگ دید ادا کر کے مُردہ کی لاش دو آدمیوں کے سپرد کر دی جاتی ہے جنھیں نساسالار کہتے ہیں۔ یہ عموماً نہایت پاکباز و عمر رسیدہ ہوتے ہیں۔ دوسرے لوگوں سے علیحدہ رہتے ہیں۔ اور کاشتکاری وغیرہ کو اختیار نہیں کر سکتے۔ اگر کبھی اپنا پیشہ چھوڑنے کا ارادہ کر دیں تو طہارت نوشبانہ کی رسم پورے طور سے ادا کرنے کے بعد انہیں عوام سے ملنے کی اجازت مل سکتی ہے۔ دخمہ کے دروازہ پر آتے ہی یہ دونوں فوراً کستی پکڑ کر پیوند بنا لیتے ہیں اور سروش بج پڑھتے ہیں۔ پھر اُن میں سے ایک آدمی لوہے کی کنجی لیکر اُس سے زمین پر تین دائرے کھینچتا ہے اور اوستہ کی آیتیں پڑھتا جاتا ہے۔ بعدہٗ دونوں لاش لئے ہوئے اندر داخل ہوتے ہیں اور مُردہ کا سر جنوب کی طرف پھیر کر کفن اُتار کر یہ دعا پڑھتے ہیں "اے ظفر مند و مبارک سروش! ہم فلاں شخص کو (مُردہ کا نام) زمین (سپندرہ) سے جدا کر کے سپرد الوخشت کرنے والے ہیں۔ اے فرشتہ سروش! ہم اُسے چھوڑ کر اب واپس جاتے ہیں۔ مگر تو اپنا مُنہ نہ موڑنا۔ تو ہی اس کا ہاتھ پکڑنے والا رہبر و مددگار رہے۔ تیری ہی حفاظت و حمایت میں ہم اُسے اب دیتے ہیں (مردہ سے خطاب کر کے) اے فلاں! (نام لیکر) خائف و لرزاں نہ ہو۔ یہ مقام ہزاروں برس سے قدیم متبرک اور ہمارے آبا و اجداد کا آرام گاہ ہے (فرشتوں سے) اے سروش! مہر! ارشن! اے پاک و عادل فرشتو! ہم اس شخص کو اب تمہیں سپرد کرتے ہیں۔ تم ہی اب اس کی رہنمائی کر کے اس مقام تک لیجانا جہاں اہرمزد کے

چھوت سے بچنے کے لئے وہ مکان چھوڑ کر دوسری جگہ چلی گئیں۔ اول الذکر میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) پاک و برگزیدہ بندے رہتے ہیں۔ اے ملائک اعلیٰ! تمہاری قدرت و طاقت نامتناہی ہے۔ تمہاری مرضی سب پر بالا و افضل ہے۔ اب تم ہی اس کے حامی و مددگار ہو۔" یہ دعا پڑھکر نسا سالار دخمہ سے باہر چلے جاتے ہیں۔ اور مردے کو گدوں چیل کوؤں کے لئے چھوڑ دیتے ہیں۔ قدیم زمانہ میں تو کتوں کو بھی لاش کھلاتے تھے۔ مگر آج کل یہ قاعدہ نہیں ہے۔ پرند بالکل کافی ہیں وہ ایک لحظہ میں تمام گوشت صاف کر دیتے ہیں۔ اور جسم کی ہڈیاں وغیرہ جب صاف و خشک ہو جاتی ہیں تو انھیں بھی جلا کر خاک کر دیا جاتا ہے۔ دخمہ بشکل دائرہ ایک پہیہ کی طرح گول اور سمت مرکز ڈھالو ہوتا ہے۔ اس کے چاروں طرف لاش رکھنے کی جگہ ہوتی ہے اور وسطی حصہ کو جو ایک غار ہوتا ہے بھنڈار کہتے ہیں۔ اسی میں ہڈیاں ڈالی جاتی ہیں۔ غرضکہ مُردہ جب دخمہ میں پہنچ گیا تو عزیز و اقارب باہر بیٹھکر ناشتہ کرتے ہیں۔ سوائے گوشت و مکھن سب کچھ کھا سکتے ہیں۔ بعدہٗ اس کے لئے دعائے مغفرت کر کے کستی کی رسم ادا کرنے کے بعد اپنے اپنے گھر روانہ ہو جاتے ہیں۔ پارسیوں کا اعتقاد ہے کہ روح تین دن تک زمین کے قریب ہی رہتی ہے اس لئے اُس زمانہ میں بہت دعا مانگنا اور اُن باتوں سے پرہیز کرنا چاہیئے جن سے مُردہ کو صدمہ ہو۔ علاوہ بریں یہ بھی قاعدہ ہے کہ جس مقام پر موت ہوئی تھی وہاں تین اینٹیں رکھ دیتے ہیں یا ایک قنچی زمین میں گاڑ دیتے ہیں تاکہ تمام ارواح خبیثہ بھاگ جائیں۔ عزیز و اقارب تین دن تک گوشت نہیں کھاتے۔ تیسرے روز موبد پھر آکر اوستا کی آیتیں پڑھتا ہے اور دیگر رسومات ادا کرتا ہے۔ ایک سوتی لباس مردہ کے نام چڑھایا جاتا ہے تاکہ وہ جنت میں برہنہ داخل نہ ہو۔ دوسرے دن علی الصباح جب روح چنود کے پُل کو پار کرنے والی ہوتی ہے چند اور رسمیں ادا کی جاتی ہیں تاکہ اس کا سفر آسان ہو جائے۔ سروش اور تمام فرشتوں کی امداد سے استدعا کی جاتی ہے۔ پھر سوائے موبد کے سب لوگ کھانے میں مشغول ہوتے ہیں وہ ہر ایک سے پوچھکر اُنکی دعاؤں کی تعداد کا سب کے سامنے اعلان کرتا ہے۔ بعدہٗ یہ مجلس برخاست ہو جاتی ہے۔ اُسی دن یعنی تیسرے یا چوتھے روز

ہر قسم کی روشنی و آگ بجھا دی گئی تاکہ یہ پاک عنصر مُردہ کی قربت سے نجس نہ ہو جائے دعائیں اور منتر پڑھے گئے۔ جھاڑ پھونک کی گئی۔ اور وہ لوگ جنھیں میت کے قریب جانا پڑا تھا مویشیوں کے پیشاب[۵۱] اور پانی سے دھلائے دھلائے گئے اور طرح طرح سے پاک و پوتر کئے گئے۔

اُسی شام کمبوجیہ کو مرگی کا سخت دورہ پڑا۔ تین دن بعد منتیس کی وصیت کے مطابق اُس نے نلنیچاری کو لاش حوالہ کر دی اور مصری قاعدوں کے مطابق مسالے وغیرہ لگا کر حنوط و محفوظ کرنے کی اجازت دیدی۔

---

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) جب روح کو چنود کا دشوار گذار راستہ طے کرنا ہوتا ہے موبد ایک شخص کو اس کا ممد و معاون یا پُل گذار مقرر کرتے ہیں۔ یہ عموماً متوفہ کا خلف اکبر ہوتا ہے جس کی غیر موجودگی میں اُس قریبی عزیز کو منتخب کرتے ہیں جو بعدہٗ جائداد کا والی و وارث مانا جاتا ہے۔ وفات کے دسویں اور تیرھویں دن اور ہر ماہ و ہر سال کی تاریخوں میں نیز جشن فراوردگان کے زمانہ میں بھی مُردہ کیلئے رسوم ادا کی جاتی اور مختلف دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ آخر الذکر میں ہزارہ پلیٹ (مغفرت کی ہزار دعائیں) و ہزارہ آتش نیئش یا ہزارہ آب نیئش وغیرہ شامل ہیں۔ دخمہ کا رواج موبدوں کے اثر پر منحصر تھا۔ زمانہ ساسانیان میں جب اُن کا بڑا زور ہوا۔ ہر ذی استطاعت شخص کا ایک دخمہ ہوتا تھا جسے تن یہ تن کہتے تھے۔ سپاہ و فوج کے لئے علیحدہ دخمہائے لشکری تھے مگر زمانہ ہاخہ منش میں سوائے اُن لوگوں کے جو موبدوں کی تقلید کرتے تھے۔ امرا و بادشاہ اپنے لئے مقبرے بنواتے تھے یا لاشوں کو موم سے لیپیٹ کر زمین میں دفن کر دیتے تھے۔ زمانہ قدیم کے دخمے بہت سادہ تھے۔ شہر کے باہر کسی اونچی پہاڑی کے چوٹی پر ایک غار کے چاروں طرف پتھروں کی مٹھ بنا دیتے تھے۔ اس پر لاش رکھ دیتے تھے اور اُس کی ہڈیاں سال میں دو بار غار کے اندر پھینک دیتے تھے۔ ۱۲

[۵۱] ہندوؤں میں بھی گائے کے پیشاب سے اپنے جسم اور مکان کو پوتر کرنیکا طریقہ ابتک رائج ہے ۱۲

سوگوار بادشاہ نے اپنے رنج والم کا بے انتہا اظہار کیا۔ ہاتھوں کو چھریوں سے زخمی کیا۔ کپڑے پھاڑ ڈالے اور بستر پر مٹی دراکھ بچھا کر سویا۔ تمام امیروں و درباریوں نے بھی اُسی کی تقلید کی۔ افواج خاصہ کے سپاہی پھٹے ہوئے جھنڈے اور منڈھے ہوئے طبل لیکر نکلے۔ قشون جاودانی کے مجیروں اور ڈھولوں پر بھی سیاہ کپڑے لپیٹ دیئے گئے تھے۔ شاہی گھوڑوں کی دُمیں کاٹ کر نیلے رنگ سے رنگ لیا گیا۔ تمام درباریوں نے بھورے رنگ کا لباس جو کمر تک پھٹا تھا پہنا اور اہل مجوس کو حکم دیا گیا کہ تمام دن و تین رات برابر مُردے کے لئے دعائیں مانگنے میں مصروف رہیں۔ خصوصاً تیسری رات بڑی عبادت و ریاضت کریں کیونکہ مردہ کی روح چنود کے پُل پر پہنچتی ہے۔ جہاں اس کی دائمی سزا یا جزا کا فیصلہ ہوتا ہے۔

کمبوجیہ، کاسندانہ واتوسا کو بھی طہارت و پاکیزگی کے تمام رسوم[۱] ادا کرنی پڑیں اور مُردہ کے لئے انھوں نے بھی تین دعائیں پڑھیں۔ بعدہ نبجاری

---

[۱] ہر ناپاک مادہ کے چھونے کے بعد طہارت کی ضرورت ہے۔ سب سے زیادہ نجس مردہ کا جسم ہے۔ وندیداد میں حکم ہے کہ مردہ کا چھونے والا۔ نو دن تک علیحدہ رہے۔ نہ کسی آدمی سے ملے نہ آگ پانی نباتات کو ہاتھ لگائے اور اس زمانہ میں وہ ہر رات رسم طہارت (برشنم) ادا کرے۔ اس رسم کے لئے ہر قریہ و شہر میں ایک مخصوص مقام ہے اور خاص طریقہ سے ادا کی جاتی ہے۔ ناپاک آدمی ایک پجاری کے سامنے جاتا ہے جو اپنے چاقو سے اس کے گرد زمین پر ایک حلقہ کھینچ کر خود باہر کھڑا ہوتا ہے اور ایک نو پور کے لانبے چوبی ڈنڈے سے جس کے سرے پر ایک چمچہ لگا رہتا ہے۔ پڑھا ہوا پانی اور گائے کا پیشاب دور سے اس پر چھڑکتا ہے جس کے لگتے ہی نجاست کا دیو سب سے پہلے سر سے نکل کر بھاگتا ہے۔ پھر ایک عضو سے دوسرے عضو تک کودتا ہوا ۳۳ جستوں میں جسم سے باہر نکل کر غائب ہو جاتا ہے۔ بعدہ پندرہ مرتبہ ریت یا بالو سے بدن خشک کیا جاتا ہے۔ پھر خالی پانی سے دھو کر خوشبودار عرق وغیرہ لگا کر بالکل پاک ہو جاتا ہے۔

لاش لیکر شہر کے باہر ایک مکان میں چلا گیا اور اپنے اصول فن کے مطابق نہایت اعلیٰ وقیمتی پیمانہ پر اُسے محفوظ کرنے و ممی بنانے میں مشغول ہوگیا۔

نو دن تک کمبوجیہ کی حالت بالکل دیوانوں کی سی رہی۔ کبھی غصہ کرتا کبھی چیختا چلّاتا۔ کبھی چُپ ہوجاتا اور لوگوں سے بھاگتا۔ حتیٰ کہ اپنے قریبی مصاحبوں اور بڑے موبد کو بھی پاس نہ آنے دیتا تھا۔ دسویں دن صبح کے وقت اُس نے سات ججوں[۵] کے افسر اعلیٰ کو طلب کیا اور اُس سے کہا کہ گوماتا پر سزا کا حکم نافذ کرے اور حتی المقدور رحم سے کام لے کیونکہ نیتیتس نے مرتے وقت اُس کمبخت کی جان بخشی کے لئے سفارش کی تھی۔ غرض کہ ایک گھنٹہ کی صلاح ومشورہ کے بعد حکمنامہ بادشاہ کے سامنے دستخط کے لئے لایا گیا۔ اُس کے الفاظ یہ تھے :-

"شہنشاہ کا اقبال ہمیشہ قایم رہے۔ درانحالیکہ حضور والا مرتبت۔ شاہنشاہ

---

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) ہر شخص کے لئے لازم ہے کہ اپنی عمر میں کم از کم ایک بار اس قسم کی طہارت حاصل کرے تاکہ ماں کے رحم میں رہنے اور اُس کا دودھ پینے کی نجاست دور ہوجائے۔ دودھ چونکہ خون سے نکلا ہے اس لئے ناپاک خیال کیا جاتا ہے۔ اگر اتفاقاً کوئی شخص جنگل میں ہے اور مُردہ شے (مادہ) سے چھو گیا تو اُسے لازم ہے کہ فوراً بھاگتا ہوا قریب کی آبادی میں جائے اور پہلا جو شخص اُسے ملے اُس سے کہے کہ مجھے طہارت کی ضرورت ہے اگر وہ نہ سُنے تو آگے بڑھے اور دوسرے سے کہے۔ اس طرح تیسرے سے استدعا کرے۔ اگر تینوں انکار کردیں تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔ گھر پہنچکر خود اپنے آپ کو پانی اور گئیوسُتر سے پاک کرسکتا ہے۔ (جیکیس وغیرہ)

[۵] ۔ انہیں قاضی یا جج کہنا چاہئے۔ عموماً اس عہدے پر نہایت تجربہ کار اور عمر رسیدہ لوگ مقرر کئے جاتے تھے۔ ساسانیوں کے زمانہ میں یہ زیادہ تر موبد (پروہت ہوتے تھے جنھیں داتابار کہتے تھے۔ (لفظ داد اور اسی سے مشتق ہے) موبد اعظم کا فیصلہ سب پر افضل سمجھا جاتا تھا۔ مگر اہم معاملات کا بادشاہ خود فیصلہ کرتا تھا۔ ۱۲

والاجاہ۔ معدنِ جود وسخا۔ آفتاب عدل وداد گستری جن کا رحم وکرم بحرِ محیط سے بھی زیادہ عمیق و بے پایاں ہے۔ یہ ارشاد ہمایونی صادر فرماتے ہیں کہ گوماتا پسر مجوسی کا گناہ بجائے انصاف کے سختی کی شفقت پدرانہ سے دیکھا جائے۔ ہم ساتوں ججوں کی یہ رائے ہے کہ اُس کی جان بخشی کی جائے۔ مگر چونکہ اس لڑکے کی نادانی وناسمجھی کے سبب سے ملک کے بڑے بڑے صاحبان ذی شان کی جانیں معرض خطر میں پڑ گئی تھیں اور ہمیں اندیشہ ہے کہ اُس کی شکل وصورت دیکھ کر جسے یزدانِ پاک نے شہزادۂ والاتبار جناب بردیہ پسر کورش اعظم سے غیر معمولی مشابہ بنایا ہے ممکن ہے دوسرے لوگ دھوکہ میں نہ پڑ جائیں اور بیگناہوں کو نقصان پہونچے۔ ہماری رائے ہے کہ اس کی شکل بگاڑ دی جائے تاکہ ملک کے ایک سب سے زیادہ نالایق آدمی کو اُس کے ایک افضل ترین واعلیٰ مرتبت فرد سے تمیز کرنے میں کسی کو دقت نہ ہو۔ اس لئے ارشاد وفرمانِ ہمایونی کے مطابق گوماتا کے دونوں کان کاٹ[1] ڈالے جائیں اور اُسے تمام شہر میں اس طرح تشہیر کیا جائے کہ دیکھنے والوں کو عبرت ہو اور حق انصاف بھی ادا ہو جائے۔"

[1] اوستا میں مختلف وگوناگوں سزاؤں کا ذکر ہے۔ مثلاً سر مونڈنا۔ ہتھکڑی یا بیڑی پہنانا۔ قید کرنا۔ جلاوطن کرنا۔ ناک کان وہاتھ بریدہ کرنا۔ الٹا لٹکا کر تیر مارنا۔ پھانسی دینا۔ کھال کھینچنا۔ زندہ جلانا۔ زندہ دفن کرنا۔ یا جلتی ہوئی راکھ میں دبا دینا۔ سب سے زیادہ عام سزا دُرّے مارنا تھی۔ دُرّے دو قسم کے تھے۔ سروش چرن واسپ اشتران کی تعداد بلحاظ جرم پانچ سے دس ہزار تک تھی۔ زنا و اسقاط حمل ۵۰۰۔ اغلام ۱۰۰۔ عہد شکنی ۱۰۰۰ تا ۳۰۰۰۔ حملہ وضرب رسانی مطابق درجہ شدت۔ چوری وسرقہ کے لئے داغ دینا۔ قید یا جرمانہ تھا۔ عناصر پاک یعنی آب وآتش۔ نباتات

بادشاہ نے اس حکم نامہ پر دستخط کر دیئے اور اُسی دن اس کی تعمیل ہو گئی۔ اُرلیستس کی یہ ہمت نہ ہو سکی کہ اپنے بھائی کے لئے رحم کا خواستگار ہوتا۔ لیکن دل ہی دل میں پیچ و تاب کھا کر رہ گیا اور یہ محسوس کر کے کہ بھائی کی اس شرمناک سزا سے کہیں اسکا اثر کم نہ ہو جائے بہت جلد بابل سے رخصت کر کے اپنی جائداد کے

(بقیہ صفحہ ۸۷) وزمین کو نجس مادوں سے آلودہ کرنے کی سخت سزائیں تھیں۔ مثلاً کتے یا آدمی کی لاش زمین کے نیچے دفن کر دے اور چھ ماہ تک خبر نہ لے تو ہر دو قسم کے پانچ پانچ سو دُرّے۔ ایک سال تک خبر نہ لے تو اُس سے دوگنہ۔ دو سال کے بعد کوئی کفارہ نہیں۔ اگر کسی کاشتکار نے اُس زمین میں جہاں کوئی آدمی یا کتا مر گیا ہو۔ پہلے سال کے اندر کچھ بونے کا ارادہ کیا تو (۴۰۰) درّے۔ اگر کسی نے انگلی کی پور برابر بھی مُردے کی ہڈی زمین پر پھینک دی تو ۶۰ دُرّے۔ جنگل میں نجاست سے ملوث ہو گیا اور بلا طہارت کئے درخت یا پانی چھو لیا تو ہر دو آلات سے ۴۰۰ دُرّے۔ زمانۂ حیض میں عورت کے ساتھ ہمبستر ہوا تو ۶۰ دُرّے۔ مُردہ بچہ جننے والی عورت کو کسی نے پانی دیا تو ۲۰۰۔ کتے کو بُرا کھانا دیا تو ۵۰۔ اُسے مارڈالا تو ہر آلہ سے ۵۰۰ سے لیکر ۱۰۰۰ درّے۔ سگِ آبی کے مارنے کی سزا ۲۰۰ درّے تھی۔

عموماً پہلے جرم کی سزا کم تھی اور بعض حالتوں میں مجرم فدیہ دے کر چھوٹ بھی سکتا تھا۔ مثلاً لکڑی کے دس ہزار گٹھے۔ آتشکدے کے لئے اُٹھا کر لے جانا۔ دس ہزار قسم کے موذی جانور مارنا۔ مزروعہ زمین خیرات دینا۔ غریبوں کو کھانا کھلانا۔ پُل و نہریں بنوانا۔ پروہتوں کو نذرانے و تحائف دینا۔ عہد ساسانی میں اگرچہ قوانین یہی تھے مگر سزائیں کم تھیں۔ ترک مذہب بہت بڑا جرم سمجھا جاتا تھا۔ ملحد کو پہلے ایک سال قید سخت دی جاتی۔ اس عرصہ میں اُسے سمجھایا بجھایا جاتا۔ لیکن نہ مانتا تو قتل کر دیا جاتا۔ چنانچہ مانی کی کھال کھینچی گئی۔ مزدک کو اُلٹا لٹکا کر تیروں کا نشانہ بنایا گیا اور اسی طرح جو کوئی عیسائی مذہب (عہد ساسانی) اختیار کرنے کی جرأت کرتا اُس پر پروہت بڑے بڑے ظلم و ستم کرتے تھے۔ (رالنس وغیرہ)

ایک گاؤں پر اُسے بھیجدیا۔

انہیں دنوں ایک عورت غریبانہ لباس پہنے اور اپنا چہرہ نقاب سے چھپائے رات دن محل کے پھاٹک پر کھڑی رہتی تھی۔ نہ سپاہیوں کی دھمکی کا اُس پر کچھ اثر ہوتا تھا نہ خادموں کی ہنسی دل لگی اور بیہودہ مذاق اُسے اپنی جگہ سے ہٹا سکتا تھا۔ جب کوئی افسر پھاٹک کے اندر داخل ہوتا۔ اُس سے یہ عورت سب سے پہلے شہزادی نتتیس پھر گوما کا حال ضرور پوچھتی۔ ایک دن ایک شریر باتونی شعلچی نے ہنس کر موبد اعظم کے بھائی کی سزا کا حال بیان کیا تو اس عورت کی عجب حالت ہوگئی۔ دیوانہ وار ناچنے لگی۔ اور اُس کا گریبان چومنے لگی۔ یہ دیکھ کر شعلچی کو سخت حیرت ہوئی وہ سمجھا کہ شاید اُس کا دماغ بہک گیا ہے۔ اور خیرات کے طور پر کچھ دینے لگا مگر اس نے لینے سے انکار کیا۔ اپنی جگہ پر اڑی ہوئی کھڑی رہی اور آنے جانیوالے ترس کھا کر جو کچھ پھینک دیتے تھے اُسی پر بسر اوقات کرتی رہی۔ تین دن بعد گوماتا جس کے سر پر پٹی بندھی ہوئی تھی محل کے اندر سے ایک بند گاڑی میں باہر نکلا۔ جوں ہی اس عورت کی نظر پڑی گاڑی کے پیچھے بھاگی اور ایسا چلانے و چیخنے لگی کہ کوچبان نے اپنے خچروں کو روک کر اس سے پوچھا کہ تو کیا کہنا چاہتی ہے۔ عورت نے اپنی نقاب اُلٹ دی اور ایک عجیب دلربانہ و شرمیلی ادا سے اُس نوجوان زخمی کی طرف دیکھا جو اندر بیٹھا تھا۔ گوماتا کے مُنہ سے اُسے پہچانتے ہی ایک آہ نکلی مگر فوراً ضبط کر کے رُکھائی سے بولا "مندانہ تو کس غرض سے میرے پاس آئی ہے" اس پر اُس غریب بدنصیب لڑکی نے اپنے دونوں ہاتھ پھیلا کر بڑی الحاح و عاجزی سے کہا۔ "گوماتا۔ میرے پیارے گوماتا۔ مجھسے بے وفائی نہ کرو مجھے بھی اپنے ساتھ لیتے چلو۔ جو مصیبتیں تمہاری وجہ سے مجھ پر اور میری مالکہ پر آئی تھیں۔ میں دل سے معاف کرتی ہوں۔ میں تم پر جان و دل سے فدا ہوں۔ دیکھو لیتے چلو۔ میں لونڈی بنکر رہونگی

اور تمام عمر تمہاری خدمت کروں گی

گوماتا ایک لحظہ تک سخت شش و پنج میں رہا۔ عنقریب وہ گاڑی کا دروازہ کھول کر اُسے اپنے بیسنے سے لگانے والا تھا کہ اتنے میں گھوڑوں کی آواز اُس کے کان میں آئی اور اُس نے پلٹ کر دیکھا کہ ایک گاڑی اہلِ مجوس سے بھری ہوئی محل کے اندر دعا خوانی کے لئے جا رہی تھی۔ اُن میں اُس کے بہت سے پُرانے ساتھی دوست بھی تھے جنھیں دیکھتے ہی اس کے دل میں ایک عجیب غیر معمولی حجاب پیدا ہوا۔ اور یہ خیال آیا کہ یہ لوگ جن سے میں پہلے ایسی غرور و تمکنت سے برتاؤ کرتا تھا اب مجھے ایک عورت کے ساتھ دیکھیں گے تو کیا کہیں گے۔ اسلئے ایک تھیلی سونے کے سکّوں سے بھری ہوئی جو بھائی نے رخصت ہوتے وقت اسے دی تھی مندانہ کی طرف پھینک کر اُس نے کوچبان کو بڑی تیزی کے ساتھ گاڑی بڑھانے کا حکم دیا۔ مندانہ نے ٹھوکر مار تھیلی پھینک دی اور چلتی ہوئی گاڑی کے پیچھے لپٹ گئی جس کے ایک پہیے میں اُس کا پیر پھنس اُلجھ گیا۔ اور وہ زور سے نیچے گری۔ مگر ایک غیر معمولی ہمت و طاقت سے کام لے کر جو صرف حالت مایوسی میں پیدا ہو سکتی ہے وہ پھر اُٹھ کھڑی ہوئی اور گاڑی کے پیچھے بھاگی جو چڑھاؤ کی وجہ سے اب کسی قدر آہستہ ہو گئی تھی۔ اسکے قریب آتے ہی لڑکی نے لپک کر خچروں کی باگیں پکڑ لیں۔ مگر بے رحم کوچبان نے اس زور سے ایک چابک مارا کہ جانور الف ہو گئے لڑکی کو اُن کی دُلتّی لگی۔ وہ زمین پر گر پڑی اور گاڑی آناً فاناً میں نظروں سے غائب ہو گئی۔ مگر مندانہ کی دردناک چیخوں کی آواز کن کٹے گوماتا کے زخموں پر عرصہ تک تیر کا کام کرتی رہی۔

نتیتس کی وفات کے بارھویں دن کمبوجیہ شکار کھیلنے نکلا تاکہ دوڑ دھوپ اور سرگرمی میں تھوڑا سا غم غلط ہو جائے۔ اُمرا و وزرا نے اپنے شہنشاہ کو دیکھتے

ہی نعرہ ہائے خوشی بلند کئے اور نذریں گذرانیں جنھیں اُس نے مہربانی سے قبول فرمایا
گذشتہ چند دنوں کے رنج والم نے ایک ایسے شخص کو جو غم واندوہ کا عادی نہ تھا بالکل
بدل دیا تھا۔ اس کا چہرہ زرد اور سر کے سیاہ بال سفید ہو چلے تھے۔ آنکھوں سے فتحمندی
کی چمک جاتی رہی تھی اور اس صدمۂ جانکاہ نے پورے طور سے اُسے سکھا دیا تھا کہ
اُس سے بھی زیادہ قوی تر ایک قوت وطاقت موجود ہے جو قادرِ مطلق ہے اور وہ اگرچہ
بہت سی جانوں کو ہلاک ونابود کر سکتا ہے مگر ایک ناچیز وادنی ذی روح کو بھی موت
سے نہیں بچا سکتا۔ اپنی روانگی سے پہلے اُس نے شکاریوں وغیرہ کا معاینہ کیا اور گاؤبرو
کو بلا کر پوچھا کہ فینیس کہاں ہے۔

گاؤبرو۔ "حضور کا کوئی حکم نہ تھا کہ ....."

بادشاہ۔ "اُسے ہمیشہ ہمارا مہمان و مصاحب سمجھو۔ جاؤ بُلا لاؤ اور ہمارے پیچھے پیچھے آؤ۔"

گاؤبرو آداب بجا لا کر محل کی طرف واپس گیا اور آدھ گھنٹے کے اندر فینیس کو لئے
ہوئے بادشاہ کے جلوس میں آکر مل گیا۔ یونانی کو دیکھتے ہی اُمرائے ایران نے اپنی
مسرت کا اظہار کیا۔ یہ عجیب بات تھی کیونکہ عموماً ایک نئے مصاحب کو جو اتنی جلد
بادشاہ کا منظورِ نظر ہو گیا ہو۔ دوسرے بڑے رشک وحسد سے دیکھتے ہیں۔ فینیس
بظاہر اس قاعدہ سے مستثنےٰ تھا کیونکہ وہ اُن سے نہایت بیباکی۔ خلوص وسادگی
کے ساتھ ملتا تھا اور باتوں باتوں میں ایک جنگ عظیم کی امید بھی دلاتا تھا اور
ایسے پُر لطف ومذاقیہ جملے کہتا تھا۔ جو ایرانیوں نے پہلے نہ سُنے تھے۔ غرضکہ سب لوگ
شکارگاہ پہنچے تو کچھ دیر کی گپ شپ کے بعد وہ بادشاہ کے حضور میں حاضر ہوا۔ اور
ایک گورخر کے تعاقب میں اس عمدگی کے ساتھ اپنی شکاری قابلیت وکمال کا اظہار
کیا کہ ہر شخص داد دینے لگا اور جس عقلمندی اور حکمت سے اُس نے قیدیوں کی
بے گناہی کے ثبوت دیئے تھے اور جس خوبی سے اُس نے بادشاہ کے دل میں گھر

کرلیا تھا اور جس تیزی کے ساتھ اُس نے ایرانی زبان کی مہارت حاصل کرلی تھی۔ ان سب باتوں کی بڑی تعریفیں ہونے لگیں۔

مردانہ حُسن و بہادری میں فینیس کسی ایرانی امیر سے کم نہ تھا۔ اُس کی شہسواری بھی مسلمہ تھی اور پھر ریچھ کے شکار میں اُس کی ہنرمندی و دلیری بھی پوری طور سے آشکارا ہوگئی۔ اس لئے جب سب لوگ گھر واپس ہوئے تو آپس میں یونانی کے کمالات کے چرچے کرنے لگے۔ بوڑھے آریاسپ نے کہا "میں مانتا ہوں کہ یہ یونانی علاوہ شکار کے بظاہر فن جنگ کا بھی اُستاد معلوم ہوتا ہے اور ایک غیر معمولی قابلیتوں کا شخص ہے۔ مگر اجنبی ہونے کی وجہ سے اُس کی ہر بات نئی معلوم ہوتی ہے اس لئے ہم تعریفیں کرتے ہیں۔

فینیس ایک جھاڑی کے پیچھے قریب ہی کھڑا تھا۔ یہ کلمات سُن کر ہنس کے بولا "آپ بالکل صحیح فرماتے ہیں اور میں آپ کے حُسنِ ظن کا نہایت شکرگذار ہوں خصوصاً آپ کی گفتگو کا آخری حصہ مجھے بہت پسند آیا کیونکہ اس نے ثابت کردیا کہ آپ ایرانی ایسے سیر چشم و فیاض ہیں کہ اجنبیوں کی معمولی باتوں کو بھی بہت زیادہ قابل قدر سمجھتے ہیں"۔ یہ سُن کر سب ہنسنے لگے اور یونانی کے گرد جمع ہوگئے۔

فینیس۔ دوسری قوموں کا یہ حال نہیں۔ مثلاً یہودیوں ہی کو دیکھ لیجئے کہ وہ اپنے سوائے اور کسی کو خدا کا برگزیدہ بندہ نہیں سمجھتے اسی لئے عقلمند لوگ انھیں تنگ خیال و کمینہ کہتے ہیں اور تمام دنیا اُن سے متنفر ہے۔ مصریوں کو دیکھئے! اُنکے خیالات تو ایسے بیہودہ ہیں کہ بیان سے باہر۔ اگر انکے پجاریوں کا بس چلے تو تمام اجنبیوں کو مار ڈالیں اور فرعون کی سلطنت میں کسی غیر ملکی کو نہ رہنے دیں۔ ایک سچا مصری فاقہ کرنا پسند کریگا مگر ہمارے و آپ کے ساتھ ہم پیالہ و ہم نوالہ ہونا گوارا نہ کریگا۔ دنیا میں کسی جگہ آپ کو ایسی عجیب و غریب و نادر باتیں دیکھنے میں نہ آئیں گی جیسے مصر

ہیں ہیں۔ لیکن انصاف کو ہاتھ سے نہ دینا چاہئے۔ سچ تو یہ ہے کہ مصر کے برابر کوئی ملک زیادہ زرخیز۔ سرسبز و متمول نہیں۔ وہاں کے فرمانروا کے پاس اتنی بڑی دولت ہے کہ دیوتاؤں کے بھی خزانے شاید اسی قدر ہوں گے۔ پھر لطف یہ ہے کہ اس خوبصورت ملک کا فتح کرنا کچھ مشکل نہیں ہے۔ میں اپنے دہ سالہ تجربہ کے بعد دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ فرعون کا تمام لشکر آپ کے ایک **قشون جاودانی** کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ کیا معلوم کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے۔ شاید ہماری و آپ کی قسمت میں ایک دن دریائے نیل کی سیر کرنا لکھا ہو۔ آپ کی تلواریں بھی ایک عرصہ سے بیکار پڑی ہیں اور زنگ آلود ہو چلی ہیں۔"

ان الفاظ کا یونانی کے حسب منشا پورا اثر ہوا۔ کیونکہ سننے والوں کی زبان سے نعرۂ آفریں بلند ہوا۔ **کمبوجیہ** کے کان میں یہ آواز گئی تو وہ بھی چونکا اور گھوڑے کو کھڑا کر کے پوچھنے لگا کہ یہ کیا معاملہ ہے۔ **فینیس** نے آگے بڑھکر مؤدبانہ عرض کی کہ لڑائی کی ایک امید پر سرداران نامدار اپنی خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔

**کمبوجیہ**۔ (ایک عرصہ کے بعد اب پہلی مرتبہ مسکرا کر) کیسی لڑائی؟

**فینیس**۔ (لاپروانہ انداز سے) ہم سب عام طور سے بحث کر رہے تھے کہ شاید کوئی لڑائی ہو جائے۔ بعدہٗ اپنے گھوڑے کو اڑا دے کر ذرا بادشاہ کے قریب آیا اور ایک ایسی شیریں آواز سے جس کا اثر سننے والے کے دل پر یقینی ہو کہنے لگا:۔

"اے شہنشاہ والا تبار۔ آقائے نامدار گو یہ سچ ہے کہ مجھے اس خوش نصیب ملک میں پیدا ہو کر حضور کی رعایا ہونے کا فخر نہیں حاصل ہوا۔ اور صرف تھوڑا ہی عرصہ ہوا کہ بندگانعالی کے آستان بوسی کا شرف حاصل ہوا ہے۔ تاہم اس ناچیز کے دل میں ایک خیال پیدا ہوتا ہے جو ڈر ہے کہ کہیں گستاخی پر محمول نہ کیا جائے۔ وہ یہ کہ دیوتاؤں نے شاید ازل ہی سے اس کی قسمت میں حضور والا جاہ کا ایک سچا خادم

وہی خواہ ہو نالکھ دیا ہے اور ایک ایسی خدمت شاہی کے لئے مامور کیا ہے جسے برلانے میں مال وزر کی لالچ و جاہ طلبی کو بالکل دخل نہیں۔ دیوتاؤں کی عنایت اور حضور کے انعامات و بخشش نے اُسے ان دونوں باتوں سے مستغنی کر دیا ہے علاوہ بریں دنیاوی ہوا و ہوس اور حسن دولت کی خواہش زیادہ تر اس شخص کو ہوسکتی ہے جس کی کوئی آل و اولاد ہو۔ اس بدنصیب خادم کا ایک لاڈلا بیٹا تھا مگر۔۔۔ خیر میں اس ذکر کو ابھی حضور کے سامنے چھیڑنا نہیں چاہتا۔ (بادشاہ کو خاموش دیکھکر) شاہا! حضور اس غلام کی اس جسارت آمیز گفتگو سے ناراض تو نہیں ہوئے؟

**بادشاہ**۔ (جو یونانی کا مطلب سمجھنے سے قاصر تھا) نہیں۔ میں بھلا تم سے کبھی ناخوش ہو سکتا ہوں۔

**فینیس**۔ حضور کو اس قدر افسردہ خاطر و غمگین دیکھکر میں نے آج تک اپنی زبان بند رکھی تھی لیکن اب وہ وقت آگیا ہے کہ اُس راز کا اظہار کروں۔ مگر ڈرتا ہوں کہ کہیں اُسے سنکر حضور کا غصہ اور رنج اور زیادہ نہ بڑھ جائے۔

**بادشاہ**۔ نہیں۔ تم سے اب میرے دل کو کوئی بات تکلیف و رنج نہیں پہنچا سکتی

**فینیس**۔ میری ہمت نہیں پڑتی۔ پھر کبھی عرض کرونگا۔

**بادشاہ**۔ (سخت متحیر ہوکر) نہیں۔ ابھی کہو۔ ڈرو نہیں۔ میں سُننے کے لئے تیار ہوں۔

**فینیس**۔ حضور والا جاہ کو بڑے شرمناک طریقہ سے دھوکہ دیا گیا ہے۔ نہ صرف بندگان عالی کو بلکہ اُس حسین و پاک طینت شہزادی کو بھی جو ابھی چند روز ہوئی کہ ہزاروں حسرتیں لیکر قبل از وقت راہی ملک بقا ہوگئی۔

کمبوجیہ کی آنکھوں میں یکایک ایک چمک پیدا ہوگئی اور یونانی کی طرف گھور کے دیکھنے لگا۔

**فینس**۔ فرعون مصر یعنی بادشاہ اماسس نے حضور والا کو جو تاجداران عالم کے سرتاج ہیں دھوکہ و فریب دینے کی جرأت کی۔ متوفہ شہزادی اُس کی دختر نہ تھی گو کہ وہ خود اس راز سے بے خبر تھی وہ ....."

**کمبوجیہ**۔ ناممکن۔ میں اسے یقین نہیں کر سکتا۔

**فینس**۔ بیشک حضور درست فرماتے ہیں لیکن میں بھی سرمو خلاف واقعہ عرض نہیں کرتا۔ شاہا! اماسس نے انتہائی چالبازی و دروغ گوئی سے نہ صرف حضور والا کو بلکہ تمام دنیا کو دھوکہ دیا ہے۔ شہزادی **نتیتیس** جو اپنے حسن و جمال میں بے نظیر تھی بیشک خاندانِ شاہی سے تھی مگر اس کمینے و غدار اماسس کی نسل سے اُسے کوئی تعلق نہ تھا۔ بلکہ ہوفرا جو مصر کا حقیقی فرماں روا تھا اور جسکا تاج و تخت اُس نے بغاوت و سازش کر کے چھین لیا تھا اس گوہر بے بہا کا اصلی باپ تھا۔ حضور چیں بجبیں ہوتے ہیں۔ بیشک حضور کی خفگی بجا ہے۔ کیونکہ ایک دوست و حلیف سے دھوکہ و فریب کھانا بڑے ظلم و ستم کی بات ہے۔

یونانی اتنا کہہ کر چپ ہو گیا تاکہ اُس کے آخری الفاظ پورے طور سے اپنا زہر یلا اثر پیدا کر لیں۔ بادشاہ کسی قدر بے تاب معلوم ہوا۔ اور اپنے گھوڑے کو زور سے ایک ایڑ مار کر یونانی سے بولا "کہے جاؤ۔ میں تمام واقعہ بالتفصیل سُننا چاہتا ہوں"

**فینس**۔ شاہ ہوفرا اپنی معزولی کے بعد بیس برس[۵۱] تک سیئس کے قید خانہ میں زندہ رہا۔ جہاں اس کی بیوی کو جسکے پہلے تین بچے مر چکے تھے حمل رہا۔ جب ہوفرا کو اس کی خبر ہوئی تو بہت خوش ہوا۔ اور لیشیت دیوی کے مندر میں نیاز و نذر چڑھانے کے ارادہ سے گیا۔ وہاں اتفاق سے اس کے دربار کا ایک پرانا

---

[۵۱] یہ واقعہ مورخ ہیروڈ (Herodt) کے بیان کے مطابق ہے (ایڈیٹر)

امیر بھی جس کے ساتھ اُس نے کسی زمانے میں ظلم کیا تھا موجود تھا۔ وہ اپنے غلاموں کی مدد سے ہوفرا پر حملہ آور ہوا۔ اور اُسے مار ڈالا۔ اماسس کو خبر ہوئی تو اس نے مقتول فرعون کی بیوہ کو فوراً اپنے محل کے اندر بلا لیا اور اپنی ملکہ لیڈس کے قریب ہی جو خود بھی حاملہ تھی ایک کمرے میں رہنے کی جگہ دی۔ جب نو مہینے پورے ہو گئے تو اول الذکر ایک لڑکی جنتے ہی مر گئی۔ اور اس کے دو دن بعد لیڈس کے بھی ایک دختر پیدا ہوئی .... اب ہم محل کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ اگر حضور اجازت دیں تو میں اُس حکیم کا بیان جو لڑکی کی پیدائش کے وقت موجود تھا اور بعدہٗ اماسس کی دھوکہ بازی میں بھی اُس کا شریک و حامی رہا۔ پڑھکر سناؤں۔ میرے پاس اُس کے اصلی خطوط موجود ہیں۔ جن کا پڑھنا محال تھا مگر حسن اتفاق سے ایک شخص انوفس نامی جو کسی زمانہ میں مصر کا ایک بڑا پروہت تھا آج کل اسی بابل میں مسکن گزیں ہے اور ہر قسم کے مصری خط کو پڑھ سکتا ہے۔ کحال نبچاری بھی اس فن کا ماہر ہے مگر شاید اس خیال سے کہ اس کے وطن پر کوئی مصیبت آئے۔ مدد دینے سے جان چُرائے یا انکار کر دے۔"

بادشاہ "ایک گھنٹہ بعد تم اُس شخص کو اپنے ساتھ لے کر میرے پاس آنا۔ کریسس نبچاری اور وہ سرداران ہخامنش بھی جو مصر سے واقف ہیں۔ حاضر ہوں۔ میں بلا پوری تحقیقات کئے کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا۔ تمہاری شہادت زیادہ قابل اعتبار نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ مجھے خود اماسس نے لکھا تھا کہ تم اپنے ذاتی عناد و کینہ کی وجہ سے اُس کے مخالف و دشمن ہو۔"

وقت مقررہ پر وہ سب جنہیں بادشاہ نے طلب کیا تھا سامنے حاضر ہوئے انوفس اسی برس کا بوڑھا تھا۔ اُس کا جسم مُردے کے ڈھانچے کی طرح سوکھ کر لکڑی ہو گیا تھا مگر آنکھوں میں ابھی تک چمک تھی اور بشرہ سے ایک غیر معمولی

تجربہ و عقل و دانش پرستی تھی۔ اُس کا لباس جو پرندوں کی طرح بالکل سفید تھا کسی قدر خستہ و دریدہ تھا اور جگہ جگہ پیوند لگے تھے۔ یہ شخص اپنی جوانی میں شاید لانبا و چھریرے بدن کا ہوگا۔ لیکن کہن سالی و مصیبت و تکالیف نے اب کمر جھکا دی تھی اور جسم ایسا نحیف و زار کر دیا تھا کہ قد بھی ٹھٹھر کر رہ گیا۔ جس کے مقابلہ میں سر بہت بڑا معلوم ہونے لگا۔ وہ اپنے لاغر کانپتے ہوئے ہاتھوں میں پیپرس[۱] کا ایک پلندہ لئے ہوئے تھا۔ اس کے اعضا مفلوج تھے اس لئے بادشاہ کے سامنے بھی اُسے ایک آرام کرسی پر بیٹھنے کی اجازت دی گئی۔ منیجاری اس عجیب و غریب شخص کے قریب ہی کھڑا ہوا۔ اُس کی پشت کے سہارے کے لئے کرسی کے تکئے درست کر رہا تھا۔ کمال کی نظروں میں اُس کی عزت نہ صرف بوجہ ایک بڑے پروہت ہونے کے تھی جو تمام علوم باطنیہ کا ماہر تھا بلکہ ذاتی تقدس و بزرگی کے خیال سے بھی بہت زیادہ تھی۔ فینیس اس کے بائیں جانب کھڑا تھا اور دارا۔ کری سس و پرکزاسپ بھی قریب ہی موجود تھے۔ کمبوجیہ اپنے جواہر نگار تخت پر جلوہ افروز تھا اور وہ جب حاضرین سے مخاطب ہوا تو اُس کے چہرہ سے درشتی و خفگی کے آثار نمایاں تھے۔

کمبوجیہ۔ یہ شریف یونانی جسے مابدولت اپنا بہت بڑا خیر خواہ سمجھتے ہیں ایک عجیب خبر لایا ہے وہ یہ کہ فرعون مصر نے مجھے نہایت شرمناک طریقہ سے دھوکہ دیا ہے۔ یعنی میری متوفہ منگیتر اُس کے خاندان سے نہ تھی بلکہ اس سے پیشرو معزول بادشاہ ہوفرا کی دختر تھی۔

تمام حاضرین کی زبان سے انتہائے حیرت و استعجاب کی آواز نکلی۔

کمبوجیہ۔ یہ مرد بزرگ میرے سامنے اب اسی امر کی تحقیق کے لئے طلب

---

[۱] پیپرس۔ قدیم مصری ایک درخت کی شاخوں سے لکھنے کے لئے خاص قسم کی شے تیار کرتے تھے۔ یہ درخت از قسم نے ہوتا تھا۔ بعض جگہ اسے پٹیلا۔ یا ایک طرح کا نرکل بھی کہتے ہیں۔ اسی شے کو جس پر قلم سے لکھتے تھے پیپی روس کہتے ہیں۔ ۱۲

کئے گئے ہیں۔

**انوفس** اشارہ سے اپنی رضامندی کا اظہار کرتا ہے۔

**بادشاہ**۔ (سفیر سے خطاب کرکے) پرگزاسپ تم میرے سفیر ہو۔ میرا پہلا سوال تم سے ہے۔ کیا فی الواقعی شہزادی **متیتس** دخترِ **اماسس** کے نام سے تمہیں سپرد کی گئی تھی؟

**سفیر**۔ جی ہاں قبلۂ عالم۔ گو پہلے **ننیچاری** نے اُس کی توام بہن **تاسو** کی تعریف بلکہ عالم کا سندانہ کے روبرو کی تھی اور مجھے بھی اُسی کا خیال تھا مگر **اماسس** **متیتس** ہی کے بھیجنے پر مُصر تھا۔ میں سمجھا کہ شاید وہ اپنی سب سے پیاری لڑکی کو نذر کرکے حضور کو خاص طور سے مرہون منت کرنا چاہتا ہے کیونکہ یہ اپنی بہن سے حُسن و جمال میں کہیں زیادہ افضل و برتر تھی۔ اس لئے میں نے زیادہ اصرار کرنا مناسب نہ سمجھا۔ حضور والا کو بھی یاد ہوگا کہ حضور کے خط میں بھی اُس نے یہی لکھا تھا کہ میں اپنی سب سے زیادہ پیاری و حسین لڑکی اپنے معزز دوست کی خدمت کے لئے روانہ کرتا ہوں۔

**بادشاہ**۔ ہاں بیشک اُس نے یہ لکھا تھا۔

**کری سس**۔ بیشک **متیتس** اپنی بہن سے کہیں زیادہ حسین و ذی وقار تھی لیکن یہ میں نے ضرور دیکھا تھا کہ **تاشو** اپنے والدین کی زیادہ چہیتی و دُلاری تھی **دارا**۔ ہاں آپ کو یاد ہوگا کہ **اماسس** نے ایک بار دعوت کے موقع پر بروسیہ سے یہ کہا تھا کہ خبردار **تاشو** کی طرف گھور کر نہ دیکھنا۔ تم اگر کوئی آسمانی دیوتا بھی ہوگے تو بھی میں تمہارے ساتھ اُسے ایران نہ جانے دونگا۔ اس پر شہزادہ **سامتیک** نے نہایت چیں بجبیں ہوکر اپنے باپ سے کہا۔ ہیں کیا آپ **فینس** کو بھول گئے۔

کمبوجیہ۔ فنیس! تمہیں بھول جانے کے کیا معنی ؟

یونانی۔ حضور والا! اماسس نے ایک مرتبہ شراب کے نشہ میں اپنا راز مجھ سے بیان کر دیا تھا۔ اس لئے شاید شہزادہ سامتیک کا یہ مطلب ہوگا کہ دوبارہ بھول کر کہیں زبان سے کچھ نہ کہہ دیجئے گا۔

بادشاہ۔ میں سُننا چاہتا ہوں کہ تم سے اُس نے کس طرح اپنا راز افشا کیا۔

یونانی۔ جب میں فتح و نصرت کے ڈنکے بجاتا ہوا قبرس سے واپس ہو کر سئیز آیا تو اس خوشی میں ایک بہت بڑا جشن منعقد کیا گیا۔ اماسس نے میری نہایت عزت و تکریم کی اور سب کے سامنے مجھے گلے سے لگا لیا۔ جو اس کے درباریوں کو نہایت ناگوار گذرا۔ بعدہٗ جوں جوں شراب پی کر مدہوش ہوتا جاتا تھا اُتنی ہی میری تعریفوں کے طومار باندھتا جاتا تھا۔ آخر کار شہزادہ اور میں دونوں اُسے پکڑ کر محل میں لے گئے جب راستہ میں اپنے لڑکیوں کے کمرے کے قریب سے گذرا تو وہاں ٹھیر گیا۔ اور مجھ سے خطاب کر کے کہنے لگا "لڑکیاں یہاں سو رہی ہیں۔

یونانی اگر تم اپنی بیوی کو طلاق دے دو تو میں نتیتیس کو تمہارے عقد میں دینے کے لئے تیار ہوں۔ میں تمہیں اپنا داماد بنانا چاہتا ہوں۔ فنیس! اس لڑکی کے متعلق ایک عجیب واقعہ ہے۔ وہ میری بیٹی نہیں ہے۔ اس پر سامتیک نے فوراً اپنا ہاتھ اُس کے مُنھ پر رکھ کر زیادہ بولنے سے روک دیا اور مجھے بڑی رُکھائی سے اپنے مکان چلے جانے کا حکم دیا۔ وہاں پہنچکر میں جو کچھ اپنے کان سے سُن چکا تھا اُس پر غور و فکر کرنے لگا۔ اور اُسی وقت سے ایک قسم کا شبہ میرے دل میں پیدا ہوا جو بعدہٗ درجہ یقین تک پہنچ گیا۔ اب اس کی تصدیق کے لئے میری رائے ناقص میں اس مرد بزرگ کو حکم دیا جائے کہ حکیم امہوتپ کے روزنامچہ سے اُس حصہ کا ترجمہ کر کے حضور کو سُنائے جس کا تعلق خاص اس واقعہ سے ہے۔"

کمبوجیہ نے اپنے سر سے اشارہ کیا اور بوڑھا پروہت ایک ایسی کڑکتی ہوئی بلند آواز سے جو اُس کے نحیف جثہ کے لحاظ سے غیر معمولی تھی یہ پڑھ کر سُنانے لگا۔

"ماہ توتھ[1] کی پانچویں تاریخ کو مجھے بادشاہ نے طلب کیا۔ میں اس کا منتظر ہی تھا کیونکہ ملکہ کو دردِ زہ شروع ہو گیا تھا۔ میں نے فوراً جا کر مدد دی اور ایک کمزور سی لڑکی پیدا ہوئی۔ جب دایہ نے بچی کو گود میں لے لیا تو اماسس مجھے اس پردہ کے پیچھے جو اس کمرے کے پس پشت حائل تھا لے گیا۔ وہاں میں نے ایک دوسری لڑکی دیکھی جسے میں نے فوراً پہچان لیا کہ ہوفرا کی بیوی کی نوزائیدہ دختر ہے۔ جس کی ماں میرے ہی زیرِ علاج توتھ کی تیسری تاریخ فوت ہو چکی تھی۔ فرعون نے لڑکی کی طرف اشارہ کر کے مجھ سے کہا کہ یہ بچی اب یتیم ہے۔ قانوناً ہمارا فرض ہے کہ یتیموں کی نگہداشت کریں اس لئے میری اور ملکہ کی اب یہ خواہش ہے کہ اسے متبنّٰی کر کے اپنی ہی بچی کی طرح اُس کی پرورش کریں۔ لیکن یہ راز کسی پر ظاہر کرنا نہیں چاہتے۔ اور تم سے امید رکھتے ہیں کہ اسے اپنے دل ہی میں رکھنا اور عوام میں یہ مشہور کر دیا کہ ملکہ لیڈس کی توام لڑکیاں پیدا ہوئی ہیں۔ ہم اس خدمت کے صلہ میں پانچ ہزار طلائی چھلّے تو ابھی بطور انعام عطا کرتے ہیں اور سالانہ بھی اُس کی ایک تہائی رقم تمہیں دیا کریں گے۔ میں نے خاموش ہو کر گردن جھکا لی۔ اور جو لوگ وہاں موجود تھے ان سب کو باہر جانیکے کہا۔ پھر دوبارہ انھیں اندر بلا کر یہ اعلان کیا کہ ملکہ کی ایک اور لڑکی ابھی پیدا ہوئی ہے اصلی لڑکی کا نام تاشوا اور دوسری کا نیتیتس رکھا گیا۔"

یہ سُنتے ہی کمبوجیہ اپنی جگہ سے اُچھل پڑا اور کمرے میں بیقرار ٹہلنے لگا۔ انوفس نے اس کی پرواہ نہ کی اور اپنی دھن میں اُسی طرح پڑھتا گیا۔ "توتھ کی

[1] یہ مہینہ ۲۹ اگست سے ۲۷ ستمبر تک رہتا تھا۔ ۱۲

مہینے کی چھٹی تاریخ تھی۔ میں رات کے جاگنے اور تکان کی وجہ سے صبح کے وقت ذرا آرام کرنے کے لئے لیٹا تھا کہ اتنے میں بادشاہ کا ایک خادم آیا اور موعودہ انعام اور ایک خط میرے حوالے کر گیا۔ خط میں لکھا تھا کہ ایک مُردہ بچے کو میں کہیں سے ڈھونڈ کر لاؤں تاکہ ہوفرا کے بچے کے نام سے بڑی دھوم دھام کے ساتھ اُس کی تجہیز و تکفین کی جائے ایک گھنٹے کی بڑی محنت و تلاش کے بعد مجھے ایک غریب عورت کا پتہ چلا جس کی ایک حرامی لڑکی اُسی وقت پیدا ہو کر مر گئی تھی مگر وہ اسے دینے پر ہرگز راضی نہ ہوتی تھی لیکن جب میں نے بہت سمجھایا بجھایا کہ اس کی ایک نہایت خوبصورت ممی بنا کر بڑے اہتمام سے دفن کرونگا تو بالآخر مان گئی۔ غرضکہ میں نے بچے کی لاش اپنی دواؤں کی بڑے بکس میں بند کر کے۔ چونکہ ہیب موجود نہ تھا اپنے بیٹے **نبنچاری** کو دی کہ بغل میں دبا کر ساتھ لے چلے۔ اور جو وعدہ کیا تھا اُسے پورا کیا۔ یعنی بڑی دھوم دھام کے ساتھ اُسے دفن کیا۔ کاش کہ اُس کی غریب ماں بھی اُس وقت موجود ہوتی اور اور اپنی بچی کی آیندہ زندگی کے اعلیٰ ساز و سامان[1] دیکھکر خوش ہوتی۔ **نبنچاری** کو اس وقت فرعون نے بُلایا ہے۔

---

[1] مصری اپنی قبروں کے اندر مختلف قسم کی اشیاء اور ساز و سامان رکھتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ ہر شے کی ایک روح ہے جو دوسری دنیا میں ممی کی روح کی خدمت کرے گی۔ اس لئے کھانا۔ کپڑے سامان آرائش وغیرہ جو کچھ اس کے ساتھ رکھے جائیں گے انکا ایک ہمزاد یا ہمتا جو دوسری دنیا میں موجود ہے مردہ کو بآسانی مل جائیگا۔ اولاً مصریوں کا یہ اعتقاد تھا کہ جنت میں ہر شخص کو دنیا کی طرح کام کاج کرنا پڑیگا۔ مگر جب تمول و تمدن میں ترقی ہوئی تو امیروں اور حاکموں کی ضروریات محسوس ہوئیں تو جنت میں بھی اُنکے لئے ہر قسم کے آرام و آسائش کے مہیا کرنے کا خیال ہوا۔ اسی لئے ان کی ممی کے ساتھ مختلف اشیاء خوردنی پوشش و آرائش وغیرہ قبر میں رکھی جاتی گئیں۔ مثلاً خادموں کی مورتیں۔ اُن کے کاروبار

جب دوبارہ **نبنچاری** کا نام آیا تو بادشاہ نے حیرت سے کہا یہ ہمارا ہی **کحال نبنچاری** ہے جس کا ذکر اس کتبہ میں آیا ہے۔

**فینس**۔ جی حضور۔ **نبنچاری** اُسی **امہوتپ** کے فرزند ہیں جس نے بچوں کو بدل دیا تھا۔

**کحال** آنکھیں نیچے کئے کسی قدر شرمندہ دکھیں یہ جبیں معلوم ہوا۔ **کمبوجیہ** نے **انوفس** کے ہاتھ سے نوشتہ لیکر اُسے کئی بار اُلٹا پلٹا پھر **کحال** کے قریب آکر یہ سوال کیا "اسے اچھی طرح دیکھ بھال کر ذرا پہچانو۔ کیا یہ تمہارے ہی باپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے؟"

**نبنچاری** بادشاہ کے قدموں پر گر پڑا اور دونوں ہاتھ اوپر اُٹھا کر خاموش ہو گیا۔

**بادشاہ**۔ میں تم سے پھر پوچھتا ہوں کہ کیا یہ تحریر تمہارے ہی باپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے؟۔

**نبنچاری**۔ میں نہیں کہہ سکتا ..... دراصل ...."

**بادشاہ**۔ میں حقیقی بات معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ ہاں یا نہیں۔

**کحال**۔ ہاں۔ اے شہنشاہ۔ لیکن۔

---

بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) یعنی کسان کھیتی باڑی کر رہے ہیں۔ نغمے گا رہے ہیں۔ باورچی کھانا پکا رہے ہیں۔ کاتب حساب کتاب لکھ رہے ہیں۔ سُنار زیور بنا رہے ہیں۔ بڑھئی کام کر رہے ہیں جہاز چل رہے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ غرضکہ اسی طرح تمام مکمل دنیوی عیش کا نمونہ مورتوں کی شکل میں بنا کر ممی کے ساتھ کھلونوں کی طرح سجا کر رکھا جاتا تھا۔ حتیٰ کہ قصہ گو اور انکی کہانیاں بھی پیپرس پر لکھی ہوئی قبروں کے اندر سے دستیاب ہوئی ہیں۔ اس عجیب رسم کا ہمیں مشکور ہونا چاہئے کیونکہ اس سے اُس زمانہ کے تمدن کی ایک ایسی جیتی جاگتی تصویر ہم دیکھ سکتے ہیں جس کا مقابلہ کوئی تحریر یا کتبہ نہیں کر سکتا۔ (پروفیسر وِلکنس)

مکبو جیہ۔ ڈر نہیں کھڑا ہو۔ اور ما بدولت کی بخشش و کرم کی امید رکھ۔ لیکن آیندہ سے تو مجھی کو اپنا بادشاہ تصور کر۔ آج مادر محترمہ فرماتی تھیں کہ تو نے ایک عمل جراحی کر کے انکی آنکھیں درست کر دینے کا وعدہ کیا ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟ اور تجھے اپنے ہنر پر پورا بھروسہ ہے۔

کحال۔ جی ہاں قبلۂ عالم۔ میں ان کی بینائی کا ذمہ لیتا ہوں۔

بادشاہ۔ بہت خوب۔ اچھا ایک بات میں اور پوچھنا چاہتا ہوں۔ تجھے اس فریب کا پورا علم تھا؟

کحال۔ جی ہاں میرے آقا۔

بادشاہ۔ اور تو نے بھی مجھے دھوکہ دیا؟ اور اس دروغ سے خبردار نہ کیا؟

نبنچاری۔ میں نے اماسس کے سامنے رازداری کی قسم کھائی تھی۔ اور قسم ....."

بادشاہ۔ بے شک قسم کی عزت و پاسداری فرض ہے۔ (گاؤ ابرو سے) گاؤ ابرو! دیکھ ان دونوں مصریوں کو ما بدولت کے دسترخوان سے خاصہ طعام بھیجنا۔ (انوفس سے مخاطب ہو کر) بڑے میاں! خاصکر تمہیں تو سب سے زیادہ مقوی غذاؤں کی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔

بوڑھا۔ شاہا! میں کچھ نہیں چاہتا۔ اس خادم کو صرف سانس لینے کے لئے ہوا۔ پیٹ بھرنے کے لئے ایک ٹکڑہ روٹی اور ذرا سا پانی۔ پہننے کے لئے ایک صاف ستھرا کپڑا اور رہنے کے لئے ایک چھوٹا سا حجرہ کافی و بس ہے۔ جہاں کوئی میرا مخل نہ ہو (مسکرا کر) میرے پاس بے شمار دولت و ثروت ہے جس پر آج مجھے اس قدر فخر و ناز ہے کہ کبھی نہ تھا۔

بادشاہ۔ (حیرت سے) یہ کس طرح؟

بوڑھا - میں حضور کو ایک سلطنت بخشنے والا ہوں -

بادشاہ - (ہنس کر حیرت سے) یہ معمہ میری سمجھ میں نہیں آیا -

بوڑھا - میں نے اس نوشتہ کا ترجمہ کرکے یہ ثابت کر دیا کہ حضور کی متوفہ بیوی شاہ ہوفرا کی دختر تھیں اور ہمارے ملک کے قانونِ وراثت کی رو سے بادشاہ کی لڑکیاں اُنکے لڑکے یا بھائی کی عدم موجودگی میں تاج و تخت کی وارث ہو سکتی ہیں - اور اگر وہ لڑکی لاولد مر جائے تو اُس کے شوہر کا حق مقدم سمجھا جاتا ہے - اس لئے سامتیک اب مصر کے تخت پر نہیں بیٹھ سکتا - اور قانوناً صرف حضور ہی میرے وطن کے مالک و حاکم ہو سکتے ہیں -

کمبوجیہ یہ سُنکر مسکرایا اور بہت خوش ہوا -

بوڑھا - مجھے اپنی نجوم سے بھی معلوم ہوا ہے کہ سامتیک تباہ و برباد ہوگا اور مصر کا تاج حضور ہی کے سر پر رکھا جائیگا -

کمبوجیہ - بے شک ستاروں کی پیشین گوئی سچ نکلے گی - مجھے پورا یقین ہے بڑے میاں! اب تم اپنے دل کی کوئی آرزو و تمنا بیان کرو میں اُسے بخوشی پورا کرونگا

انوفس - شاہا! مجھے اپنی فوج کے ساتھ ایک رتھ میں بٹھا کر لے چلئے - میری صرف یہی ایک آرزو و تمنا ہے کہ اپنے پیارے دریائے نیل کے کنارے جا کر مروں -

بادشاہ - تمہاری خواہش پوری ہوگی (درباریوں سے) اب تم سب رخصت ہو - دیکھو ہمارے دسترخوان کے تمام مصاحب آج دعوت کے موقع پر موجود رہیں - مے نوشی کے بعد صلاح و مشورہ کیا جائیگا - مصر پر فوج کشی و معرکہ آرائی مجھے جنگ ماساجت سے کہیں زیادہ مرغوب و دل پسند ہے -

یہ سُنتے ہی سب کے منہ سے ایک نعرۂ خوشی نکلا "شہنشاہ کابول بالا رہے"

اور رخصت ہو کر چلے گئے۔ کمبوجیہ نے خادموں کو آواز دی اور اپنے ماتمی کپڑے اُتار کر لباسِ خسروانہ زیبِ تن کیا۔

کری سس و فینس ساتھ ساتھ اُس باغ کی سیر کو گئے جو محل کے مشرقی جانب واقع تھا اور نہایت سرسبز مختلف قسم کے درختوں، کیاریوں و فواروں وغیرہ سے آراستہ تھا۔ یونانی کا دل مارے خوشی کے پھولا نہ سماتا تھا۔ مگر کری سس کے چہرہ پر تردد و فکرمندی کے آثار تھے۔

کری سس۔ یونانی۔ تمہیں یہ بھی خیال ہے کہ اس دنیا کے انبارِ خاشاک میں تم ایک جلتی ہوئی لکڑی پھینک کر کتنی بڑی آفت بپا کرنے والے ہو۔

فینس۔ جی ہاں اور یہ بھی جانتا ہوں کہ صرف بچے اور نادان لوگ ہی بے سمجھے بوجھے کام کیا کرتے ہیں۔

کری سس۔ تمہیں شاید یہ بھی معلوم ہوگا کہ انسان کو بعض وقت اُس کے جذبات اندھا و گمراہ کر دیتے ہیں۔

یونانی۔ میں اُن لوگوں میں سے نہیں ہوں۔

کری سس۔ تاہم خواہشِ انتقام و کینہ پروری بڑے سے بڑے جذبات ہیجان میں لاتی ہے۔

یونانی۔ صرف اسی حالت میں کہ وہ کسی فوری جوش و خروش کا نتیجہ ہوں لیکن میں تو بڑے ٹھنڈے دل سے خوب سوچ سمجھ کر آمادہ ہوا ہوں۔ اور اچھی طرح اپنے فرائضِ زندگی سے واقف ہوں۔

کری سس۔ نیک آدمی کا سب سے پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اپنے ملک کی خوش حالی کو اپنے ذاتی فائدہ پر ترجیح دے۔

یونانی۔ میں اسے بھی خوب سمجھتا ہوں۔

کری سس - مگر تمہیں شاید معلوم نہیں کہ مصر کے ساتھ تم نے اپنے ملکِ یونان کی قسمت کو بھی ایرانیوں کے حوالہ کر دیا۔

یونانی - میں ہرگز نہیں مان سکتا۔

کری سس - کیا تم خیال کر سکتے ہو کہ جب بحر قلزم کا تمام ساحل ایرانیوں کے قبضہ میں آجائیگا تو وہ تمہارے پیارے یونان پر حملہ کرنے سے باز رہیں گے۔

یونانی - شاید ایسا ہو۔ لیکن میں اپنے اہل وطن کے طبائع سے واقف ہوں۔ اور بالیقین کہہ سکتا ہوں کہ وہ اجنبی دشمنوں کے حملوں کا کامیابی کے ساتھ مقابلہ کرینگے اور اگر کسی بڑے خطرہ کا سامنا ہوگا تو اُن کے تمام قبیلے آپس میں متحد ہو کر ایک قوم عظیم بن جائیں گے جو کسی دوسرے کو اپنے ملک پر قابض نہ ہونے دیگی۔

کری سس - یہ سب خواب و خیال ہے۔

یونانی جس کا ظہور میں آنا ایسا ہی لازمی ہے جیسا مجھے اپنی کامیابی پر اس وقت کامل بھروسہ و یقین ہے۔

کری سس - میں تم سے بحث نہیں کر سکتا۔ کیونکہ میں دیگر واقعات و حالات سے واقف نہیں ہوں لیکن میں تمہیں اچھی باتوں کا شیدا۔ اور انسانی ہمدردی و عقل و دانش کا نام لیوا سمجھتا ہوں۔ اور جانتا ہوں کہ بلا سوچے سمجھے یا انصاف کو ہاتھ سے دیکر تم صرف اپنے ذاتی اغراض کی وجہ سے ایک خوش حال قوم کی تباہی کے پیچھے نہ پڑو گے۔ کیسی بے انصافی و افسوس کی بات ہے کہ کسی ایک فرد کے قصور یا ایک حاکم و تاجدار کی غلطیوں کے سبب سے اُس کی تمام قوم خمیازہ برداشت کرے اور بنی نوع انسان طرح طرح کے مصائب و آفات کا نشانہ بنے۔ بتاؤ تو سہی کہ کیوں تم ایسے رحم دل شخص نے اب شقاوت و بیدردی پر کمر باندھی ہے۔ اگر میری رائے کی کچھ قدر کرتے ہو تو اس حرکت سے باز آؤ اور کمبوجیہ کو جنگ پر آمادہ نہ کرو

یونانی - سُنو۔ میری داستان بڑی پُر درد ہے جسے انصاف سے سُننا اور پھر کبھی مجھے اپنے ارادہ سے باز رکھنے کی کوشش نہ کرنا۔ تم ولیعہدِ مصر سے واقف ہی ہو۔ اور رہوڈوفس کے بھی دوست ہو اور یہ بھی جانتے ہو کہ یہ محترم خاتون مصر کے یونانی باشندوں کی بہت بڑی جو خواہ و دردمند ہے۔ خصوصاً مجھ سے تو اُسے ایک خاص اُنسیت ہے۔ بدقسمتی سے ولیعہد کو بوجوہاتِ چند مجھ سے سخت دشمنی و عناد پیدا ہو گیا اور جب میں مصر سے اپنے وطن جانے لگا تو اُس نے میرے قتل کی تدبیریں کیں جن کی کامیابی میں کوئی شبہ نہ تھا مگر تمہارے بہادر فرزند نے مجھے موت کے پنجے سے چھڑایا۔ اب اتفاق سے چند ہفتوں کے بعد میرے دولختِ جگر نوکراتیس پہنچے اور رہوڈوفس کے زیرِ حفاظت رہنے لگے۔ نہ معلوم کس کمبخت کو یہ راز معلوم ہو گیا کہ اُس نے شہزادے کو اطلاع کر دی دوسرے ہی دن بوقتِ شب رہوڈوفس کے مکان کی تلاشی لی گئی اور میرے بچوں کو پکڑ کر لے گئے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب اماسس اندھا ہو گیا تھا اور اپنے لڑکے کو اس کی حرکتوں سے باز نہ رکھ سکتا تھا۔ غرض کہ اُسی موذی نے میرے اکلوتے بیٹے کو...

کری سس - مار تو نہیں ڈالا؟

یونانی - (آنسو پونچھکر) ہاں۔

کری سس - اور لڑکی کو کیا کیا؟ وہ کیا ابھی تک اُنکے قبضہ میں ہے؟

یونانی - اُسے بھی جب جی چاہے گا مار ڈالیں گے۔ میرے لئے تو وہ بھی زندہ درگور ہے۔ بہتر ہے کہ مر جائے مگر مجھے یہ گوارا نہیں کہ بلا بدلہ لئے اپنی زندگی کے دن چین سے گذار دوں۔

کری سس - یہ واقعی بڑا روح فرسا سانحہ ہے۔ میں تمہارے جذبات کو اچھی طرح سمجھتا ہوں مگر تم بھی ذرا سوچ سمجھ کر کام لو۔ معاملہ بہت نازک ہے۔

یہ کہہ کر کری سس نے یونانی کا ہاتھ بڑی محبت سے دبایا۔ اُسے اب

یقین ہوگیا کہ وہ اپنے ارادہ سے باز نہ آئیگا۔ اس لئے زیادہ بحث کرنا فضول سمجھ کے اس سے ہمدردی کا اظہار کرنے لگا۔

**فنیس** ۔ چلو مجلسِ شوریٰ میں چلیں۔ **کمبوجیہ** کو **سامتیک** کے مظالم کا شکر گذار ہونا چاہئے۔ اب اُس کی جنگجو و معضوب الغضب طبیعت بھی امن و امان کی یکساں زندگی بسر کرتے کرتے بہت گھبرا گئی تھی۔

**کرمی سس** ۔ لیکن میرے خیال میں سب سے بڑا بادشاہ وہ ہے جو اپنی رعایا کی بہبودی اور ملک کے امن و امان کو قابلِ ترجیح سمجھے۔ مگر افسوس کہ انسان کی طبیعت عجیب واقع ہوئی ہے وہ ایک ظالم و جابر کو بہ نسبت ایک رحم دل و امن پسند حاکم کے زیادہ وقعت و عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اچی لنز کی شان میں کتنے قصیدے لکھے گئے ہیں۔ مگر غریب پتاکوس کو جو ایک عاقل و نیک دل بادشاہ تھا کوئی بھی نہیں پوچھتا۔

**یونانی** ۔ کیونکہ درخت و پودے اُکھاڑ کر پھینک دینا بہ نسبت اُنکے لگانے یا بونے کے زیادہ اہم و مشکل کام ہے۔

**کرمی سس** ۔ مجھے اس سے اختلاف ہے اور سمجھتا ہوں کہ زخمی و گھائل کرنے سے زیادہ جراحی و مرہم پٹی میں سچی خوشی ہوتی ہے اور اعلیٰ درجہ کی نیکی و عقل و دانش کا اظہار ہوتا ہے۔ خیر اب اس بحث سے کیا فائدہ۔ ہم محل کے قریب آگئے لیکن قبل اس کے کہ دربار میں داخل ہوں۔ میں ایک ضروری بات تم سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ بردیہ کو ان باتوں کی اطلاع مل گئی ہے کہ نہیں۔ **فرعون** نے **کمبوجیہ** کے یہ ارادے سُن پائے تو نوکرائیس میں رہنا اس کے لئے خطرہ سے خالی نہ ہوگا۔

**یونانی** ۔ میں نے اُنھیں رخصت ہوتے وقت آگاہ کر دیا تھا اور سمجھا دیا تھا کہ اپنا نام

بھیس دونوں کو بدل کر عازم سفر ہونا۔

**کری سس** - انہوں نے کوئی اعتراض تو نہیں کیا؟

**یونانی** - نہیں - میں سمجھتا ہوں کہ وہ میری صلاح پر ضرور کاربند ہونگے۔

**کری سس** - تاہم بہتر ہوگا کہ ایک قاصد بھیجکر پھر تاکیداً کہلا بھیجو۔


**یونانی** - بہت اچھا میں بادشاہ سے عرض کرونگا۔

**کری سس** - اچھا تو آؤ - اب چلیں - کھانے کی گاڑیاں مطبخ سے نکل کر محل کی طرف جا رہی ہیں۔

**یونانی** - کتنے آدمی بادشاہ کی طرف سے ہر روز کھانا کھاتے ہیں؟

**کری سس** - پندرہ ہزار سے زیادہ۔

**یونانی** - تو ایرانیوں کو شکر کرنا چاہیئے کہ اُن کا شہنشاہ دن میں صرف ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی ہے۔



۲۵

# باب پچیسواں

## بردیہ کی علالت

ان واقعات کے چھ ہفتے بعد سواروں کا ایک چھوٹا سا دستہ سارڈیس کے شہر پناہ کی طرف آتا ہوا نظر آیا۔ گھوڑے و سوار دونوں گرد و غبار میں اٹے ہوئے پسینہ

سے ترتھے۔ گھوڑوں کو معلوم ہوگیا تھا کہ شہر قریب ہے۔ اُنکے تھان واصطبل نزدیک آگئے ہیں۔ اس لئے رہی سہی پوری قوت سے زور لگا رہے تھے تاہم وہ دو آدمی جو قافلہ کے آگے آگے ہیں جلد باز و بے صبر معلوم ہوتے ہیں۔ اور اُنھیں کوڑے مار کر اور تیز چلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وہ بڑی شاہراہ جو تمولس[۵۱] کے پہاڑوں پر سے ہوتی ہوئی آتی ہے ایک نہایت دلفریب و خوشنما منظر پیش کرتی ہے۔ بلندی پر صنوبر، شمشاد و اخروٹ کے درخت ہیں۔ دو طرفہ زیتون۔ نارنج و شہتوت وغیرہ کے اشجار سایہ فگن ہیں۔ دامنِ کوہ میں بے شمار انگور کی بیلیں پھیلی ہیں۔ اور سامنے ایک وسیع میدان یا مرغزار ہے جو رنگ برنگ کے پھولوں سے مہک رہا ہے اور جس میں انجیر و کھجور کے بکثرت جھنڈ دور سے ہوا میں ہلتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اس سڑک کے کنارے تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر مضبوط و پختہ کنوئیں بنے ہیں جنکے گرد اونچی اونچی منڈیریں ہیں۔ اور ان پر بیٹھنے و آرام لینے کے لئے سایہ دار درختوں کے کنج ہیں۔ راستہ میں بہت سی ندی و نالیاں بھی ملتی ہیں۔ جو گرمی کی وجہ سے اب خشک ہوگئی ہیں کیونکہ موسم گرما کا آغاز ہے مگر آفتاب کی تمازت و دھوپ کی شدت کم کرنیکے لئے تاڑ کے اونچے اونچے درختوں کی نازک شاخیں پنکھوں کی طرح ہوا میں ہل رہی ہیں۔ آسمان نہایت گہرے نیلگوں رنگ کا معلوم ہوتا ہے۔ بادلوں کا کہیں پتہ و نشان نہیں مطلع بالکل صاف ہے۔ سمت جنوب کوہ تمولس کی اونچی چوٹیاں جو بہار و سرما ہر دو موسم میں برف سے ڈھکی رہتی ہیں اور جانب مغرب سفلس[۵۲] کی پہاڑیاں ہیں جو اودے رنگ کی دور سے صاف نظر آرہی ہیں۔ اب مسافر اپنے گھوڑوں پر سوار پہاڑی پر سے

---

۵۱۔ تمولس۔ (Tmolus) لڈیا (Lydia) میں یہ ایک پہاڑ ہے۔ جہاں تہوار وغیرہ بڑے جوش و خروش سے منائے جاتے تھے۔

۵۲۔ سفلس (Sipylus)۔

اُترتے انگور کی باڑیوں و میوہ دار پودوں کے قریب سے گذرتے ہوئے سڑک کے ایک موڑ پر پہنچکر بے ساختہ ٹھہر گئے۔ اور ایک عجیب و غریب سین دیکھ کر مبہوت ہو گئے۔ ان کی نظروں کے سامنے ہرمیز[۵۱] کی سرسبز و پُرفضا وادی میں ایک ایسا خوشنما شہر یکایک ظاہر ہوا جس پر فردوس بریں کا گمان ہوتا تھا۔ یہ سلطنت لیدیہ[۵۲] کا مشہور شہر سارڈیس تھا۔ سب سے پہلے ایک ڈھلواں سیاہ چٹان پر سنگ مرمر کی چند خوبصورت عمارات دور سے چمکتی ہوئی نظر آئیں۔ یہی وہ قلعہ تھا جسے کئی صدیاں گذریں شاہ مینس نے تعمیر کیا تھا۔ اس کی شہر پناہ کی تین دیواریں تھیں جن پر کسی زمانہ میں شیر پہرہ دیا کرتے تھے۔ پہاڑی کا جنوبی رُخ زیادہ ڈھلواں نہ تھا اُس پر بکثرت مکانات تھے۔ شمالی رُخ پر کری سس کا عالی شان محلسرا تھا جس کے قریب ہی دریائے پکٹولس بہتا ہوا گذرتا تھا۔ یہ دریا جس کی ریت میں سونا ملا ہوا تھا ملک کے لئے ایک خزانہ بے بہا تھا۔ وہ وسط شہر اور بازاروں سے گذرتا ہوا جانب مغرب ایک تنگ و سرسبز وادی میں داخل ہوتا تھا۔ جہاں سبلی[۵۳] کا عالی شان مندر اسی کے کنارے واقع تھا۔ جانب مشرق بڑے بڑے وسیع و خوشنما باغات تھے جن کے درمیان ایک خوبصورت جھیل تھی جو گیجیس کے نام سے منسوب تھی۔ اس پر سیر و تفریح کے لئے بکثرت کشتیاں جن کے پیچھے سفید بگلے و راج ہنس اُڑ رہے تھے۔ اِدھر اُدھر پھرتی و جلتی ہوئی نظر آتی تھیں۔ اس سے ایک میل کے فاصلے پر متعدد ٹیلے و پہاڑیاں دکھائی دیں جو نقلی تھیں یعنی انسان کی عجیب و غریب دستکاری و صناعی کا

---

۵۱ ہرمیز (Hermes)۔

۵۲۔ لیدیہ۔ ایشیائے کوچک کا وہ حصہ غربی جہاں دریائے قزل ارماغ ہے (اناطولیہ) زمانہ قدیم میں لیدیا کے نام سے مشہور تھا۔

۵۳ سبلی (Cybele)۔

نمونہ تھیں۔ اُنھیں دیکھتے ہی ہمارے سواروں کے سردار یعنی دارا اسپرگستاشپ نے اپنے ساتھی سے جو پرکزاسپ کمبوجیہ کا سفیر تھا تعجب سے پوچھا "یہ عجیب ٹیلے کیا ہیں"

سفیر۔ یہ گزشتہ شاہان لیدیہ کے مقبرے[1] ہیں۔ ان میں سب سے بڑا جو بائیں طرف ہے الیتیز پدر کری سس کا مقبرہ ہے اس عمارت کو شہر کے تاجروں پیشہ وروں اور خصوصاً رنڈیوں نے چندہ دے کر اپنے بادشاہ کے لئے بطور یادگار بنایا تھا۔ ان پانچ ستونوں پر جو اس کی چوٹی پر نصب ہیں بانیوں کے نام کندہ ہیں جن کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں نے اس کی تعمیر میں سب سے زیادہ حصہ لیا تھا۔ غالباً گیجیس کے دادا سے جنسِ اُناث کو خاص طور سے محبت و اُنس تھا۔

دارا۔ خوب! مگر پوتا تو اپنے دادا سے بالکل مختلف معلوم ہوتا ہے۔

سفیر۔ یہ عجیب بات ہے کیونکہ میں نے سُنا ہے کہ اوائل عمر میں کری سس بھی عورتوں کا بڑا شائق تھا۔ لیدیہ والے عام طور سے بڑے عیاش و یار باز ہوتے ہیں۔ آپ کو سامنے وہ دور سارڈیس کی نگر دیوی کا مندر لب دریا نظر آتا ہے۔ اس دیوی کو سبل یا ما کہتے ہیں۔ اسکے معبد کے اِردگرد بہت سے باغات و درختوں کے کنج ہیں جہاں عموماً شام کے وقت نوجوان مرد و عورتیں اپنے عشق و عاشقی کے مزے لوٹنے جایا کرتے ہیں اور اُن کے خیال میں دیوی اس سے خوش ہوتی ہے۔

دارا۔ یہی حال بابل میں بھی دیوی مَلتا کے میلے کے زمانہ میں ہوتا ہے۔

سفیر۔ قبرص میں بھی یہی رواج ہے جب میں مصر سے واپس ہوتے وقت

---

[1] ان عجیب مقبروں کے متعلق مورخ ہیرڈ کا بیان ہے کہ یہ غیر معمولی انسانی صناعی کا نمونہ تھے۔ انکے نشان ابھی تک شہر سارڈیس کے کھنڈروں کے قریب موجود ہیں۔ (ایڈیٹر)

وہاں اُترا تھا تو بہت سی خوبصورت لڑکیوں کا ایک غول میری پیشوائی کو آیا اور وہ سب گاتی بجاتی ہوئی مجھے اپنی دیوی کے کنج کی طرف لے گئیں جہاں مجبوراً مجھے کچھ انہیں اشرفیاں نذر دینا پڑیں۔ بعدہٗ ان میں سے سب سے زیادہ جو حسین و خوروش تھی وہ مجھے ایک خوشنما ارغوانی رنگ کے خیمہ کے اندر جو طرح طرح کے ساز و سامان سے آراستہ اور خوشبوؤں سے معطر تھا لے گئی اور مجھے اپنے ناز و نخرے و عشوہ گری سے دام میں لانے کی کوشش کرنے لگی۔

دارا۔ اگر یہ حال ہے تب تو دُوَہ یا کی عین تمنا بر آئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ بجائے بردیہ کی تیمارداری کے وہ اپنا زیادہ تر وقت سبل کے کنج میں گذارتا ہوگا۔ بڑا زندہ دل و سچا دوست ہے۔ میں اُس سے ملنے کا بہت منتظر ہوں۔

سفیر۔ ہاں۔ اور خصوصاً آج کل کہ آپ اس قدر افسردہ خاطر رہتے ہیں ایک ہمراز و ہمدرد دوست کی سخت ضرورت ہے۔

دارا۔ تم سچ کہتے ہو۔ میں اپنی طبیعت سے مجبور ہوں مگر میری افسردگی کا ایک سبب ہے۔ کرہی سس کا مقولہ مجھے یاد ہے کہ "افسردہ دلی و بدمذاقی دو باتوں سے پیدا ہوتی ہے۔ ایک تو بیکاری۔ دوسری طبیعت کی وہ کمزوری کہ انسان اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے"۔ اس کے صحیح ہونے میں کلام نہیں لیکن دارا کو آج تک کسی نے کمزوری طبع و کاہلی کا الزام نہیں دیا ہے۔ اگر میں دنیا پر حکمرانی نہیں کر سکتا تو کم از کم اپنی طبیعت کو تو قابو میں رکھ سکتا ہوں۔

یہ کہہ کر نوجوان نے ایک سرد آہ بھری اور آہ سرد بھر کے آسمان کی طرف دیکھا۔

سفیر۔ (دارا کی طرف بہت غور سے دیکھ کر) پسر گستاشپ! میرا دل بولتا ہے کہ تمہاری قسمت میں بڑی بڑی باتیں لکھی ہیں۔ کورش اعظم کا خواب بے معنی نہ تھا مجھے خوب یاد ہے کہ انھوں نے تمہارے والد سے ارشاد فرمایا تھا کہ اپنے لڑکے

کی خاص طور سے تربیت و خبر گیری کریں۔ تم اُس زمانہ میں بالکل بچہ تھے۔

**دارا۔** مگر ابھی تک میرے شانے خالی ہیں اور پر تو نمودار ہوئے ہی نہیں۔

**سفیر۔** وہ تمہارے شانوں سے نہیں بلکہ دماغ سے نکلیں گے۔ ذرا خبردار رہو۔ ایسی باتیں زبان سے نکالنا خطرناک ہے۔

**دارا۔** جب پر نکل آئیں گے تو کسی کوئیں یا غارِ عمیق میں گرنے کا کیا ڈر ہو سکتا ہے؟

**سفیر۔** ہاں مگر ممکن ہے کہ بازو جواب دے دیں۔

**دارا۔** یہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ میرے بازوؤں میں کبھی کمزوری نہ آئے گی۔

**سفیر۔** لیکن جو تم سے زیادہ طاقتور ہیں وہ ہی شاید تمہارے پروں کو توڑ کر بے بس ولاچار کر دیں۔

**دارا۔** مجھے کوئی بے بس نہیں کر سکتا اور نہ میں کسی سے ڈرتا ہوں۔ میں صرف حق کا خواہاں ہوں۔ اور مجھے اپنے ستارہ پر پورا بھروسہ ہے۔[۵۱]

**سفیر۔** اس ستارہ کا کیا نام ہے؟

**دارا۔** وہ میری پیدائش کا طالع مسعود ہے اور اُس کا نام اناہیتا[۵۲] ہے

---

۵۱ قدیم ایرانی نجوم پر کامل اعتقاد رکھتے تھے۔ ان کے خیال کے مطابق ۱۲ بروج اور سات سیارے ہمیشہ انسان کی زندگی پر اپنا اچھا یا برا اثر پہنچاتے رہتے ہیں۔ بغیر نجومی کی رائے کے کوئی اہم کام نہیں کیا جاتا تھا۔ بادشاہ کے دربار میں نجومیوں کی بڑی قدر تھی اور ہمیشہ انعام واکرام سے مالا مال کیے جاتے تھے۔ ہر شخص کا ایک نجم پیرا بھی مرکب کیا جاتا تھا۔ کہانت۔ پیشین گوئی پر بھی یقین تھا۔ جادو ٹونکا بھی مانتے تھے مگر جادوگروں کو نفرت سے دیکھتے تھے۔ آج کل بھی یہی اعتقاد ایران میں موجود ہیں۔ (رالنسن وغیرہ)

۵۲ ستارہ دنیس۔ ناہید یا زہرہ۔

سفیر۔ نہیں۔ میں اُسے تم سے زیادہ اچھی طرح جانتا ہوں۔ اس مبارک ستارہ کا نام علوالعظمی ہے۔ جس کی روشنی میں تم ایسی بڑی بڑی باتوں کا خیال کر رہے ہو۔ ذرا ہوشیار رہنا۔ میں بھی کسی زمانہ میں اُسی راہ پر قدم رکھ چکا ہوں جو نیکنامی و گمنامی دونوں کی طرف لے جاتی ہے مگر اُس کے رہرو کو سچی خوشی بہت کم نصیب ہوتی ہے۔ صاحب حوصلہ والوالعزم آدمی کی مثال ایک ایسے شخص کی ہے جو اپنے پیاس بجھانیکے لئے نمکین پانی پی رہا ہے۔ جس سے کبھی سیری نہیں ہوتی۔ اور شہرت و عظمت کی ہوا و ہوس ہمیشہ بڑھتی چلی جاتی ہے۔ میں ایک معمولی سپاہی سے سفیر شاہی کے معزز عہدہ پر پہنچا۔ تم کو بھلا اب کس بات کی خواہش و تمنا ہو سکتی ہے۔ سوائے اولاد کورش اور کون تم سے مرتبہ و عزت میں بڑا ہے۔ (سامنے نگاہ کر کے) اگر میری آنکھیں دھوکہ نہیں دیتیں تو چند سوار شہر سے نکل کر ہم سے ملنے آرہے ہیں۔ اور اُن کے آگے آگے جو دو شخص ہیں وہ شاید دُدہ یا اور گیجبیس ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس ہرکارہ نے جو بہت سویرے سرائے سے نکل کر چل دیا تھا ہماری آمد سے اُنھیں مطلع کر دیا ہے۔

دارا۔ ہاں وہی ہیں۔

سفیر۔ ذرا دیکھنا دُدہ یا تاڑ کے درخت کی ایک ٹہنی توڑ کر ہماری طرف کیسے زور زور سے ہلا رہا ہے۔

دارا۔ (خادموں سے) ذرا اس جھاڑی سے کچھ شاخیں توڑ کر جلدی لانا۔ ہم سبز تاڑ کا جواب سُرخ انار سے دیں گے۔

تھوڑی ہی دیر بعد دارا اور پرگزاسپ اپنے دوستوں سے گلے مل کر خوش آمدید کہنے لگے۔ اب یہ دونوں گروہ ساتھ ساتھ روانہ ہوئے اور جھیل کے قریب باغات سے ہوتے ہوئے ایک نہایت آباد و خوشنما شہر میں داخل ہوئے شام کا سہانا وقت تھا۔ ٹھنڈی ہوائیں چلنا شروع ہو گئی تھیں اور اکثر شہری سیر و تفریح کیلئے

باہر جا رہے تھے کہیں لیڈی سپاہی اپنی وردیاں و مرصع کار خود پہنے اور ایرانی جنگجو اپنے سروں پر قبہ نما ٹوپیاں رکھے زنانِ بازاری کے پیچھے پیچھے اکڑتے ہوئے جا رہے تھے آخر الذکر کے چہروں پر رنگ و روغن لگا تھا اور سروں پر پھولوں کے گجرے دہار بندھے ہوئے تھے۔ دوسری طرف کھلائیاں دائمیں چھوٹے بچوں کی انگلیاں پکڑے یا اُنھیں گود میں لئے جھیل کی طرف لئے جا رہی تھیں۔ تاکہ مرغابیوں و تیتوں کو دانہ کھلا کر اُنکے تیرنے کا تماشہ دکھائیں۔ کہیں کیلے کے درخت کے نیچے ایک اندھا جوگی اپنا بربت تارہ ہاتھ میں لئے بڑے دردناک لہجہ سے ایک گیت گا رہا تھا اور اُس کے چاروں طرف بہت سے لوگ کھڑے سُن رہے تھے۔ اور قریب ہی ایک کشادہ میدان میں بکثرت لڑکے و لڑکیاں نائن پن[۵۱] اور پانسے کھیل رہے تھے اور آپس میں ہنسی مذاق کرتے جاتے تھے۔ جب کوئی گیند کسی لڑکے کے لگتا یا اتفاق سے جھیل میں گر پڑتا تو ہر طرف سے چیخنے چلانے ہنسی و قہقہے کی آوازیں بلند ہونے لگتیں۔ ایرانی نووارد وں نے اس پُر لطف سین کی زیادہ پرواہ نہ کی۔ وہ اپنے دوستوں سے باتیں کرنے میں مشغول تھے۔ اور بروبیہ کی علالت کا حال پوچھ رہے تھے۔ ساردیس کا ایرانی گورنر یا ستراپ[۵۲] جس کا نام ارد وتز (یا۔ ارد) تھا۔ اپنے درباری لباس میں ایک

---

۵۱ نائن پن (Ninepins)۔

۵۲ (یونانی = ستراپ۔ قدیم فارسی = خشترہ پاون۔ زبانِ حال = حاکم یا مرزبان)

صوبہ جات کے اندرونی انتظام میں مرکزی حکومت زیادہ دخیل نہ تھی۔ اس کے مختلف اقوام و مذاہب کے لئے انہیں کے قوانین و رسم و رواج کی اتباع کی جاتی تھی۔ ہر صوبہ میں تین حاکم مقرر تھے پہلا گورنر والی یا ستراپ۔ یہ عموماً خاندانِ شاہی یا امیر الامرا کے طبقہ سے ہوتا تھا۔ اس کا کام خراج و مالگذاری وصول کرنا۔ سڑکوں کی حفاظت اور زراعت وغیرہ کو ترقی دینا۔ عدل و انصاف کرنا اہم معاملات کی بادشاہ کو اطلاع کرنا۔ اور اُس کے نام سے سفارتیں روانہ کرنا تھا۔ زمانہ جنگ میں

نہایت شاندار شخص معلوم ہوتا تھا اُس کی آنکھیں سیاہ اور چھوٹی چھوٹی جن پر گھنی و جڑواں بھوئیں سایہ افگن تھیں وہ اس وقت کری سس کے قدیم محل کے برنجی پھاٹک پر اپنے معزز مہمانوں کے استقبال کے لئے منتظر کھڑا تھا۔ ولایت لیدیہ اُس کی زیر حکومت تھی جو سلطنت میں سب سے زرخیز و متمول سمجھی جاتی تھی۔ اس کا دربار اپنی دشان و شوکت میں کچھ کم نہ تھا۔ اور گو اُس کا حرم اتنا بڑا نہ تھا تاہم غلاموں۔ خواجہ سراؤں اور سپاہیان خاصہ کی ایک کثیر تعداد تھی۔ غرضکہ تمام خدم و حشم و دیگر عمائد شہر بھی اس وقت اس کے جلو میں حاضر تھے۔ اس گورنر کا محل بھی نہایت پُر تکلف و شاندار تھا۔ کری سس کے زمانہ میں وہ دنیا کے مشہور و معروف محلوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ فتح سارڈیس کے بعد جب ایرانی لوٹ مار کر بادشاہ کا تمام خزانہ وغیرہ پارسا گرد لے گئے تو اس محل کی آرائش وغیرہ کو بہت نقصان پہنچا۔ اور شہر کی رونق بھی کم ہو گئی۔ مگر چند ہی سال بعد اہل لیدیہ اپنے پوشیدہ مال و دولت کو پھر خرچ کرنے لگے۔ اور کورش اعظم و کمبوجیہ کے عہد میں اس قدر امن و امان رہا کہ انکی

بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) فوج کی بھرتی اور رسد وغیرہ بہم پہنچانا بھی اُسی کا فرض تھا۔ سترپ کو سزائے موت اور سکہ زنی کا بھی اختیار تھا۔ اُسکے ماتحت بہت سے عہدہ دار تھے اور وہ اپنی حرم۔ خواجہ سراؤں۔ اور غلاموں وغیرہ کے ساتھ بڑی شان و شوکت سے عالیشان محلات میں رہتا تھا۔ اس کے ذاتی اخراجات کیلئے عموماً ملک کی آمدنی کا ایک حصہ وقف کر دیا جاتا تھا۔ اس کا عہدہ بشرطیکہ شہنشاہ خوش رہے مدت العمر کے لئے تھا آغاز زمانہ میں موروثی نہ تھا مگر آیندہ چل کر اولاد کو بھی منتقل ہونے لگا۔ دوسرا حاکم اُس فوج شاہی کا جو ولایت میں مقیم تھی سپہ سالار تھا۔ تیسرے کو وزیر خارجیہ یا ایک قسم کا مددگار شاہی سمجھنا چاہیئے۔ یہ تینوں خود مختار تھے اور شہنشاہ سے براہ راست خط و کتابت کر سکتے تھے۔ جس کا نتیجہ تھا کہ کوئی بغاوت نہ کر سکتا تھا۔ یہ انتظام خاصکر دارا کے زمانہ عہد میں ظہور میں آیا۔ (رالنس وغیرہ)

قدیم خوش حالی بہت کچھ واپس آگئی اور سارڈیس نہ صرف ایشیائے کوچک بلکہ دنیا کا سب سے زیادہ متمول شہر شمار ہونے لگا۔

دارا اور پرگزاسپ گو شاہی محلات و دربار کی شان و شوکت دیکھ چکے تھے مگر سارڈیس کے گورنر کا جب محل دیکھا تو انکی بھی عقل دنگ ہوگئی۔ سنگ مرمر کو وہ بہت بیش بہا خیال کرتے تھے۔ کیونکہ بابل، شوس اور اکباتان میں وہ نایاب تھا اور وہاں کے محل اینٹوں اور دیودار وغیرہ کی لکڑیوں سے بنائے گئے تھے مگر یہاں ہر فرش و در و دیوار پر اسی کا استعمال تھا۔ یا چکنے پتھروں کنکر و چونے کا خوشنما کام نظر آتا تھا۔ اس محل کے ایک بڑے ہال میں شاہزادہ بردیہ ایک پلنگ پر گدوں سے ٹیک لگائے لیٹا تھا۔ نووارد کو دیکھتے ہی اس نے ان کی طرف دونوں ہاتھ بڑھائے اور بڑی خوشی سے خوش آمدید کہا۔ تھوڑی دیر ملنے جلنے اور سترپ کے دسترخوان پر کھانے وغیرہ سے فارغ ہوکر سب دوست بردیہ کے کمرے میں گئے تاکہ بے تکلف گفتگو کرسکیں۔ سب سے پہلے دارا نے بردیہ سے پوچھا "یہ تو کہو کہ تم بیمار کیسے پڑ گئے؟"

بردیہ۔ بابل سے روانہ ہوتے وقت تمہیں معلوم ہی ہے کہ ہم سب کیسے صحیح و تندرست تھے۔ اور یہی حال جرماتک رہا جو ایک چھوٹا سا شہر دریا کے کنارے اثنائے راہ میں ملتا ہے۔ مگر یہاں پہنچتے ہی گرمی و دھوپ کی شدت بہت محسوس ہونے لگی۔ ہم سب گرد میں اٹے ہوئے سفر کی تکان سے چور گھوڑوں سے اترے۔ کپڑے اتارے اور دریا میں جو منزل کے قریب ہی تھا نہانے کے لئے فوراً کود پڑے۔ گیجیس نے بہت منع کیا لیکن ہمیں اپنی طاقت و جثہ پر ایسا گھمنڈ تھا کہ اس کے کہنے کی کچھ پرواہ نہ کی اور ٹھنڈے پانی میں بڑی دیر تک تیرتے رہے جب ہم سب نہا لئے اور گیجیس بھی اچھی طرح سستا لیا تو اس نے بھی کپڑے اتار کر

اطمینان سے نہانا شروع کیا۔ مگر وہ زیادہ دیر تک پانی میں نہ رہا۔ بعدہٗ ہم سب چل دیئے اور منزل بہ منزل گھوڑے بدلتے ہوئے رات بھر بڑی تیزی کے ساتھ سفر کرتے رہے جب الپیوس پہنچے تو مجھے سخت درد سر و اعضا شکنی محسوس ہوئی لیکن میں نے شرم کے مارے کسی سے حال بیان نہ کیا۔ آخر جب باجس پہنچے اور میں ایک نئے و تازہ دم گھوڑے پر سوار ہونے لگا تو معلوم ہوا کہ میری تمام طاقت یکایک زائل ہوگئی ہے اور فوراً بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑا۔

**دُدہ یا**۔ تمہارے بیہوش ہونے سے ہم بڑے گھبرا گئے۔ خوش قسمتی سے گیجبیس ساتھ تھے ورنہ میرے تو ہوش و حواس جاتے رہے۔ اُنکے اوسان بجا رہے اور تھوڑی دیر سرزنش و ملامت کرنے کے بعد اُنہوں نے ایک عقلمند جنرل کی طرح کام لیا۔ فوراً ایک طبیب کو بلایا مگر یہ شخص عجیب احمق تھا۔ اس نے بردیہ کو دیکھتے ہی کہا کہ اب انکے بچنے کی کوئی امید نہیں۔ اس پر مجھے ایسا غصہ آیا کہ میں نے حکیم کو پکڑ کر خوب ٹھونکا۔

**سترپ**۔ (ہنس کر) ہاں مگر مجھے معلوم ہوا کہ تمہاری اس سزا کی اُس نے کچھ پروا نہ کی۔ بلکہ بہت خوش ہوا کیونکہ بعدہٗ تم نے اُس کی جسم کی ہر خراش و چوٹ کو گن کر ایک ایک اشرفی انعام دی۔

**دُدہ یا**۔ (مُنہ بنا کر) ہاں۔ میری لڑنے بھڑنے و مار کوٹ کی ایسی خراب عادت ہے کہ اس سے اکثر سخت مالی نقصان پہنچتا ہے۔ خیر تو اُس کے تھوڑی دیر بعد بردیہ نے آنکھیں کھول دیں۔ گیجبیس نے مجھ سے کہا کہ فوراً سار دیس جا کر کوئی اچھا حکیم اور ایک آرام دہ گاڑی لے آؤ۔ میں گھوڑے پر بیٹھتے ہی سرپٹ ہوگیا۔ اپنی شہسواری پر مجھے ناز ہے۔ اُس دن میں نے اس کا حق ادا کر دیا۔ یعنی شہر پہنچنے کو ابھی چند میل باقی تھے کہ میرا تیسرا گھوڑا بے دم ہو کر زمین پر بیٹھ گیا۔ میں پاپیادہ دوڑتا ہوا

شہر پناہ کے پھاٹک پر آیا۔ لوگ مجھے دیوانہ سمجھے ہونگے۔ یہاں پہلا سوار جو مجھے نظر آیا وہ سلینی کا ایک تاجر تھا۔ میں زبردستی اس کا گھوڑا چھین کر خود سوار ہو گیا اور صبح ہوتے ہوتے سارڈیس کے ایک مشہور حکیم کو ایک عمدہ گاڑی میں ساتھ لئے ہوئے مریض کے پاس آپہنچا اور اسی گاڑی میں لٹا کر بہت آرام سے آہستہ آہستہ یہاں لایا اب انھیں دس روز تک بخار چڑھا رہا اور ہذیان کا ایسا سخت دورہ ہوا کہ بیان سے باہر ہے۔ یہ حالت دیکھ کر مجھے اس قدر وحشت و پریشانی ہوئی کہ اب بھی خیال آجاتا ہے تو پسینہ پسینہ ہو جاتا ہوں۔

بردیہ نے اپنے دوست کا ہاتھ بڑی محبت سے پکڑ کر دارا سے کہا۔ انھوں نے اور گبریاس نے میری جان بچالی۔ یہ دونوں ایک لحظہ بھر بھی میرے پاس سے جدا نہیں ہوئے۔ اور میری ایسی خدمت کی ہے کہ شاید کوئی ماں بھی اپنے بیمار بچے کی نہ کرتی۔ میں ارو تز کا بھی بہت ممنون ہوں کہ میری وجہ سے انھیں بڑی زحمت گوارا کرنی پڑی۔

دارا۔ یہ کس طرح؟

بردیہ۔ پولی کراتیس جس کا نام ہم اکثر مصر میں سنتے تھے اس کے دربار میں ایک مشہور و معروف یونانی طبیب ہے۔ جب میں یہاں آکر بیمار پڑا تو ارو تز نے اس حکیم کو جسے ڈی موسیدیس کہتے ہیں۔ ایک خط لکھا اور سارڈیس آنے کیلئے کثیر زر و جواہر کی لالچ دی۔ اتفاق سے ساموس کے دریائی قزاقوں نے جنکے دستبرد سے یہاں کا کوئی ساحل محفوظ نہیں ہے اس قاصد کو پکڑ لیا اور ہمارے سترپ کا خط پولی کراتیس کو جا کر دے دیا۔ اس نے پڑھ کر یہ جواب دیا کہ ڈی موسیدیس میرا نوکر ہے اگر ایرانی حاکم کو اس کی ضرورت ہے تو مجھ سے درخواست کرے۔ ہمارے معزز دوست نے میری وجہ سے یہ بھی گوارا کیا اور اسے نہایت

عاجزی کے ساتھ حکیم کو یہاں بھیجنے کے لئے لکھا۔

**پرکزاسپ** - پھر اس کا **پولی کراتیس** نے کیا جواب دیا۔

**بزرویہ** - وہ ایک سخت مغرور شخص ہے جب اُسکی ضد پوری ہوگئی تو اُس نے حکیم کو بھیجدیا جس کے علاج سے تم دیکھتے ہو کہ کتنی جلدی میں تندرست ہوگیا۔ ابھی چند روز ہوئے کہ حکیم بہت سے بیش بہا تحائف اور انعام لیکر یہاں سے مالا مال اپنے مالک کے پاس چلا آیا ہے۔

**زیرڈس** - مجھے خوب معلوم ہے کہ کیوں **پولی کراتیس** اس حکیم کو کبھی اپنے پاس سے جدا نہیں ہونے دیتا۔ دارا یقین مانو کہ اس کا ثانی آج کل دنیا میں کوئی نہیں ہے وہ منوچہر[۵۱] کی طرح حسین و جمیل پیران[۵۲] ویسہ کی طرح دانا و ہوشیار۔ رستم[۵۳] کی مانند بہادر و قوی اور مقدس

---

۵۱ یہ عہد پیشدادیان کا ایک مشہور (روایتی) بادشاہ گذرا ہے۔ یہ فریدوں کا پوتا تھا جس کے باپ ایرج کو اُس کے دو بھائیوں سلم و تور نے مار ڈالا۔ منوچہر جب جوان ہوا تو اُس نے ان سے بدلہ لیا۔ اسی کا وزیر سام رستم کا دادا حاکم سیستان تھا۔ منوچہر کے زمانہ میں ایران و توران کی جنگ شروع ہوگئی اور افراسیاب نے اُسے مار کر ۱۲ برس تک ایران پر حکومت کی۔ (شاہنامہ)

۵۲ پیران ویسہ۔ یہ افراسیاب کا وزیر اپنی عقل و دانش میں مشہور تھا۔ اس نے سیاوش کے قتل سے بادشاہ کو بہت منع کیا۔ اپنے ملک کی نہایت وفاداری کے ساتھ خدمت کی۔ بالآخر مارا گیا۔

۵۳ رستم۔ ایران کے اس مشہور و معروف ہیرو سے کون واقف نہیں ہے۔ اسکے حالات زیادہ تر روایتی ہیں اور تاریخ و کتابات میں کہیں پتہ نہیں لگتا۔ مشہور ہے کہ اس کا باپ زال تھا جس کی پرورش سیمرغ نے کی تھی۔ اس کی ماں رودابہ دختر مہراب شاہ کابل تھی۔ یہ سب سے پہلے کیقباد کو جو اولاد منوچہر سے تھا اور افراسیاب کی فتح کے بعد کوہ البرز میں گوشہ نشین تھا نکال کر لایا۔ اور تورانیوں کو شکست دیکر اُسے تخت ایران پر بٹھایا تھا۔ بعدہٗ جب دوسرے کیانی تاجدار یعنی کیکاؤس نے مازندران پر فوج کشی کی۔ دیو سفید سے شکست کھائی تو رستم ہی نے ہفت خوان سر کرنے کے بعد اُسے دشمن کی قید سے نجات دلائی۔ اس نے اپنے بیٹے سہراب کو دھوکہ میں مار ڈالا جو شاہنامہ کا

سوما[۱] کی طرح مددگار و عقدہ کشا ہے۔ تم اُسے بڑے بھاری لوہے کے حلقے پھینکتے ہوئے ذرا دیکھو تو حیران ہو جاؤ۔ میں بھی طاقت میں کچھ کم نہیں ہوں لیکن جب مجھ سے اور اُس سے ایک دن کشتی ہوئی تو چند منٹ میں مجھے زمین پر اُس نے چت کر دیا۔ علاوہ بریں وہ ایسا پُر مذاق و زندہ دل ہے۔ اور ایسے عمدہ قصّے و کہانیاں جانتا ہے جن کے سُننے سے کبھی سیری نہیں ہو سکتی۔

دارا۔ ہمارے ایران میں بھی آج کل ایسا ہی ایک یونانی موجود ہے۔ فینیس کو تم بھول گئے جس نے ہمیں موت کے مُنہ سے بچایا تھا۔

دُدُہ یا۔ دی موسیدس۔ کروتن کا باشندہ ہے جو شاید سمت مغرب کوئی مشہور شہر ہے۔

---

بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) ایک نہایت غمناک واقعہ ہے۔ اس زمانہ میں تورانی پھر حملہ آور ہوئے اور کیخسرو (تیسرا کیانی تاجدار) نے اسی ہیرو کی مدد سے افراسیاب کو مغلوب کر کے اُسے قتل کیا۔ بعد ازاں گشتاسپ کے عہد میں توران سے پھر جنگ چھڑ گئی ایرانیوں کو ہزیمت ہوئی۔ سہراسپ و زرد شت مارے گئے۔ اسفندیار اپنے باپ گشتاسپ کی مدد کو آیا اور رُہنیم کو شکست دیکر تاج و تخت کا طلبگار رہا۔ مگر بادشاہ نے اُسے دھوکہ دیکر رستم کو پکڑ لینے کے لئے بھیجا۔ ایک سخت لڑائی ہوئی جس میں اسفندیار مارا گیا۔ بعدہٗ چند سال بعد رستم بھی اپنے بھائی کی دغا دہی سے ایک غار میں گر کر مر گیا۔ ان روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ رستم سوائے بہمن کے اور تمام شاہان کیانی کے زمانہ تک زندہ رہا۔ (شاہنامہ)

[۱] "ہوما" در رگ ویدا "سوما" اشتقاق ایں اسم از ہو یا سو بمعنی شیرہ فشردہ می شود۔ سبزہ ایست کہ در کوہ پیدا می شود۔ اور ازاں قوم آریا و ہند شراب درست میکردند۔ در رگ وید می نویسد کہ اورا سیمرغ یا عقاب از آسمان بزمین فرود می آورد۔ ایرانیاں باستان اورا شاہ نبات گفتہ اند۔ بقول آنہا غذائے است کہ صحت و عمر طولانی می دہد و بیماری را رفع می کند و از میان آب می دوید (مرزا عباس ایران نامہ)

اروتز - اور جہاں اتھنز کی طرح سب یونانی بستے ہیں۔ میرے نوجوان دوستو! ان لوگوں سے بہت ہوشیار رہنا۔ یہ بڑے فتنہ پرداز۔ جھوٹے و دغاباز ہوتے ہیں اور ساتھ ہی علم و ہنر حسن و جمال۔ دلیری و قوت میں بھی اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتے

دودُہ یا۔ ڈی موسیدس نہایت شریف النفس آدمی ہے۔ اور صداقت و راستگوئی کا شیدا ہے۔

دارا۔ فنیس کو بھی تو کربی سس ایسا ہی کہتے ہیں۔

بردیہ۔ اور سافو بھی ہمیشہ فنیس کی تعریفیں کرتی تھی۔ خیر اب یونانیوں کا ذکر جانے دو۔ کیونکہ اروتز کو ان سے سخت نفرت ہے۔ وہ ہمیشہ اُنکے باغیانہ حرکات سے نالاں رہتے ہیں۔

اروتز۔ سچ کہتا ہوں ایک یونانی شہر کا قابو میں رکھنا۔ دجلہ و فرات کے مابین تمام شہروں پر حکومت کرنے سے زیادہ دشوار و مشکل ہے۔

اثنائے گفتگو میں دُدُہ یا کھڑکی کے قریب چلا گیا تھا وہاں سے اس نے سترپ کی بات کاٹ کر یہ کہا "ستارے آسمان پر اب بہت اونچے ہو گئے ہیں۔ بردیہ کے آرام کا وقت آرہا ہے۔ دارا! اب جلدی کرو اور گھر کی خبریں ہمیں سناؤ" دارا نے گردن کے اشارہ سے ہاں کہا اور اُن واقعات کا جن سے ہم واقف ہو چکے ہیں ذکر کرنے لگا۔ نتتیس کی وفات کا حال سُنکر بردیہ کو بہت رنج ہوا۔ اور اماسس کی دھوکہ بازی و دروغ گوئی سے سب حیرت و افسوس کرنے لگے۔

دارا۔ دختر فرعون کے حسب و نسب کا اصلی حال معلوم ہوتے ہی کمبوجیہ بالکل بدل گیا۔ اُس نے تمام اُمرا کو مجلسِ شوریٰ کے لئے بُلایا۔ اور دعوت کے وقت ماتمی کپڑے اُتار لباسِ شاہانہ پہن کر بیٹھا۔ تم خیال کر سکتے ہو کہ کس جوش و خوشی کے ساتھ سب نے مصر پر فوج کشی کی رائے و تجویز پسند کی۔ کرسی س جو اماسس کے

خیر خواہ تھے اور ہمیشہ امن و امان کی صلاح دیا کرتے تھے اُن تک کی زبان سے اس جنگ کے خلاف کوئی کلمہ نہ نکلا۔ دوسرے دن حسب معمول جن باتوں پر حالتِ مے نوشی میں بحث ہو رہی تھی اُن پر سنجیدگی کے ساتھ غور و فکر کی گئی۔ متعدد تجاویز و رایوں کے بعد فینیس نے تقریر کی اجازت مانگی اور ایک گھنٹہ تک ہم سب کو خطاب کیا۔ اس شخص نے اتنی جلدی ہماری زبان پر قدرت و کمال حاصل کر لیا کہ مجھے سخت حیرت ہوتی ہے اس کی زبان میں عجب فصاحت و شیرینی تھی۔ منھ سے الفاظ موتیوں کی طرح جھڑ رہے تھے۔ کبھی رُلا دیتا تھا کبھی ہنسا دیتا تھا اور کبھی مارے غیظ و غضب کے سب اپنے آپے سے باہر ہو جاتے تھے۔ اس کا طرز کلام ایک رقاصہ عورت کی اداؤں سے کچھ کم دلکش نہ تھا۔ ساتھ ہی اس میں مردانہ پن۔ خودداری اور شان بھی پائی جاتی تھی۔ میں اُس کے الفاظ دُہرا نہیں سکتا۔ کیونکہ اپنی زبان سے جو کچھ کہونگا وہ ایسا ہی ہوگا جیسے بادل کی گرج کے سامنے پھٹے ہوئے ڈھولوں کی آواز سُنائی دیتی ہے۔ غرضکہ جب بکمال جوش و خروش ہم سب نے جنگ کا فیصلہ کر دیا تو فینیس نے پھر ایک تقریر کی اور ہمیں بتایا کہ کن تدابیر سے فتح نہایت آسانی سے حاصل ہو سکتی ہے۔ ابھی اسی قدر کہنے پایا تھا کہ دارا کو مجبوراً خاموش ہونا پڑا کیونکہ دُدہ یا مارے خوشی کے اُچھلتا کودتا اس کے گلے لپٹ گیا۔ اور چلا چلا کر اپنی مسرت کا اظہار کرنے لگا۔ بردیہ گیجیس اور اردنز بھی کچھ کم خوش نہ تھے سب نے دارا سے مزید حالات بیان کرنیکی درخواست کی۔

دارا۔ ماہ فروردیں[۱] میں ہماری فوج مصر کی سرحد پر پہنچ جانی چاہیئے کیونکہ امرداد[۲] میں دریائے نیل کی طغیانی شروع ہو جانے سے اس کی نقل و حرکت مشکل ہو جائے گی۔ فینیس آج کل اہل عرب سے اتحاد قایم کرنے اُنکے ملک گیا ہے۔ تاکہ ریگستان میں وہ ہماری رہنمائی کریں اور پانی بھی ہماری افواج کے لئے بہم پہنچاتے رہیں وہاں سے

---

۱ - مارچ۔ ۲ - اپریل

اس کا ارادہ قبرس جانے کا ہے۔ یہ جزیرہ مصریوں نے اسی کی مدد سے فتح کیا تھا اور اُسی کے کہنے سے وہاں کا حاکم پھر بحال کیا گیا تھا اس لئے وہ اس کا بہت احسانمند ہے اور اس کی صلاح پر ضرور عمل کریگا۔ یونانی نے ان باتوں کا بندوبست اور انتظام اپنے ہی ہاتھ میں لے لیا ہے اور تمام عالم کے مختلف حالات سے ایسا واقف معلوم ہوتا ہے کہ گویا سب اُسی کی ملکیت سے ہیں۔ اُسکے پاس دنیا کے کل ممالک کا ایک نقشہ بھی تانبے کے پتر پر موجود ہے جسے ایک دن ہمیں دکھاتا تھا۔

**ارو ترز** - میرے پاس بھی ایک ایسا ہی مرقع جسے **ہکاتیوس**[۵۱] باشندۂ **ملیسیا** نے جو ایک مشہور سیاح ہے اپنے پروانۂ راہداری کے عوض میری نذر کیا تھا۔

**زیروس** - یہ یونانی بھی عجیب وغریب چیزیں ایجاد کرتے ہیں۔

**ارو ترز** - کل تمہیں دکھاؤں گا۔ تانبے کے ایک بڑے سے پتر پر کندہ ہے۔ اس وقت دارا کی باتوں میں مخل نہ ہونا چاہئے

**دارا** - **فینیس** تو ملکِ عرب چلا گیا۔ اور **پرکزاسپ** تمہیں بادشاہ کا یہ حکم سُنانے روانہ کئے گئے کہ بہت جلد فوج **ایونیان** اور **اہل کاریہ** کی بھرتی شروع کردو۔ اور **پولی کراتیس** کو بھی ہمارا حلیف بنانے کی کوشش کرو۔

**سترپ** - (چپیں بہ جبیں ہوکر) ایک ڈاکو وقزاق سے امداد واتحاد کے کیا معنی؟

**پرکزسپ** - اس کے پاس بہت سے عمدہ جہازات ہیں جن کی ہمیں ضرورت ہوگی۔ **فینیس** سے اُس نے وعدہ بھی کرلیا ہے۔

---

۵۱ ہکاتیوس نے انکسی مندر کے نقشہ کی اصلاح کی اور دنیا کی ایک تاریخ لکھی جو قدیم زمانہ میں بہت مشہور تھی۔ افسوس ہے کہ سوائے چند اوراق کے اب یہ کتاب بالکل مفقود ہوگئی۔ شیخص ۵۵۰ ق م میں پیدا ہوا تھا۔

سب سے قدیم نقشہ مصری سونے کی کانوں کا ہے جو آنکل نیورن کے عجائب خانہ میں موجود ہے (پروفیسر ایبر)

**اروتز** - میرے خیال میں تو **فینیقی** - **شامی** اور **ایونیان** جہازات مصری بیڑے کو تباہ کرنیکے لئے بالکل کافی ہونگے -

**پرکزسپ** - یہ ٹھیک ہے - لیکن اگر **پولی کراتیس** ہمارے خلاف ہوگیا تو سمندر پر قبضہ رکھنا بہت مشکل ہوجائے گا - تم نے ابھی خود کہا تھا کہ بحر **اجین**[1] پر آج کل اُسی کی حکومت ہے -

**سترپ** - تاہم مجھے یہ پسند نہیں کہ ایک ڈاکو کو اپنا حلیف بناؤں -

**پرکزاسپ** - مجبوری ہے - ہمیں آج کل زبردست مددگاروں کی سخت ضرورت ہے اور اس میں کلام نہیں کہ **پولی کراتیس** کا بیڑا بڑا طاقت ور ہے - جب اس کی مدد سے مصر فتح ہوجائے گا تو پھر اُس کا غرور توڑنے کا وقت آئیگا اور اُس کی بھی خبر لی جائے گی - فی الحال تم اپنے غصہ کو ضبط کرو - اور صرف ہماری مہم عظیم کی کامیابی کا خیال دل میں رکھو - میرے یہ الفاظ بادشاہ کی طرف سے ہیں - یہ اُسی کا فرمان والا شان ہے جس کے ثبوت کے لئے تمہیں یہ انگشتری دکھاتا ہوں -

**اروتز** - مہر شاہی[2] کو دیکھتے ہی سروقد کھڑا ہوگیا اور نہایت ادب سے سر جھکا کر کہنے لگا شہنشاہ کا میرے متعلق کیا ارشاد ہے -

---

[1] بحر قلزم -

[2] - مہریں قدیم زمانہ کی صناعی کی ایک خاص مثال ہیں وہ عموماً بیش بہا پتھروں و جواہرات سے بنائی جاتی تھیں اور اکثر بادشاہ کا نام یا شبیہ اُن پر کندہ ہوتی تھی - زمانہ موجودہ میں بعض قدیم ایرانی مہریں دستیاب ہوئی ہیں - جو نہایت خوشنما و دلچسپ ہیں - مثلاً دارائے دوم کی ایک انگشتری ہے جس پر تاڑ کے دو درخت ادھر اُدھر ہیں اور ان کے درمیان ایک رتھ پر بادشاہ مع اپنے رتھ بان کے نظر آتا ہے وہ ایک شیر کو تیر مار رہا ہے جو زخمی ہوکر پچھلے پنجوں پر کھڑا ہوکر حملہ کرنا چاہتا ہے - شیر کے جسم پر جو نیچے پڑا ہے رتھ کے پہیے عنقریب گذرنے والے ہیں اور مقدس شبیہ اوپر اڑ رہی ہے - اوپر

سفیر۔ اس کا حکم ہے کہ حتی المقدور حاکم ساموس سے اتحاد قایم کرنے کی کوشش کرو۔ اور اپنی فوج جمع کر کے جہاں تک جلد ہو سکے افواجِ شاہی سے بابل کے میدان میں آکر مل جاؤ۔

سترپ زبان سے تو کچھ نہ کہہ سکا مگر دل میں بہت جھنجلاتا ہوا غصہ میں بھرا کمرے کے باہر چلا گیا۔ جب وہ دور نکل گیا تو دُدہ یا نے آہستہ سے کہا "یہ غریب قابلِ رحم ہے۔ بھلا کس طرح اب ایسے مغرور شخص کی خوشامد کرے جو اس سے نہایت گستاخانہ پیش آیا تھا۔ حکیم کا واقعہ ابھی اس کے دل سے بھولا نہیں ہے"۔

دارا۔ تم بڑے نیک دل ہو۔ مجھے تو اروتز کا برتاؤ پسند نہیں آیا۔ شہنشاہ کا فرمان سُنکر اُسے ہرگز ایسا برافروختہ نہ ہونا چاہیے تھا۔ تم نے شاید دیکھا نہیں کہ جب پرکزاسپ نے اُسے مُہرِ شاہی دکھائی تو کس غصہ سے اُس نے اپنے ہونٹ چبا کر مُنہ پھیر لیا۔

سفیر۔ اس شخص کے اطوار باغیانہ معلوم ہوتے ہیں۔ شہنشاہ کو اس کی اطلاع دینا چاہیے۔ بردیہ۔ کہیں ایسا غضب نہ کیجئے گا۔ بھائی جان کو اس کی خبر نہ ہونے پائے ورنہ اس غریب کی جان کی خیر نہیں ہے۔ میں اُس کا بہت ممنون احسان ہوں کیونکہ اُسکی وجہ سے میں نے دوبارہ زندگی پائی ہے۔

---

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) داہنی جانب تین زبانوں میں لکھا ہے "میں دارا ہوں شہنشاہِ اعظم"۔ دوسری مہر جو پٹروگراڈ کے عجائب گھر میں ہے ایک طلائی خول کے اندر ہے۔ بائیں طرف تاڑ کا درخت ہے۔ سامنے بادشاہ کاندھے پر کمان ڈالے اپنے ہاتھ سے ایک دشمن کو جو گھٹنوں کے بل بیٹھا ہوا رحم کا خواستگار ہے نیزہ مارنے والا ہے۔ اُسکے پیچھے چار شخص جن کی مشکیں بندھی ہوئی اور گردنوں میں ایک رسی پڑی ہوئی ہے کھڑے نظر آتے ہیں۔ بادشاہ کا لباس جنگی ہے۔ سر پر بجائے تاج کے سپاہیوں کی ٹوپی ہے۔ یہ غالباً دارائے اعظم ہے اور اس کا مغلوب قیدی شاید بابل کا سرکش فرماں روا ہے۔

(رالنس وغیرہ)

پرکزاسپ سر جھکا کر خاموش ہو گیا مگر دارا نے جواب دیا "بہر حال ہمیں اسکی طرف سے اب ہوشیار رہنا چاہیئے۔ خاص کر ایسے ملک میں جو دارالخلافت سے اتنی دور ہے۔ ہمیں ایک ایسے والی کی ضرورت ہے جو شہنشاہ کا حکم بے چون وچرا بجالائے اور اروتز کی طرح اپنے آپ کو لیڈیہ کا خود مختار حاکم نہ سمجھے۔

**دُدُہ یا**۔ تم اُس غریب سے ایسی جلدی ناراض کیوں ہو گئے؟

**دارا**۔ بعض لوگوں سے ملتے ہی فوراً میرے دل کو معلوم ہو جاتا ہے اور ان کی طرف سے اُنس یا سوءظن پیدا ہو جاتا ہے۔ اروتز کے مُنہ سے ابھی ایک لفظ بھی نہ نکلا تھا کہ اس کی صورت دیکھتے ہی مجھے نفرت ہو گئی۔ یہی کیفیت **سامتیک** کو دیکھ کر ہوئی تھی مگر بخلاف اس کے **اماسس** اسکے باپ سے مل کر میں بہت خوش ہوا تھا

**دردہ یا**۔ (ہنس کر) ہم نہ ایسے روشن ضمیر ہیں اور نہ آپ کی طرح مردم شناسی کا یہ مادہ ہے اچھا اب غریب اروتز کو جانے دیجئے۔ اچھا ہوا وہ چلا گیا۔ اب گھر کا کچھ حال سُنایئے ملکہ **کاسندانہ** اور آپ کی محبوبہ **اتوسا** کا کیا حال ہے۔ **کری سس** کیسے ہیں میری بیویاں تو اچھی ہیں۔ اُن کے دل بہلانے کے لئے میں نے ایک اور ڈھونڈھ نکالی ہے۔ شاید آپ کو معلوم نہ ہوگا کہ اروتز کی مہ جبین دختر سے کل میرا عقد ہونے والا ہے۔ ابھی تھوڑے ہی دن ہوئے کہ آنکھوں ہی آنکھوں میں ہم دونوں کے دل ملگئے کچھ کہنے سُننے کی بھی نوبت نہ آئی۔ مگر اشاروں ہی سے مزے مزے کی باتیں ہو گئیں اور سب معاملہ طے ہو گیا۔" دوست یہ سُنکر ہنسنے لگے۔

**دارا**۔ اب میں ایک خبر سُناتا ہوں جسے میں نے سب سے آخر کہنے کے لئے رکھ چھوڑا تھا۔ کیونکہ اس سے بڑھ کر کوئی خوشی کی بات نہیں ہو سکتی۔ **بردیہ**! کان لگا کر سُنو۔ تمہاری والدہ مکرمہ ملکہ **کاسندانہ** کی آنکھوں میں بینائی آگئی۔ ہاں۔ ہاں۔ سچ کہتا ہوں اس میں سرمو فرق نہیں۔ کس کے علاج سے فائدہ ہوا؟ اجی وہی

رونی صورت مُردہ دل مصری کحال جس کا غرور وخشک مزاجی آج کل اور زیادہ بڑھ گئی ہے
بس اب سوالوں کی بوچھار نہ کرو۔ ورنہ باتیں کرتے کرتے صبح ہو جائے گی۔ اور تمہیں
سونا نصیب نہ ہوگا۔ ہم سب کو اب یہاں سے چل دینا چاہئے۔ کیونکہ سب سے اچھی
خبر تو میں نے کہہ دی۔ جسے سُنکر تمہیں اچھے اچھے خواب نظر آئیں گے۔ نہ جانے دو گھڑی
اچھا تو متھرا کی قسم میں بھی بک بک کئے جاؤنگا۔ گو چند باتیں ایسی ہیں جن کا ذکر کرنے
سے مجھے افسوس آتا ہے۔ پہلے بادشاہ سے شروع کرتا ہوں۔ جب تک **فینیس**
بابل میں موجود رہا دختر فرعون کا غم اُس کے دل سے بظاہر جاتا رہا تھا۔ یونانی کو ایک
لحظہ بھی جدا ہونے کی اجازت نہ تھی اُسے نئی نئی باتیں سوجھتی تھیں اور نہ صرف کمبوجیہ
بلکہ ہم سب اُس کی صحبت سے لطف اُٹھاتے تھے۔ ہر شخص اُس سے الفت کرتا
تھا جس کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ کسی کو اُس سے رشک وحسد نہ تھا۔ ہر صبح وہ بادشاہ
وسب درباری نوجوان امیرزادوں کی ورزشوں کا تماشہ دیکھتے تھے۔ لڑکے اپنی تیر
کمان لئے ہوئے گھوڑوں پر سوار دوڑاتے ہوئے بالو یا ریت کے ٹیلوں کے قریب سے
گذرتے تھے اور ان مٹکیوں پر جو اُن پر رکھی تھیں نشانہ مارتے تھے۔ پھر لکڑی کی گیندیں
ایک دوسرے کی طرف پھینکتے تھے اور بڑی ہوشیاری سے اپنے آپ کو بچاتے
تھے۔ فینیس کو ماننا پڑا کہ اس قسم کے کھیل اُسے نہیں آتے۔ لیکن نیزہ بازی یا کشتی
لڑنے میں وہ ہم سب سے مقابلہ کرنے کے لئے تیار تھا۔ نہایت پھرتی کے ساتھ
گھوڑے سے کود کر نیچے آتا۔ اپنے کپڑے اُتار دیتا اور لڑکوں کے اُستاد پہلوان کو
پھول کی طرح اُٹھا کر پھینک دیتا۔ پھر دوسرے لوگوں کو جنھیں اپنے زور بازو پر ناز تھا
اُس نے اچھی طرح نیچا دکھایا اور اگر تھک نہ گیا ہوتا تو شاید مجھے بھی ہرا دیتا۔ میں اُس سے
طاقت میں کم نہیں ہوں بلکہ اُس سے زیادہ بھاری بوجھ اُٹھا سکتا ہوں۔ مگر وہ غضب
کا پھرتیلا ہے اور ایسے داؤں پیچ کرتا ہے کہ آدمی حیران رہ جاتا ہے اُسے اپنے

برہنہ جسم سے بڑی مدد ملتی ہے۔ ہمیں تو شرم آتی ہے ورنہ اُسی کی طرح ننگے ہو کر اپنے بدن پر زیتون کا تیل مل کر کشتی لڑتے۔ اُس نے نیزہ بازی میں ہم سب کو ہرا دیا۔ مگر بادشاہ سے جو اپنے کو تمام دنیا میں سب سے بڑھ کر نشانہ باز سمجھتا ہے تیر اندازی میں سبقت نہ لے جا سکا۔ فینیس کو ہمارے ملک کا یہ قاعدہ بہت پسند آیا کہ کشتی کے بعد ہارنے والا جیتنے والے کے ہاتھوں کا بوسہ لیتا ہے۔ پھر اُس نے ایک نئی ورزش ہمیں دکھائی جسے مکّہ بازی کہتے ہیں وہ کسی آزاد شخص پر اُسے آزمانا نہیں چاہتا تھا۔ اسلئے بادشاہ نے میرے سائیس غلام لسبوس کو بلایا جو ہمارے یہاں کے تمام خادموں سے زیادہ تنومند و طاقت ور ہے اور اُس کی قوت کا یہ حال ہے کہ گھوڑے کے پچھلے پیر اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیتا ہے تو وہ ٹس سے مس نہیں کر سکتا۔ اس دیوزاد غلام نے جو قد میں فینیس سے پورے ایک بالشت بھر اونچا ہوگا یونانی کا جثہ و قد و قامت دیکھا تو ہنسنے لگا اور اُس پر ترس کھا کر اپنے شانے ہلانے لگا۔ غرضکہ پہلے اُسی نے یونانی کو اس زور سے ایک گھونسا رسید کیا کہ اگر کسی ہاتھی کے لگتا تو فوراً بیٹھ جاتا۔ فینیس نے بڑی پھرتی و چالاکی کے ساتھ اُسے رد کیا اور ایک ایسا مکّہ مارا جو اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان پیشانی پر لگا۔ اور وہ تیورا کر چیخ مار کر زمین پر گر پڑا۔ جب یونانی نے اُسے اُٹھایا تو اُس کی ناک و مُنہ سے خون کی ایک دھار جاری تھی اور اُس کا چہرہ چقندر کی طرح سُرخ و ترلوز کی طرح پھول کے کُپّا ہو گیا تھا۔ لڑکوں نے یہ تماشا دیکھا تو خوشی کے مارے چلّانے و اُچھلنے لگے۔ ہم نے بھی یونانی کی ہنرمندی کی داد دی اور بادشاہ کے ساتھ مل کر سب اُس سے ہنسی مذاق کرنے لگے۔ وہ اپنا باجہ (لیوت) ہاتھ میں لیکر بجانے لگا اور یونانی گیت گا کر ہم سب کے سامنے ناچنے و تھرکنے لگا۔

اسی اثنا میں نبنچاری مصری کحال کے عمل جراحی سے ملکہ کاسندانہ کی آنکھیں اچھی ہو گئیں۔ ان میں بینائی آ گئی۔ اور بادشاہ کی افسردہ دلی اور بھی کم ہو گئی

غرضکہ تمام باتیں میرے موافق تھیں اور میرے والد اتوسا سے میری شادی کا پیغام دینے ہی والے تھے کہ اتنے میں فینس عرب چلا گیا اور سب کایا پلٹ ہو گیا۔ یونانی کے رخصت ہوتے ہی یہ معلوم ہوا کہ گویا سینکڑوں دیو خبیث بادشاہ کے لپٹ گئے وہ پھر خاموش و مغموم رہنے لگا۔ لوگوں سے بولنا چالنا ترک کر دیا اور سویرے تڑکے بڑے بڑے جام شراب کے چڑھانے لگا تاکہ یوں غم غلط ہو جائے۔ شام کے وقت بھی وہ نشہ میں ایسا مدہوش ہوتا تھا کہ لوگ دربار سے اٹھا کر لے جاتے تھے۔ صبح کے وقت جب سو کر اٹھتا تو درد سر و تشنج کے مارے بیتاب ہوتا تھا۔ تمام دن وہ کسی گم شدہ شے کی جستجو میں ادھر اُدھر گھومتا پھرتا اور رات کو اکثر اس کی زبان پر تتیس کا نام ورد رہتا تھا۔ حکیم و طبیب یہ حالت دیکھ کر بہت پریشان ہوئے۔ انکی دوائیں وغیرہ بے سود تھیں کیونکہ وہ انھیں پیتا ہی نہ تھا اور پھینک دیا کرتا تھا۔

ایک دن کری سس نے ان طبیبوں سے مخاطب ہو کر کیا خوب کہا کہ اے قلد انیو! و مجوسیو! علاج معالجہ کرنے و دوائیاں دینے سے پہلے ذرہ تم بیماری کی تشخیص تو کر لو تمہیں اس کا سبب بھی معلوم ہے؟ اگر نہ ہو تو مجھ سے پوچھ لو۔ میں بتاتا ہوں۔ بادشاہ کو دو باتوں کی شکایت ہے ایک دماغی۔ دوسری زخم کاری۔ دماغی مرض تو اسکی طبیعت کا مردہ پن ہے اور زخم اس کے اندرون قلب ہے۔ اول الذکر کا علاج یونانی کے ہاتھ میں تھا مگر آخر الذکر کی کوئی دوا ابھی تک دریافت نہیں ہوئی اور تجربہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ایسے زخم یا تو خود بخود اچھے ہو جاتے ہیں یا اندر ہی اندر رستے رہتے ہیں۔ اس پر سردار اتالس بولا کہ مجھے ایک بہت عمدہ علاج معلوم ہے۔ بادشاہ کو صلاح دینا چاہیئے کہ اپنے حرم کو شوس سے بلا لے یا کم از کم میری دختر فدیما ہی کو اپنی دلبستگی کے لئے طلب کرلے۔ ہم سب نے اس پر اتفاق کیا اور اُسے آمادہ کیا کہ کمبوجیہ کے سامنے اپنی یہ تجویز پیش کرے۔ غرضکہ ایک دن دعوت کے

موقعہ پر اتانس نے حرم کا ذکر کیا تو بادشاہ نے غضبناک ہو کر اُس غریب کو ایسی سخت جھڑکی دی کہ ہم سب افسوس کرنے لگے۔ اس کے کچھ دن بعد کمبوجیہ نے موبدوں و نجومیوں کو بُلا کر اپنا ایک خواب بیان کیا اور اُس کی تعبیر پوچھی۔ خواب یہ تھا کہ وہ ایک صحرائے لق و دق میں کھڑا ہے جو اس قدر بنجر ہے کہ گھانس کی ایک پتی تک نظر نہیں آتی وہ اس وحشت انگیز جگہ سے گھبرا کر کسی سرسبز زرخیز مقام کی تلاش میں جانے والا تھا کہ اتنے میں اتوسا نظر آئی اور بلا اُس کی طرف دیکھے ایک چشمہ کی طرف دوڑی جو یکایک وہاں سے پیدا ہو کر ہر چہار طرف شاداب کر رہا تھا۔ اُسے بڑی حیرت ہوئی پھر اُس نے دیکھا کہ جہاں کہیں اتوسا کے قدم اُس جلتی ہوئی ریتیلی زمین پر پڑتے ہیں فوراً چھوٹے چھوٹے پودے[1] اُگنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جو بڑے ہو کر اتنے اونچے درخت بن جاتے ہیں کہ اُن کی شاخیں آسمان سے باتیں کرتی ہیں اب آگے بڑھ کر وہ اُس سے ملنا چاہتا تھا کہ اتنے میں اُس کی آنکھ کھُل گئی۔

سیانوں اور جوتشیوں نے ایک دوسرے سے صلاح و مشورہ کے بعد یہ تعبیر بیان کی کہ شہزادی اتوسا جو کام ہاتھ میں لیگی ہمیشہ اُس میں کامیاب ہوگی کمبوجیہ کو اس جواب سے تشفی ہو گئی مگر جب دوسرے دن پھر اُس نے وہی خواب دیکھا تو اُسے شک ہوا اور موبدوں سے جھنجھلا کر کہنے لگا کہ تمہاری پہلی تعبیر غلط تھی اب صحیح نہ بیان کروگے تو تمہیں سخت سزا دونگا۔ یہ لوگ پھر بڑی دیر تک غور و فکر کرتے رہے۔ اور بالآخر سب نے یک زبان ہو کر یہ جواب دیا کہ اتوسا ایک بڑی سلطنت کی ملکہ ہوگی اور اُس کے بطن سے ایک نہایت مشہور و نامآور تاجدار پیدا ہوگا۔

---

[1] بجائے چھوٹے چھوٹے پودے۔ تارمین کے پودے۔ شاہان ایران اس کا پھل بوقت تاج پوشی کھاتے تھے۔

کمبوجیہ نے یہ سُنا تو اُسے پورا یقین ہوگیا اور ہم لوگوں سے اس کا ذکر کرکے ایک عجیب طریقہ سے مُسکرایا۔ ملکہ کاسندانہ نے اُسی دن مجھے بُلا کر کہا کہ اپنی جان کی خیریت منظور ہے تو اتوسا کا خیال اب دل سے بالکل نکال دو۔ میں نے کچھ نہ کہا اور رخصت ہوکر باغ سے ہوتا ہوا گذر رہا تھا کہ اتوسا کو انار کے ایک درخت کے پیچھے کھڑا ہوا دیکھ کر رُک گیا۔ مجھے دیکھتے ہی اُسکے مُنہ سے ایک دردناک آہ نکلی۔ میں اُس کے پاس آیا اور ہم دونوں کچھ دیر تک باتیں کرتے رہے کہ دنیا مافیہا سے بے خبر ہوگئے۔ بالآخر وقت جدائی آیا تو رو رو کر ہم نے ایک دوسرے کو ہمیشہ کے لئے الوداع کیا۔ یہ میرے قصہ کا انجام ہے جس کا نتیجہ وہی ہوا جو قسمت میں تھا۔ مجھ سے زیادہ بھلا کون اس دنیا میں بدنصیب ہوسکتا تھا مگر عین اس مصیبت کے وقت اتوسا کی اقرار محبت نے یکایک میری یاس و ناامیدی کو اس ناقابلِ بیان مسرت و خوشی سے بدل دیا کہ اب میں صابر و شاکر ہوں۔ اگر دائمی جدائی کا خوف نہ ہوتا تو مجھے یقین ہے کہ یہ راز ہرگز اس کی زبان پر نہ آتا اور تادم مرگ اس کے دل میں ہی محفوظ رہتا۔ لیکن میں کیا سے کیا کہہ گیا۔ دیکھو اسے کسی پر ظاہر نہ کرنا اور نہ یہ سمجھنا کہ میں اب دل شکستہ اور ناامید ہوگیا ہوں۔ بخلاف اس کے میں فی الواقعی بڑا خوش قسمت ہوں اور اُس تھوڑی دیر کی نعمتِ غیر مترقبہ خوشی کو جو وصال جاناں میں حاصل ہوئی تھی اپنی مدت العمر کے مصائب و آلام کا نعم البدل خیال کرتا ہوں۔ میں آپ لوگوں کی برادرانہ ہمدردی کا نہایت مشکور ہوں۔ اب باقی حال جلدی سے ختم کرتا ہوں۔ اتوسا سے رخصت ہونیکے تین دن بعد ارتس لونہ دختر گاوبردا سے مجبوراً میری شادی کردی گئی۔ جس کے حسین ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ اور کوئی اُس کا شوہر ہوتا تو بہت خوش رہتا۔ میں دوسرے ہی دن گھبرا گیا۔ اتفاقاً اسی اثنار میں ایک قاصد تمہاری بیماری کی خبر لایا جسے سُنتے ہی میں نے اپنا ارادہ مستقل کرلیا اور باوجود اپنے خسر کے منع کرنے کے بادشاہ سے اجازت لیتے ہی پرکزاسپ

کے ہمراہ بابل سے روانہ ہوگیا اور تمہیں ڈھونڈھتا ڈھونڈھتا یہاں تک پہنچا اور اب تمہارے
ودوہ یا دونوں کے ساتھ مصر بھی جاؤں گا۔ گیجبیس کے متعلق فرمانِ شاہی ہے کہ وہ
بطور ایک ترجمان۔ سفیر کے ہمراہ ساموس جائیں۔ کمبوجیہ کا مزاج اب کسی قدر
درست ہو چلا ہے اور افواج کے معاینہ و ملاحظہ میں وہ اپنا زیادہ تر وقت گذارتا ہے
قلدانی نجومیوں نے بھی اُسے یقین دلایا ہے کہ آج کل ادریا مریخ کا عمل ہے
جو لڑائی کے دیوتا کے تابع ہے اور ایرانی افواج کی فتح و ظفر کی دلیل ہے۔ بردیہ!
اب تم سفر کے کب تک قابل ہو جاؤ گے۔

بردیہ۔ اگر کہو تو میں کل ہی چلنے کو تیار ہوں۔ طبیب کا خیال ہے کہ سمندر کی ہوا مجھے
موافق آئے گی۔ سمرنا تک خشکی کا سفر بھی بہت تھوڑا ہے۔

ودوہ یا۔ (مسکرا کر) علاوہ بریں اپنی پیاری معشوقہ کو دیکھتے ہی اتنی جلد آپ اچھے ہو جائیں گے
کہ پھر کسی دوا وغیرہ کی ضرورت نہ ہوگی۔

دارا۔ (غور کر کے) اگر یہ ہے تو بہتر ہوگا کہ تین دن بعد تاریخ روانگی قرار دی جائے۔ کیونکہ
ہمیں ابھی بہت کچھ ساز و سامان مہیا کرنا ہے۔ میرے خیال میں بردیہ! تم بابل کے
ایک قالین فروش تاجر کا بھیس اختیار کرو میں اس کا بھائی ہونگا اور ودوہ یا بحیثیت دوسرے
تاجر کے جو سارڈیا کے سُرخ رنگ کا بیوپار کرتا ہے۔ ہمارے ساتھ چلیں گے۔

ودوہ یا۔ فوجی اور جنگجو سپاہیوں کا لباس کیوں نہ اختیار کیا جائے۔ دھو کے بازاور مول
بھاؤ کرنے والے سوداگروں کی حیثیت سے جانا تو سخت ذلت ہے۔ ہم لوگ یہ کیوں نہ
کہیں کہ لیدیہ کے سپاہی ہیں اور کوئی قصور کر کے وہاں سے بھاگ آئے ہیں اور مصری فوج میں نوکری کرنا چاہتے ہیں

بردیہ۔ یہ بھی اچھا خیال ہے کیونکہ ہماری شکل و شباہت سے کوئی تاجر نہ سمجھے گا اور
سب سپاہی خیال کریں گے۔

گیجبیس۔ یہ کچھ ضروری نہیں۔ یونانی تجار و جہاز کے مالک دیکھو ایسا اکثر کر چلتے ہیں

کہ گویا تمام دنیا اُنہیں کی ہے۔ مگر میرے خیال میں بھی دُدُہ یا کی رائے زیادہ قابل ترجیح ہے۔

دارا۔ اچھا تو اروتز کو اب ہم تینوں کے لئے لیڈی ٹکسیار کوں[۵۱] کی پوشاک مہیا کرنی پڑیگی۔

گیجبیس۔ چلیارک[۵۲] کی وردی کیوں نہ منگائی جائے۔ مگر تمہاری نوعمری دیکھکر لوگوں کو شبہ ہوگا۔

دارا۔ تو کیا ایک معمولی سپاہی کے بھیس میں جائیں؟

گیجبیس۔ نہیں میرے خیال میں ہکٹنٹارک[۵۳] کا لباس زیادہ موزوں و مناسب ہوگا۔

دُدُہ یا۔ (ہنس کر) کوئی بھی ہو مگر تاجر کا لباس مجھے منظور نہیں۔ تین دن بعد ہمیں روانہ ہوجانا چاہیئے۔ اس عرصہ میں میری شادی بھی ہوجائے گی اور کنج سبیلی کا بھی جسے دیکھنے کا اس قدر مشتاق ہوں لطف اُٹھالونگا۔ خدا حافظ برادیہ! دیکھو اچھی نیند سونا۔ ورنہ سافو تمہارا زرد چہرہ دیکھکر بڑی ناخوش ہوگی۔

## چھبیسواں باب[۲۶]

## تین دوست مصر میں

نوکراتیس میں اُس دن غضب کی گرمی تھی۔ دریائے نیل کی طغیانی کا زمانہ تھا۔ تمام کھیت و باغات پُرآب تھے۔ اور دہانۂ دریا پر بندرگاہوں میں بکثرت جہازات

---

۵۱۔ ٹکسیارک۔ کپتان فوج۔

۵۲۔ چلیارک۔ یک ہزاری۔ یا ایک ہزار سپاہیوں کا افسر۔

۵۳۔ ہکٹنٹارک۔ ایک سو سپاہیوں کا افسر۔

لنگر انداز تھے۔ مصری جہاز جن پر فنیقی ملاح ملازم تھے۔ مالٹا سے نہایت خوبصورت بیش بہا کپڑے سارڈینیا سے دھات و جواہرات۔ قبرس سے تانبا و شرابیں لائے تھے۔ یونانی سہ طبقی کشتیوں پر مصفے تیل و روغن۔ شرابیں مصطگی اور کلیڈونیا کا کانسہ و اونی کپڑے لدے ہوئے تھے۔ فنیقی و شامی جہازوں پر بھی جن کے بادبان و مستول نہایت خوشنما تھے طرح طرح کی اشیا نظر آتی تھیں۔ مثلاً تانبا۔ ٹین۔ ارغوانی رنگ۔ کپڑے۔ جواہرات۔ گرم مسالے۔ شیشے۔ قالین وغیرہ اور لبنان کی دیودار لکڑی جو مصر میں مکانات کی تعمیر کے لئے استعمال میں لائی جاتی تھی۔ ان اشیا کے تبادلہ میں وہ حبش کا بیش بہا مال لیجاتے تھے۔ جس میں سونا۔ چاندی۔ آبنوس۔ خوبصورت پرداربرند۔ جواہرات۔ سیاہ فام حبشی غلام وغیرہ شامل تھے۔ مگر ان سب سے زیادہ انہیں مصری اناج کی جو تمام دنیا میں[1] مشہور تھا خواہش و ضرورت تھی۔ نیز ممفس کی رتھیں۔ سیز کی لیس اور پیرس وغیرہ بھی بکثرت لے جاتے تھے۔ تبادلۂ اشیا کا رواج ایک عرصہ سے موقوف ہو چکا تھا۔ اور اس زمانہ میں نوکراتیس کے تاجر اپنے مال و اسباب کی قیمت چاندی کے سکّوں میں یا سونا تول کر ادا کیا کرتے تھے۔ اس مصری بندرگاہ میں جس کی تجارت زیادہ تر یونانیوں کے ہاتھ میں تھی بڑے بڑے گودام و مال گھر بنے ہوئے تھے جن کے قریب ہی بہت سے چھوٹے چھوٹے لکڑی کے مکان تھے جہاں ملاح وغیرہ اپنے کام کاج سے فارغ ہو کر گانا بجانا سننے۔ ہنسی مذاق کرنے اور آوارہ عورتوں کی تلاش میں آتے تھے۔ جہازوں کے آتے ہی اس محلہ میں عجب ہل چل نظر آتی ہے۔ سفید و سیاہ فام غلام بھاری بھاری سامان اپنی پیٹھوں پر لادے ہوئے اِدھر اُدھر جا رہے تھے اور جہازوں کے ملاح

[1] اس زمانہ میں مصر اناج کی بہت بڑی منڈی تھا۔ برادکا حق بادشاہ کو تھا۔ چنانچہ فرعون نے بنی اسرائیل کو زمانۂ قحط میں غلہ بھیجا تھا۔ (ولکنس)

وکارکن وغیرہ بھی رنگ برنگ کپڑے پہنے شراب کے نشہ میں جھومتے ہوئے پھر رہے ہیں
ان سے کچھ دور چند افسر جن کی زرق برق وردیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یونانی دفنیقی
جہازوں کے کپتان ہیں۔ اپنے ماتحتوں کو ضروری احکام دے رہے ہیں یا تجارتی مال کو
تھوک فروش سوداگروں کے سپرد کر کے اُن سے رسید لینے میں مصروف ہیں۔ جوں ہی کوئی
جھگڑا فساد برپا ہوتا ہے مصری پولیس اپنے لمبے لمبے ڈنڈے وعصا لئے ہوئے اور
یونانی محافظان بندرگاہ جن کا تقرر شہر کے مکھیا تاجروں کی طرف سے ہوتا ہے فوراً موقع
پر آموجود ہوتے ہیں اور بہت جلد امن وامان قایم کر دیتے ہیں۔ مگر اس وقت اتفاق
سے یہاں پر بہت کم لوگ نظر آتے ہیں۔ کیونکہ بازار کھلنے کا وقت آپہنچا ہے اور اکثر آزاد
یونانی اس کی سیر کو گئے ہیں تاہم کچھ لوگ ایک خوبصورت جہاز کا جو ابھی لنگر انداز ہوا
ہے تماشہ دیکھنے کے لئے ٹھہر گئے ہیں۔ یہ جہاز ساموس کا بنا ہوا ہے اُس کا اگلا حصہ
راج ہنس کی گردن کی طرح نازک وپتلا اور اُس کے مُہرے پر دیوی ہیرا کی ایک لکڑی
کی مورت کندہ ہے۔ اس کے بالائی تختہ سے تین خوش رو نوجوان لیدیہ کا سپاہیانہ لباس
زیب تن کئے اور ان کے پیچھے بہت سے نوکر چاکر اسباب وغیرہ لئے ہوئے نیچے اُتر کر
ساحل پر آئے۔ یہ دارا۔ دُدہ یا اور بردیہ تھے۔ ان تینوں میں سب سے زیادہ وجیہ و
خوش رو بردیہ نے آگے بڑھکر پہرے کے سپاہی سے پوچھا کہ تھیو پمپوس باشندۂ ملیسیا
کا مکان کہاں ہے؟ یونانی عموماً اجنبیوں سے بڑے خلق کے ساتھ پیش آتے تھے۔
یہ سپاہی بھی ہمارے مسافروں کی رہبری کے لئے فوراً آمادہ ہوگیا اور بازار سے ہوتا ہوا
جس کی افتتاح کی خبر گھنٹے بجنے سے ابھی مشتہر ہوچکی تھی۔ ایک خوشنما حویلی کے
سامنے جو نوکر اتیس کے معزز رئیس یعنی تھیو پمپوس کا مسکن تھی ٹھیر گیا۔ ہمارے
نوجوانوں کو یہاں تک پہنچنے میں کچھ دیر لگی۔ کیونکہ بازار سے جلدی گذرنا آسان نہ تھا۔
ماہی گیروں، قصابوں، کنجڑوں، نان بائیوں وکمہاروں وغیرہ نے آوازیں دے کر

اپنی طرف مخاطب کرنا چاہا جس سے پیچھا چھڑانا کچھ مشکل نہ تھا لیکن جب پھول والیوں کی دوکان کی طرف سے گذرے تو ایک ایسا دلفریب سین سامنے آیا کہ دُدُہ یا تو مارے خوشی کے اچھلنے لگا۔ یہاں تین نہایت حسین و پری جمال لڑکیاں ایک قسم کا سفید و باریک لباس جس کے کناروں پر رنگین گوٹ بڑی خوشنما معلوم ہوتی تھی۔ زیب تن کئے تپائیوں پر بیٹھی نظر آئیں۔ اُن کے چاروں طرف قسم قسم کے خوشبودار پھولوں کے ڈھیر لگے تھے جن کے وہ ہار و گجرے گوندھ رہی تھیں۔ اور اپنے سروں پر بھی پھولوں کی ٹوپیاں پہنے تھیں۔ جیوں ہی ان کی نظر ہمارے نوجوانوں پر پڑی تو اُن میں سے ایک جو ملکۂ حُسن تھی فوراً کھڑی ہو گئی اور بڑی دلربانہ انداز سے پھولوں کے ہار دکھا کر اپنی شیریں زبان میں کہنے لگی "میرے بانکے سپاہیو! اپنی پیاری معشوقہ کے بالوں میں سجانے کو یہ پھول نہ خریدو گے۔

دُدُہ یا۔ (ہار لیکر اور لڑکی کا ہاتھ پکڑ کر) پیاری نازنیں! میں بڑی دور سے آیا ہوں۔ اس شہر میں ابھی تک میری کوئی معشوقہ نہیں ہے۔ اس لئے یہ پھول تمہارے ہی خوبصورت بالوں میں لگا کر دیکھوں گا اور یہ ایک اشرفی بھی اس پیارے و نازک ہاتھ میں رکھ کر بوسہ دونگا۔

لڑکی قہقہہ مار کر ہنس پڑی اور اپنے ساتھیوں کو اشرفی دکھا کر اجنبی سے کہنے لگی "ایرا اس[1] کی قسم تم ایسے طرح دار نوجوانوں کے لئے معشوقوں کی کیا کمی۔ کیا تم بھائی بھائی ہو؟"

دوہ یا۔ نہیں۔

لڑکی۔ افسوس! ہم تو بہنیں ہیں۔

ایرانی۔ اور تم سمجھیں تھیں کہ ہم تینوں بھائی ہوتے تو تم سے بڑا اچھا جوڑ ملتا۔

---

[1] ایراس۔ یونانی دیوتا عشق۔

لڑکی - ہاں - مگر بلا میرے کہے آپ کیسے سمجھ گئے -

ایرانی - تمہاری صورت ہی کہے دیتی ہے - اچھا ذرا اپنی بہنوں سے پوچھو - انکی کیا رائے ہے؟

وہ دونوں بھی ہنسنے لگیں اور اپنی رضامندی کے اظہار سے بردیہ اور دارا کو ایک ایک پھول دیکر اُن کے خودوں پر گجرے و ہار باندھنے لگیں جس کے صلہ میں انہوں نے بھی ایک ایک اشرفی ان دونوں کے نذر کی - اجنبیوں کی اس غیر معمولی فیاضی کی خبر چشم زدن میں تمام گل فروشوں میں پھیل گئی اور چاروں طرف سے ان پر ایسا ہجوم ہوا کہ وہ گھبرا گئے ہر ایک باصرار اپنے گلدستے و پھول پیش کرتی تھی اور میٹھی میٹھی باتوں اور آنکھوں کے اشاروں سے انھیں ٹھیرنے کے لئے کہتی تھی - ایک سے ایک بڑھکر حسین دلفریب اور بآسانی قابو میں آنے والی تھی - دُدُہ یا تو بس ایسا لٹو ہو گیا تھا کہ وہاں سے جانے کا نام ہی نہ لیتا تھا - دارا نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور بردیہ سے کہا کہ اسے سمجھاؤ یہاں اب زیادہ ٹھیرنا مناسب نہیں ہے - غرضکہ بہ ہزار خرابی اُسے کھینچتے ہوئے دونوں آگے بڑھے اور اب بازار کے اُس حصہ سے گذرے جہاں صراف میزوں پر مختلف سکّے سجائے ہوئے اپنے لین دین میں مصروف تھے اور شہر کے لوگ بھی پتھر کی بنچوں پر باہر بیٹھے ہوئے آپس میں گپ شپ کر رہے تھے - یہاں سے تھیوبمپوس کا مکان کچھ زیادہ دور نہ تھا - جہاں پہنچتے ہی یونانی رہنما نے پیتل کا کھٹکا زور سے مارا جس کی آواز سُنکر ایک بوڑھے دربان نے دروازہ کھولا اور چونکہ مالک مکان ابھی تک بازار سے واپس نہیں آیا تھا اس لئے مسافروں کو ایک کمرے میں بٹھا کر تھوڑی دیر انتظار کرنے کو کہا ہمارے نوجوان دوست ابھی اس خوبصورت کمرے کے نقش و نگار تصاویر دیکھنے میں محو تھے کہ اتنے میں مالک مکان بھی آپہنچا - اس کے پیچھے پیچھے بہت سے غلام مختلف اشیا کی ٹوکریاں سروں پر لئے جو اُس نے بازار

سے خریدی تھیں نظر آئے۔ یونانی تاجر نے اجنبیوں کو نہایت اخلاق سے خوش آمدید کہا اور اُن کے اس تکلیف فرمائی کا سبب پوچھا۔ بردیہ نے جلدی سے اِدھر اُدھر دیکھا اور جب اُسے یقین ہو گیا کہ کوئی آس پاس نہیں ہے تو اس نے فینیس کا خط اپنی جیب سے نکال کر تھیوپمپوس کے حوالے کیا جسے پڑھتے ہی اُس کا چہرہ متغیر ہو گیا اور شہزادہ کے سامنے نہایت ادب سے گردن جھکا کر کہنے لگا "زمیس کی قسم۔ حضور کی تشریف آوری میرے حد سے زیادہ فخر و مسرت کا باعث ہے۔ اس غریب خانہ کو اپنا ہی تصور فرمایئے۔ معافی چاہتا ہوں کہ آپ کو اس لباس میں نہ پہچان سکا۔ بہ نسبت پہلے کے اب آپ کے سر کے بال کچھ چھوٹے اور ڈاڑھی زیادہ نمایاں معلوم ہوتی ہے کیا میرا یہ خیال صحیح ہے کہ آپ یہاں گمنام رہنا چاہتے ہیں۔ جو آپکی خوشی۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ میزبان کو اپنے مہمانوں کی آزادی میں مخل ہونا نازیبا ہے (غور سے دیکھکر) اب آپکے دوستوں کو بھی میں نے پہچان لیا۔ ان کی شکلیں بھی بالکل بدل گئی ہیں۔ آپ کی طرح ان حضرات نے بھی اپنے سر کے بال کاٹ کر چھوٹے کر لئے ہیں (دارا سے مخاطب ہو کر) میں قسم کھاتا ہوں۔ عزیز من! مجھے تمہارا نام .....

دارا۔ میرا نام دارا ہے۔

میزبان۔ ہاں دارا تم نے اپنے بالوں پر سیاہ رنگ پھیر لیا ہے۔ سچ ہے کہ نہیں؟ دیکھو میرا حافظہ بھی کتنا اچھا ہے۔ مگر کچھ زیادہ فخر کی بات نہیں کیونکہ میں نے تمہیں کئی بار سیئز میں دیکھا تھا اور تمہاری شکل و شباہت سے بخوبی واقف ہوں۔ (بردیہ سے) شہزادے! آپ نے مجھ سے ابھی یہ سوال کیا تھا کہ کوئی دوسرا بھی اس بھیس میں آپ کو پہچان سکتا ہے۔ میرے خیال میں تو یہ ناممکن ہے۔ آپ کے انوکھے لباس۔ چھوٹے چھوٹے بال اور رنگین ابروؤں نے بالکل ہی شکل بدل دی ہے۔ (ایک آواز سُنکر) ذرہ معاف فرمائیے گا۔ دربان مجھے پکار رہا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی ضروری کام ہے۔

تھوڑی دیر بعد تھیو بمپوس واپس آیا تو نوجوانوں سے خطاب کر کے کہنے لگا۔
"میرے محترم دوستو! اگر آپ صاحبان کو گمنام رہنا منظور تھا تو نوکر اتھیس میں آتے ہی اپنی آمد آمد کا ایسا شور نہ مچانا چاہیئے تھا۔ آپ نے گل فروش لڑکیوں سے شاید کچھ ہنسی مذاق کیا اور چند ہاروں کے بدلے اتنا زیادہ انعام دیا جو آپ کی شان کے لائق تھا مگر ایک لیڈی ہکٹنٹارک کی حیثیت سے بالاتر تھا۔ یہاں کا بچہ بچہ اُن تینوں حسین بہنوں سے جن کا نام اسٹفینان۔ کلورس۔ آرپنی ہے واقف ہے اکثر نوجوانوں کو وہ فریفتہ کر چکی ہیں اور اپنی میٹھی میٹھی باتوں سے اُن سے زر وجواہر وصول کرتی ہیں۔ عموماً اس مذاق کے لوگ بازار لگنے کے وقت پھولوں کے بہانے سے اُنسے ملنے جاتے ہیں۔ اور وہیں بات چیت ٹھیرا کے بوقتِ شب اُنکے یہاں جا کر اپنی جیبیں خالی کرتے ہیں۔ مگر یہ کوئی نہیں کرتا کہ صرف ہنسی مذاق کے لئے آپ لوگوں کی طرح ایسی فیاضیاں دکھائے۔ لڑکیوں نے اسے ایک نہایت عجیب بات سمجھ کر اپنے تنگ دل یاروں کو چڑانے کی غرض سے وہ اشرفیاں دکھائی ہوں گی جسکی شہرت ہر طرف پھیل گئی۔ آپ جانتے ہیں کہ لوگ بات کا بتنگڑ ا بنا دیتے ہیں اور نمک مرچ لگا کر گرگٹ کو مگرمچھ مشہور کرتے ہیں۔ شدہ شدہ یہ افواہ اُس مصری کپتان کے کانوں تک میں بھی پہنچی جو سامتیک کی طرف سے بازار کے انتظام کے لئے مقرر ہے۔ جوں ہی اُسے معلوم ہوا کہ تین لیدیہ کے سپاہی آئے ہیں جو اپنی اشرفیاں گل فروشوں کے بازار میں کوڑیوں کی طرح لٹا رہے ہیں تو اُسے خواہ مخواہ شبہ پیدا ہوا اور اس نے آپ لوگوں کی خبر لینے کے لئے اپنا ایک اہلکار میرے مکان پر بھیجا۔ میں ابھی اُس سے گفتگو کر کے آرہا ہوں۔ اور حیلہ وحوالہ بتا کر سمجھا آیا ہوں کہ آپ لوگ سارڈیس کے امیروں سے ہیں اور سترپ کے ظلم سے تنگ ہو کر یہاں بھاگ آئے ہیں۔ اب کچھ دیر میں ایک مصری کا تب آئیگا جو آپ لوگوں کو پروانۂ راہداری دیگا تاکہ

جب تک مصر میں آپ کا قیام رہے کوئی پوچھ گچھ نہ ہو میں نے اُس سے یہ بھی کہہ دیا ہے کہ اگر کوشش کر کے میرے دوستوں کو فرعون کی فوج میں نوکر رکھا دیگا تو بہت انعام دونگا وہ اس جگہ میں آکر اب سب کچھ کر دیگا اور آپ لوگوں کی نوعمری پر خیال کر کے جاسوسی کا شبہ نہ کر سکے گا۔

ابھی یہ گفتگو ختم نہ ہونے پائی تھی کہ ایک دُبلا پتلا شخص سفید کپڑے پہنے اندر داخل ہوا۔ اور سامنے آکر بیٹھ گیا۔ یہ شہر کا کاتب یا منشی تھا۔ اس نے ایک ترجمان کی مدد سے اجنبیوں سے دریافت کیا کہاں سے آئے ہو۔ اور یہاں آنے کا کیا مقصد ہے؟ نوجوان اپنی پہلی بات پر قایم رہے اور بولے کہ ہم لسدیہ کے رہنے والے مفرد مکھنٹارک ہیں۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی اگر مصری فوج میں بھرتی کرا دیں اور پروانہ راہ داری بھی عنایت کریں۔ اس کی تصدیق یونانی تاجر نے کی اور فوراً اپنے دوستوں کا ضامن ہوگیا۔ بعدہٗ کاتب کو بھی کوئی اعتراض نہ ہوا۔ اور فوراً کاغذ تیار کر کے نوجوانوں کے حوالے کر دیئے بردیہ کے پروانہ میں مرقوم تھا "سمر دس لیپر سندون باشندۂ سار دیس۔ عمر قریب ۲۲ سال۔ قد لانبا۔ جسم چھریرا۔ چہرہ خوبصورت۔ ناک سیدھی۔ پیشانی بلند جس کے وسط میں ایک نشان ہے۔ اس شخص کی ضمانت قابلِ اطمینان ہے اس لئے اسے مصر کے اُن مقامات میں جہاں اجنبی جا سکتے ہیں۔ بود و باش کی اجازت دی جاتی ہے۔ من جانب حاکم نوکراتیس۔ دستخط کاتب سچان"۔

دارا اور دَدُہ یا کے پاسپورٹ بھی اسی قسم کے تھے۔ جب کاتب رخصت ہوگیا تو تھیوپمپوس نے نوجوانوں سے کہا "اب آپ اس ملک میں بے خوف و خطر رہ سکتے ہیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ ان نوشتوں کو اپنی جان کی برابر حفاظت سے رکھئے۔ اور کبھی اپنے پاس سے جدا نہ ہونے دیجئے۔ شکر ہے کہ یہ مرحلہ بھی بخیریت طے ہوگیا۔ اب آیئے ناشتہ حاضر ہے۔ کچھ تناول فرمایئے۔ اور اگر خلاف مزاج نہ ہو تو ایک

بات بتائیے وہ یہ ہے کہ شہر میں ایک عجیب افواہ گرم ہے جو ممکن ہے کہ غلط ہو۔ ایک جہاز یہ خبر لایا ہے کہ شہزادے صاحب آپ کے برادر مکرم مصر پر حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔

بردیہ۔ یہ بالکل صحیح ہے۔ پھر کسی وقت اطمینان سے اسکے متعلق کہونگا۔

اسی روز شام کے وقت عشاق کو ایک دوسرے کا دیدار نصیب ہوا۔ سافو شہزادے کے اچانک آجانے سے اس قدر خوش ہوئی کہ شادیٔ مرگ کی سی کیفیت ہوگئی۔ اس کی زبان سے گھنٹہ بھر تک کوئی لفظ نہ نکل سکا۔ مگر آنکھیں فرط محبت سے چمک رہی تھیں۔ دل جو بانسوں اچھل رہا تھا دمبدم قابو سے باہر ہوا جاتا تھا۔ دونوں تن تنہا چمیلی کے اُس مبارک نخل کے نیچے جہاں عشق نے سب سے پہلے اپنا گھائل بنایا تھا جاکر بیٹھ گئے سافو نے اپنا سر بردیہ کے سینے پر رکھ دیا۔ بڑی دیر تک دونوں ایک دوسرے کو صرف تکتے رہے اور کچھ نہ کہہ سکے۔ گرمیوں کی چاندنی رات تھی۔ ماہتاب وکواکب اپنی اپنی گردش میں مشغول تھے۔ بلبلیں چہک رہی تھیں۔ ٹھنڈی ٹھنڈی اُوس پھولوں و پتیوں پر پڑ رہی تھی مگر ان دونوں کو خبر نہ تھی۔ دونوں پر ایک عجیب محویت و بیخودی طاری تھی اور نشۂ عشق نے مدہوش کرکے انھیں دنیا مافیہا سے بیخبر کر دیا تھا۔ آخرکار بردیہ نے اپنی پیاری کے دونوں نازک ہاتھ پکڑ کر عجیب لذت بھری نگاہوں سے اُسے گھورنا شروع کیا گویا اُس کی موہنی صورت کا عکس اپنے دل میں اُتارنا چاہتا ہے اور جب وہ شرما کر نیچے دیکھنے لگی تو کہا "میں نے تمہیں ایک بار خواب میں دیکھا تھا تو سمجھا تھا کہ اہرمزد نے اپنی تمام مخلوق سے زیادہ تمہیں کو حسین و مہ جبین بنایا ہے۔ مگر اب جو حالت بیداری میں اصلیت کو دیکھتا ہوں تو وہ خیالی تصویر بھی بالکل ماند معلوم ہوتی ہے۔" اس کے جواب میں صرف ایک نگاہِ ناز کافی تھی۔ جس نے عاشق کے دل پر برچھی کا سا کام کیا۔ اُس نے بے اختیار

اپنی دلربا کو سینے سے لگا کر پوچھا۔ "کہو پیاری کبھی مجھے یاد بھی کرتی تھیں"
سافو۔ ہر گھڑی۔ روز و شب میں تمہیں کو یاد کیا کرتی تھی اور کہتی تھی کہ اب ضرور آئیں گے۔ آج ہی صبح جب باغ کی سیر کو نکلی تو مشرق کی طرف جہاں تمہارا وطن ہے دیکھنے لگی۔ ایک چھوٹی سی چڑیا میری داہنی طرف سے اُڑی اور میری داہنی آنکھ پھڑکنے[1] لگی۔ پھر میں اندر بھاگی ہوئی آئی اور اپنا بکس کھول کر وہ پھولوں کا ہار جو چلتے وقت تم نے دیا تھا دیکھنے لگی۔ اُس کے پھول ابھی تک موجود ہیں جو ملیتہ کے خیال میں سچی محبت کی نشانی ہے۔ میں بڑی خوش ہوئی اور دل میں کہنے لگی کہ کیا عجب ہے وہ آج ہی آجائیں۔ اسی امید میں میں دوڑتی ہوئی دریا کے کنارے گئی۔ اور جو کشتی سامنے آئی اُسی کی طرف اپنا رومال ہلانے لگی۔ کیونکہ ہر کشتی میں مجھے تمہاری ہی صورت نظر آتی تھی مگر جب تم نہ آئے تو میں رنجیدہ و مایوس واپس چلی آئی۔ اور ایک گیت گا کر دل بہلانے لگی۔ پھر زنانے کمرے میں آکر بیٹھ گئی اور آتشدان کی طرف ٹکٹکی باندھے اپنے خیالات میں ڈوب گئی۔ اتنے میں نانی اماں آئیں تو میرا شانہ ہلا کر کہنے لگیں۔ جو شخص دن کے وقت خواب و خیال میں پڑا رہتا ہے اس کو رات میں نیند آنا محال ہے اور دوسرے دن اس کا دماغ بیکار اور اعضا کسلمند ہو جائینگے روزِ روشن دیوتاؤں نے جاگنے کے لئے بنایا ہے تاکہ اپنی آنکھیں کھلی رکھیں اور ایک لمحہ بھی بیکار نہ جانے دیں۔ گذری ہوئی باتوں کا خیال فضول ہے۔ اور آیندہ کی امیدوں میں پڑا رہنا نادانی ہے عقلمند موجودہ زمانہ سے سروکار رکھتے ہیں۔ اسی سے مستفید ہوتے ہیں۔ اور اُن تمام صفات ذاتی کو جو زمیس نے انھیں بخشی ہیں بسعی تمام اکمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس سے ہمارے خیالات۔ جذبات۔ اقوال و افعال میں یکسوئی پیدا ہوتی ہے اور وہ سب ایک سرودِ خوش آہنگ کی طرح

[1] پرند کا داہنی طرف سے اُڑ کر نکلنا یا داہنی آنکھ پھڑکنا عمدہ شگون سمجھے جاتے تھے۔

باہم دیگر موافق و متفق ہو کر کام کرتے ہیں۔ تم جس شخص کی محبت کا دم بھرتی ہو اُس کا صرف خیال و تصور ہی کرنا کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔ مگر اپنے علم و ترقی کے لئے کوشاں رہنا اور اپنی ذات کو ذہنی اور اخلاقی زیورات سے آراستہ کرنا سچی محبت کی نشانی ہے اور عاشق صادق کے لئے ایک مبارک و گراں بہا تحفہ ہے کیونکہ جب تم اپنے آپ کو اُسے حوالہ کر دو گے تو تمہاری سب خوبیاں و برائیاں بھی ساتھ ساتھ جائیں گی۔ اور آخر الذکر جس قدر کم ہونگے اتنا ہی زیادہ تمہاری اصلی محبت کا پتہ لگے گا۔ محض تصور و خیال کرنے سے کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔ تزکیۂ نفس کی کوشش ضروری ہے۔ حُسن ظاہری چند روزہ ہے مگر نکوئی و پاکبازی کے پھول ہمیشہ سرسبز و شاداب رہیں گے اور تمہارے محبوب کے مشام جاں کو معطر کریں گے۔ غرض کہ اسی طرح وہ مجھے دیر تک سمجھاتی رہیں۔ میں شرما کر آتشدان کے پاس سے اٹھ کر چلی گئی۔ اور اپنا باجہ ہاتھ میں لیکر نئے گانے سیکھنے لگی اور اپنی محترمہ اُستانی سے جن کی عقل و دانش اکثر مردوں سے افضل و برتر ہے سبق لیتی رہی۔ اس طرح میرا وقت گذرتا گیا۔ وقت جس کی لہریں اس سامنے والے دریا کی طرح ہمیشہ رواں ہیں کبھی تو اس پر ایک خوشنما و زرّیں کشتی نظر آتی ہے کبھی یک خونخوار نہنگ کی صورت سامنے آکر ڈرانے لگتی ہے۔"

برادیہ۔ ہم دونوں اس وقت اُسی عیش و نشاط و مسرت و شادمانی کی کشتی پر سوار ہیں اے کاش کہ زمانہ کی موجیں اپنی جگہ پر رُک جائیں اور زندگی ہمیشہ اسی طرح رہے۔ میری دلربا نازنیں۔ تیرے پیارے مُنہ سے بھی کس عقل و دانش کے پھول جھڑتے ہیں۔ تو اپنا گراں بہا سبق اتنی جلدی سمجھکر کس فصاحت و شیرینی سے ادا کرتی ہے پیاری سافو۔ مجھے تجھ پر ناز ہے۔ تیری خوبیاں و نیکیاں ایک خزانہ بے بہا ہیں جسے دیکھ کر میں اپنے آپ کو اُس بھائی سے بھی جو آج نصف دنیا کا مالک و شہنشاہ ہے زیادہ خوش نصیب و دولت مند سمجھتا ہوں۔

سافو۔ تمہیں اور مجھ پر ناز! کہاں میں ایک غریب و بیکس لڑکی۔ کہاں ایک جلیل القدر شہزادۂ والا تبار جو اپنے حُسن و جمال شرافت و شجاعت میں اپنی قوم کے لئے مایۂ ناز و یگانۂ روزگار ہے۔

بردیہ۔ نہیں۔ نہیں۔ میرے دل میں اپنی قدر و منزلت بس اُسی قدر ہے جس قدر تمہاری محبت کا مستحق و سزاوار سمجھا جاؤں۔

سافو۔ آہ اے آسمانی دیوتاؤ! میرے کمزور دل کو اس مسرت بے پایاں کی برداشت و تحمل کی طاقت بخشو! کہیں اُس برتن کی طرح جو زر و جواہر سے لبالب بھر گیا ہو وہ ٹوٹ نہ جائے۔

بردیہ۔ نہیں وہ ہرگز نہیں ٹوٹ سکتا۔ ایک دوسرا دل۔ میرا دل بھی تو اس کا شریک و مددگار ہے۔ پیاری تیری روح سے میری روح کو تقویت پہنچتی ہے۔ تیرا جذبۂ اُلفت تمام دنیا سے مجھے لاپرواکر دیتا ہے۔ اور اندھیری رات کی مصیبتیں و کلفتیں سب آسان ہو جاتی ہیں۔

سافو۔ آہ پیارے ایسا نہ کہو۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں دیوتا بھی جنھیں انسان کی خوشی منظور نہیں ہے۔ ہم سے رشک و حسد کرنے لگیں۔ تمہارے جانیکے بعد ہمیں بہت رنج و غم اُٹھانا پڑے۔ فنیس کے دونوں بچے بیچارے یہاں رہتے تھے۔ لڑکا ایراس کی طرح خوبصورت تھا اور لڑکی بھی ایسی پیاری و ہنس مکھ تھی کہ کیا بیان کروں نانی اماں کو اُن سے بہت محبت ہو گئی۔ اور میں بھی دونوں پر فدا تھی یہ نہ سمجھنا کہ تمہارے سوائے اور کوئی میری جان و دل کا مالک ہو سکتا ہے مگر ہمارے دل دیوتاؤں نے سورج کی طرح عجیب بنائے ہیں گو اس کی روشنی ہر چیز پر پڑتی ہو پھر بھی اُس کی اصلی چمک و تیزی میں کوئی کمی نہیں آتی۔ مجھے ان بچوں سے بڑی دلبستگی و اُلفت تھی۔ ایک دن شام کے وقت ہم سب زنانے مکان میں تھیو پمپوس

کے ساتھ اکیلے بیٹھے تھے کہ اتنے میں باہر بڑا شور سنائی دیا۔ ہمارا غلام ناسیس دوڑتا ہوا دروازہ کے پاس پہنچا ہی تھا کہ بہت سے سپاہی اُسے دھکا دیکر اندر گھس آئے اور بیچ کا دروازہ بھی زبردستی کھول کر جہاں ہم لوگ بیٹھے تھے بے دھڑک چلے آئے نانی اماں نے فرعون کا اُنھیں وہ فرمان لاکر دکھایا جس کی رو سے ہمارے مکان میں تلاشی لینے کی اجازت نہ تھی۔ اُنہوں نے اُسے دیکھ کر نہایت حقارت کے ساتھ قہقہہ مارا۔ اور ہمیں شہزادہ سامتیک کا ایک تحریری حکم دکھایا جس میں لکھا تھا کہ فینیس کے بچوں کو فوراً اُن کے حوالہ کر دیا جائے۔ تھیوبمپوس نے سپاہیوں سے بڑی حجت و بحث کی اور کہا کہ کتنی شرم کی بات ہے کہ ان بے گناہ بچوں کو جو یہاں مہمان ہیں زبردستی پکڑ کر لے جاتے ہو۔ سپاہیوں کے سردار نے اس شریف آدمی کو بھی نہایت نفرت سے جواب دیا۔ میری نانی کی بھی ایک نہ سُنی۔ اُنکے کمرہ میں گھس گیا۔ دونوں بچوں کو جو آرام سے سو رہے تھے جھنجھوڑ کر اُٹھایا۔ پھر اُنھیں کھینچتا ہوا باہر لے گیا اور کشتی میں بٹھا کر روانہ ہو گیا۔ چند ہفتوں کے بعد ہم نے لڑکے کی موت کا حال سُنا۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ولیعہد کے حکم سے اُسے قتل کر دیا۔ بیچاری لڑکی قید خانہ کی اندھیری کوٹھری میں پڑی ہوئی اب مصیبتیں جھیل رہی ہے اور اپنے باپ اور ہم لوگوں کو یاد کر کے رویا کرتی ہے۔ پیارے تم مجھ سے خفا تو نہیں کہ خوشی کے وقت یہ رنج کی باتیں سُنا رہی ہوں۔ مگر سچ کہنی ہوں کہ جب مجھے یہ واقعہ یاد آتا ہے دل مسوس کے رہ جاتی ہوں۔ بے اختیار آنسو نکل پڑتے ہیں اور یہی حالت اس وقت بھی ہے کہ ضبط نہیں کر سکتی۔

بردیہ۔ پیاری۔ تمہارے درد و غم کی چوٹ میرے دل پر بھی لگی ہے مگر میرا رنج دوسری قسم کا ہے۔ تمہارا دل نازک ہے تم رونے لگتی ہو۔ لیکن میں عملی طور سے اس کا اظہار کروں گا اور ان غریب بچوں کے مظالم کا انتقام لونگا۔ اطمینان رکھو۔

میں یقین دلاتا ہوں کہ دریائے نیل کا دوسرا سیلاب آنے سے پہلے ایک لشکر جرار اس ملک پر حملہ آور ہوگا۔ اور ان بے گناہ معصوموں کے خون کا بدلہ لے گا۔

سافو۔ پیارے تمہاری آنکھیں کیسی چمکنے لگیں۔ ایسا خوبصورت تو میں نے کبھی تمہیں نہ دیکھا تھا۔ ہاں۔ غریب معصوموں کا بدلہ ضرور لینا اور تم ہی لینا۔ سوائے تمہارے اور کوئی نہ لے

بردیہ۔ (مسکرا کر) میری نیک و رحم دل سافو بھی اب جنگ و جدل کی طرف مائل ہوگئی

سافو۔ کیوں نہیں۔ جہاں ظلم و ستم کا بازار گرم ہو عورتوں کو بھی انتقام میں حصہ لینا چاہئے اور شر و فساد کے رفع ہونے سے خوش ہونا چاہیئے۔ مگر تم نے ابھی ابھی لڑائی کا ذکر کیا تھا۔ کیا واقعی اعلان جنگ ہوگیا ہے؟

بردیہ۔ نہیں ابھی تک نہیں ہوا۔ ہماری تیاریاں ابھی پوری نہیں ہوئی ہیں مگر دریائے فرات پر ایک لشکر عظیم جمع ہو رہا ہے۔

سافو۔ اے ہے! بڑا غضب ہونے والا ہے۔ میں ابھی کیسی ہمت سے انتقام کے لئے کہہ رہی تھی مگر یہ تو سنتے ہی میرا دل بیٹھا جاتا ہے۔ لڑائی کے نام سے میری روح کانپتی ہے۔ کتنے گھر تباہ ہونگے۔ کتنی مائیں اپنے پیارے بچوں کو روئیں گی۔ کتنے بچے یتیم ہوجائیں گے۔ کتنی غریب بیوائیں سوگواری و غم میں رو کر راتیں کاٹیں گی۔

بردیہ۔ اس میں شک نہیں کہ جنگ و جدل وحشیانہ فعل ہے لیکن بعض اوقات ضروری ہے اور انسان کی تمام زنگ آلود کثافتیں دور کرکے اس پر ایک قسم کی جلا و صیقل کر دیتا ہے اور اس کی ہمتیں بلند۔ اس کا عزم و استقلال و زور بازو دوچند ہوجاتا ہے۔ تمہیں کس قدر خوشی ہوگی جب اپنے پیارے ہیرد کو فتح و نصرت کے ساتھ واپس دیکھو گی۔ ایرانی بیویاں تو اپنے شوہروں کو بڑی مسرت و افتخار سے لڑائی کے لئے رخصت کرتی ہیں۔ انھیں کچھ کم محبت نہیں ہے۔ لیکن ان کی شجاعت و ناموری کو سب پر ترجیح دیتی ہیں۔

سافو۔ میں بھی آپ کو کب روکتی ہوں۔ جائیے۔ خوشی سے جائیے۔ میری دعائیں ہمیشہ آپ کے شاملِ حال رہیں گی۔

بردیہ۔ فتح ہمیشہ حق کے ساتھ رہتی ہے۔ ہم فرعون کی فوج کو شکست نہ دیں گے تو اُسے اُن مظالم کا کس طرح بدلہ ملے گا؟

سافو۔ آپ نے ارسٹومیقس کا بھی کچھ حال سُنا جو فنیس کی جگہ مقرر ہوئے تھے۔ وہ بھی یکایک غائب ہو گئے۔ کسی کو پتہ نہ چلا۔ سُنتے ہیں کہ یا تو سامتیک نے انھیں اس قصور پر کہ فنیس کے لڑکوں کی حمایت کی تھی کسی مہیب قید خانہ میں ڈال دیا۔ یا کہیں۔ دور دراز کسی کان پر مشقت کرنیکے لئے بھیجدیا جو قید سے بھی کہیں زیادہ بدتر ہے۔ اس غریب کو پہلے اس کے دشمنوں نے سازش کر کے بلا قصور اپنے ملک سے جلا وطن کر دیا تھا اور پھر صد افسوس کہ جس دن وہ مصر سے لاپتہ ہوئے اُسی روز اسپارٹا سے خبر آئی کہ انکے لڑکے نے وہاں اتنا بڑا نام پیدا کیا کہ اُس کے صلہ میں اس کے معزز باپ کو واپس ہونے کی اجازت مل گئی۔ اور ایک جہاز پھولوں سے نہایت آراستہ پیراستہ اُنھیں لانے کے لئے یہاں بھیجا گیا۔ اور اس میں چند لوگ بطور سفیر آئے جن کا سردار ارسٹومیقس کا وہی بہادر و فاتح فرزند تھا۔

بردیہ۔ میں اس بوڑھے و دلیر شخص سے بخوبی واقف ہوں۔ وہی ناجس نے ذلت سے بچنے کے لئے اپنا پیر کاٹ ڈالا تھا۔ اگر فرعون نے اُسے بھی کوئی اذیت پہنچائی ہے تو قسم ہے اُس ستارۂ درخشاں کی جسے تم مشرق کی طرف ڈوبتا دیکھ رہی ہو۔ اس کا انتقام بھی ہم ضرور لیں گے۔

سافو۔ (چونک کر) پیارے! کیا اتنی دیر ہو گئی۔ وقت بھی ایک نسیم خوشگوار کی طرح ہماری پیشانیوں کا بوسہ لیتا ہوا کس تیزی سے گذرتا چلا جا رہا ہے۔

دیکھو لوگ اب بُلا رہے ہیں وہ ہمارے منتظر ہوں گے۔ صبح ہونے سے پہلے تمہیں شہر میں اپنے معزز مہمان کے گھر پہنچ جانا ہے۔ پیارے اب رخصت۔

بردیہ۔ جان من الوداع۔ پانچ دن میں اور صبر کرتا ہوں پھر ہمارا بیاہ رچے گا اور خوشی کے شادیانے بجیں گے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہیں! تم تو بیاہ کا نام سُنکر ایسا کانپنے لگیں جس طرح لڑائی کے ذکر سے تھرا گئی تھیں۔

سافو۔ ہاں جب کوئی نعمت کسی کو ملنے والی ہوتی ہے تو دل قابو میں نہیں رہ سکتا اور اس کے خیال ہی سے جسم پر رعشہ پڑ جاتا ہے۔

بردیہ۔ رودوفس پھر بُلا رہی ہیں۔ چلو اب چلیں۔ میں نے تھیو پمپوس سے کہا ہے کہ اُن سے دریافت کر کے مجھے بتائیں کہ کس طرح اور کس جگہ شادی کی رسوم ادا ہوں گی۔ میں اُن کے مکان پر صرف اپنی شادی تک رہنا چاہتا ہوں۔ پھر تمہاری رخصتی کے بعد فوراً تمہیں ہمراہ لیکر اپنے ملک چلا جاؤں گا۔

سافو۔ ہاں۔ میں بھی اب آپ کا ساتھ کبھی نہ چھوڑوں گی۔

دوسرے دن علی الصباح ہمارے نوجوان اپنے میزبان کے ساتھ سیر باغ میں مصروف تھے کہ رُدُہ یا بردیہ سے خطاب کر کے کہنے لگا "رات بھر تمہاری سافو کا خیال رہا۔ بردیہ تم بڑے خوش نصیب ہو۔ ایسی بے مثل حسینہ و پری پیکر تو شاید دُنیا میں کہیں پیدا نہ ہوئی ہوگی۔ آریا سپ بھی اُسے دیکھے تو اپنی نیتھیا کا حُسن بھول جائے۔ میں اپنی ساردیس والی نئی بیوی کو بہت خوبصورت سمجھتا تھا مگر اب خیال کرتا ہوں تو سافو کے مقابلہ میں وہ بالکل ہیچ و ناچیز معلوم ہوتی ہے۔ اہرمزد کو ایسے اسراف سے کام لینا مناسب نہ تھا۔ ایک سافو کے حُسن سے تین چار حسینوں کو پیدا کر سکتا تھا۔ کس دلفریب ادا سے کل رات اُس نے ہم سب کو ایرانی زبان میں الوداع کہا تھا۔

بردیہ۔ میری غیر موجودگی میں اُس نے ایک باشندہ شوس کی بیوی سے جو یہاں قالینوں کی تجارت کرتا ہے ہماری زبان سیکھنا شروع کی تھی اور اتنی جلدی اس میں مہارت حاصل کرلی کہ خود مجھے سخت حیرت ہوتی ہے۔

تھیوپمپوس۔ واقعی وہ عجب کمال کی لڑکی ہے۔ میری متوفہ بیوی اُسے اپنے بچوں کی طرح چاہتی تھی اور ہمارے لڑکے سے جو آج کل ملی توس میں تجارت کرتا ہے شادی کا پیام دینے والی تھی۔ مگر دیوتاؤں کو اور ہی منظور تھا۔ تاہم میری بیوی اگر آج زندہ ہوتی تو روڈوفس کا محل ہار پھول سے آراستہ دیکھ کر بہت خوش ہوتی۔

دُدُہ یا۔ کیا آپ لوگ دُلہن کا مکان پھولوں سے سجاتے ہیں۔

یونانی۔ ہاں۔ اگر تمہیں کسی مکان کے دروازہ پر ہار پھول نظر آئیں تو سمجھ لینا کہ وہاں لڑکی کی شادی ہونے والی ہے۔ اگر زیتون کی شاخیں لٹکی ہیں تو لڑکا پیدا ہوا ہے۔ اگر ادنی رومال اُڑ رہا ہے تو دختر تولد ہوئی ہے۔ اگر برتنوں میں پانی بھرا ہوا رکھا ہے تو موت ہوئی ہے۔ اسی طرح اور بہت سی رسوم ہیں جنھیں پھر عرض کروں گا۔ کیونکہ بازار کا وقت آپہونچا ہے۔ مجھے وہاں ضروری جانا ہے اسلئے اب آپ سب صاحبوں سے رخصت ہوتا ہوں۔

دُدُہ یا۔ میں بھی تمہارے ساتھ چلتا ہوں۔ سافو کے گھر کے لئے مجھے بھی ہار و پھول خریدنا ہے۔

یونانی۔ (ہنس کر) ہاہا۔ میں سمجھ گیا۔ آپ اُن گل فروش لڑکیوں کے دیدار کے مشتاق ہیں کتنا ہی چھپایئے یا انکار کیجئے مجھے باور نہ ہوگا۔ میرے ساتھ بخوشی چلیئے لیکن کل کی طرح زیادہ فیاضی سے کام نہ لیجئے گا اور اپنے تبدیل لباس کا خیال رکھئے گا۔ لڑائی کی افواہیں مشہور ہوگئی ہیں اگر ذرا بھی کسی کو آپ پر شبہ ہوگیا تو غضب ہوجائے گا۔

یونانی نے اپنے غلام کو آواز دی جس نے آکر اُسے جوتے پہنائے پھر دُدہ یا کے ساتھ بازار گیا اور چند گھنٹوں کے بعد جب واپس آیا تو تنِ تنہا تھا اور اُس کی چہرہ سے غیر معمولی فکر و تردد کے آثار پائے جاتے تھے۔

**سوداگر**۔ تمام شہر میں عجب ہل چل مچی ہوئی ہے۔ خبر ہے کہ اماسس سخت بیمار ہے۔ میں صرافہ میں کھڑا لین دین کر رہا تھا اور میرا کچھ مال جو بہت منافع سے بک گیا تھا اُس کی قیمت وصول کر کے نیا مال خریدنے کا ارادہ ہی کر رہا تھا کہ لڑائی کی افواہیں گرم ہوتے ہی تمام قیمتیں گر گئیں۔ بعدہ ایک افسر نے آکر مجھ سے کہا کہ فرعون ایک ایسی سخت بیماری میں مبتلا ہے کہ تمام حکیموں نے جواب دیدیا ہے اور اب اُس کے بچنے کی کوئی امید نہیں۔ نہ معلوم کب اُس کی موت کی خبر آجائے اور خطرناک واقعات پیدا ہو جائیں۔ فرعون کی موت یونانیوں کے لئے سخت مصیبت کا پیش خیمہ ہوگی کیونکہ ولیعہد ہمارا جانی دشمن ہے اور ہم سب کو فوراً مصر سے نکال دیگا۔ اُسے اس بندرگاہ اور ہمارے تمام مندروں سے اس قدر نفرت ہے کہ اگر اپنے باپ کا خوف اور یونانی فوج کی ضرورت نہ ہوتی تو کب کا اُس نے ہم سب کو یہاں سے نکال دیا ہوتا۔ اسی لئے اماسس کی وفات کے بعد اگر ایرانیوں نے اس ملک پر چڑھائی کی تو ہم سب کو بہت خوشی ہوگی کیونکہ وہ غیر ملکیوں کے حقوق کے ایسے دشمن نہیں ہیں اور نہ اُن سے اس قدر نفرت کرتے ہیں۔

**بردیہ**۔ تم اطمینان رکھو۔ میں بھائی سے کہہ کر تمہارے پُرانے حقوق بلکہ اور نئے حاصل کرانے کی کوشش کرونگا۔

**تاجر**۔ آپ کا بڑا احسان ہوگا۔ ہم سب آپ کے بھائی کی فتح و نصرت کے لئے دست بدعا ہیں اور امید کرتے ہیں کہ وہ بہت جلد اب یہاں تشریف لائیں گے

سامتیک اب کچھ دنوں میں ہمارے مندروں کو منہدم کرانے کا حکم دینے ہی والا ہے۔ عرصہ ہوا کہ ممفس میں ہمارے ایک نئے معبد کی تعمیر اسی نے بند کرادی تھی۔

دارا۔ جب ہم جہاز سے اترے تھے تو یہاں بہت سے خوبصورت عمارات نظر آئی تھیں۔

یونانی تاجر۔ جی ہاں۔ وہ سب ہمارے ہی مندر ہیں اور بڑے خرچ سے تیار ہوئے ہیں۔ دُدُہ یا بھی اب تشریف لے آئے۔ میرے غلاموں کے سر پہ ہار پھول کا ایک پورا جنگل اٹھا لائے ہیں اور خوشی کے مارے ہنس بھی رہے ہیں۔ شاید گلفروشوں سے خوب ہنسی دل لگی رہی ہے۔ دُدُہ یا! آداب عرض ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس افسوسناک خبر کا جو تمام شہر میں پھیلی ہوئی ہے آپ کے دل پہ کچھ اثر نہیں ہوا ہے۔

دُدُہ یا۔ میری دعا ہے کہ اماسس سو برس تک زندہ رہے۔ اگر وہ مر گیا تو کہیں اس بلاڑ میں میرا شکار ہاتھ سے نہ نکل جائے۔ روڈوفس کے مکان پر کب چلوگے؟

سوداگر۔ شام ہوتے ہی جانے کا ارادہ ہے۔

دُدُہ یا۔ اچھا تو میری طرف سے یہ پھول بطور تحفہ نذر کر دیجئے گا۔ بردیہ معاف کرنا میں آج رات تمہارے ساتھ جانے سے معذور ہوں۔ شاید بھائی تمہاری خوشی میں ہارج ہوں۔ دارا! کہو تمہارا کیا ارادہ ہے؟

دارا۔ میں تو بردیہ کے ساتھ ہی رہوں گا اور وہاں روڈوفس کی پُرلطف گفتگو صحبت سے لطف اٹھاؤں گا۔

دُدُہ یا۔ میں پہلے ہی جانتا تھا کہ تم یہ کہو گے۔ تمہیں تو ایسی جگہ لطف آتا ہے جہاں کوئی نئی بات یا جدید معلومات حاصل ہوں۔ خیر میں اب معافی چاہتا ہوں

اور آپ سے رخصت کی اجازت مانگتا ہوں وجہ یہ .....

بردیہ۔ (ہنس کر) ہم سے کیا بہانے بناؤ گے۔ میں سمجھ گیا۔ آپ کے دل میں ہے کہ جن مہ جبینوں کے دن میں درشن ہو چکے ہیں اُن کی صورتیں رات کے وقت کیسی نظر آتی ہیں۔

دُدُہ یا۔ (سنجیدہ مُنہ بنا کر) بیشک آپ خوب سمجھے۔ یہ اپنا اپنا مذاق ہے۔ کسی کو دارا کی طرح عاقلوں کی صحبت میں لطف آتا ہے کسی کو خوش وقتی و نظارہ بازی کی خواہش دامنگیر رہتی ہے۔

بردیہ۔ اچھا اب آپ تشریف لے جائیے۔ میری دعا ہے کہ تینوں بہنیں آپ کو مُبارک ہوں۔

دُدُہ یا۔ نہیں۔ میں صرف ایک ہی پر قانع ہوں۔ جو عمر میں سب سے چھوٹی ہے یعنی اسٹفانیان۔

جب بردیہ۔ دارا اور تھیوپمپوس۔ روڈوفس کی مجلس ختم ہونے کے بعد اس کے مکان سے رخصت ہوئے تو صبح ہو چکی تھی۔ ایک اور معزز یونانی بھی انکے ہمراہ تھا۔ اس کا نام سلوسن تھا جسے اس کے بھائی پولی کراتیس نے اپنے ملک سے نکال دیا تھا۔ یہ بھی اُس رات روڈوفس کا مہمان تھا اور اب ان کے ساتھ شہر اپنے گھر واپس جا رہا تھا۔ یہ شخص گو جلاوطن تھا مگر بھائی کی طرف سے نہایت عمدہ وظیفہ ملنے سے اس کے تمول کی تمام شہر میں دھوم تھی اور ہنرمندی سپہگری اور فضول خرچی میں بھی ایسا ہی مشہور تھا۔ علاوہ بریں حُسن صورت و خوش پوشاکی میں یکتائے زمانہ تھا۔ چنانچہ نوکر اتیس کے طرحدار نوجوان اُسی کے طرز لباس کی تقلید کرتے تھے۔ وہ بالکل خود مختار بے فکر و بے شغل تھا اور اکثر روڈوفس کی صحبت میں شام کا وقت گذارتا تھا۔ یہ معزز خاتون بھی اُسے

اپنے خاص دوستوں میں شمار کرتی تھی اور اُس سے اپنے کوئی راز کی بات نہ چھپاتی تھی اس لئے اُسے سافو کے عشق کا حال بخوبی معلوم تھا۔ اُس رات کی مجلس میں یہ طے پایا تھا کہ چار دن بعد شادی منعقد ہو اور تمام رسومات خفیہ طور سے کئے جائیں بردیہ اور اُس کی منگیتر دونوں کو ساتھ بٹھا کر سفر جل[1] کھلایا گیا۔ بردیہ کو زیس ہیرا اور دیگر دیوتاؤں کی جو شادی بیاہ کی مربی و سہایک سمجھے جاتے تھے بھینٹ نذر چڑھانا پڑی اور اس طرح باضابطہ طریقہ سے اس کی منگنی کی رسم ادا ہوگئی۔ سلوسن نے اپی تھامیم کے مغنیوں اور شمع برداروں کی فراہم کا وعدہ کیا اور تھیوبمپوس کے مکان پر دولھا کی طرف سے دعوتِ ولیمہ قرار پائی۔ شہزادہ نے اپنی دلہن کے لئے نہایت بیش بہا تحائف پیش کئے اور سافو کی جائداد لینے سے انکار کر کے اُسے بھی رو ڈوفس کو واپس دینا چاہتا تھا مگر وہ کسی طرح راضی نہ ہوئی غرض کہ اس گفت و شنید کے بعد جب واپس ہوئے تو سلوسن بھی اُن کے ساتھ تھیوبمپوس کے مکان تک ہولیا۔ اور وہاں سے رخصت ہونے ہی والا تھا کہ اتنے میں سڑک پر شور و شغب کی آواز سُنائی دی اور چند مصری سپاہی ایک شخص کو بابجولاں قید خانہ کی طرف لئے جاتے نظر آئے۔ قیدی اپنی ٹوٹی پھوٹی یونانی زبان میں کچھ کہہ رہا تھا مگر سپاہیوں کے کان پر جوں تک نہ رینگتی تھی جس سے وہ اور غصہ میں آکر چلا چلا کر گالیاں سُناتا تھا۔ بردیہ اور دارا کے کان میں جیوں ہی یہ آواز گئی فوراً باہر نکل کر آئے اور اپنے دوست دُوہ یا کو دیکھ کر بہت حیران ہوئے سلوسن اور تھیوبمپوس نے آگے بڑھکر سپاہیوں

---

[1] بقول پلوتارک۔ قانون سولن کے مطابق اتھنز کی ہر دلہن کے لئے سفر جل بابی کھانا ضروری تھا۔ شادی کے پہلے اس پھل کا استعمال دونوں کے دل میں محبت و الفت پیدا کرتا تھا۔ (ایڈیٹر)

کے گارڈ کو روکا اور اُن کے افسر سے پوچھا کہ بتاؤ تو اس شخص نے کیا قصور کیا ہے۔
یہ دونوں شہر کے معززین سے تھے اور افسر بھی ان سے بخوبی واقف تھا اس لئے
انھیں دیکھتے ہی اس نے سلام کیا اور جواب دیا کہ اس اجنبی نے ایک قتل کیا ہے
جس کے جرم میں اُسے پکڑ کر قید خانے لئے جاتے ہیں یہ سُنتے ہی تھیوپمپوس افسر
کا ہاتھ پکڑ کر ایک طرف لے گیا اور اُس سے کہا کہ اجنبی کو رہا کر دو گے تو بہت خوش
کرونگا۔ مگر اُس نے نہ مانا تاہم یونانی تاجر کی خاطر سے اُسے قیدی سے کچھ دیر
صرف گفتگو کرنے کی اجازت دے دی۔ پھر سب دوستوں نے مل کر دُدُہ یا
سے پوچھا کہ جلد بتاؤ آخر یہ مصیبت تم پر کیونکر آئی۔ اس نے اپنا کل ماجرا کہہ سُنایا
اور بیان کیا کہ شام ہوتے ہی وہ اُس گل فروش حسینہ کے مکان پر پہنچا اور رات بھر
اس کے یہاں رہا جب دروازہ بند کر کے صبح باہر نکلا تو چند طاقت ور نوجوان شخصوں
نے جو چھپے ہوئے کھڑے تھے اس پر یکایک حملہ کر دیا۔ ان میں سے ایک
شاید اسی لڑکی کا کوئی پرانا یار تھا جس سے پہلے بھی اُس سے جھگڑا ہو چکا تھا اب
اُس نے تلوار نکال کر اپنے دشمنوں کے حملہ کا جواب دیا۔ اُن کے پاس صرف
لکڑیاں تھیں۔ تلوار دیکھتے ہی دُم دبا کر بھاگ نکلے مگر اتفاق سے ایک شخص
یعنی وہی پرانا یار زخم کاری کھا کر زمین پر گر پڑا اور چلّانے لگا "دوڑو۔ میں مر گیا۔
چور ہے" یہ آواز سُنتے ہی بہت سے پولیس والے آ پہنچے اور اُسے پکڑنا چاہا
مگر وہ اب آسانی سے کب ہاتھ آتا تھا اور شمشیر بکف پولیس پر حملہ آور ہو کر
بھگا دیتا مگر اتنے میں ایک دوسرا گارڈ آ پہنچا اور اب سب نے مل کر اُسے پکڑنا
چاہا وہ بھی پل پڑا اور ایک ایسا ہاتھ مارا کہ ان میں سے ایک سپاہی کا سر سُتلے
کی طرح اُڑ گیا اور دوسرے کے ہاتھ میں زخم کاری لگا۔ تیسرے کے سر پر تلوار
پڑنے ہی والی تھی کہ پیچھے سے ایک کمند کسی نے پھینک کر اُس کے گلے میں پھانسی

لگادی اور اس زور سے کھینچا کہ وہ بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑا۔ پھر کچھ دیر بعد جب آنکھیں کھلیں تو پیروں میں بیڑیاں پڑی تھیں۔ اس نے اپنا پاسپورٹ دکھایا اور تھیوبمپوس کا نام لیا مگر سپاہیوں نے ایک نہ سُنی اور کشاں کشاں اپنے ساتھ لے گئے۔

یہ واقعہ سُنکر تاجر نے بہت افسوس کیا اور کہا کہ اس لڑائی کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔ بعدہٗ افسر سے مخاطب ہو کر کہا کہ میں اس شخص کا ضامن ہوتا ہوں اسے رہا کردو۔ مگر اس نے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ اسے چھوڑ دونگا تو خود میری جان کی خیر نہیں ہے کیونکہ یہاں کے قانون کے مطابق قاتل کا چھپانے والا بھی سزائے موت کا مستوجب سمجھا جاتا ہے اس قیدی کو فوراً سیئیز لے جا کر حاکم شہر یا نومارچ[1] کے حوالہ کردونگا۔ اس نے ایک مصری کو قتل کیا ہے اس لئے ایک مصری عدالت ہی اس کی سزا کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ دَدُہ یا نے اپنے دوستوں سے کہا کہ آپ لوگ مجھے میرے ہی حال پر چھوڑ دیجئے اور کچھ پرواہ نہ کیجئے۔ بردیہ نے جواب دیا کہ میں ان لوگوں سے اب علانیہ کہے دیتا ہوں کہ ہم کون ہیں شاید اس تدبیر سے تم رہا ہو جاؤ۔ مگر دَدُہ یا نے اس رائے سے سخت اختلاف کیا اور کہا متھرا کی قسم۔ اگر آپ نے یہ حرکت کی تو میں ابھی تلوار اپنے سینہ میں بھونک لونگا۔ یہ لوگ یقیناً آپ کو بھی پکڑ لیں گے۔ لڑائی کی خبر شہر میں مشہور ہو چکی ہے۔ سامتیک سُن پائے گا تو بہت ہی خوش ہوگا ایک سونے کی چڑیا اس کے ہاتھ آجائے گی اور آپ کو قید میں رکھکر وہ اپنا مطلب نکالے گا۔ بھائیو! کچھ اندیشہ نہ کرو۔ اہرمرزد ہم سب کا حافظ و

---

[1] مصری زبان میں صوبہ یا ضلع کو نوم اور صوبہ دار کو نومارچ کہتے تھے۔ اس کا سب سے بڑا کام زراعت کی نگرانی اور انتظام تھا۔ (ولکنس)

نگہبان ہے۔ اب جاؤ۔ اپنے غریب دوست کو کبھی کبھی یاد کرنا کہ لڑائی بھڑائی اور عشق و عاشقی کا ایسا دلدادہ تھا کہ ایک دن اسی میں اُس نے جان دیدی۔

مصری افسر نے اب اشارہ سے دوستوں کو علیحدہ ہونے کے لئے کہا اور سپاہیوں کو آگے بڑھنے کا حکم دے کر چل دیا۔ تھوڑی دیر میں وہ سب نظروں سے غائب ہو گئے اور ہمارے ایرانی اپنی مجبوری اور دوست کی مصیبت پر کفِ افسوس ملتے رہ گئے۔

# باب ستائیسواں

## شادی

قانون مصر کے مطابق دُدہ یا کے لئے سزائے موت یقینی تھی۔ دوستوں نے یہ سُنا تو انہوں نے عہد کر لیا کہ سیئز جا کر کسی نہ کسی طرح اُسے چھڑانے کی کوشش کریں گے۔ سلوسن بھی ان کے ساتھ چلنے پر آمادہ ہو گیا۔ اُسے مصری زبان آتی تھی اور وہاں کے لوگوں سے بھی واقف تھا۔ بردیہ و دارا نے اپنے بال و بھویں خوب رنگ لیں۔ چوڑے چھجے دار ٹوپیاں پہن لیں اور یونانی طرز کا ایک سادہ لباس زیب تن کر کے ایسی ہیئت بدل لی کہ ان کے دوست بھی بمشکل پہچان سکتے تھے۔ سلوسن کا لباس نہایت پُر تکلف تھا۔ اس کی ایک ذاتی کشتی تھی جس میں اُسی کے غلام ملاح تھے۔ تینوں اُس پر بیٹھ کر فوراً روانہ ہو گئے۔ ہوا موافق تھی کشتی بہت جلد منزل مقصود پر پہنچ گئی۔ جہاں دریا کی طغیانی کی وجہ سے سیئز کے چار طرف

ایسا پانی گھرا ہوا تھا کہ وہ ایک جزیرہ بن گیا تھا۔ ہمارے مسافر دور ایک تنہا مقام پر اپنی کشتی کھڑی کر کے کنارے پر آئے اور اہل حرفہ کے محلہ سے ہوتے ہوئے شہر میں داخل ہوئے۔ دوپہر کا وقت گرمی سخت تھی مگر لوگ اپنے کام میں ہر طرف مشغول تھے۔ نان بائی کے مکان کے کھلے ہوئے صحن میں مزدور اپنے پیروں سے آٹا اور ہاتھوں سے میدہ گوندھ رہے تھے اور تندور کے اندر سے مختلف قسم کی روٹیاں۔ پاؤ روٹی و کلچے وغیرہ جن کی طرح طرح کی شکلیں تھیں کسی کی پان کی کسی کی مچھلی۔ گھونگھے یا بھیڑ۔ بکرے وغیرہ کی۔ نکال نکال کر ٹوکریوں میں بھرتے جاتے تھے اور بہت سے چست و چالاک لڑکے دو دو تین تین ٹوکریاں اپنے سروں پر رکھے بڑی پھرتی سے اُن دوکانوں[1] میں جو شہر کے دوسرے حصہ یا بازار میں تھیں پہنچا دیتے تھے۔ اسی طرح قصاب اپنی چھریاں پتھر پر تیز کر رہے تھے اور مکان کے سامنے بیلوں کو باندھکر ذبح کرنے میں مصروف تھے۔ موچی و جوتے فروش آنے جانے والوں کو آوازیں دے دے کر اپنی طرف مخاطب کرنا چاہتے تھے اور بڑھئی۔ درزی۔ اور حلوائی وغیرہ بھی بڑی تن دہی کے ساتھ اپنے اپنے مشاغل میں منہمک نظر آتے تھے۔ اہل حرفہ کی بیویاں اپنے ننگے بچوں کی انگلیاں پکڑے خرید و فروخت کی غرض سے گھر سے باہر جا رہی تھیں اور چند سپاہی ایک کلار کی دوکان کے پاس جو لب سڑک تھی شراب کا مول بھاؤ کر رہے تھے ہمارے دوستوں نے ان باتوں کی طرف بہت کم توجہ کی۔ اور سلوسن کے پیچھے پیچھے ہولئے جو یونانی فوج کی چوکی کے پاس پہنچکر ٹھیر گیا۔ پھر اپنے ساتھیوں کو باہر

[1] مصری غذا کے متعلق ہم اوپر لکھ چکے ہیں۔ وہ مچھلی کے بڑے شایق تھے۔ یا تو تازی کھاتے یا دھوپ میں سکھا کر اُسے خشک کر لیتے تھے۔ دریائی پرند یعنی مرغابی وغیرہ بھی کھاتے تھے عوام جَو کی شراب کے بڑے دلدادہ تھے۔ (ہسٹری آف ورلڈ)

ہی کھڑا کر کے خود اندر گیا۔ اور اُس افسر سے جو اس وقت پہرہ پر تھا مل کر پوچھنے لگا کہ آپ کو ایک قیدی کا حال معلوم ہے جو ابھی ابھی نوکراتیس سے یہاں لایا گیا ہے

افسر۔ ہاں مجھے معلوم کیوں نہیں۔ ابھی آدہ ہی گھنٹہ تو ہوا ہے کہ مصری سپاہی ایک قیدی کو پکڑ کر لائے ہیں۔ اس کی تلاشی لی گئی تو کمر کی پٹی میں سونے سے بھری ہوئی ایک تھیلی دستیاب ہوئی ہے اس لئے سب کا خیال ہے کہ وہ کوئی ایرانی جاسوس ہے۔ شاید تم نے بھی سُنا ہوگا کہ شاہِ ایران مصر پر حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہا ہے۔

سلوسن۔ سچ کہو۔ یہ تو تم نے عجیب خبر سُنائی۔

افسر۔ یہ بالکل صحیح ہے بلکہ فرعون کو بھی اب اس کی تصدیق ہوگئی ہے۔ عرب تاجروں کا ایک قافلہ جو کل پلوسیم میں داخل ہوا تھا۔ یہ خبر لایا ہے۔

سلوسن۔ ممکن ہے کہ محض ایک افواہ ہو اور اس غریب قیدی پر جو لیدیہ کا باشندہ ہے ناحق شبہ کیا جاتا ہو۔ میں اس شخص سے اچھی طرح واقف ہوں اس لئے مجھے اُس کے حال پر رحم آتا ہے۔ یہ اپنے ملک کے ایک نہایت متمول خاندان سے ہے۔ ایرانی سترپ سے کچھ بگاڑ ہوگیا تھا اس لئے اُس کے ڈر سے یہاں بھاگ آیا ہے۔ یہ بھی ایک عجیب واقعہ ہے جس کا مفصل حال جب نوکراتیس کی سیر کرنے آؤ گے تو بیان کرونگا۔ مجھے امید ہے کہ تم اپنے دوست واحباب کو بھی ساتھ لاؤ گے اور میرے ہی یہاں مہمان رہو گے۔ میرے بھائی نے ساموس سے کچھ شراب بھیجی ہے جو ایسی اعلےٰ درجہ کی ہے کہ شاید تم نے کبھی چکھی ہوگی تم ایسے قدردان کے سوا میں چاہتا ہوں کہ اور کسی کو اس دعوت میں شریک کروں۔

یہ سُنتے ہی ٹکسیارک کا چہرہ بشاش ہوگیا اور سلوسن کا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا "واہ دوست قسم ہے کیا مزے کی بات سُنائی ہے۔ میں ضرور آؤنگا۔

تم نے شراب کا نام لیتے ہی میرے دل کو بیتاب کر دیا۔ بھئی اُن تین گل فروش بہنوں کو بھی ضرور بلانا اور چند بانسری بجانے والے بھی اُس وقت ہوئے تو لطف آجائیگا۔

سلوسن۔ میں اُن سب کو بلاؤں گا۔ گل فروشوں کے نام لیکر تم نے مجھے یاد دلایا کہ اس غریب قیدی پر بھی انھیں کی وجہ سے یہ مصیبت آئی ہے۔ کسی بدمعاش لچے آدمی نے اپنے چند دوستوں کے ساتھ اُن کے مکان کے سامنے ہی اُس پر حملہ کرنے کا قصد کیا تھا مگر یہ بھی بڑا دل چلا جوان ہے اپنی جان بچانے کے لئے ...

افسر۔ اس نے دشمن کو مار کر زمین پر گرا دیا۔

سلوسن۔ اور ایسا گرایا کہ اُس نے پھر سانس تک نہ لی۔

افسر۔ شاباش۔ بڑا بہادر آدمی معلوم ہوتا ہے؛

سلوسن۔ اس کے پاس تلوار تھی۔

افسر۔ یہ اور بھی اچھا ہوا۔

سلوسن۔ نہیں بلکہ بہت بُرا ہوا کیونکہ اس کا حریف ایک مصری تھا۔

افسر۔ ٹھیک کہتے ہو۔ معاملہ بہت بے ڈھب نظر آتا ہے۔ کسی اجنبی سے اگر کوئی مصری قتل ہو جائے تو پھر اُسے کہیں پناہ نہیں مل سکتی۔ اور فوراً اُس کی گردن ماری جاتی ہے۔ بہرحال چند دنوں کی مہلت تو اُسے مل ہی جائے گی۔ کیونکہ وہ پروہت جو اُس کی قسمت کا فیصلہ کریں گے آج کل بہت عدیم الفرصت ہیں اور بیمار بادشاہ کے لئے دعا و دوا کرنے میں مصروف ہیں۔

سلوسن۔ میں اس غریب لڑکے کے باپ سے بھی واقف ہوں اور اُس کی جان بچانے کے لئے بہت زر و جواہر دینے کے لئے تیار ہوں۔

افسر۔ بیشک۔ اور اُس نے قصور ہی کیا کیا تھا اپنے بچاؤ کے لئے ہاتھ اُٹھایا تھا۔ بھلا کوئی شخص مار کھالے اور کچھ نہ بولے۔

سلوسن۔ تمہیں یہ بھی معلوم ہے کہ وہ غریب کس قید خانہ میں ہے؟

افسر۔ ہاں۔ بڑا قید خانہ تو آج کل زیر تعمیر ہے اس لئے اُسے اسباب کی ایک کوٹھری میں جو مصری باڈی گارڈ کی بڑی چوکی و معبد نتیھ کے کنج کے درمیان واقع ہے بند کر دیا ہے۔ جب میں گھر واپس جا رہا تھا تو میں نے دیکھا تھا کہ سپاہی اُسے وہاں لئے جا رہے ہیں۔

سلوسن۔ وہ نہایت دلیر و طاقتور شخص ہے۔ تمہارے خیال میں اگر اُسے مدد پہنچائی جائے تو رہائی کی کچھ امید ہو سکتی ہے؟

افسر۔ مجھے تو یہ ناممکن معلوم ہوتا ہے جس مکان میں وہ مقید ہے وہ دو منزلہ ہے اور اُس کی صرف ایک ہی کھڑکی ہے جس کا رُخ کنج کی جانب ہے اور تمہیں معلوم ہی ہے کہ اس کنج کے چاروں طرف دس دس فٹ اونچی دیواریں ہیں اور اُس کی کس سختی کے ساتھ حفاظت کی جاتی ہے۔ تمام دروازوں و پھاٹکوں پر دُہرا دُہرا پہرہ ہے۔ صرف اُس رُخ پر جو دریا کی طرف ہے طغیانی کے زمانہ میں کوئی پہرہ نہیں ہوتا۔ یقین جانو یہ جانوروں کے پوجنے والے سیار دلو مڑی سے بڑھکر ہوشیار و چالاک واقع ہوئے ہیں۔

سلوسن۔ افسوس۔ تو اب کوئی چارہ نہیں۔ غریب نوجوان کو اسی کی قسمت پر چھوڑ دینا چاہئے۔ میں اب جاتا ہوں مگر دمونزہ دیکھو اپنا وعدہ مت بھولنا اور ضرور میرے یہاں آنا۔

سلوسن یہ کہکر باہر نکل آیا اور اپنے دوستوں کے پاس جاکر یہ تمام واقعہ کہہ سُنایا۔

دارا۔ مجھے تو پوری امید ہے کہ ہم ذرا سی ہمت کر جائیں تو رہائی کی صورت نکل سکتی ہے۔ وُدہ یابلی کی طرح تیز و چالاک اور ریچھ کی مانند قوی و تنومند ہے۔

میرے ذہن میں ایک نہایت عمدہ تدبیر آئی ہے۔

سلوسن - وہ کیا - ذرا میں بھی تو سنوں - امید تو میری بھی ابھی تک منقطع نہیں ہوئی ہے۔

دارا - ہم ایک رسی کی سیڑھی - ایک مضبوط ڈوری - اور ایک کمان خریدینگے اور کشتی میں بیٹھ کر اندھیرا ہوتے ہی مندر کی اُس دیوار کے قریب جائیں گے جہاں آج کل پہرہ نہیں ہے - تم تھوڑی سی میری مدد کروگے تو میں یہ سب چیزیں لیکر اوپر چڑھ جاؤں گا اور گدھ کی بولی بولوں گا جسے سنتے ہی دَدُہ یا فوراً پہچان لیگا کہ کون آیا ہے - کیونکہ لڑکپن سے ہم دونوں ایک دوسرے کو اسی اشارہ سے بُلاتے تھے - پھر میں اپنے ایک تیر میں ڈوری اُلجھا کر تاک لگا کے اس کے کرے میں پھینکوں گا - اس سے چلّا کر کہونگا کہ اس میں کوئی بھاری چیز باندھ کر نیچے لٹکا دو پھر اس کے سرے پر رسّی کی سیڑھی اور ایک کیل باندھ دونگا جسے وہ اوپر کھینچ لیگا اور کیل دیوار میں ٹھونک کر سیڑھی باندھ بآسانی نیچے اُتر آئے گا اور ہم دونوں کشتی میں بیٹھتے ہی فوراً ہوا ہو جائیں گے۔

بردیہ - کیا کہنا - لاجواب تدبیر ہے۔

سلوسن - مگر نہایت خطرناک بھی ہے - اُترتے وقت اگر کسی نے دیکھ لیا تو جان کی خیر نہیں ہے - پروہت رات ہی کے وقت وہاں اپنے بعض مذہبی رسومات کیا کرتے ہیں جنھیں سوائے چند لوگوں کے اور کوئی نہیں دیکھ سکتا - مگر وہ تالاب جہاں یہ خفیہ و رازدار مجلسیں ہوتی ہیں - دَدُہ یا کے قید خانہ سے کسی قدر فاصلہ پر ہے۔

دارا - یہ اور بھی اچھا ہے - اب زیادہ دیر نہ کرنا چاہئے اور سب سے پہلے تھیوبمپوس کو لکھنا چاہئے کہ نوکراتیس میں ایک نہایت تیز رفتار جہاز کرایہ پر لیکر ہمارے

لئے تیار رکھے۔ لڑائی کی خبر مشہور ہوگئی ہے۔ دُدہ یا کی رہائی کا جب حال معلوم ہوگا تو سب لوگ ہمیں جاسوس خیال کریں گے اور بڑی شدت کے ساتھ ہمارا تعاقب کریں گے۔ ہمیں بلا ضرورت اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا مناسب نہیں ہے۔ بردیہ تمہارے سپرد یہ تمام انتظام ہے۔ اب پہلا فرض یہ ہے کہ جلد واپس جاکر آج ہی اپنی شادی وغیرہ سے بھی فارغ ہوجاؤ کیونکہ بہرحال کل صبح تک ہمیں فوراً نوکرائتیس سے روانہ ہوجانا چاہئے۔ دیکھو زیادہ چون وچرا اور یہاں ٹھیرنے کی ضد نہ کرو۔ تمہارا رہنا بالکل فضول ہے۔ ناحق تماشہ دیکھنے سے کیا فائدہ۔ دُدہ یا کی رہائی کے لئے بس صرف ایک ہی شخص کی ضرورت ہے۔ میں نے ہی یہ تدبیر سوچی ہے اور سوائے میرے کوئی اس میں دخل نہ دینے پائیگا۔ ہرمز ہمارا نگہبان ہے۔ اس کی مدد شامل حال رہی تو کل ہم تینوں پھر ایک دوسرے سے بخیریت مل جائیں گے۔

بردیہ اس پر کسی طرح راضی نہ ہوتا تھا اور بڑی دیر تک حجت وتکرار ہوتی رہی بالآخر سب کے سمجھانے بجھانے سے مان گیا اور ایک کشتی کی فکر میں دریا کی طرف چل دیا سلوسن اور دارا نے رسی وغیرہ مول لینے کے لئے شہر کی راہ لی۔ بردیہ کو کرایہ کی کشتی ڈھونڈھنے کے لئے معبد نتیھ کے قریب سے گذرنا پڑا۔ یہاں لوگوں کا اس قدر اژدہام تھا کہ اس کو راستہ ملنا دشوار ہوگیا۔ پروہت اُس شاہراہ سے جو کنج ابوالہول کے قریب سے گذرتی تھی مجمع کو ہٹانے کا حکم دے رہے تھے۔ مندر کے پھاٹک پر رنگ برنگ کے پھریرے اُڑ رہے تھے۔ بردیہ نے آگے بڑھنا چاہا تو لوگوں کے دھکم دھکا سے اتفاقیہ سب سے اگلی صف پر جا پہنچا۔ یہاں مجبوراً اُسے ٹھیرنا پڑا۔ اتنے میں پیلان[1] کا عظیم الشان پھاٹک کھلا۔ اور معبد کے

[1] پیلان۔ معبد کا خاص طرز کا دروازہ۔

اندر سے ایک بہت بڑا جلوس[1] باہر نکلتا ہوا نظر آیا۔ جس کا تماشہ دیکھنے میں بروہ ایسا محو ہو گیا کہ اُسے اپنی ٹوپی کا بھی جو سر سے کہیں گر کر مجمع میں غائب ہو گئی تھی خیال نہ رہا۔ اس کے پیچھے دو یونانی سپاہی کھڑے ہوئے آپس میں باتیں کر رہے تھے جس سے معلوم ہوا کہ اراکین خاندانِ شاہی فرعون کی دعائے صحت مانگنے اور نذریں وھبنیٹ چڑھانے کی غرض سے مندر میں گئے ہیں اور اب واپس آنے والے ہیں۔ بروہ کو بھی چند صورتیں نظر آئیں جن سے وہ آشنا تھا۔ جلوس کے آگے آگے بڑے بڑے پروہت تھے جن کے جسم پر شیر کی کھالیں یا لانبے سفید کپڑے تھے۔ بعدہٗ خاص درباری و عمائدینِ سلطنت آئے جن کے زریں عصاؤں پر مور کے پر یا کنول کے نقرئی پھول لگے تھے۔ انکے پیچھے پستوفور[2] تھے جو جو ایک سونے کی گائے اپنے کاندھوں پر اُٹھائے ہوئے جا رہے تھے۔ یہ گائے آسس کا نشان تھی جسے دیکھتے ہی لوگوں کی گردنیں ادب سے

---

[1] مصری اس قسم کے مذہبی جلوسوں کے بہت شائق تھے اور انھیں بڑی دھوم سے نکالتے تھے سب سے بڑے جلوس معبدوں کے تھے جن کی دو قسمیں تھیں۔ ایک تو چھت دار سائبان نما تابوت دوسری مقدس کشتی۔ موجودہ زمانہ کے تعزیوں کی طرح وہ اپنے مختلف دیوتاؤں اور بادشاہ کے نام کے تابوت بناتے جن میں اُن کے بُت یا نشان وغیرہ ہوتے تھے۔ نیچے لکڑی کے ڈنڈے لگے رہتے جنھیں ۱۲-۱۶ پروہت بجائے کہاروں کے اپنے سروں پر رکھے ہوئے لے جاتے تھے مہا پروہت بھی ہمراہ چلتا۔ پیچھے ایک بڑا جلوس اور گانے والوں کا گروہ بھی ہوتا تھا پروہت شہر کی سڑکوں پر سے گذرتے ہوئے معبد میں جا کر ان تابوتوں پر شرابیں و پھول چڑھاتے اور نذر و نیاز کی رسوم کرتے تھے۔ (ولکنس)

[2] پستوفور۔ یہ وہ پروہت تھے جو جلوس میں دیوتاؤں کے بُت مقدس تصاویر وغیرہ اپنے ہاتھوں میں لئے ہوتے۔

جھک گئیں۔ بعدازاں ملکہ کی سواری نظر آئی۔ وہ ایک بڑی بُجارن کا لباس پہنے تھی۔ سر پر ایک مرصع تاج تھا جس پر پردار قرص کی شبیہہ تھی اور سامنے افعی کے پھن اُٹھے ہوئے تھے۔ اُس کے داہنے ہاتھ میں کنول کے پھول تھے اور بائیں ہاتھ میں ایک طلائی سسترم[1] جس کی آواز سے بھوت پریت بھاگتے تھے۔ ملکہ کے پیچھے پروہت اعظم کی بیوی اور اُس کی ایک لڑکی وہن تھی۔ جن کی پوشاک گو ایسی شاندار نہ تھی۔ مگر ملکہ سے ملتی جلتی تھی۔ بعدہٗ ولیعہد اپنا لباس شاہانہ زیب تن کئے نظر آیا اُسکے پیچھے چار سفید پوش نوجوان پروہت تھے جو اپنے کاندھوں پر ایک کھلا ہوا تخت رواں اُٹھائے ہوئے تھے جس پر دختر اماسس یعنی نتیتیس کی بہن تاشو تکیوں و گدّوں کے سہارے سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔ اس کا زرد چہرہ شدت گرمی و دفور غم سے تمتما رہا تھا۔ اس کی نیلگوں آنسو بھری آنکھیں اس باجے یا سسترم کو بغور دیکھ رہی تھیں جسے اُس کے کمزور ہاتھ مشکل سے سنبھال سکتے تھے۔ تاشو پر نگاہ پڑتے ہی سب کی زبان سے افسوس و ہمدردی کے کلمات بیساختہ نکلے۔ کیونکہ ایک دوشیزہ لڑکی جو کمال جاہ و ثروت و ناز و نعم میں پلی ہو نحیف و زار ہو جائے تو قدرتی طور سے ہر شخص اُسے دیکھکر رنج کرتا ہے۔ چہ جائیکہ اُن کی پیاری شہزادی۔ اُن کے دنیوی دیوتا یعنی اُنکے مقدس فرعون کی بیٹی جو خود ہی بستر مرگ پر پڑا ہوا کچھ دنوں کا مہمان ہو ظاہر ہے کہ اُسے ایسا بیمار و خستہ حال دیکھ کر انھیں کس قدر صدمہ و الم ہوتا ہوگا۔ بہت سے لوگ ڈاڑھیں مار کر بے اختیار رونے لگے جسے شہزادی نے محسوس کیا تو ان کی ہمدردی و محبت کے ادائے شکریہ کے خیال سے اپنی آنکھیں اُٹھا کر

---

[1] سسترم اس باجہ کا استعمال عبادت اور مذہبی رسومات کے لئے مخصوص تھا۔ اس کی شکل ایک کمان کی طرح تھی۔ جس میں لکڑیوں پر بہت سے چھلّے لگے تھے جو جنبش دینے یا ہلانے سے بجتے تھے۔ (ایڈیٹر)

سامنے مجمع کی طرف دیکھا۔ یکایک اس کے چہرہ کا رنگ فق ہوگیا۔ ہاتھ پیر کانپنے لگے اور وہ طلائی باجہ یعنی سسترم چھوٹ کر زمین پر گر پڑا اور اتفاق سے بردیہ کے قدموں کے پاس آگیا۔ بردیہ سمجھا کہ شہزادے نے اُسے پہچان لیا اور اس فکر میں تھا کہ پیچھے ہٹ کر مجمع میں کہیں چھپ جائے۔ لیکن صرف ایک ہی لحظہ کے لئے یہ خیال آیا۔ فوراً اُس کی حمیت و مردانگی نے جوش مارا اور احتیاط و دوراندیشی سب بالائے طاق رکھ کر چشم زدن میں اُس نے لپک کر باجہ اُٹھالیا اور آگے بڑھکر اُسے شاہزادی کے سامنے مؤدبانہ پیش کیا۔ تاشو باجہ لے کر ایک ایسی نگاہ سے ایرانی کی طرف دیکھنے لگی گویا اُس سے کچھ پوچھنا چاہتی ہے۔ کئی بار اس کے ہونٹوں کو حرکت ہوئی پھر دبی زبان سے اس قدر آہستہ کہ کسی کے کان تک آواز نہ گئی بولی "آہ! یہ عالم خواب ہے یا بیداری۔ تم کیا بردیہ ہو؟ اجنبی! تمہیں اپنی محترم ماں کی قسم سچ کہنا تم ہی بردیہ ہو۔ نا؟

بردیہ۔ (آہستہ سے) "آپ کا خیال صحیح ہے۔ میں ہی آپکا قدیم نیازمند بردیہ ہوں"

اس سے زیادہ اور اُس کی زبان سے کچھ نہ نکل سکا۔ خادموں و چوبداروں نے اُسے ڈھکیل کر پیچھے کر دیا اور جب تک اپنی جگہ سنبھل کر کھڑا ہوا شہزادی کی سواری آگے نکل گئی۔ مگر وہ بار بار پلٹ کر اُسی کی طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کے رُخسارے سُرخ تھے اور آنکھوں میں ایک عجب جذبہ، ایک عجیب و غریب چمک پیدا ہوگئی تھی بردیہ بھی برابر اُسے دیکھتا رہا۔ جب وہ بالآخر نظر سے اوجھل ہوگئی تو اُس نے کنول کا وہ پھول جسے تاشو چلتے وقت اُس کے پیر کے پاس پھینک گئی تھی جھک کر اُٹھالیا اور مجمع کو چیرتا ہوا باہر نکل کر اپنے راستہ پر ہولیا۔ تھوڑی دیر کی تلاش کے بعد اُسے ایک کشتی مل گئی جس میں بیٹھ کر وہ نوکراتیس روانہ ہوگیا۔ اُسے دُدُہ پاکی طرف سے کچھ اندیشہ نہ تھا۔ کیونکہ اُس کی رہائی کا اُسے پورا یقین تھا۔ تاہم اور بکبرت

خطرات تھے جن میں باوجود گھرے ہونے کے اس کا دل ایسے اطمینان و مسرت سے بھرا ہوا تھا کہ خود اُسے حیرت تھی۔ شہزادی جب محل میں داخل ہوئی تو خواصوں نے اس کی بھاری پوشاک جو اُسے تکلیف دہ تھی اُتار کر ہلکے کپڑے پہنا دیئے اور اُس کی مسہری ایک ہوادار سائبان میں جہاں پھولوں کے گملے چاروں طرف رکھے تھے بچھا دی۔ گرمی کے دنوں میں یہ مقام نہایت پُرفضا تھا۔ اُس کا رُخ محل کے اُس صحن کی طرف تھا جہاں ایک مختصر خوشنما چمن لگا تھا اور ٹھنڈی ہوا آتی تھی۔ اس وقت اس صحن میں بکثرت پروہت، درباری، اور افسران فوج جمع تھے جن کے چہروں سے غیر معمولی فکر و تردد کے آثار نمایاں تھے۔ کیونکہ **اماسس** کی حالت بہت ابتر تھی اور ہر گھڑی اُس کی موت کی خبر آنے والی تھی۔ تاشو جہاں لیٹی تھی اُسے کوئی نہ دیکھ سکتا تھا مگر وہ خود ہر ایک بات بآسانی سُن سکتی تھی۔ پروہتوں کو جب یقین ہو گیا کہ فرعون قریب المرگ ہے تو اس کی ثنا و صفت کے طومار باندھنے لگے۔ اس کی عقل و دانش۔ اس کے اصلاحات ملکی۔ اس کے اعتدال۔ سلامت روی۔ اور عدل و انصاف کی تعریفیں کرنے لگے۔

**ایک نو مارچ**۔ "مصر کو جو خوش حالی اس کے زمانہ میں نصیب ہوئی کبھی نہ ہوئی ہوگی"۔

**افسر فوج**۔ "اور قبرس اور لیبیا کی فتوحات نے بھی ہمارے ملک کے لئے بڑی ناموری پیدا کی"۔

**نیتھ کا ایک پوجاری**۔ ہمارے مندر کیسے آباد کئے اور نیتھ دیوی کی پرستش جگا دی۔

**ایک درباری**۔ ہائے کیسا نیک دل و مہربان بادشاہ تھا۔

**میر منشی**۔ ملک میں کیا عمدہ انتظام اور امن و امان رہا۔

**خزانچی**۔ (آنسو پونچھکر) خزانہ بھر گیا اور سلطنت کی آمدنی دہ چند ہو گئی۔

دوسرا در باری - ولیعہد کے بیشمار دولت ہاتھ آئے گی۔
ایک فوجی سردار - جو شاید ہی جنگی نام آوری اور فوجی اصلاحات کے لئے خرچ کی جائے۔ وہ حد سے زیادہ پروہتوں کے زیر اثر ہیں۔
ایک پروہت - تم غلطی پر ہو - اب آج کل تو وہ اُن سے بھی خفا ہیں اور اپنے وفادار غلاموں کے مشورے پر عمل نہیں کرتے۔
نو مارچ - ایسے حاکم کے بعد پھر کسی دوسرے کا ہر دلعزیز ہونا ذرا مشکل ہے ہر شخص اماسس کی طرح عقلمند - دور اندیش اور خوش قسمت نہیں ہو سکتا۔
افسر فوج - ہاں اس کا حال تو دیوتا ہی جانیں۔
تاشو نے یہ گفتگو سُنی تو زار و قطار رونے لگی۔ جو بات اُس سے چھپائی گئی تھی وہ اُسے معلوم ہو گئی۔ اور اب یقین ہو گیا کہ اُس کے پیارے باپ کا سایہ جلد اُٹھنے والا ہے۔ اُس نے رو کر اپنی خواصوں سے کہا کہ مجھے باپ کے پاس جلد لے چلو مگر انھوں نے اُسے بہلا کر خاموش کر دیا۔ اتنے میں اُسکی نظر باجہ پر پڑی اور بردیہ کا خیال آتے ہی دل کو ایک عجیب تسکین و تسلی ہو گئی۔ اُس کی تمنا و آرزو بر آئی۔ یعنی جسے اُس کی آنکھیں ایک عرصہ سے ڈھونڈھ رہی تھیں اُس کا دیدار نصیب ہو گیا۔ اس نے اشارہ سے ایک خواص کو باجہ بجانے کے لئے کہا جس کی سُریلی آواز نے اُس کے جذبات اور تیز کر دیئے اور اُسے ایک دوسری ہی دنیا میں پہنچا دیا۔ وہ دنیا جو درد و دُکھ سے خالی ہے اور جہاں ہمیشہ خوشی و مسرت کے شادیانے بجا کرتے ہیں۔ اب اس پر ایک قسم کی غنودگی سی طاری ہو گئی جو اکثر تپ دق کے مریضوں کو کمزوری کی وجہ سے آتی ہے اور اس حالت میں انھیں بہت اچھے اچھے خواب نظر آتے ہیں۔ خواصیں جو پاس بیٹھی پنکھا جھل رہی تھیں اس کی صورت پر ایسی بحالی و صحت کے آثار دیکھ کر متحیر ہو گئیں

اور دل میں کہنے لگیں کہ شہزادی تو پہلے کبھی ایسی حسین و دلفریب نظر نہ آئی تھیں۔ قریباً ایک گھنٹہ اسی حالت میں گذر گیا۔ پھر یکایک اُس کی سانس جلدی جلدی چلنے لگی۔ کھانسی کا ایک جھٹکا آیا اور بہت سا خون مُنہ سے نکل کر اس کے سفید کپڑوں پر گر پڑا۔ وہ جاگ اُٹھی اور حیرت و مایوسی سے وحشت زدہ اِدھر اُدھر دیکھنے لگی۔ اتنے میں ملکہ یعنی ماں کو پاس آتے دیکھا تو اُس سے مُسکرا کر کہنے لگی "اماں جان مجھے بڑے اچھے اچھے خواب نظر آئے ہیں۔

**ملکہ** ۔ (جو اپنی لختِ جگر کے ہونٹوں کو خون آلودہ دیکھ کر گھبرا گئی تھی) میں کہتی نہ تھی کہ مندر میں جانے سے میری پیاری کو بہت فائدہ ہوگا۔

**تاشو** ۔ ہاں اماں جان۔ آپ سچ کہتی ہیں۔ میں نے اسے دیکھ لیا۔

ملکہ نے یہ سُنا تو خوف زدہ ہو کر خواصوں کی طرف دیکھنے لگی گویا یہ پوچھنا چاہتی تھی "تمہاری بیوی کو کیا ہو گیا جو ایسی بہکی بہکی باتیں کرتی ہیں۔

تاشو اپنی ماں کی نظر سے اُس کا خیال سمجھ گئی اور اپنے دونوں ہاتھ نیچے ٹیک کر بڑے پُرجوش لہجہ سے بولی "اماں جان۔ آپ کیا سمجھتی ہیں کہ میرا دماغ بہک گیا ہے۔ سچ کہتی ہوں میں نے اُنھیں صرف دیکھا ہی نہیں بلکہ اُن سے باتیں بھی کیں۔ اُنھیں نے یہ باجہ مجھے اُٹھا کر دیا اور اپنی محبت کا اقرار بھی کیا۔ پھر میرے کنول کا پھول لے کر لوگوں کے مجمع میں کہیں غائب ہو گئے۔ اماں جان۔ کیا اب بھی آپ کو یقین نہیں آتا اور میری طرف ایسی حیرت سے دیکھتی ہیں۔ میں قسم کھا کر کہتی ہوں کہ یہ خواب کی باتیں نہیں بلکہ حرف بحرف صحیح ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ وہ سیئیر صرف مجھی سے ملنے آئے تھے۔ اب میں سمجھتی ہوں کہ میں بالکل اچھی ہو گئی۔ میں خواب میں ابھی دیکھ رہی تھی کہ ایک پوستہ کے کھیت میں گئی ہوں جس کے پھول خون کی طرح سُرخ ہیں۔ بردیہ میرے

پہلو میں ہیں اور بہن **فلیشیس** بھی دوزانو بیٹھی ہوئی اپنا ہاتھی دانت کا نبلا[۵۱] ہاتھ میں لئے بڑے اچھے اچھے گیت گا رہی ہیں۔ آسمان سے بھی کچھ آوازیں آتی ہیں۔ اور ہورس جو صبح صادق موسم بہار و روز قیامت کے دیوتا ہیں نیچے اُتر کر میری پیشانی کا بوسہ لیتے ہیں۔ اماں جان۔ میں سچ کہتی ہوں کہ میرا پیارا پھر ضرور آئیگا اور جب میں اچھی ہو جاؤں گی تو ..... ہائے اماں جان۔ جلدی آجاؤ مجھے کیا ہوا جاتا ہے۔" پھر ایک ہچکی آئی اور یکایک سانس اُکھڑ گئی۔ **لیدس** گھبرا کر دوڑی اور اپنی پیاری بچی کے مونھ پر مُنھ مل کر چومنے لگی۔ مگر وہاں کیا تھا۔ آنکھیں بند ہوگئیں اور روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ ملکہ اپنا سر پیٹ کر رونے لگی۔ ایک گھنٹے بعد جب اُسے ہوش آیا تو دیوانہ وار دوسرے کمرے میں پہنچی جہاں اُس کا پیارا شوہر بستر مرگ پر پڑا دم توڑ رہا تھا۔ ملکہ کی آہٹ پاتے ہی اُس نے آنکھیں کھول دیں اور آہستہ سے پوچھا "تاشو کو بھی تم اپنے ساتھ کیوں نہ لیتی آئیں"

ملکہ۔ آنسو ضبط کر کے) وہ بہت بیمار ہے اور اس وقت آنیکے قابل ....

**اماسس**۔ میں سمجھ گیا۔ یہ کیوں نہیں کہتیں کہ وہ دوسری دنیا کو سدھاریں۔ (آبدیدہ ہو کر) تاشو بیٹیا گھبرانا نہیں۔ تمہارا باپ بھی پیچھے آتا ہے۔ موت برحق ہے وہ سزا نہیں ہے بلکہ ایک نئی دائمی زندگی کا پیش خیمہ ہے اور اُس راہ پر خطر کی پہلی منزل ہے جسے صرف دیوتا ہی جان سکتے ہیں کہ راحت و آرام یا تکلیف و عذاب کے ساتھ طے ہوگی۔ میری تاشو کو را اپنی خاص و برگزیدہ بندوں کے ساتھ خود اپنی کشتی میں بٹھا کر آسرس کے حضور میں لے جائے گا۔ جو مجھے یقین ہے کہ اس سے بہت اچھی طرح پیش آئیں گے کیونکہ وہ بالکل معصوم و بیگناہ ہے۔

---

[۵۱] نبلا۔ قدیم مصری باجہ

نتیتس بھی مرگئی منجاری کا خط ذرا دکھانا۔ ہاں اب مجھے یاد آیا اُس میں لکھا تھا کہ وہ زہر کھاکر مرگئی اور مرتے وقت ہم دونوں کو بددعا دیگئی۔ یہ بدلہ مجھے اس لئے ملا کہ ایک غریب شخص کو بے قصور میں نے جلاوطن کرکے اس پر ظلم وستم کیا تھا۔ سامتیک ذرا کان کھول کر سُن اور اپنے مرنے والے باپ کی یہ نصیحت یاد رکھ کہ ہر بُرا فعل جس سے اس دنیا میں کاہ برابر خوشی حاصل ہوتی ہے مرنے کے بعد وہی ایک کوہ برابر رنج و مایوسی کا باعث ہوگا۔ نتیتس کی وجہ سے مصر پر بڑی بڑی مصیبتیں آنے والی ہیں۔ عرب تاجر جو خبر لائے ہیں وہ صحیح ہے۔ کمبوجیہ ہمارے خلاف تیاریاں کررہا ہے اور عنقریب مصر پر بادسموم کے تُند و غضبناک جھونکوں کی طرح حملہ آور ہوگا۔ میں نے جو کچھ بنایا یا سنوارا تھا جس کیلئے میری تمام قوت صرف ہوگئی۔ میری نیند حرام ہوگئی افسوس کہ اب چشم زدن میں تباہ و برباد ہوجائیگا۔ تاہم مجھے یہ تسکین ہے کہ میری زندگی بالکل بیکار نہیں گئی کیونکہ چالیس[۱] سال تک میں نے اپنی رعایا پر ماں باپ سے زیادہ شفقت و احسانات کئے ہیں۔ آیندہ نسلیں اماسس کا نام لیں گی تو کہیں گی کہ وہ ایک نیک و عادل بادشاہ تھا اور اپنے ابنائے جنس کے ساتھ ہمدردی و الفت رکھتا تھا۔ پھر وہ تھیبز و سئیز کی عالی شان عمارتوں پر

[۱] اماسس نے گو ملکی دولت بڑھانے کی کوشش کی مگر وہ رعایا کی نظروں میں زیادہ ہردل عزیز تھا کیونکہ نہ صرف یونانیوں پر خاص مہربان تھا بلکہ اُسکے حکم سے سال میں ایک مرتبہ ہر شخص کو اپنے ذرائع آمدنی ظاہر کرنا ضروری قرار دیا گیا تھا۔ جو اُنھیں سخت ناپسند تھا۔ اسی لئے ممفس میں ایک بغاوت بھی ہوئی جسے فرو کرنے کیلئے اُسے یونانی فوج سے کام لینا پڑا۔ اسی طرح غیر ملکیوں سے جو اُسکے تعلقات تھے اُنسے تلون و ناپائداری کا اظہار ہوتا تھا۔ کیونکہ گو اُس نے مختلف حکمرانوں سے باہمی مدافعت کی غرض سے کئی بار عہد و پیمان کئے لیکن عین وقت پر انھیں مدد نہ دی جس سے ایرانیوں کو اپنے فتوحات کا موقع مل گیا اور خود اس کے ملک پر آفت آئی۔ (ڈونلڈ مکنزی)

اُن کے بانی کا نام پڑھیں گی تو ضرور اُس کی اُولوالعزمی وجاہ وثروت کی تعریفیں کرینگے۔ اور یہ بھی مجھے یقین ہے کہ جب میں اس کالبد خاکی کو چھوڑ کر آسرس اور اُس کے چوبیس ججوں کے سامنے عالم تحت الثریٰ میں پیش کیا جاؤں گا تو وہ بھی مجھے مردود اور راندۂ بارگاہ قرار نہ دیں گے۔ اور سچائی وصدق کی دیوی[1] جب اپنے میزان میں میرے اعمال تولے گی تو میری نیکیوں کا پلّہ برائیوں سے زیادہ بھاری نکلے گا۔"

یہ کہہ کر بادشاہ نے ایک آہِ سرد بھری اور دیر تک خاموش رہا۔ پھر اپنی بیوی کی طرف دیکھ کر بڑی محبت سے کہنے لگا "پیاری لیڈس! تم نے ہمیشہ بکمال وفاداری اور پاکبازی میرا ساتھ دیا ہے۔ میں تمہارا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور مجھ سے کوئی قصور ہوگیا ہو تو اُس کی معافی چاہتا ہوں۔ کبھی کبھی ہم دونوں میں اختلاف رائے ہوا ہے جس کی شاید یہ وجہ ہو کہ ہم مصریوں کی طبیعت تم نجوبی نہ سمجھ سکی تھیں۔ تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہارے اہلِ وطن کی عقل ودانش کی کس قدر عزت کرتا تھا۔ اور تمہارے دوست فیثاغورث کا جن سے مجھے بہت کچھ علم حاصل ہوا ہے کس قدر مداح وگرویدہ تھا۔ ان میں یہ بڑی خوبی تھی کہ جہاں اپنے اُصول فلسفہ وحکمت کو سب پر بالا سمجھتے تھے وہاں ہمارے پروہتوں کے علوم باطنیہ کو بھی حقارت ونفرت سے نہ دیکھتے تھے۔ گو آخر الذکر کے متعلق مجھے خود اعتراض ہے کہ وہ عوام الناس سے ضرورت سے زیادہ پوشیدہ رکھے جاتے ہیں اور اس اصول پر مبنی ہیں کہ انسان جس بات کے سمجھنے سے قاصر ہوتا ہے اُس پر بخوشی خاطر ایمان لے آتا ہے۔ مگر اس سے افضل وبرتر یہ ہوتا کہ ہمارے سکھانے والے زیادہ فیاضی سے کام لیتے

[1] ہم اوپر لکھ چکے ہیں کہ مرنے کے بعد جب روح تحت الثریٰ میں داخل ہوکر آسرس کے سامنے پیش کی جاتی ہے تو پہلے صداقت کی دیوی اُسے تولتی ہے۔ اسی لئے اس دیوی کو محافظ یا "مالکۂ میزان" کہتے ہیں۔ (ایڈیٹر)

اور صداقت و سچائی کی باتوں کو بجائے مخفی رکھنے کے سمجھانے کی کوشش کرتے تاکہ ذہن انسانی کی جلا ہوتی اور ہم رازہائے فطرت سے آگاہ ہو کر اپنی روحانی و مادی ترقیوں سے فائدہ اُٹھاتے۔ یہ سچ ہے کہ اس سے پروہتوں کے اقتدار و حکومت میں کمی آجائے گی مگر دیوتاؤں کی پرستش کرنے والے اپنی جہالت آمیز بدعتوں سے بچے رہیں گے اور دین و دنیا دونوں میں سرخروئی حاصل کر سکیں گے۔ لیڈرس تم ہمارے پرستشِ حیوانات سے ہمیشہ نفرت[۵۱] کیا گیں۔ مگر یہ خیال نہ کیا کہ خلاق عالم کی صناعیوں کا احساس اس کی مخلوق کی تعظیم سے زیادہ ہوتا ہے یا لکڑی و پتھروں کی مورتوں کے سامنے سر جھکانے سے۔ علاوہ بریں تمہارے دیوتاؤں میں وہ تمام کمزوریاں موجود ہیں جو انسانی طبائع کا خاصہ ہیں۔ یعنی سمجھ لو کہ اگر میں زئیس کی طرح بداخلاقیاں کرتا تو کیا میری پیاری بیوی کی زندگی خوشی سے گذرتی۔ (اسپر بادشاہ کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آئی) جانتی ہو اس کی کیا وجہ ہے؟

یونانی انسان کی صورت پر فدا ہیں۔ اس کے جوہر اصلی کو کچھ نہیں سمجھتے۔ ان کا خیال ہے کہ روح جسم کی تابع ہے اور اُس کی اچھائی یا بُرائی محض جسمانی خوبی یا خوبصورتی[۵۲] پر منحصر ہے۔ اسی لئے وہ اپنے دیوتاؤں کو افضل ترین طاقت و حُسن کی

---

۵۱ یونانی مصریوں کی پرستشِ حیوانات کا بہت مضحکہ اُڑاتے تھے لیکن وہ خود اپنا مونھ گریبان میں ڈال کر دیکھتے نہ تھے۔ کیونکہ انکے دیوتا بھی اپنی تعداد اور کثرت میں مصریوں سے کچھ کم نہ تھے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جانوروں کی پرستش کے مختلف وجوہات تھیں بعض کی حفاظت مقصود تھی۔ بعض کا گوشت خراب و مضر تھا بعض جانور دیوتاؤں کے خاص نشان یا علامات کی حیثیت رکھتے تھے اور اُنکا تعلق تاویلات و مشابہات سے تھا جو مصری مذہب میں کثرت سے موجود تھیں۔ نہ صرف جانور بلکہ مصری بعض نباتات کی پرستش کرتے تھے۔

۵۲ یونانیوں کا مذہب تھا کہ ان کے دیوتا انسان کی شکل میں دنیا میں ظاہر ہوئے لیکن مصریوں

تصویر بناتے ہیں۔ مگر ہم اپنا معبود فطرت کی گوناگوں صنّاعیوں میں دیکھتے ہیں اور اپنے اس جوہر باطنی یا روح میں جو مادّی نہیں ہے اسے ڈھونڈھنا چاہتے ہیں۔

اب رہے حیوانات۔ ان کا طرزِ عمل ہم سے جدا ہے۔ کیونکہ ہمارے افعال عموماً ارادی و ذہنی اور دنیا کے مصنوعی قوانین کے تابع ہیں۔ مگر حیوانات صرف انھیں قوانین فطرت کے جو ازل سے ایکساں چلے آتے ہیں پیروی کرتے ہیں۔ اول الذکر میں بہت کچھ ذاتی ایجاد و خیالات کا حصہ ہے مگر آخر الذکر اس سے بالکل پاک و مبرّا تخلیق قدرت کا ایک بے لوث نمونہ ہے۔ انسان اگرچہ اشرف المخلوقات کہلاتا ہے لیکن جانوروں کی مانند معصوم ہے نہ کبھی سچی آزادی حاصل کرسکتا ہے اور نہ انکی طرح بلا کسی اُستاد معلم مشیر و مصلح نسلاً بعد نسلاً یکساں کیفیت و حالت کے ساتھ زندگی بسر کرنیکے قابل ہوسکتا ہے۔"

یہاں بادشاہ کی آواز کمزوری کی وجہ سے رُک گئی۔ اور کچھ دیر خاموش رہ کر پھر یوں گویا ہوا "میرا وقت قریب آپہنچا اور کچھ دم کا مہمان ہوں۔ اس لئے ان باتوں

---

بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) کے متعلق بعض کا خیال ہے کہ اُنکے پروہت خدائے واحد کو مانتے تھے مگر اُسے بطور ایک راز سربستہ لوگوں سے پوشیدہ رکھتے تھے۔ انکے مختلف دیوتا درحقیقت ذات باری کی مختلف صفات تھے اور اسکے ادنیٰ یا اعلیٰ مظاہر کے لحاظ سے چھوٹے یا بڑے کہے جاتے تھے۔ اسی طرح بعض عناصر قدرت بھی دیوتا مانے گئے۔ اور چونکہ ایک ہی عنصر کی دو شکلیں ہوسکتی ہیں مثلاً تیز جلنے والی آگ اور دھیمی روشنی۔ اسلئے انھیں نر و مادہ بنا دیا گیا۔ بعض محققین کو اس سے اختلاف ہے جس کا ذکر ہم اوپر کرچکے ہیں۔

مصری مذہب میں تین دیوتاؤں کا مجموعہ بکثرت پایا جاتا ہے اور بہت ممکن ہے کہ عیسائیت کے تثلیث کا اسی سے آغاز ہوا ہو۔ مصری تثلیث میں دو افراد کے ذریعہ ایک تیسری ہستی پیدا ہوتی ہے جو مرتبہ میں کمتر ہے مثلاً عقل کل (یا عقل خلاق عالم) نے جب مادہ پر عمل کیا تو ان دونوں کا نتیجہ دنیا کی شکل میں ظاہر ہوا۔ (ولکنس)

کے بحث و تذکرہ سے کیا فائدہ؟ بیٹا سامتیک! اب کان کھول کر اپنے باپ کی ایک آخری وصیت سن۔ جو اس کے مدت العمر کے تجربہ کا ماحصل ہے۔ افسوس کہ میں نے سینکڑوں بار دیکھا ہے کہ دوسروں کی نصیحت عموماً بے سود ہوا کرتی ہے۔ اور بہت کم ایسے ہیں جو غیر کے تجربہ سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ہم خود ہی کھو کر کچھ سیکھتے ہیں اور اپنی ہی غلطیوں سے سبق حاصل کرتے ہیں۔ تم کچھ نا سمجھ نہیں۔ پختہ عمر پہنچکر تاج و تخت کے مالک ہوگے۔ اور اچھی بُری حق و ناحق سب باتوں کا مشاہدہ کر کے بخوبی اُن پر غور و فکر کر چکے ہوگے۔ اس لئے میں عام امور زندگی کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا بلکہ صرف چند ضروری باتوں کی طرف تمہاری توجہ دلاؤں گا۔ گو مجھے اندیشہ ہے کہ چکنے گھڑے کی طرح تم پر کچھ اثر نہ ہو اور یہ الفاظ ایک کان سے سُنکر دوسرے کان سے اُڑا دو۔ تاہم میں اپنے فرض سے سبکدوش ہوتا ہوں۔ سب سے پہلے تمہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ گزشتہ چند ماہ کے عرصہ میں گو میں اپنی آنکھوں سے معذور رہا اور تم ہی ملک کے تمام سیاہ و سفید کے مالک تھے تاہم مجھے ہر بات کی خبر تھی۔ روڈوفس نے ایک دن مجھسے اپنے اُستاد الیساپ[۵۱] کی ایک کہانی سُنائی تھی جو مجھے اس وقت یاد آئی ہے۔ ایک مسافر کسی اجنبی سے راستہ میں ملا جس سے اُس نے پوچھا کہ شہر تک پہنچنے میں کتنی دیر لگے گی۔ اجنبی نے کہا قدم بڑھائے چلے جاؤ۔ مسافر نے پھر پوچھا کہ پہلے یہ تو بتاؤ کہ پہنچنے میں کتنی دیر لگے گی۔ اجنبی نے دوبارہ وہی جواب دیا کہ قدم بڑھائے چلے جاؤ۔ مسافر نے اس جواب سے جھلّا کر اپنی راہ لی۔ چند ہی قدم آگے بڑھا ہوگا کہ اجنبی نے اُس سے چلّا کر کہا کہ شہر تک پہنچنے میں تمہیں غالباً ایک گھنٹہ لگے گا۔ تمہارے سوال کا میں پہلے اس لئے جواب نہ دیسکا کہ

---

[۵۱] الیساپ۔ مشہور یونانی حکیم

مجھے معلوم نہ تھا کہ تم کتنا تیز چل سکتے ہو۔ مجھے یہ حکایت بھولی نہ تھی اور خاموشی کے ساتھ تمہاری طرز حکومت کا مشاہدہ کرتا رہا تاکہ معلوم کر سکوں کہ تمہارے قدم آہستہ پڑتے ہیں یا بہت تیز۔ اب اس کا علم ہو گیا اور مجھے افسوس ہے کہ تم نے سلامت روی سے کام نہیں لیا۔ نیز ایک نصیحت تمہیں اور بھی دیتا ہوں وہ یہ ہے کہ انسان کو لازم ہے کہ ہر شے کا امتحان بذاتِ خود کرے۔ خصوصاً بادشاہ کا تو یہ سب سے بڑا فرض ہے کہ جن لوگوں کی خبر گیری اُس کے سپرد کی گئی ہے ان کے متعلق تمام باتوں سے خود ہی آگاہی حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ بیٹا سامتیک! تم جو کچھ دیکھتے ہو دوسروں کی آنکھوں سے دیکھتے ہو اور سنتے بھی ہو تو انھیں کے کانوں سے۔ اسباب و علل کی تفتیش و جستجو بہت کم کرتے ہو۔ تمہارے صلاح کار پروہت وہی کرانا چاہتے ہیں جو اُن کے خیال میں بہتر بات ہوتی ہے لیکن ..... نیتھوتپ! برائے مہربانی تھوڑی دیر کے لئے ہم دونوں کو اکیلا چھوڑ دو۔"

پروہت اعظم کے باہر جاتے ہی بادشاہ نے کہا "وہ اچھائی کے خواہاں ضرور ہیں مگر اُسی حد تک جو اُن کی رائے کے مطابق ہو۔ ہم صرف پروہتوں اور امیروں و درباریوں کے حاکم و بادشاہ نہیں بنائے گئے ہیں بلکہ عوام الناس اور کل رعایا کی قسمتوں کا فیصلہ ہمارے سپرد کیا گیا ہے اس لئے محض اول الذکر کی رائے پر بھروسہ و اعتبار کرنا سخت غلطی ہے بلکہ چاہیے کہ بذاتِ خود ہر بات پر غور کریں۔ مظلوموں و حاجت مندوں کی عرضیاں پڑھیں اور ایسے قابل اور وفادار نوپاج منتخب کریں جن سے رعایا خوش و خرم و ملک آباد رہے۔ عوام کی امیدیں ہم ہی سے وابستہ ہیں۔ ہم ہی اُن کے سرپرست و نگہبان ہیں اس لئے ہمارا فرض ہے کہ سلطنت کے کل حالات سے بخوبی باخبر رہیں تاکہ

ظلم و تشدد کہیں نہ ہونے پائے جس کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہوشیار و دیانت دار حکام کا انتخاب ہے۔ میں نے یہی اصول پیش نظر رکھ کے اپنے ملک کی بطریق احسن خدمت کی۔ اور وہ پرانے قانون بھی جنکی فضیلت زمانہ نے ثابت کردی تھی قایم رکھے۔ تمہیں بھی انھیں کی پیروی کرنا چاہیئے اور ہرگز اس شخص پر اعتبار نہ کرنا چاہیئے جو اپنی رائے قانون سے افضل و بالاتر سمجھتا ہے اور آئے دن انھیں توڑنے یا فسخ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ایسا شخص سخت ظالم و جابر ہے اور دین و دنیا دونوں میں سزا کا مستحق ہے۔ یاد رکھو کہ جس قدر ہم ان قوانین عدل و انصاف کو اپنی ذاتی خواہشات و جذبات کے مقابلہ میں ترجیح دیں گے اسی قدر رعایا بھی ہم سے خوش رہے گی اور وقت پر ہمارے لئے اپنی جانیں قربان کرنے کو تیار ہو جائے گی۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ تمہیں اپنی رعایا سے محبت نہیں ہے اور اس کی صدائے استجاج سے برانگیختہ ہوتے ہو۔ یہ صحیح ہے کہ بعض اوقات یہ صدا کسی قدر کرخت اور بیجا و بے محل معلوم ہوتی ہے مگر وہی عوام کے خیالات کی سچی ترجمان ہے اور ایک ایسی صداقت و صاف گوئی کا اظہار ہے جس کی ضرورت بادشاہ سے زیادہ اور کسی کو نہیں ہو سکتی۔ جو حاکم اپنے پروہتوں و درباریوں کی باتیں کان لگا کر سنے گا وہ بہت جلد چاپلوسی و خوشامد پسندی کا عادی ہو جائے گا لیکن جسے اپنی رعایا کی خوشنودی مدنظر ہے وہ گو اپنے مصاحبوں و مشیروں سے تکلیف میں رہے گا مگر اس کا ضمیر کبھی ملامت نہ کریگا۔ اس کا قلب ہمیشہ مطمئن رہے گا اور آنے والی نسلیں اسے عزت و الفت کی نگاہ سے دیکھیں گی۔ میں نے بھی اپنے زمانہ حکومت میں اکثر غلطیاں کی ہیں مگر فوراً متنبہ ہو کر ان کی اصلاح کی۔ رعایا کی خواہشوں و ضرورتوں کو سمجھنے کی کوشش کی۔ اور ہمیشہ ان کی بہبودی و خوش حالی کے درپے و سرگرم رہا۔ اس لئے کیا عجب ہے کہ میرے بعد وہ مجھے

یاد کر کے روئیں گے۔ تمہیں بھی یہی ہر دلعزیزی حاصل ہو سکتی ہے تم بھی بہ آسانی اپنے ملک کو گرویدہ بنا سکتے ہو مگر شرط یہ ہے کہ خود غرض لوگوں یا چاپلوس امیروں کی باتوں میں نہ پڑ جاؤ۔ اور رعایا کے مقابلہ میں ان کی خوشنودی کو قابل ترجیح نہ سمجھو۔ جو نہ صرف بے سود بلکہ مضر و فتنہ انگیز ہے کیونکہ جو شخص دو مختلف اغراض کی جماعتوں کو خوش رکھنے کا ارادہ کرتا ہے وہ ایک دن اپنے آپ کو ذلت و مایوسی کے غار میں پڑا ہوا پاتا ہے۔ یاد رکھو! میں مکرر کہتا ہوں کہ تم اور پروہت رعایا کیلئے ہو نہ کہ رعایا تمہارے اور پروہتوں کے لئے ہے اب رہا مذہب۔ اس کی حرمت و حمایت بھی ہمارا سب سے بڑا فرض ہے۔ نہ صرف اس لئے کہ ہم اُس کے پیرو ہیں بلکہ اس لئے بھی کہ اُس سے رعایا کی وفاداری و حب الوطنی تقویت پاتی ہے لیکن ساتھ ہی اُس کے پیشواؤں کو بھی آگاہ کر دینا چاہیئے کہ تم انھیں اپنے معبود کا بندہ و خادم سمجھتے ہو نہ کہ اُس کا ہمسر و جانشین۔ وہ عوام الناس کے دلوں میں نہ صرف اپنے بلکہ بادشاہ کے متعلق بھی بیہودہ عقائد پیدا کرنا چاہتے ہیں جس کا یہ نتیجہ ہے کہ لوگ بجائے اپنے دیوتاؤں کے پروہتوں کے غلام و بندے بن گئے ہیں۔ یہ خرابی زمانہ دراز سے چلی آ رہی ہے جس کی اصلاح آج تک کوئی نہیں کر سکا ہے کیونکہ ان لوگوں کا بہت بڑا اثر ہے تاہم کم سے کم ہم یہ تو کر سکتے ہیں کہ اگر کبھی کسی وقت یہ خود غرض فرقہ اپنے ذاتی اغراض کے سامنے قومی بھلائی کو قربان کرنا چاہے جس سے ملک کے لئے بہت بڑے خطرے کا اندیشہ ہو تو فوراً اُسے روک دیں اور اپنی حد سے تجاوز نہ کرنے دیں۔ بیٹا! خوب یاد رکھ کہ ان پروہتوں پر اعتبار کرنا سخت غلطی ہے۔ یہ صرف اپنا فائدہ ڈھونڈھتے ہیں۔ اگر کبھی انھیں یہ معلوم ہو جائے کہ ان کی عزت و اقتدار میں فرق آنے والا ہے تو فوراً تجھ سے منحرف ہو جائیں اور قوم و ملت کو دشمنوں کے ہاتھ بیچ کر اُسے تباہ و برباد کرنے میں کوئی

دقیقہ اُٹھا نہ رکھیں۔ اپنے ملک کے قدیم قوانین و احکام کے مطابق پُرانی باتوں کی پیروی تجھ پر لازم ہے۔ لیکن ساتھ ہی نئی باتیں اگر عمدہ اور مفید ہوں تو اُن سے اپنے ملک کو محروم رکھنا بھی سخت غلطی ہے۔ اس لئے بڑے اعتدال و سمجھ سے کام لینا چاہیئے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ لوگ حد سے تجاوز کر جائیں کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بعض بدعقیدہ و بدکار آدمی بے سوچے سمجھے اپنی پُرانی اچھی باتوں کو بھی چھوڑ دیتے ہیں۔ احمق و نادان ہر نئی اور عجیب شے کو برتر و افضل سمجھتے ہیں۔ بخلاف اس کے تنگ دل اور خود بیں پُرانی لکیر کے فقیر بنے رہتے ہیں۔ اور ترقی و اصلاح کو گناہ کبیرہ جانتے ہیں۔ عاقلوں کا کام ہے کہ وہ پُرانی باتیں جو زمانہ کی کسوٹی میں پوری اُترتی ہیں۔ ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لیکن ساتھ ہی مخرب و مذموم عادات فوراً ترک کر دیں۔ اور جو بات اپنے فائدے اور بھلائی کی ہو خواہ کہیں سے آئے اُسے اختیار کرنے میں دریغ نہ کریں۔ بیٹا! اسی اصول پر تمہیں بھی کاربند ہونا چاہیئے۔ پروہت تمہیں پیچھے گھسیٹیں گے اور یونانی آگے بڑھانے کی کوشش کریں گے۔ ایک ہی جماعت کی پیروی کرنا۔ دونوں کے بیچ میں نہ کھڑے ہونا کہ آج ایک کے ہو تو کل دوسرے کے۔ کیونکہ جو شخص دو کرسیوں پر ایک ساتھ بیٹھنا چاہتا ہے وہ اکثر زمین پر گر پڑتا ہے۔ ایک ہی گروہ کو اپنا دوست بنانا۔ دوسرے کی مخالفت کی کچھ پرواہ نہ کرنا۔ کیونکہ دونوں سے دوستی کی کوشش کرو گے تو کوئی راضی نہ ہوگا۔ اور دونوں تمہارے دشمن ہو جائیں گے۔ گزشتہ چند ماہ کی حکومت میں بوجہ اپنی تلون مزاجی کے تم نے بدقسمتی سے ان دونوں گروہوں کو اپنا مخالف بنا لیا ہے۔ یاد رکھو کہ جو شخص بچوں کی طرح کبھی آگے بڑھتا ہے کبھی پیچھے ہٹتا ہے وہ جلد تھک جاتا ہے اور منزل مقصود پر بہت دیر میں پہنچتا ہے۔ میں ہمیشہ اس وقت تک یونانیوں کا

موافق اور پروہتوں کا مخالف رہا جب تک مجھے یقین نہ ہوگیا کہ اب موت کا سامنا اور سفر آخرت درپیش ہے۔ یونانیوں کی ہوشیاری اور بہادری دنیا کے کام کی تھی مگر آخرت کی نجات کے لئے مجھے پروہتوں کی مدد کی ضرورت ہے اور اُن کی خوشامد لازمی ہے۔ دیوتا مجھے معاف کریں کہ مرتے دم بھی میری شوخی و گستاخی نہیں جاتی۔ میں مجبور ہوں میری فطرت ہی یہ ہے جیسا ہوں اور جیسا اُنھوں نے مجھے بنایا ہے ویسا ہی بلا کسی تصنع و بناوٹ کے اُنکے سامنے حاضر ہوتا ہوں۔ میں خوشی کے شادیانے بجاتا ہوا بادشاہ ہوا تھا۔ تم فکر و اندیشہ سے اپنا ہاتھ سینہ پر رکھے تخت پر بیٹھنا۔ اچھا نیتھوتپ کو باہر سے بلاؤ۔ مجھے تم دونوں سے کچھ کہنا ہے۔"

پروہت اعظم حاضر ہوا تو بادشاہ اپنا ہاتھ سامنے بڑھا کر اُس سے کہنے لگا:۔

"میں تم سے اب جدا ہونے والا ہوں میرے دل میں تمہاری طرف سے کوئی رنج و کینہ نہیں ہے۔ ہاں البتہ یہ خیال ضرور ہے کہ بجائے معاملات ملکی میں دخل دینے کے اگر تم اپنے ہی فرائض مذہبی سے سروکار رکھتے تو زیادہ مناسب و بہتر ہوتا۔ سامتیک بہ نسبت میرے تمہارا زیادہ مطیع و فرمانبردار ہوگا۔ لیکن دیکھو ایک بات کا ضرور خیال رکھنا یونانی افواج کو جب تک ان کی مدد سے ایرانیوں پر فتح حاصل نہ ہو جائے ناراض و برطرف نہ کرنا۔ اگر ایسا کیا تو تمہیں سخت نقصان پہنچے گا اور بہت پستاؤ گے انھیں بکمال حکمت عملی یہ کہہ کر سمجھاؤ کہ یہ فتح صرف ہماری نہیں ہے بلکہ اُن کے ملک و وطن کے لئے بھی ضروری ہے اگر کمبوجیہ نے مصریوں کو شکست دیدی تو یقین جانو کہ آیندہ پھر یونانیوں کی باری ہے اور اُن کی آزادی و حریت کا بھی خاتمہ ہے تم یقیناً میرے اس خیال کی تائید کرو گے اور جو بات مصر کی بہبودی کے لئے مناسب ہوگی اس کے انجام دینے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھو گے۔ اب آؤ۔ میرے سر پر ہاتھ رکھکر دعا مانگو میں بہت تھک گیا ہوں اور عنقریب تم سب سے جدا ہونے والا ہوں۔

موت سامنے کھڑی ہے کاش کہ نتتیس کا خیال اس وقت سوہانِ روح نہ ہوتا وہ بالکل حق بجانب تھی۔ اُس کی بد دعا سے میں بہت ڈرتا ہوں۔ کہیں آسرس اور مُردوں کے جج مجھ سے خفا نہ ہو جائیں! لیدس تم بھی میرے قریب آکر بیٹھ جاؤ اور اپنا ہاتھ میری پیشانی پر رکھے رہو۔ سامتیک! تم ان سب لوگوں کے سامنے قسم کھا کر وعدہ کرو کہ اپنی سوتیلی ماں کو کسی قسم کی تکلیف نہ دو گے اور ہمیشہ اُس کی عزت و حرمت کرو گے۔ پیاری بیوی۔ تم بھی دیکھو جلد آکر مجھ سے ملنا۔ اپنے شوہر اور بچوں کے بغیر اس دنیا میں کیا کرو گی۔ ہم نے نتتیس کی اپنی اولاد کی طرح پرورش کی تھی تاہم اس کی وجہ سے کیسے عذاب میں مبتلا ہوئے ہیں۔ اب میرے پوتے و پوتی کو سامنے لاؤ۔ انھیں بھی ایک نظر دیکھ لوں۔ میرے آنسو ضبط نہیں ہوتے۔ یہ میرے ننھے ننھے کھلونے تھے جن سے اپنا دل بہلاتا تھا۔ ان کی جدائی سب سے زیادہ شاق گذرتی ہے۔"

اسی شام کو ایک نیا مہمان روڈوفس کی مجلس پر وارد ہوا۔ یہ کلیاس پسر فنی پوس تھا جس سے ہم پہلے بھی مل چکے ہیں کیونکہ اسی نے آکر المپیہ کے میلے کا حال بیان کیا تھا۔ یہ بہت ہنس مکھ اور خوش مزاج آدمی تھا۔ ابھی ابھی اپنے وطن سے واپس آیا ہے۔ روڈوفس اُسے دیکھ کر بہت مسرور ہوئے اور اپنا قدیم و سچا دوست سمجھ کر گھر کی تمام حالت سُنانے لگے۔ ناسیس نے گزشتہ دو دن سے مکان کا جھنڈا اُتار دیا تھا اس لئے اگر کوئی اور اجنبی تازہ وارد ہوتا تو اُسے اندر آنے کی اجازت نہ دیتا۔ مگر کلیاس کو دیکھتے ہی کوئی مزاحمت نہ کی اور فوراً اُسے اپنی مخدومہ کے سامنے لے گیا۔ یونانی نے بہت سے نئے حالات و واقعات سُنائے اور جب روڈوفس کسی کام کے لئے اُٹھ کر چلے گئے تو سافو سے ہنسی مذاق کرنے لگا۔ اور اس کا ہاتھ پکڑ کر یہ کہتا ہوا باہر لے گیا کہ چلو چلیں تمہارے منگیتر

آتے ہوں گے اُن کی پیشوائی ضروری ہے۔ بعدہٗ انتظار کرتے کرتے بہت وقت گذر گیا اور کوئی نظر نہ آیا تو لڑکی کسی قدر متردد و فکرمند ہونے لگی۔ یہ دیکھ کر کلیاس نے بوڑھی دایہ کو آواز دی کہ ذرا میرا باجہ لانا۔ یہ ایک نہایت خوشنما سونے و ہاتھی دانت کا لیر[1] تھا جسے وہ اپنے ساتھ لایا تھا اور لڑکی کے سامنے پیش کر کے کہنے لگا "انارک رین جو اس باجہ کے موجد ہیں انھوں نے خاص طور سے میرے لئے اُسے بنایا ہے۔ اس کا نام باربیتون ہے۔ اس کے تاروں سے ایسی شیریں و دلکش آواز نکلتی ہے کہ سُننے والے مبہوت ہو جاتے ہیں۔ میں نے تمہارے عشق کا واقعہ بھی شاعر سے بیان کیا تھا۔ انھوں نے ایک غزل لکھ کر دی ہے اور کہا ہے کہ میری طرف سے سافو کو تحفتہً پیش کرنا۔ اب سُنو وہ یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| اے کاش میں اک آئینہ ہو جاؤں کہ جس میں | دیکھا کرے تو چہرے کو اپنے سحر و شام |
| اے کاش مری روح ہو اک جامۂ زیبا | تو جس کو شب و روز کرے زینتِ اندام |
| اے کاش میں اک چشمۂ پُر آب ہی بن جاؤں | ہو جس میں نہانے سے تجھے راحت و آرام |
| اے کاش میں ہو جاؤں کوئی عطرِ فرح بیز | ہو جس سے معطر یہ تری پوششِ گلفام |
| پڑکا ہوں کمر کا تو لپٹ جاؤں کمر سے | موتی ہی ترے ہار کا ہوں کاش میں نا کام |
| جوتی ہی میں بنجاؤں کہ تو اس کو پہن کر | چلتا رہے انداز سے اے سروِ گل اندام |

مترجمہ سلیم

کلیاس۔ کیسا گستاخ شاعر ہے۔ تم خفا تو نہیں ہو گئیں۔

سافو نہیں۔ میں خفا کیوں ہونے لگی۔ شاعر آزاد منش ہوتے ہیں۔ ان کی شوخی و گستاخی بھی قابلِ معافی ہے۔

کلیاس۔ سچ ہے اور انارک رین کی طرح کوئی شاعر بھی تو ہو لے جن کی تمام

[1] ایک قسم کا یونانی باجہ۔

عمر میوزز (ملکات ربانی) ایراس اور ڈایونی سس کی خدمت کرتے گذر گئی ہے۔
سافو۔ اور انھوں نے اپنی نظم پڑھنے کے لئے بھی ایک ایسا لاجواب خوش الحان شخص منتخب کیا۔"

کلیاس۔ میں اس تعریف کا اب مستحق نہیں۔ ہاں تیس برس پہلے جب جوان تھا تب البتہ میری آواز کچھ تھی۔ اب تو۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

سافو۔ شاید آپ کی خواہش ہے کہ اپنی اور تعریف سُنے۔ مگر میں اپنی زبان سے اب کچھ نہ کہوں گی۔ یہ باجہ جسے آپ بار بیتون کہتے ہیں اور گیتوں کے لئے بھی موزوں ہے یا نہیں۔

کلیاس۔ کیوں نہیں۔ لو یہ مضراب لو۔ خود بجا کر دیکھو اس کے تار ذرا سخت ہیں۔ شاید تمہاری نازک انگلیوں کو تھکا دیں۔

سافو۔ میں اس وقت بجانا نہیں چاہتی۔ بردیہ کے اب تک نہ آنے سے میرا دل پریشان ہے۔

کلیاس۔ اچھا تو اپنے ہمنام مشہور شاعرہ کی وہ غزل گاؤ جو اس وقت تمہارے حسب حال ہوگی۔

سافو۔ نہیں۔ میں نہ گاؤں گی۔

کلیاس۔ خیر تو میں ہی گاتا ہوں۔ غضب کے اشعار ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ انسان کے نہیں بلکہ خود ایراس کی زبان سے نکلے ہیں۔

| | |
|---|---|
| دیوتاؤں سے نہیں کچھ کم وہ تیرا ہمنشیں اے | جو ترا دیدار دیکھے بیٹھکر تیرے قریں |
| جو تری باتیں سُنے جو تجھ کو دیکھے خندہ زن | پھر قریب آؤں ترے تو میری یہ حالت نہیں |
| دل دھڑکتا ہے مرا پڑتی ہے جب تجھ پر نظر | ہے اُلجھ جاتی گلے میں میری آوازِ حزیں |
| لب نہیں ہلتے مرے لیکن بڑی تیزی کے ساتھ | ایک شعلہ سا بدن میں دوڑ جاتا ہے وہیں |

| | |
|---|---|
| گونجتے ہیں کان پتھراتی ہیں آنکھیں اسگھڑی | کانپتا ہوں اور پسینہ سے ہی تر ہوتی جبیں |
| زرد آتی ہے نظر رنگت مری مانند کاہ | دم نکلتا ہے مرا گویا ہے وقت واپسیں |

مترجمہ سلیم

اب تو کچھ مُنہ سے بولو۔ غزل پسند آئی کہ نہیں۔ ہرا کلیس کی قسم! لڑکی تیرا چہرہ ایسا زرد و متغیر کیوں ہے؟ کیا ان اشعار نے بیتاب کر دیا؟ یا کوئی اور فکر دامنگیر ہے۔ اطمینان رکھ۔ شاید کسی خاص وجہ سے تیرے پیارے عاشق کے آنے میں اتنی دیر ہوگئی ہے۔"

یکایک ایک آواز پیچھے سے یہ کہتی ہوئی سُنائی دی "کوئی خاص وجہ نہ تھی۔ دیکھو میں آگیا۔" عاشق و معشوق ایک دوسرے کو دیکھتے ہی فرط مسرت سے لپٹ گئے۔ کلیاس دونوں کے حُسن و جمال و انتہائے محبت کو دیکھ کر ششدر و حیران رہ گیا اور ایک طرف خاموش کھڑا ہوا مسکرانے لگا۔ شہزادہ نے اُس سے تعارف کرنے کے بعد سافو سے کہا "تمہاری نانی سے میں فوراً ملنا چاہتا ہوں ہماری شادی آج ہی ہو جانی چاہئے۔ زیادہ تاخیر مناسب نہیں۔ تھیو پمپوس کہاں ہیں؟"

سافو۔ یہیں ہوں گے ورنہ نانی اماں اتنی دیر تک اندر نہ ٹھیرتیں۔ مگر آپ نے یہ کیا کہا کہ آج ہی ہونا چاہئے۔ مجھے تو خیال تھا .....

بردیہ۔ چلو۔ پیاری پہلے اندر چلیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک سخت طوفان آرہا ہے آسمان پر بادل چھائے ہیں اور ہوا بالکل بند ہوگئی ہے۔

سافو۔ چلئے میں تیار ہوں۔ آخر کون سی نئی بات ہوئی ہے؟ میں اُسے سُننے کے لئے بہت بیتاب ہوں۔ (آسمان کی طرف دیکھکر) طوفان نہیں آئے گا جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے کبھی اس زمانہ میں بادل گرجتے اور بجلی چمکتے

[1] نوٹ صفحہ ۱۸۶ پر درج ہے

جس میں تم داخل ہونا چاہتے ہو اور جسے شادی یا تحذائی کہتے ہیں۔ جس کی زندگی میں چین و بے چینی خوشی و غمی دونوں کے مزے چکھنا پڑتے ہیں۔ سافو! تیرا بچپن کس بے فکری و عیش سے کٹا کبھی تیرے دل پر میل نہ آیا۔ مگر جب جوان ہوئی تو اُسی دل میں ایک ولولہ و درد پیدا ہوا جس سے تا دمِ زیست تجھے نجات ملنا مشکل ہے۔ یہ درد جس کے مزے تو گزشتہ مہینوں کے ایام جدائی میں اچھی طرح چکھ چکی ہے بار بار تجھے ایک ناخواندہ مہمان کی طرح آکر ستائے گا اور خوشی و غمی دونوں کا باعث ہوگا۔ دیکھو بردیہ۔ تمہارے ہی ہاتھ میں اس درد کی دوا ہے اگر تمہاری آنکھ بدلی یا تم سے کوئی رنج پہنچا تو میری سافو گھل گھل کے اپنی جان دے دیگی۔ اُسے اس آزار و مصیبت سے بچانا۔ میں لوگوں کو اچھی طرح پہچانتی ہوں اور کری سس کے کہنے سے پہلے ہی تمہیں دیکھتے ہی جان گئی تھی کہ تم ہر طرح میری سافو کے قابل لائق ہو۔ اسی لئے میں نے تمہیں اس کے ساتھ سفر جل کھانے کی اجازت دی تھی اور اب بھی بلا تامل اپنی ایک ایسی گوہر گراں مایہ کو جو اس دُنیا میں مجھے سب سے پیارا و عزیز ہے تمہارے حوالہ و سپرد کرتی ہوں۔ سافو کو تم ایک خزانہ سمجھنا جو تمہیں عاریتاً دیا گیا ہے اور محبت کے جوش میں اُسے اپنی ملکیت سمجھ کر یہ خیال نہ کرنا کہ دوسروں کو اُس سے اُلفت کا حق نہیں ہے کیونکہ اس سے بڑھکر خود غرضی و تنگ دلی نہیں ہو سکتی۔ لوگ مجھے ملامت کرتے ہیں کہ کیوں میں اپنی ناتجربہ کار پیاری بچی کو ایک ایسے دور و دراز ملک بھیج رہی ہوں جہاں عورتوں کی حالت ناقابلِ اطمینان ہے۔ لیکن میں عشق و محبت کی تاثیر جانتی ہوں اور یہ بھی مجھے معلوم ہے کہ ایک کشتۂ خنجر ایرا اس کے لئے اپنے عاشق کی جدائی سے بڑھکر کوئی مصیبت نہیں ہو سکتی علاوہ بریں (اپنے یونانی دوستوں سے خطاب کرکے) آپ صاحبوں سے

میں یہ پوچھتی ہوں کہ کیا آپ کی عورتوں کی حالت ایرانیوں سے بہتر و افضل ہے؟ کیا ان کی طرح وہ بھی چہار دیواری کے اندر اپنی تمام عمر نہیں گذارتیں۔ یا کبھی نقاب ڈالکر غلاموں کے ہمراہ باہر جانے کی اجازت ملتی ہے تو کیا غنیمت نہیں سمجھتیں؟ اب رہی کثرتِ ازدواج۔ اس سے بردیہ کی طرف سے مجھے کوئی اندیشہ نہیں ہے وہ یونانیوں سے بھی بڑھکر اپنی بیوی کا دلدادہ و شیدا ہے گا کیونکہ میری سافو میں وہ تمام صفات موجود ہیں جو ایک اچھی بیوی و مہذب ہکیڑا[1] کا خاصہ سمجھے جاتے ہیں۔ یعنی بیوی کی عفت و عصمت۔ خانہ داری اور مادرانہ طبیعت اور ہکیڑا کی ذہانت شیریں کلامی۔ آداب مجلس اور وہ تمام باتیں جن سے مردوں کو وہ اپنا گرویدہ بنا لیتی ہے اور اس کی صحبت ہمیشہ پُر لطف و خوشگوار معلوم ہوتی ہے بردیہ! مجھے تم پر پورا بھروسہ ہے اور اپنی سافو کو اس خوشی و اطمینان کے ساتھ تمہیں سپرد کرتی ہوں۔ جس طرح کوئی پرانا سپاہی اپنی عزیز ترین ہتھیار ایک دلیر و سورما فرزند کے حوالے کرتا ہو۔ وہ ایک بڑے دور دراز غیر ملک میں جائیگی مگر مجھے امید ہے کہ ہمیشہ یونانی رہے گی اور وہاں بھی اپنے وطن کا نام روشن کر کے اُس کے بہت سے دوست و بہی خواہ پیدا کرے گی۔ (سافو رونے لگتی ہے) بیٹی! رو نہیں۔ ورنہ دیکھ۔ کہیں میرے آنسو بھی نہ نکل پڑیں۔ میرے دل کی جو حالت ہے ..... (خاموش ہو جاتی ہے اور بہت ضبط کرتی ہے) بردیہ! دیکھو دیوتاؤں کے سامنے تم نے قسم کھائی ہے اُسے کبھی بھولنا نہیں۔ میں تمہیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز سمجھ رہی ہوں اُسے اپنی بیوی۔ اپنا ہمساز۔ رفیق و غمگسار بنا کر رکھنا تمہارے دوستوں کے آتے ہی آج ہی اُسے رخصت کروں گی۔ دیوتاؤں کو شاید منظور نہیں ہے کہ سافو کے بیاہ[2] میں

---

[1] ہکیڑا۔ یونانی زنِ بازاری۔ ڈیرہ دار رنڈی۔

[2] یونانی رسم کتخدائی۔ ہومر کے زمانہ میں اولاد کے لئے بر ڈھونڈھنا والدین کا فرض تھا۔

اپنی تعلیم گایا جائے"

یہ کہہ کر روڈوفس نے بڑی محبت سے سافو کو گلے لگایا اور بردیہ کی

بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) لڑکے کا باپ لڑکی کے والدین کو مویشی یا دیگر قیمتی اشیاء نذر کرتا اور آخر الذکر بھی اپنی لڑکی کو حسب مقدور جہیز دیتا تھا۔ یہ لڑکی کی ملکیت سمجھا جاتا اور اُسکے خاوند کے مرنے کے بعد اُسی کے قبضہ میں رہتا تھا۔ نیز شادی کے وقت لڑکی کے باپ کو ایک بڑی دعوت دینا بھی ضروری تھا جس کے خاتمہ پر دلہن ایک جلوس کے ساتھ اپنے خاوند کے گھر روانہ ہوتی۔ اس جلوس میں بہت سے مشعل بردار اور نوجوان لڑکے ہائمنس کا گیت گاتے اور ناچتے ہوئے ہمراہ چلتے زمانہ ہومر میں بھی بیوی بعزت و احترام گھر کی مالکہ کی حیثیت سے رہتی تھی مگر خاوند داشتہ عورتیں بھی رکھ سکتا تھا جن کے بچے اُسی گھر میں پرورش پاتے اور بوجہ حرامی ہونے کے ذلت و حقارت سے نہ دیکھے جاتے۔ کیونکہ اُس زمانہ کا یہ قانون تھا کہ اگر باپ ایک آزاد شہری ہے تو ماں لونڈی بھی ہوئی تو کچھ مضائقہ نہیں۔ اس کی اولاد ہمیشہ آزاد سمجھی جائیگی۔

دور ثانی میں یونان میں عورتوں کی آزادی محدود کر دی گئی۔ اتھینز کی معزز عورتیں پردہ میں رہنے لگیں۔ پہلے کی طرح اب بھی والدین کا فرض بر تلاش کرنا تھا اور عموماً شریف و متمول خاندانوں کو ترجیح دی جاتی تھی۔ بیوی اور شوہر دونوں کے لئے ضروری تھا کہ اتھنز کے آزاد شہری کی اولاد سے ہوں ورنہ شادی ناجائز ہوتی اور اُنکے بچے حرامی قرار دیئے جاتے۔ کنتخدائی سے پہلے منگنی کی رسم ہوتی تھی جس میں مہر وغیرہ طے پاتا تھا۔ اگر کوئی لڑکی وارثہ جائداد یا ملکیت ہے لیکن اُس کے والدین فوت ہو گئے ہیں تو ایک شخص اس کا ولی مقرر ہوتا تھا جسے حق تھا کہ اُس سے شادی کرلے۔ بخلاف اس کے وہ غریب ہوئی اور ولی نے اُسے اپنی بیوی نہ بنانا چاہا تو یہ ضروری تھا کہ وہ ایک معینہ و معقول مقدار زر سے حسب مقدور اُس کی کفالت و امداد کرتا رہے۔ شادیاں عموماً جنوری و فروری میں ہوتی تھیں۔ سب سے پہلے دیوی ہیرا کی پوجا اور نیاز نذر کی جاتی پھر والدین لڑکی کو اپنے ساتھ لیکر نگر دیوی یعنی اتھینی کے مندر میں جاتے

پیشانی پر بھی بوسہ دیا۔ پھر اپنے یونانی دوستوں سے جو نہایت متاثر معلوم ہوتے
وہاں دعائیں مانگتے و نذر چڑھاتے۔ پھر شادی کے مقررہ دن دولھا دولہن ایک خاص چشمہ کے
پانی سے نہاتے جسے صرف وہی لوگ لا سکتے تھے جو نوعمر اور قریبی عزیز ہوں۔ اب لڑکی کا
باپ ایک دعوت دیتا جس میں عورتیں بھی شامل ہو سکتی تھیں مگر علیحدہ میز پر بیٹھتیں اور دلہن
اپنے منہ پر نقاب ڈالے رہتی۔ رخصتی کے وقت وہ ایک گاڑی میں بیٹھ کر جس میں خچر
یا بیل جُتے ہوتے اپنے نئے گھر روانہ ہوتی۔ اگر دولھا کی یہ دوسری ہے تو
بجائے اُس کے اُس کا کوئی دوست دلہن کو گھر لا سکتا تھا۔ ورنہ اُس کی موجودگی ضروری
تھی۔ غرض کہ رخصتی کا جلوس بڑی شان کے ساتھ روانہ ہوتا۔ سب سے آگے آگے دلہن
کی ماں اپنے ہاتھ میں مشعل کہ تحذائی لئے ہوئے چلتی جسے خاص گھر کی اگنی ہوتر سے روشن
کیا جاتا تھا۔ پیچھے اور بہت سے مشعل بردار ہوتے اور بکثرت دست و آشنا۔ عزیز و اقارب
بانسری بجاتے۔ شادی کے بھجن وغیرہ گاتے ہوئے نظر آتے۔ دولھا کا مکان سبز پتوں اور
پھولوں وغیرہ سے آراستہ کیا جاتا۔ یہاں پہنچتے ہی سب سے پہلے دولھا کی ماں ایک مشعل
اپنے ہاتھ میں لئے دروازہ پر استقبال کے لئے کھڑی ہوئی نظر آتی۔ جب جلوس اندر داخل
ہوتا تو اہل خانہ نعرہ ہائے خوشی مارتے اور میووں و مٹھائیوں کے دولھا دلہن پر بوچھار کرتے
اب دونوں ایک جا بٹھائے جاتے۔ انکے درمیان ایک شخص جو دولھا کا خاص دوست
ہوتا اور اس موقع پر "دلہن کا رہنما" کے لقب سے یاد کیا جاتا۔ بیٹھتا۔ اب دلہن کو بھی یا سفر
چل جو بار آوری کی علامت یا نشانی سمجھی جاتی تھی۔ کھلائی جاتی۔ پھر کھانا شروع ہوتا جس
سے فارغ ہو کر ایک بڑھیا عورت دلہن کو خلوت گاہ یا حجرۂ عروسی میں لے جاتی جہاں دولھا
اُس کی خاطر مدارات کرتا۔ بعدہٗ تمام مہمان اس حجرہ کے دروازہ کے باہر کھڑے ہو کر سہرے
و گیت بخوش الحانی گاتے۔ پھر اپنے اپنے گھر روانہ ہو جاتے۔ اب دو دن تک طرح طرح
کے تحائف دولھا دلہن کے لئے بھیجے جاتے پھر بعد ادائے چند رسومات دلہن کو اپنی نقاب

تھے کہا "میری بچی کا بیاہ بغیر مشعلوں کی روشنی و گانے بجانے کے نہایت سونا معلوم

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) اتارنے کی اجازت ملتی۔ بعدازاں شوہر کا فرض تھا کہ شادی کی رجسٹری کراتا اور اس موقع پر بھی اپنے دوست واعزا کو ایک بڑی دعوت دیتا۔ مذکورہ بالا رسومات سوائے اسپارٹا کے یونان کے اور تمام شہروں میں مروج تھیں۔ اسپارٹا میں قاعدہ تھا کہ دولہا اپنی دلہن کو اس کے عزیزوں سے زبردستی چھین کر اپنی گود میں اٹھا کر لے جاتا اور اپنے کسی رشتہ دار عورت کے گھر پہنچکر اُسے حوالہ کر دیتا۔ یہ دلہن کو ایک خلوت کدہ میں لے جاتی۔ اس کے بال کاٹ کر چھوٹے کر دیتی۔ پھر ایک مردانہ لباس پہنا کر دولہا کے سامنے پیش کرتی۔

یونان میں لڑکیوں کی چودہ سال کی عمر تک شادی ہو جاتی تھی۔ سوتیلے بھائی بہنوں کا نکاح بشرطیکہ ایک ماں سے نہ ہوں جائز تھا۔ شادی شدہ عورت مکان کے پچھلے حصے یا کوٹھے پر علیحدہ رہتی اور غیر مردوں کے سامنے سوائے بعض موقعوں کے (مذہبی تہوار) کبھی نہ آسکتی تھی اور نہ ساتھ بیٹھکر میز پر کھانا کھاتی تھی۔ اسپارٹا میں عورت و مرد دونوں کی ایک ساتھ تربیت ہوتی تھی اور عورتیں معاملات ملکی وغیرہ میں آزادانہ حصہ لیتی تھیں۔ مگر شادی ہونیکے بعد اُنکی یہ آزادی محدود ہو جاتی تھی اور نقاب لگا کر باہر نکلنا پڑتا تھا۔ اسپارٹا میں جہیز و مہر وغیرہ کچھ نہ تھا یونان میں طلاق کی پوری آزادی تھی مگر مرد کو پورا مہر دینا پڑتا تھا۔ البتہ عورت پر بدکاری کا جرم ثابت ہو جائے تو مرد پر اس کا کچھ حق نہ تھا۔ اسی طرح عورت بھی اپنے وجوہات ایک عرضی میں حاکم کے سامنے پیش کر کے شوہر سے نجات حاصل کر سکتی تھی۔ بدکار عورت کو طلاق دینے کے لئے مرد مجبور تھا اور اُسے قانوناً قتل کر دینے کا بھی اختیار رکھتا تھا۔ اسپارٹا میں مرد کے لئے کنوارا رہنا اس قدر معیوب اور سخت جرم تھا کہ ایسے شخص کو کسی قومی تہوار وغیرہ میں آنیکی اجازت نہ تھی وہ عموماً شاذ تھے۔ انکی سزا یہ تھی کہ صرف ایک قمیص پہنے بازار میں نظر آئیں نہ کوئی انھیں خوش آمدید کہتا تھا نہ اچھے منہ سے بولتا تھا۔ اور یہ غریب ایک مذاقیہ گیت گاتے ہوئے جس میں اپنے جرم کا اعتراف رہتا ایک عجیب ہیئت کذائی کے ساتھ سڑکوں پر پھرتے ہوئے دکھائی دیتے تھے۔ (نٹلشپ)

معلوم ہوگا۔ دیوتا اُسے مبارک کریں۔ ملتیہ آ۔ میری میز پر پیتل کے صندوقچہ میں دلہن کے زیورات رکھے ہیں۔ جلدی جا کر لے آ۔ میں اپنی پیاری کو انھیں پہناؤں گی اور لباس عروسی سے آراستہ کر کے اُسے حسب شان رخصت کروں گی۔

کلیاس جس کی افسردہ دلی یہ سُنتے ہی غائب ہوگئی تھی خوشی سے چلا کر بولا اور خواہ آپ لوگ کتنی ہی جلدی کریں مگر میں تو دلہن کو ہرگز اسکے حجرۂ عروسی میں بلا موسیقی وگانے کے نہ جانے دونگا۔ دولہا کا وطن بہت دور ہے اس لئے ہم اس مکان کے خالی حصہ کو اس کا گھر تصور کرلیں گے اور دلہن کو درمیانی دروازے سے لیجا کر اگن ہوتر کے پاس طعام نوش کریں گے۔ غلامو! ادھر آؤ۔ تم دو صفیں باندھ کر گیت گانا۔ کنیزو! تم بھی ہم آواز ہو کر دلہن کا اپنی تعلیم[1] گانا۔ میں مشعل بردار ہوں گا۔ یہ میرا آبائی عہدہ ہے۔ بردیہ۔ شاید تمہیں یہ نہیں معلوم کہ الیوسین[2] رازوں کے جلوس کے موقعوں پر میرے ہی خاندان کو مشعل برداری کا حق موروثی حاصل ہے۔ غلامو! دہلیز پر پھولوں کے ہار رکھ دو۔ اور جب ہمارا جلوس وہاں سے نکلے تو ہم پر مٹھائیوں کی بوچھار کرو۔ شاباش ملیتہ۔ تم دُلہن کے لئے مہندی و پھولوں کے گجرے و مکٹ خوب جلدی سے لے آئیں۔ پانی بھی کیا ہی اچھے وقت چھت کے روشندان سے نیچے گر رہا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہائمن نے رئیس سے سفارش کر کے شادی کی ایک پُرانی رسم ادا کردی۔ دولہا دولہن کو حسب دستور شادی کے صبح نہانا چاہیئے۔ مگر تم دونوں کو اس کا موقع نہ مل سکا۔ اس لئے ایک لحظہ کے لئے یہاں آکر کھڑے ہو جاؤ اور رئیس کے بھیجے ہوئے پانی سے اپنا جسم تر کرلو۔ کنیزو! اپنا گیت شروع کرو۔ لڑکیاں موسم بہار کے جانے کا غم کریں

---

[1] اپنی تعلیم۔ نغمۂ شادی۔

[2] رازہائے الیوسین۔ اس کا تعلق یونانیوں کے مذہب سے تھا۔

اور لڑکے دولھا دلہن کی خوش نصیبی کے شادیانے گائیں"۔ پانچ خوش گلو کنیزیں برابر برابر کھڑی ہو کر ایک آواز سے نا کتخدا دوشیزہ لڑکی کا یہ گیت گانے لگیں۔

جیسے سنبل کو پہاڑوں میں کھلیں گلہائے رنگ
نیلگوں پھول سکا گر جائے زمیں پر ٹوٹ کر
لے خبر اس کی نہ کوئی اور کچلا جائے وہ
بس یہی حالت ہے اُس لڑکی کی ہو جو خیرہ سر
جو کرے پھول اپنی عصمت کا حوالے غیر کے
لڑکیاں دوشیزہ اُس سے بھاگتی ہیں دور تر

نوجواں کرتے ہیں نفرت دیکھکر اسکا چلن
ہائمن۔ اے ہائمن۔ اے ہائمن۔ آ ہائمن

مترجمہ سلیم

اس کے جواب میں غلاموں نے ہم آواز ہو کر خوشی کا یہ گیت گایا۔

کھاتی ہے انگور کی بیل اپنی تنہائی کا غم
جب کبھی ہوتا ہے مسکن اس کا ویراں مرغزار
پروردخت الم سے ہوتی ہے شادی اسکی جب
پھوٹتی ہیں نرم شاخیں ہوتی ہے وہ باردار
پھیل کر نخل تناور سے لپٹ جاتی ہے وہ
دیکھکر یہ حال خوش ہوتے ہیں اکثر کاشتکار
بس یہی حالت ہے اس منکوحہ لڑکی کی جسے
دیتے ہیں دولھا کو خود مرضی سے اسکے رشتہ دار
ہوتی ہیں ماں باپ دونوں اُس دلہن کے شادماں
اور دولھا اُسکی الفت میں ہے رہتا بے قرار

گھر بساتے ہیں غرض اس طرح کے دولھا دلہن
ہائمن۔ اے ہائمن۔ اے ہائمن۔ آ ہائمن

مترجمہ سلیم

اب دونوں جماعتوں نے مل کر بڑے جوش و مسرت کے ساتھ "ہائمن۔ اے ہائمن۔ آ" اونچے سُروں میں گانا شروع کیا۔ اتنے میں یکایک چھت کے روشندان سے جس کے نیچے دولھا دلہن کھڑے تھے بجلی چمک کر آئی اور بادل کی کڑک و گرج سُنائی دی۔ کلیاس چلا کر بولا "دیکھتے ہو خود زحل ان دونوں کے لئے مشعلیں لے کر آیا ہے اور اپنی تعلیم کا نغمہ گا رہا ہے"۔

جب سپیدۂ صبح نمودار ہوا تو بردیہ وساقو حجرۂ عروسی سے نکل کر باہر باغ میں

آئے۔ طوفان جورات بھر بڑے زور شور سے رہا تھا اب غائب ہوگیا۔ ہر طرف پھول پتیاں۔ سبزہ و گیاہ تر و تازہ و شاداب معلوم ہونے لگے۔ یہ باغ ایک مصنوعی پہاڑی پر واقع تھا جس کی بلندی سے سیلاب کا منظر بخوبی نظر آتا تھا۔ بکثرت نیلے و سفید کنول کے پھول سطح نیل پر تیر رہے تھے اور کناروں پر دریائی پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ موجود تھے سفید بگلے دور سے یہ معلوم ہوتے تھے گویا پہاڑی پر برف کے تودے کھڑے ہیں۔ عقاب اپنے چوڑے بازوؤں کو کھولے ہوئے نسیم صبحری کے مزے لے رہے تھے۔ فاختائیں تاڑ کی ٹہنیوں پر منڈلا رہی تھیں۔ ماہی خور بطیں کشتی کے بادبانوں کو دیکھتے ہی چیختی و چلاتی ادھر اُدھر اُڑ رہی تھیں۔ طوفان کے بعد فضا میں خنکی آگئی تھی اور سمت شمال و مشرق سے ایک ہوا زور سے چل رہی تھی جس کی وجہ سے بہت سی کشتیاں پُر آب کھیتوں پر چڑھ آئی تھیں۔ ملاحوں کے گیتوں، چپوؤں کی آوازوں اور چڑیوں کے چہچہانے کے باوجود اس سیلاب کے دریائے نیل کا منظر اس وقت نہایت خوشگوار بنا دیا تھا۔

احاطۂ باغ کی دیوار کے قریب دونوں وارفتہ و دلدادہ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے سامنے کے سین سے لطف اُٹھاتے ہوئے اپنے عشق و محبت کی باتیں کر رہے تھے۔ اتنے میں بردیہ کو دور سے ایک کشتی نظر آئی جسے ملاح بڑی تیزی سے کھیتے ہوئے روڈوفس کے محل کی طرف لا رہے تھے۔ چند ہی لمحوں میں وہ دیوار کے پاس آکر لگ گئی۔ اور دودہ یامع اپنے دوستوں کے مرحبا کہتا ہوا شہزادہ سے ملاقی ہوا۔ وارا کی تدبیریں پورے طور سے کامیاب ہوئیں۔ کیونکہ طوفان ایسا سخت و غضبناک تھا کہ مصری گھبرا گئے اور اُن کا پیچھا نہ کر سکے۔ مگر وہ اب اُن کی تلاش میں فوراً نکلیں گے اس لئے زیادہ توقف کرنا خطرناک ہے۔ سافو اپنی نانی سے بڑی محبت سے الوداع کہہ کر بوڑھی دایہ ملیتہ کو ساتھ لئے سلوسن کی کشتی میں بیٹھ گئی اور ایک گھنٹہ

بعد وہ اور بردیہ وغیرہ کلیاس کے تیز رفتار جہاز پر پہنچ گئے۔ جہاں اس کا مالک پہلے سے موجود تھا۔ اس نے بڑی خاطر و مدارات سے سافو اور بردیہ کو رخصت کیا۔ بردیہ نے اپنے اظہار احسان مندی کے لئے ایک بیش بہا زنجیر یونانی کے نذر کی اور سلوسن نے اپنا ارغوانی چغہ دارا کو بطور نشانی کے پیش کیا۔ یہ چغہ سیدا[1] کے رنگریزوں کی اعلیٰ درجہ کی صناعی کا نمونہ تھا اور پہلے ہی سے دارا کی نظروں میں کھپ گیا تھا۔ اس لئے بڑی خوشی سے اس نے اُسے قبول کیا۔ اور پولی کراتیس کے بھائی سے بوقت رخصت کہا "یونانی دوست! تمہارے احسانات کا مجھ پر بہت بڑا بار ہے۔ دیکھو اُس کی تلافی کا کبھی مجھے موقع ضرور دینا"

**دودیا**۔ (سلوسن سے بغلگیر ہوکر) دیکھو میرے یہاں بھی ضرور آنا میں تمہارا ساتھ نہ چھوڑونگا۔ تم کہو گے تو میں اس کال کوٹھری میں بھی جہاں سے ابھی مجھے چھڑا کر لائے ہو تمہارے ساتھ رہنے کو تیار ہوں۔ جہاز کا لنگر اب اُٹھ رہا ہے۔ الوداع عزیز من۔ اور ہاں اُن گل فروش نازنینوں سے میرا سلام کہنا اور ان کی چھوٹی بہن کو یہ پیام دینا کہ میرا احسان مانے کہ ایسے بدتمیز و بدصورت عاشق سے جو اُسے تنگ کیا کرتا تھا میں نے ہمیشہ کے لئے اُسے نجات دلادی۔ یہ اشرفیوں کی تھیلی بھی ساتھ لیجاؤ اور اُس غریب مصری کے بال بچوں کو میری طرف سے حوالہ کرنا جس نے قید سے بھاگتے وقت مجھے روکنا چاہتا تھا اور نادانستہ میرے ہاتھ سے مارا گیا تھا"

یہ الفاظ ابھی تمام نہ ہوئے تھے کہ تختۂ جہاز سے لنگر کے گرنے کی آواز آئی۔ بادبان کھل گئے۔ ہوا سے بھرنے لگے۔ ملاحوں کے نغمہ کی آوازیں آئیں۔ اور جہاز کا مہرا جس پر ہائجینیا[2] کا لکڑی کا بت نصب تھا حرکت کرنے لگا۔ بردیہ سافو کے قریب کھڑا بڑی دیر تک نوکراتیس کو دیکھتا رہا یہاں تک کہ دریائے نیل کا

---

[1] سیدا۔ فنیقیہ کا ایک مشہور شہر۔ [2] ہائجینیا۔ یونانی دیوی۔

ساحل نگاہ سے غائب ہوگیا اور بحر قلزم کی نیلگوں لہریں جہاز کو تھپیڑے مارنے لگیں۔

# باب اٹھائیسواں ۲۸

## جنگ

شہزادہ اور اُس کی پیاری بیوی جب افی سوس پہنچے تو اماسس کی موت کی خبر معلوم ہوئی۔ وہاں سے روانہ ہو کر کچھ دنوں بابل میں قیام کیا۔ پھر شہر پارساگرد گئے جو صوبۂ فارس کا دارالخلافت تھا۔ یہاں کاسندانہ۔ اتوسا و کری سس موجود تھے۔ کاسندانہ کی آنکھیں حکیم نینچاری کے علاج سے اچھی ہوگئی تھیں وہ اب مصری مہم کے ساتھ جانے والی تھی۔ اس لئے پہلے اپنے شوہر کے مقبرہ[۱] کی زیارت کو یہاں آئی تھی جو کری سس کی رائے کے مطابق

[۱] مقبرہ کورش اعظم۔ اصفہان سے پانچ دن کی مسافت کے بعد ولایت شیراز میں ایک چھوٹا سا قریہ ہے جسے مشہد مرغاب کہتے ہیں۔ یہاں سے چھ میل کے فاصلہ پر ایک خوشنما وادی ہے جسے دریائے پلور سیراب کرتا ہے اسے میدان مرغاب کہتے ہیں اور یہیں فارس قدیم یا پرساکا دارالسلطنت یعنی پارساگرد واقع تھا۔ اور اسی نواح میں کورش اعظم نے میدیہ کے آخری بادشاہ استیاز کو شکست دی تھی اور وہ عالی شان محل و قلعے بنائے تھے جو سکندر کے زمانہ تک قائم رہے۔ اس میدان میں سب سے زیادہ مشہور کورش اعظم کا مقبرہ ہے جسے یہاں کے باشندے غلط فہمی سے قبر مادر سلیمان کہتے ہیں۔ مقبرہ کی لمبائی ۲۰ فیٹ۔ چوڑائی ۱۶ فیٹ اور زمین سے چھت کی چوٹی تک بلندی ۳۵ فیٹ ہے۔ باہر سے اسکے سات طبقے یا زینے ہیں

بنایا گیا تھا۔ یہ سنگ مرمر کی خوبصورت عمارت ایک بلند مقام پر واقع تھی جس پر چڑھنے

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) جو بتدریج چھوڑے ہوتے ہوئے چلے گئے ہیں۔ اس کی تعمیر میں پتھر کی بڑی بڑی سلیں جو لوہے کے پترّوں سے ملحق تھیں استعمال کی گئی تھیں۔ مقبرہ کا در جو چار فٹ اونچا اور ڈھائی فٹ چوڑا ہے۔ اس میں خیال کیا جاتا ہے کہ دو دروازے لگے تھے جو یکے بعد دیگرے کھلتے تھے۔ اندر ایک مختصر سا حجرہ ہے جس کے مشرقی دیوار میں جو دروازہ کے مقابل ہے ایک طاق سا نظر آتا ہے اور نیچے فرش پر بھی ایک چھوٹا سا غار ہے جو شاید تابوت رکھنے کی جگہ تھی۔ باقی کوئی نشان اب موجود نہیں۔ البتہ در و دیوار پر آیاتِ قرآنی لکھی ہیں جس سے اُن لوگوں کی جہالت کا اظہار ہوتا ہے جو اُسے حضرت سلیمانؑ کی والدہ کا مزار سمجھ کر ہر سال زیارت کرنے اور منتیں چڑھانے آتے ہیں۔ آج کل کوئی قدیم کتبہ اس مقبرہ پر نہیں ہے مگر آرین یونانی مورخ نے لکھا ہے کہ اسکے زمانہ میں پرانی فارسی میں یہ کندہ تھا:۔

"اے مرد! منم کورش پور کمبوجیا۔ موسس شہنشاہی فارس و بادشاہ آسیاہ۔ برمن از (واشتن) ایں بقعہ رشک مبر" اسی مورخ کا قول ہے کہ "کورش کے مقبرہ کے چاروں طرف کنج و سبزہ زار ہیں۔ وہ ایک سنگین عمارت ہے جو ایک مستطیل چبوترہ پر بنائی گئی ہے۔ اس کی چھت پٹاؤ دار و چپٹی ہے۔ دروازہ اس قدر تنگ ہے کہ آدمی بمشکل داخل ہو سکتا ہے۔ اندرون حجرہ ایک طلائی تابوت کے اندر جس پر بابل کی ایک خوشنما چادر پڑی تھی کورش کی لاش محفوظ تھی۔ پاس ہی ایک پلنگ تھا جس کے پائے سونے کے تھے۔ فرش حجرہ پر ارغوانی قالین بچھے تھے اور ایک میز بھی موجود تھی جس پر مختلف لباس و بیش بہا جواہرات سجائے گئے تھے جب سکندر وہاں آیا تو اُس نے دیکھا کہ مقبرہ کھلا پڑا ہے تابوت سے لاش باہر نکال کر پھینک دی گئی ہے اور تمام قیمتی اشیاء غائب ہیں۔ یہ غالباً لٹیروں و چوروں کا کام تھا سکندر نے فوراً لاش بحفاظت تمام تابوت میں رکھوا دی اور تمام سامان مہیا کر کے حجرہ دوبارہ آراستہ کرا دیا۔ اور دروازہ چنوا کر باہر سے اپنی مُہر لگا دی۔ اس مقبرہ کا متولی جو ایک مجوس ہے

کے لئے متعدد سیڑھیاں تھیں اس کی چھت ایک قبر کی طرح چپٹی تھی اور اندرونی حصہ نہایت خوبی کے ساتھ آراستہ تھا۔ یہاں وسط میں ایک زریں تابوت جس میں بادشاہ کی لاش تھی رکھا ہوا تھا۔ قریب ہی ایک چاندی کا پلنگ اور چاندی کی میز بچھی ہوئی تھی۔ میز پر سونے کے برتن لباس فاخرہ اور بیش بہا جواہرات سجا کر رکھے تھے۔ باہر اس مقبرہ کے چاروں طرف خوبصورت چمن اور سایہ دار درخت تھے اور احاطہ کے اندر ایک چھوٹا سا مکان بھی اس مجاور یا متولی کے لئے تھا جس کے سپرد مقبرہ کی خدمت و نگہبانی تھی یہاں سے کچھ دور کورش اعظم کا وہ محل تھا جہاں اُس کی وصیت کے مطابق ہر ایرانی بادشاہ کو سال میں چند مہینے قیام کرنا لازم تھا۔ اس عالی شان عمارت کی شکل ایک نہایت مضبوط و ناقابل تسخیر قلعہ کی طرز پر تھی اور اسی میں سلطنت کا تمام خزانہ محفوظ رہتا تھا۔ ملکہ کا سندانہ اپنا اکثر وقت انھیں باغات و پہاڑیوں کی سیر و تفریح میں صرف کیا کرتی تھی۔ اتوسا بھی جو نیتیس کی وفات اور دارا کے روانگی کی وجہ سے اکثر مغموم رہا کرتی۔ یہاں آکر کسی قدر اشتاش ہو گئی تھی۔ اور اب سافو کے آجانے سے اُس کا دل اور بھی بہل گیا تھا اور ملکہ بھی اپنی خوبصورت و چھوٹی بہو کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی تھی۔ دارا اور دُوھ یا اُس بڑی فوج کی ہمراہی کے لئے جو فرات کے میدانوں میں جمع ہو رہی تھی گئے تھے۔ اور بردیہ کو بھی مجبوراً اس زمانہ میں بابل کا سفر کرنا پڑا تھا۔ کمبوجیہ ایک بار اپنی ماں سے ملنے آیا تو سافو کو دیکھ کر

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) قریب ہی ایک مکان میں رہتا ہے اور روزانہ ایک بھیڑ اور ہر ماہ ایک گھوڑا بھینٹ چڑھایا کرتا ہے۔

مقبرہ کے گرد اب بھی ان ستونوں کے آثار ہیں جہاں کسی زمانہ میں ایک چھت دار صحن تھا اور جانب شمال اُس عمارت کے بھی نشان پائے جاتے ہیں جو بقول آرین متولی کے رہنے کا مکان تھا۔ (سائیکس۔ جیکیس)

بہت خوش ہوا اور اُس کے حُسن و ادب کی تعریفیں کرنے لگا مگر وہ اُس کی شکل دیکھتے ہی ڈر گئی۔ بادشاہ چند ہی ماہ میں بالکل بدل گیا کثرتِ مے نوشی نے اُسے بدصورت و کریہہ المنظر بنا دیا تھا۔ اس کی چمکدار آنکھوں میں گو اب بھی کسی قدر پُرانا جوش باقی تھا مگر اُن سے ناپاکی و زشت خوئی برستی تھی۔ اُس کے بال جو بھوترے کی طرح سیاہ تھے اب بہت کچھ سفید ہو گئے تھے اور نہایت بے ترتیبی کے ساتھ ادھر اُدھر بکھرے رہتے تھے اور بجائے اُس فتحمندانہ مسکراہٹ کے جو پہلے اُس کے چہرے پر زیب دیا کرتی تھی اب نفرت و بیزاری۔ درشتی و سختی پائی جاتی تھی۔ سوائے اسوقت کے جب حالت نشہ میں ہوتا وہ کبھی نہ ہنستا تھا۔ اور ہنسی بھی ایسی زہر آلود تھی کہ دیکھنے والوں کے دل میں سخت وحشت و ہیبت پیدا کرتی تھی۔ اُسے اپنی بیویوں سے اب بھی نفرتِ کلی تھی اور اُنھیں شوس چھوڑ کر کسی کو اپنے ساتھ مصر کے سفر پر نہ لے جانا چاہتا تھا۔ بخلاف اس کے دیگر معزز سردار و امیر اپنی اپنی چہیتی بیویوں و کنیزوں کو ساتھ لے جانے کی تیاریاں کر رہے تھے تاہم باوجود ان تمام باتوں کے کوئی شخص کمبوجیہ کو ظالم و جابر نہ کہہ سکتا تھا۔ بلکہ اب وہ پہلے سے بھی زیادہ عدل و انصاف میں سرگرم تھا اور اگر اُسے معلوم ہو جاتا کہ کسی نے بے رحمی و ناانصافی سے کام لیا ہے تو بڑی سختی سے اُسے سزا دیتا تھا مثلاً ایک مرتبہ اُس نے سُنا کہ کسی حاکم نے رشوت لیکر ایک غریب کی حق تلفی کی ہے تو فوراً اُس کی کھال کھچوا کر کرسی عدالت پر بچھوا دی۔ اور اُسی کے لڑکے کو اس عہدہ پر مقرر کر کے اس خوفناک مسند پر بیٹھنے کے لئے مجبور کیا۔ علاوہ بریں فوجی انتظامات میں اُس نے ایک غیر معمولی سرگرمی و تندہی کا اظہار کیا اور وہ لشکر جرار جو بابل میں جمع ہو رہا تھا اسکی قواعد وغیرہ کا بذات خود بڑی سختی کے ساتھ امتحان و ملاحظہ کرنا شروع کیا۔ ایرانی فوج کا کوچ بعد جشن نوروز طے پایا تھا۔ اسکی بڑے اہتمام و زرِ کثیر کے ساتھ تیاریاں کی گئیں۔

بادشاہ اپنا محل چھوڑ کر کیمپ میں رہنے سہنے لگا۔ یہاں ایک دن بردیہ اس کے سامنے حاضر ہوا اور نہایت ادب سے اُس کے دامن کا بوسہ دیکر خوشی سے کہنے لگا کہ میں عنقریب صاحب اولاد ہونے والا ہوں۔ یہ سُنتے ہی کمبوجیہ کا چہرہ متغیر ہوگیا۔ بردیہ سے تو اس نے کچھ نہ کہا۔ مگر بوقت شب خوب شراب پی کر بدمست ہوا اور دوسرے دن موبدوں۔ مجوسیوں اور کلدانیوں کو بُلا کر اُن سے یہ سوال کیا "تمہیں یاد ہوگا کہ ایک مرتبہ تم نے میرے خواب کی یہ تعبیر دی تھی کہ اتوسا اس ملک کے آیندہ بادشاہ کی ماں ہوگی۔ اب یہ بتاؤ کہ اس پیشین گوئی کے پورا کرنے کی غرض سے اگر میں اپنی بہن سے عقد کروں تو کوئی گناہ تو نہ ہوگا؟"

اُرسپتس موبد اعظم اور مجوس و مغاں نے صلاح و مشورہ کے بعد شہنشاہ کے قدموں پر گر کر عرض کیا "ہماری رائے میں عقد سے جہاں پناہ پر کوئی گناہ نہ ہوگا۔ ہمارے مذہب میں قریبی عزیزوں سے نکاح جائز ہے اور گو بہن کے ساتھ شادی کسی قدر معیوب سمجھی جاتی ہے تاہم بادشاہ کی مرضی سب پر بالا ہے وہ جو چاہے کرسکتا ہے اس کا کوئی فعل بیجا و نامناسب نہیں ہوسکتا۔ اس لئے حضور والا کی اگر یہی خواہش ہے تو بخوشی اُسے پورا کریں"۔

کمبوجیہ نے یہ سُن کر موبدوں کو بہت انعام و اکرام و خلعت گراں بہا بخشے۔ موبد اعظم کو اپنا جانشین مقرر کیا اور اپنی ماں سے جاکر کہا کہ فتح مصر کے بعد ہی وہ اپنی بہن کو عقد میں لانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ملکہ نے سُنا تو اُسے حد درجہ صدمہ و قلق ہوا مگر

---

[1] مُصنف ایران نامہ کا بیان ہے کہ قدیم ایران میں اصالت و نجابت کا قایم رکھنا نہایت ضروری سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے ہم کفو اور قریبی عزیزوں کی شادی مستحسن سمجھی جاتی تھی۔ اور حقیقی بہنوں سے بھی عقد جائز کردیا گیا تھا۔

شاہان ہخامنش میں سب سے پہلے کمبوجیہ نے اپنی بہن اتوسا سے شادی کی۔ بعدہٗ داریوش دوم

مجبور تھی خاموش ہو کر رہ گئی۔

آخر کار وہ تمام ایرانی لشکر جس کی تعداد آٹھ لاکھ سے زیادہ تھی مختلف حصوں میں منقسم ہو کر روانہ[۱] ہوا۔ اور دو ماہ بعد شام کے ریگستان میں پہونچا جہاں عربوں کے

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) اپنی خواہر پریزاد کو عقد میں لایا۔ پریزاد نہایت غضبناک عورت تھی اس کی وجہ سے بادشاہ کو بڑی تکالیف کا سامنا ہوا۔ ساتواں تاجدار ارشاک ملقب بہ اردشیر دوم اگرچہ ہزاروں عورتیں اُس کے حرم میں تھیں اور ایک سو لڑکے لڑکیاں اُن سے ہوئیں تاہم اُس نے خاص اپنی دختر یعنی ہمای یا اتوسا سے شادی کر لی۔ شاہنامہ سے بھی اس قسم کے رواج کا پتہ لگتا ہے۔ مثلاً سیاوش اور اسفندیار نے اپنی بہنوں سے شادی کی۔ اور بہمن اردشیر کے متعلق بھی فردوسی لکھتا ہے کہ

یکے دخترش بود نامش بجائے ہنرمند و با دانش و پاک رائے

اُسے بادشاہ نے بموجب آئین وقت اپنی زوجیت میں لے لیا۔

معلوم ہوتا ہے کہ اُس زمانہ میں دوسرے ممالک خصوصاً مصر میں بھی یہی رواج تھا جو اول صدی عیسوی تک باقی رہا۔ سلوکس جانشین اسکندر نے دختر دمتریوس مقدونیائی سے عقد کیا اور اپنی سوتیلی ماں پر بھی عاشق ہو گیا جسے خود اُس کے باپ نے اُسے حوالہ کر دیا۔ قس علیٰ ہذا۔ (ایران نامہ)

[۱] کوچ و کمیپ۔ شاہان ہخامنش کی افواج بڑی شان و شوکت سے سفر کرتی تھیں۔ ان میں دارا و خشایارشا کی لشکر کشی کا حال قابل ذکر ہے۔ سب کے آگے خیمہ و خرگاہ و بھاری سامان خچروں و اونٹوں پر لدا ہوا نکلتا۔ بعدہٗ نصف حصہ غیر ایرانی افواج کا۔ پھر ایک خالی جگہ۔ پھر باقی ماندہ حصہ اسی لشکر کا۔ اسکے پیچھے ایک ہزار ایرانی سواران خاصہ۔ انکے عقب میں ایک ہزار منتخب سپاہیان (پیدل) خاصہ۔ جو اپنے نیزے زمین کی طرف جھکائے ہوئے مارچ کرتے تھے۔ پھر دس کوتل گھوڑے ساز و یراق سے آراستہ و پیراستہ۔ بعدہٗ وہ مقدس رتھ جس میں دس

دو زبردست قبیلے عالقہ وغیرہ جنھیں فنیس نے اپنی طرف ملالیا تھا آکر شامل ہوگئے۔ انکے

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) سفید گھوڑے جُتے تھے۔ پھر شہنشاہ کی سواری جو ایک مرصع وزرّیں گاڑی پر اپنے رتھبان کے ساتھ بڑی شان سے جلوہ گر نظر آتا تھا۔ اس کے پیچھے ایک ہزار سپاہیان خاصہ پھر ایک ہزار سواران خاصہ۔ بعدہٗ دس ہزار قشون جاودانی جن کے عقب میں دس ہزار منتخب سواروں کا رسالہ۔ پھر کچھ فاصلہ پر باقی ماندہ فوج اور سب سے آخر میں شتر سواروں کا رسالہ ہوتا تھا جس کے پیچھے ایک انبوہ کثیر متعلقین و ملازمین فوج کا نظر آتا تھا۔ ان میں نقیب۔ غلام۔ خواجہ سرا وغیرہ سب شامل تھے جو عموماً حرم سرائے شاہی کے ہمراہ چلتے تھے۔ فوج کے لئے سامان رسد کا نہایت عمدہ انتظام تھا۔ بہت کچھ ساتھ ہوتا تھا اور اثنائے راہ میں بھی مختلف مقامات پر اس کے ذخائر مع جانوران بار برداری وغیرہ موجود و تیار رہتے تھے۔ اگر سمندر کا قرب ہوتا تو جہازوں میں سامان رسد بھرا ہوا ساتھ ساتھ چلتا۔ علاوہ بریں جس بڑے شہر سے گذر ہوتا وہاں کے باشندوں کو تمام فوج کی دعوت کرنا پڑتی۔ اور اسکے گذر کے لئے سڑکیں و پل وغیرہ تیار کرنے کا انتظام بھی انھیں کے سپرد ہوتا۔ جب منزل پر یہ لشکر پہنچتا تو میلوں تک خیمے ہی خیمے نظر آتے جو نہایت باقاعدہ نصب کئے جاتے۔ بعض اس قدر وسیع تھے کہ سو سپاہی ان کے اندر رہ سکتے تھے۔ افواج کی شناخت کے لئے مختلف قسم کی جھنڈیوں و نشان سے انکے ڈیرے معین کئے جاتے۔ شاہی خیمہ جس کا رُخ جانب مشرق ہوتا وسط کیمپ میں آراستہ کیا جاتا۔ اسکے سامنے ایک بہت بڑا جھنڈا جسکے سرے پر عقاب کی ایک طلائی تصویر بنی ہوتی بطور نشان خاص نصب کیا جاتا تھا۔ نہ صرف شہنشاہ بلکہ تمام سرداران فوج کے حرم انکے قریب ہی خیموں میں فروکش ہوتے جہاں آسائش و آرائش کا اس قدر سامان ساتھ رہتا تھا کہ فوجی نقل و حرکت میں دقت تھی اور شکست کے موقعوں پر دشمن کے ہاتھ خوب مال غنیمت آتا تھا جس منزل پر غنیم کا خطرہ ہوتا تو کیمپ کے گرداگرد خندق و رُحص بنا کر اُسے محفوظ بنایا جاتا۔ اور رات کے وقت سنتری چاروں طرف آگ جلا کر پہرہ دیتے تھے اور مخبر و جاسوس اونچے مقامات پر بیٹھے ہوئے فوراً خطرہ سے آگاہ کر دیتے تھے (رالنس وغیرہ)

ذمہ ایرانی افواج کے لئے پانی بہم پہنچانا تھا جسے وہ اپنے اونٹوں و گھوڑوں پر لاد کر لائے تھے عکہ کے نزدیک جو سرزمین کنعان میں واقع ہے۔ شامی فینیقی اور آیونیان اقوام جو ایرانیوں کی رعایا تھے اپنے اپنے بیڑہ جہازات لئے ہوئے موجود تھے۔ ان کے ساتھ قبرس اور ساموس کی بھی فوجیں تھیں جو فنیس کی ترغیب دہی سے شامل ہوئی تھیں۔ ساموس کے شامل ہونے کا ایک عجیب واقعہ ہوا۔ پولی کراتیس کے پاس جب کمبوجیہ کی طرف سے امداد کا پیغام آیا۔ اُسے اپنے دشمنوں سے نجات حاصل کرنے کا ایک اچھا بہانہ ہاتھ آیا۔ اس نے فوراً چُن چُن کر آٹھ ہزار وہ لوگ جو بڑے سرکش و باغی تھے دس سر طبقہ جہازوں میں بھر کر ایرانیوں کی خدمت کے لئے روانہ کر دیئے اور خفیہ طور سے یہ کہلا بھیجا کہ براہ مہربانی ان کو واپس نہ بھیجئے گا۔ فنیس کو جیوں ہی یہ معلوم ہوا اُس نے اُن باغیوں سے خبر کر دی جسے سنتے ہی وہ بہت بگڑے اور اپنے ملک واپس چلے گئے جہاں اُن سے پولی کراتیس سے ایک جنگ ہوئی جس میں شکست کھا کر وہ اسپارٹا سے مدد مانگنے کے لئے اپنا ملک چھوڑ کر چلے گئے۔

دریائے نیل کی طغیانی سے ایک مہینہ پہلے ایرانیوں و مصریوں دونوں کی لشکر میدان پلوسیم میں پہنچکر جو ڈلٹا[1] کے شمال مغربی سمت واقع تھا مدمقابل ہو گئے فنیس کی تمام تدبیریں اب تک کامیاب ہوئیں۔ ریگستان کا سفر جو عموماً نہایت دشوار گذار خیال کیا جاتا تھا۔ اور جس میں ہزاروں سپاہیوں کے تلف ہونے کا اندیشہ تھا عربوں کی مدد سے بخیریت تمام طے ہو گیا اور ایرانی افواج کو موسمی موافقت کی وجہ سے بھی مصری سرحد تک پہنچنے میں زیادہ تکلیف و دقت کا سامنا نہ ہوا۔

کمبوجیہ فنیس کو دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ اور نہایت خاطر و مہربانی سے پیش آیا۔ یونانی نے دست بستہ عرض کیا "میں دیکھتا ہوں کہ حضور والا ابھی تک اپنے

---

[1] ڈلٹا۔ دریائے نیل کا ڈلٹا۔

صدمۂ جانکاہ سے نہایت دلگیر و افسردہ خاطر ہیں۔ سچ ہے کہ عورتیں رو دھو کے اپنا دل ٹھنڈا کر لیتی ہیں مگر مردوں کا غم بڑی مشکل سے جاتا ہے۔ میں بھی اسی کا مارا ہوں اور میرے دل پر بھی ایک ایسا داغ ہے کہ کبھی نہ مٹے گا۔ ہم دونوں کو اب دیوتاؤں کا شکر کرنا چاہیئے کہ انھوں نے ایک ایسی لڑائی و انتقام کا موقع بخشا ہے جس سے بڑھ کر ہمارا رنج و الم دور کرنے کا اور کوئی علاج نہیں ہو سکتا تھا۔"

بعدہٗ فینیس شہنشاہ کے بالکل نزدیک ایک خیمہ میں رہنے لگا اور شبانہ روز دعوتوں میں بھی شامل ہونے لگا۔ لوگوں کو حیرت ہوئی کہ یونانی کے آتے ہی کمبوجیہ کا مزاج بالکل بدل گیا۔ اور اُس کی درشتی و افسردگی بھی بہت کچھ غائب ہو گئی۔

ایرانیوں کا لشکر گو عظیم الشان تھا مگر مصری بھی کچھ کم نہ تھے۔ انکی افواج قلعہ پلوسیم کی فصیلوں کے باہر خیمہ انداز تھیں۔ یہ قلعہ قدیم زمانہ سے مصر کو اقوام مشرقی کے حملوں سے بچانے کے لئے بنایا گیا تھا اور نہ صرف بہت مضبوط و مستحکم بلکہ ہر قسم کے سامان حرب سے مامور و آراستہ تھا۔

اپنے جاسوسوں کی زبانی ایرانیوں کو معلوم ہوا کہ فرعون کی فوج[1] چھ لاکھ سے

[1] مصری فوج کا نظام سمجھنے کے لئے ہمیں اولاً جاننا چاہیئے کہ قدیم مصر میں پیشہ سپہگری نہایت معزز سمجھا جاتا تھا۔ یعنی پروہتوں کے بعد جنگجوؤں کا مرتبہ تھا اور عہد رامسس سے خاص حقوق اس فرقہ کو عطا کئے گئے تھے یعنی ہر سپاہی آٹھ ایکڑ زمین کا مالک تھا جس کی لگان وغیرہ معاف تھی اور کوئی قرض خواہ اپنے مطالبہ کے عوض میں اُسے سزائے قید نہ دلا سکتا تھا۔

اس فرقہ کے افراد کو اوائل عمر سے جنگی تعلیم و تربیت دیجاتی تھی جس کے لئے متعدد اسکول و درسگاہیں قایم تھیں۔ اس سے فارغ ہو کر وہ اپنی زمینداری وغیرہ کرتے تھے۔ مگر بوقت ضرورت جنگ کے لئے تیار رہتے تھے۔ اس زمانہ خدمت میں انھیں سرکار کی طرف سے خوراک ملتی تھی لیکن ہر سپاہی کو خود اپنے اسلحہ بہم پہنچانا پڑتے تھے۔ رامسس کے زمانہ میں

کم نہیں ہے جس میں بکثرت جنگی گاڑیاں ہیں۔ تیس ہزار اہل کاریہ۔ آبونیان

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) اس ملکی فوج کی تعداد چار لاکھ تھی۔ مگر علاوہ انکے متحد یا مفتوحہ اقوام سے اجیر سپاہی بھی بھرتی کئے جاتے تھے جنھیں صرف تنخواہ ملتی تھی۔

مصری فوج کی سب سے بڑی قوت اس کے تیر انداز تھے۔ یہ پیدل یا رتھوں پر سوار ہوتے تھے اور لشکر کے بازوؤں پر منقسم کئے جاتے تھے۔ قلب میں دیگر سپاہ پیدل اپنے مختلف جھنڈوں و ہتھیاروں کے ساتھ نظر آتی تھی اور سب سے پیچھے رسالے ہوتے تھے۔

جنگی اسلحہ حسب ذیل تھے۔ کمان۔ نیزہ۔ دو قسم کے بھالے۔ گوفن۔ ایک چھوٹی و سیدھی تلوار۔ خنجر۔ چھرا۔ تبر۔ کلہاڑی۔ گرز۔ ایک خمیدہ لکڑی جس طرح آج کل بعض حبشی اقوام استعمال کرتی ہیں کمان لکڑی کی قریباً پانچ فٹ لمبی ہوتی تھی۔ تیروں کی لمبائی بھی ۲۲ یا ۲۴ انچ تھی۔ انکی نوک پر دھات کا پھل تھا۔ اور دوسرے سرے پر تین پر لگے رہتے تھے۔ سپر کی اونچائی اپنی چوڑائی سے دوگنہ آدمی کے نصف قد تھی۔ اس کا ڈھانچہ لکڑی کا تھا جس کے باہر بیل کی کھال چڑھی تھی اور دھات کی پتریں کیلیں وغیرہ جڑی تھیں۔ مصری خود مختلف قسم کے تھے۔ پیتل کے بھی استعمال کئے جاتے تھے۔ مگر یہ بھاری و گرم ہونے کی وجہ سے عموماً سوزنی کے سرپوشوں کو ترجیح دی جاتی تھی جو مونڈھوں یا کانوں تک لمبے ہوتے تھے۔ اور دبیز و گدی دار ہونے کی وجہ سے سر کی بھی خوب حفاظت کرتے تھے ان خودوں کے کناروں پر ایک قسم کی گوٹ لگی رہتی تھی۔ ان کا رنگ سبز۔ سرخ یا سیاہ تھا۔ چوٹی نوک دار تھی جس کے پھندنے نہایت خوشنما معلوم ہوتے تھے۔ زرہ بھی اسی طرح دھات کے پتروں یا سوزنی کی بنائی جاتی تھی۔ اس کی آستین کبھی غائب یعنی مثل واسکٹ اور کبھی کہنی تک لمبی ہوتی تھیں۔ وہ کالردار یا بے کالر ہوتی تھی۔ اور بعض اوقات گھٹنوں تک نیچی مگر عموماً کمر تک پہنچتی تھی جہاں ایک پٹکہ باندھ لیا جاتا تھا اور نیچے ایک قسم کے گھنگریا جو گھٹنوں سے اونچی تھی پہن لیتے تھے۔

مصری اپنی جنگوں میں رتھ سے بہت کام لیتے تھے۔ اس پر عموماً دو شخص بیٹھ سکتے تھے۔ ایک رتھبان

اور مزایو[۵۱] سپاہی ڈھائی لاکھ کلسریز ڈیڑھ لاکھ۔ ہر موتبیز۔ بیس ہزار سوار۔ اور پچاس ہزار سے زیادہ اجیر سپاہی ہیں جن میں اکثر لیبیا کے وہ جنگجو سورما[۵۲] تھے جن کی شجاعت و بہادری تمام دنیا میں مشہور تھی۔ علاوہ ان کے لاتعداد حبشیوں کی ایک فوج تھی جو خاص سامٹیک کے جھنڈے کے نیچے صف آرا تھی۔ تمام پیدل سپاہ پلٹنوں و کمپنیوں میں منقسم تھی جن کے علیحدہ جھنڈے و نشان تھے اور اس کے بڑے بڑے حصے یعنی ڈویژن مختلف اسلحہ کے لحاظ سے ایک دوسرے سے ممتاز نظر آتے تھے۔

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) دوسرا سورما جسکے عہدہ کا نشان بذریعہ ایک پیٹی کے پشت پر بندھا رہتا تھا۔ رتھبان جو خود بھی ایک جنگجو و معزز شخص ہوتا تھا اپنی ہاتھوں میں کوڑا اور راسیں لئے ہوئے داہنی جانب کھڑا رہتا تھا۔ سپہ سالار یا فرعون کے ہمراہ ایک دوسری زائد رتھ بھی ہمیشہ رہتی تھی۔

بعض اوقات بوقتِ جنگ سورما اپنے رتھ سے نیچے اُتر آتا تھا۔ اور تلوار یا تبر اپنے ہاتھ میں لیکر حریف سے نبرد آزما ہوتا تھا۔ مغلوب و زخمی ہونے کی حالت میں اگر وہ رحم کا خواستگار ہوا۔ اور کوئی معزز شخص ہے تو فاتح نہایت عزت کے ساتھ اسے اپنے رتھ میں جگہ دیتا تھا ورنہ اسکے پیچھے باندھ کر بادشاہ کے روبرو لے جاتا تھا۔ مقتولوں کے ہاتھ ایک جگہ جمع کر کے گنے جاتے جنھیں کاتب کارنامہ فتح میں باقاعدہ مندرج کر لیتے تھے۔

مصری رتھیں لکڑی کی تھیں۔ ان میں کوئی نشست نہ تھی۔ ان کے پہیئے نیچے تھے اور زیادہ تر بوجھ بم پر رہتا تھا جو گھوڑوں کی گردن پر بستہ تھے۔

(ماخوذ از ہسٹورین ہسٹری آف ورلڈ)

۵۱۔ مزایو۔ یہ عموماً وہ غیر ملکی سپاہی تھے جن کا کام قیدیوں کی حفاظت تھی۔ (ایڈیٹر)

۵۲۔ یہ غالباً شمال افریقہ کے باشندے تھے جنھیں ہیروڈوٹس نے مکسنیز کے نام سے لکھا ہے۔ (ایڈیٹر)

ایک طرف تو وہ لوگ جن کے پاس بڑے بڑے سپر۔ نیزے و خنجر تھے۔ دوسری طرف وہ جن کے پاس صرف تیر اور تلواریں تھیں۔ تیسرا گروہ ہلکے گرز چھوٹی چھوٹی ڈھالیں لئے تھا۔ اور چوتھے کے پاس صرف کمندیں تھیں۔ لیکن اس فوج کا بڑا حصہ تیر اندازوں کا تھا جن کی کمانیں قد آدم تھیں اور ترکش بھی بڑے بڑے تھے۔ بعدہٗ وہ سوار نظر آئے جن کے ہاتھوں میں چھوٹے چھوٹے گرز تھے اور صرف دھوتیاں باندھے تھے مگر رتھوں پر بیٹھنے والے جنگجو جو عموماً معزز و متمول طبقہ سے تھے نہایت زرق برق لباس سے آراستہ تھے۔ گھوڑوں کا ساز و یراق بھی پر تکلف تھا اور اُن کے چار پہیوں والی مضبوط گاڑیاں بھی بڑی خوبی کے ساتھ مزین تھیں۔ ان سورماؤں کے ہاتھوں میں نیزے و کمان تھے اور اُن کے پاس ہی رتھبان کھڑے ہوئے تھے۔ ایرانیوں[۱] کی پیدل فوج

---

[۱] ایرانی افواج کے مختلف حصے حسب ذیل تھے :-

(۱) باڈی گارڈ۔ پاسبان خاصہ۔ ان کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔

(۲) قشون جاودانی۔ ان کے متعلق بھی لکھ چکے ہیں۔

(۳) رتھیں۔ ہخامنش ان سے زیادہ کام لیتے تھے۔ ساسانیوں کے زمانہ میں قریباً متروک ہو گئیں تھیں۔ ان کے پہیوں میں ہنسیا کی طرح ایک قوس نما آلہ لگا رہتا تھا جس سے جب رتھیں غنیم کی فوج کو چیرتی ہوئی نکلتی تھیں تو بہت سے لوگ زخمی ہوتے تھے۔ ان گاڑیوں میں دو یا چار گھوڑے جوتے جاتے تھے۔ ان کا دروازہ پشت پر تھا۔ اور صرف دو آدمیوں کے بیٹھنے کی جگہ تھی۔ ایک رتھبان اور دوسرا جنگجو سورما۔ دونوں کے جسم زرہ بکتر سے بخوبی محفوظ رہتے تھے۔ سر پر خود اور چہرہ بالکل ڈھکا ہوا صرف آنکھیں کھلی رہتی تھیں۔ داراکو اپنے رتھوں پر بڑا گھمنڈ تھا مگر سکندر کے مقابلہ میں وہ بالکل بے سود ثابت ہوئیں۔

(۴) ہاتھی۔ انھیں تمام فوج پر فضیلت حاصل تھی۔ سب سے پہلے ساسانیوں کے زمانہ میں ان سے کام لیا گیا۔ یہ کشادہ و مسطح میدان میں زیادہ کارآمد ثابت ہوتے تھے۔

مصریوں سے کچھ زیادہ نہ تھی مگر ان کا رسالہ تعداد میں چھ گنا بڑھکر تھا۔ غرض کہ اب جیسے

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) تاہم ان پر اس قدر اعتماد تھا کہ جنگل و پہاڑوں میں بھی برابر ساتھ رکھے جاتے تھے اور ان کی گذرگاہ کے لئے خاص راستے بنائے جاتے تھے۔ ہاتھی عموماً ہندوستان سے آتے تھے اسی لئے ان کے افسر کو زند کا (سندھ) پت کہتے تھے۔

(۵) رسالے۔ (الف) ہلکا رسالہ۔ اس کا ساز و سامان نہایت مختصر اور سوار زرہ پوش نہ تھے۔ اس میں عموماً عربی قبائل بھرتی کئے جاتے تھے جن کا شمار عہد ساسانی میں باضابطہ فوج میں نہ تھا مگر انکے حملے نہایت موثر ہوتے تھے۔ اکثر اوقات ان کے دل بادل ہزاروں کی تعداد میں غنیم کی پیش قدمی یا ہزیمت کے وقت اسے چاروں طرف سے گھیر کر دور سے تیر برساتے اور سخت پریشان کرتے تھے۔ شاپور نے جب قیصر جولین کو شکست دی تو یہی رسالہ تھا جو افواج روما کی تباہی کا باعث ہوا۔

(ب) بھاری رسالہ۔ فردوسی لکھتا ہے کہ کیانی سواروں کے پاس حسب ذیل ساز و سامان ہوتا تھا:۔ سر پر ایک خود بشکل گاؤ۔ آہنی یا طلائی۔ یا صرف بھیڑیے کے چمڑے کی ایک ٹوپی ہوتی تھی۔ جسم پر زرہ بکتر۔ رستم عموماً چیتے کی کھال کی زرہ زیب تن کرتا تھا۔ ہتھیاروں میں چمڑے کی ایک بہت بڑی کمند لپٹی ہوئی کاٹھی سے بندھی رہتی تھی۔ کمر میں خنجر و برچھی و ایک شمشیر جس کے دو طرفہ دھار تھی ہاتھ میں سپر اور ایک نو ہاتھ لانبا لکڑی کا نیزہ جس کا پھل آہنی تھا۔ دوش پر ایک کمان جو چنار یا کسی دوسری مضبوط لکڑی کی تھی اور اس کی تانت بیل یا ہرن کی آنتوں کی ہوتی تھی۔ ترکش تیروں سے بھرا ہوا جو لکڑی یا ہڈی کے ہوتے تھے ان کی نوک پیتل یا لوہے کی تھی اور دوسرے پر عقاب یا چیل کے پر لگے رہتے تھے۔ ہخامنش کے زمانہ میں بھی سوار اور گھوڑے دونوں زرہ پوش تھے۔ افسروں کے سر پر سونے و چاندی اور معمولی سواروں کے تانبے یا لوہے کے خود تھے۔ بائیں کاندھے پر کمان۔ پشت پر ترکش اور کمر میں ایک خنجر یا چھوٹی سی تلوار لٹکی رہتی تھی۔ نیز سپر فلاخن۔ تبر اور ایک خاردار کرہ نما گرز بھی رکھتے تھے۔ علاوہ بریں انکے

ہی دونوں فوجیں ایک دوسرے کے مدمقابل ہوئیں کمبوجیہ کے حکم سے میدان جنگ جھاڑ جھنکار۔ درختوں و ریتلی ٹیلوں وغیرہ سے صاف کیا جانے لگا۔ تاکہ ایرانی رسالہ اور جنگی گاڑیوں کے سامنے کوئی شے حائل نہ ہو۔ فینیس کو مقامی خصوصیات وحالات سے پوری واقفیت حاصل تھی اس لئے جو نقشہ وتدابیر جنگ اُس نے پیش کیں انھیں نہ صرف کمبوجیہ نے بلکہ بگابازنے بھی جو ایرانیوں کا سب سے بڑا جنرل تھا پسند واختیار کیا۔ خصوصاً میدانِ جنگ کے متعلق اس کی ہدایات نہایت مفید ثابت ہوئیں کیونکہ اس میں متعدد جھیلیں ونالے تھے جن کے متعلق پہلے سے علم ہونا اور ان سے بچنے کی تدابیر کرنا حملہ آور فوج کی کامیابی کے لئے نہایت اہم و

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) اُن کے پاس دو قسم کے نیزے تھے ایک چھوٹا جسے دور سے پھینک کر مارتے اور دوسرا بڑا جسے قریب سے استعمال کرتے تھے۔ ساسانیوں کے زمانہ میں بھی کم وبیش یہی ہتھیار تھے۔

(۶) کماندار۔ ایرانی افواج کا انھیں روح رواں کہنا چاہئے۔ یہ غضب کے مشاق ونشانہ باز تھے۔ انکے پاس بڑی بڑی اونچی ڈھالیں تھیں جنھیں اپنے سامنے زمین پر قطار در قطار جب رکھ دیتے تھے تو ایک اچھا خاصہ حصار بن جاتا تھا جس کے پیچھے باطمینان تیزی کے ساتھ تیر برساتے تھے کہ دشمن کو بمشکل مہلت ملتی تھی بعض اوقات بھاری رسالہ کی اوٹ میں کھڑے ہوکر بھی حملہ کرتے تھے اور بحالت ہزیمت یا شکست بھاگتے ہوئے پیچھے مُڑ کر بھی تیر مارتے تھے۔ اور اس خوبی کے ساتھ کہ خود اُنکے دشمن قائل ہیں کہ کبھی ان کا نشانہ خطا نہ ہوتا تھا۔

(۷) پیدل سپاہ۔ اس میں مختلف اقوام کے لوگ شامل تھے جو اپنے اپنے قومی لباس وہتھیار استعمال کرتے تھے عموماً انکے پاس تلوار۔ برچھیاں ونیزے تھے۔ ساسانی پیادوں کے پاس اپنے جسم کی حفاظت کا سامان زیادہ نہ تھا مگر ہخامنش کے زمانہ میں وہ بھی چار آئینہ وزرہ جسکی کڑیاں فلوس ماہی کی طرح تھیں پہنتے تھے اور سر پر بجائے خود کے ایک ٹوپی تھی یا ایک چوڑا سا فیتہ بندھا رہتا تھا۔ (رالنس وغیرہ)

ضروری تھا۔ ایرانی جنگی مجلس شورے میں ان تمام امور پر بحث کر کے فیصلہ کیا گیا جس کے اختتام پر فینیس نے بادشاہ سے اجازت طلبی کے بعد اپنی ایک دوسری عجیب وغریب تدبیر کا اس طرح انکشاف کیا:۔

"آپ سب صاحب یہ معلوم کرنے کے لئے نہایت بے تاب ہیں کہ ان بند گاڑیوں میں جو اپنے ساتھ لایا ہوں۔ کیا ہے۔ ان میں پانچ ہزار بلیاں ہیں۔ آپ ہنستے ہیں لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ ہزاروں جنگجو سپاہیوں سے زیادہ یہ جانور ہماری مدد کریں گے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ مصری بلیوں کی کس قدر عزت کرتے ہیں۔ حتی کہ اپنی جان دیدیں گے مگر انھیں ضرر نہ پہنچائیں گے۔ اس کا بخوبی تجربہ ہے اور ایک مرتبہ چند بلیوں کے مارنے کی بدولت خود مجھے اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑا تھا غرض کہ مصریوں کے اس وہم باطل سے فائدہ اٹھانے کے لئے میں اپنے اثنار سفر میں قبرس۔ ساموس۔ کریٹ۔ شام۔ جہاں جہاں سے گذرا۔ بلیوں کے جھول کے جھول اپنے ساتھ جمع کرتا گیا۔ میری رائے میں انھیں ان افواج کو تقسیم کر دینا زیادہ مناسب ہوگا جو خاص کر مصریوں کے مدمقابل ہوں گی۔ ہر ایک سپاہی ایک ایک بلی اپنی ڈھال پر باندھ لے اور حملہ کے وقت دشمن کو دور سے دکھائے۔ میں شرط باندھ کر کہہ سکتا ہوں کہ مصری سپاہی میدان جنگ سے بھاگ جانا گوارا کریں گے مگر ان مقدس جانوروں کی طرف ہرگز نشانہ نہ ماریں گے۔"

یہ تقریر سنتے ہی بڑے زور سے قہقہہ پڑا۔ سب نے اس رائے کو نہایت پسند کیا اور اسی وقت حکم دیا گیا کہ سپاہیوں کو بلیاں تقسیم کر دی جائیں۔ کمبوجیہ نے بھی فینیس کی اس جدت و ذہانت کی تعریف کی اور اس کی حسن خدمات کے صلہ میں بیش بہا تحائف سے سرفراز فرمایا اور اپنے ساتھ کھانے پر مدعو کیا۔ کچھ دیر بعد جب فینیس اپنی یونانی فوج کے ملاحظہ کو نکلا تو سب سے پہلے اپنے خیمہ کی طرف آیا

یہاں اُس نے دیکھا کہ چند غلام ایک بوڑھے شخص کو جس کی لمبی ڈاڑھی اور کپڑے نہایت بوسیدہ ہیں۔ اندر جانے سے روک رہے ہیں۔ یونانی نے خیال کیا کہ یہ کوئی فقیر ہوگا اور ایک اشرفی اس کی طرف پھینک کر آگے بڑھنا چاہا۔ مگر بوڑھے نے زور سے اُس کا دامن پکڑ لیا۔ اور بآواز بلند چلا کر یہ کہا بھائی! میں **ارسٹومینس** ہوں۔ کیا اتنی جلدی بھول گئے؟"

**فینس** نے مڑ کر دیکھا تو اپنے دوست کو فوراً پہچان لیا اور اسے اس خراب و خستہ حالت میں دیکھ کر بہت حیران و پریشان ہوا۔ پھر اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے خیمہ کے اندر لیگیا۔ وہاں اس کے پیر دھلوائے۔ منہ۔ ہاتھ اور سر صاف کر کے روغن لگایا۔ نئے کپڑے پہنائے اور کھانے و شراب اس کے سامنے لاکر رکھے۔ **اسپارٹی** نے خاموشی کے ساتھ سب کچھ کرنے دیا۔ جب کھا پی کر سیر ہوا اور کچھ دیر آرام کرنے کے بعد اس کے جسم میں طاقت آئی تو یونانی سے اپنا حال اس طرح بیان کرنے لگا:۔

"جب شہزادہ **سامیتک** نے تمہارے لڑکے کو مروا ڈالا تو میں نے اُس سے کہا کہ جب تک اس کی وجہ نہ بتاؤ گے اور میرے دوست کی لڑکی کو جلد نہ رہا کرو گے تو میں مع اپنے تمام ہمقوموں کے تمہاری نوکری چھوڑ کر چلا جاؤں گا۔ شہزادہ نے اس پر غور کرنے کا وعدہ کیا۔ دو دن بعد جب میں ایک کشتی میں بیٹھ کر **ممفس** کے ارادہ سے روانہ ہوا تو رات کے وقت چند حبشی سپاہیوں نے اچانک حملہ کیا اور مجھے باندھ کر جہاز کے ایک اندھیری کوٹھری میں بند کر دیا۔ کئی شبانہ روز کے سفر کے بعد ایک نامعلوم مقام پر کشتی پہنچی۔ یہاں مجھے اُتار کر ایک ریگستان میں سمت مشرق لے چلے جہاں عجیب و غریب چٹانیں تھیں۔ اور نہایت سخت گرمی پڑتی تھی۔ غرضکہ یہ دشوار گذار سفر جب طے ہوا تو ایک پہاڑی ملی جس کے نیچے بہت سی جھونپڑیاں تھیں اور ان کے رہنے والوں کے پیروں میں بیڑیاں اور ہاتھوں میں ہتھکڑیاں پڑی تھیں۔ ہر روز بوقت

صبح سپاہی ان غریب قیدیوں کو مارتے ہوئے ایک سونے کی کان[1] میں جو قریب ہی واقع تھی لے جاتے تھے۔ ان میں سے بعض بدنصیبوں کو چالیس برس اسی طرح کام کرتے گذر گئے تھے۔ مگر اکثر تو یہاں کی گرمی کی شدت و تکلیف و مصیبت برداشت نہ کرکے چند ہی سال میں مرجاتے تھے مجھے بھی انھیں قیدیوں کے ساتھ کام پر لگایا گیا۔ میرے ساتھی عموماً یا تو وہ خونی مجرم تھے جنھیں سزائے موت معاف کرکے یہاں بھیجا گیا تھا یا وہ سرکش و باغی لوگ تھے جن کی زبانیں کاٹ کر جلاوطن کیا گیا تھا۔ تین مہینے تک میں نے ان سب کے ساتھ طرح طرح کی مصیبتیں اٹھائیں۔ سپاہیوں کی زدوکوب۔ دھوپ کی شدت اور رات کے وقت ننگے جسم پر اوس کا پڑنا اور کھانے پینے کو اچھا نہ ملنا۔ غرضکہ یہ تمام تکلیفیں برداشت کیں جو یقیناً بہت جلد میرا خاتمہ کردیتیں۔ لیکن امید و جوش انتقام نے مجھے زندہ رکھا۔ حسن اتفاق سے کچھ دنوں بعد دیوی لشپیت کا تہوار آیا اور جتنے مصری محافظ و نگہبان تھے وہ سب شراب پی پی کر مدہوش ہوگئے۔ میرے ساتھیوں میں ایک نوجوان یہودی بھی تھا جسے جعلی و جھوٹے اوزان استعمال کرنے کے جرم میں ہاتھ کاٹکر یہاں بھیجدیا گیا تھا۔ وہ اور میں دونوں اس موقع کو غنیمت سمجھ کر نکل بھاگے۔ اور کئی دن تک سنسان و وحشت زدہ بیابانوں میں بھٹکتے پھرا کئے۔ میں ایک سپاہی کی کمان چھین کر اپنے ساتھ لے آیا تھا جس سے شکار کرکے ہم دونوں پیٹ بھرتے تھے اور جب یہ نہ ملتا تو درختوں کے پھل پھلیری یا چڑیوں کے انڈوں پر بسر اوقات کرتے تھے اس طرح تمام دن آرام کرتے اور رات کے وقت ستاروں کو دیکھ کر اپنا راستہ ڈھونڈھتے ہوئے سفر کرتے۔ ہمیں یہ معلوم تھا کہ بحر احمر انھیں کانوں کے قریب کہیں

---

[1] دیودورس نے ان کانوں اور ان میں کام کرنے والوں کا حال پوری طور سے بیان کیا ہے یہ بحر احمر کے قریب واقع تھیں انکے نشان ابھی تک پائے جاتے ہیں اور ان کا ایک ابھرا ہوا نقشہ بھی ٹیورین کے عجائب گھر میں موجود ہے۔ (ایڈیٹر)

واقع ہے لیکن کوئی رہنما نہ ملنے سے بہت ٹھوکریں کھاتے اور بدقت تمام سمندر کے ساحل پر پہنچے اور وہاں سے شمال کا رُخ کیا جہاں اتفاق سے چند ملاح مل گئے جنھوں نے رحم کھا کر ہمیں کچھ دنوں اپنے ساتھ رکھا۔ پھر ہم عربوں کی ایک کشتی میں بیٹھکر اُن کے ملک میں پہنچے۔ یہاں خبر ملی کہ کمبوجیہ ایک بڑے لشکر کے ساتھ مصر پر حملہ کی تیاریاں کر رہا ہے یہ سُنکر ہم چند عمالقہ سواروں کے ہمراہ جو ایرانی لشکر کے لئے پانی لے جا رہے تھے ریگستان میں سفر کرتے بھٹکتے ہوئے بالآخر بہ ہزار خرابی پلوسیم پہنچے۔ یہاں تمہاری موجودگی کا حال معلوم ہوتے ہی میں فوراً تمہیں ڈھونڈھنے نکلا۔ (کچھ دیر خاموشی کے بعد) دیکھو میں نے اپنی قسم پوری کی۔ مصر کے یونانیوں کا ساتھ دیا۔ اور اُن کی وجہ سے یہ تمام مصیبتیں جھیلیں۔ اب تمہارا فرض ہے کہ میری امداد کرو۔ اور میری تمنائے دلی بر لاؤ یعنی مجھے اپنے ظالم دشمنوں سے انتقام لینے میں مدد دو۔"

**یونانی**۔ (بڑی گرمجوشی سے بوڑھے اسپارٹی کا ہاتھ دبا کر) تمہاری مراد جلد پوری ہوگی۔ میں تمہیں اہل ملیسیا کا سردار مقرر کرتا ہوں۔ اور ہر طرح مدد دینے کو تیار ہوں لیکن تمہارے بار احسانات سے کبھی سبکدوش نہیں ہو سکتا۔ البتہ ایک خبر سُناتا ہوں جو ضرور تمہاری خوشی کا باعث ہوگی۔ وہ یہ کہ تمہارے جانے کے چند دنوں بعد ایک خاص جہاز تمہارے بہادر فرزند کی سرکردگی میں نوکراتیس آیا تھا اور افور کی طرف سے بہ تمام اعزاز واکرام تمہاری واپسی وطن کا مژدہ و پیام لایا تھا۔

یہ سنتے ہی بوڑھے اسپارٹی کا جسم کانپ اُٹھا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور اپنا سر دونوں ہاتھوں سے پیٹ کر تھراتی ہوئی آواز سے چلا کر بولا "اب پیشین گوئی صحیح نکلے گی۔ اپالو مجھے معاف کرنا میں نے تمہارے مبارک الفاظ پر شبہ کیا تھا۔ آرکل نے کیا کہا تھا۔

| | |
|---|---|
| اُتریں گے برف پوش پہاڑوں سے دیو پوش | اس نہر مارخم پہ جو وادی میں ہے رواں |

| | |
|---|---|
| رمنے کی حد پہ پھر تمہیں پہنچا کے آئے گا | آئیگا اک سفینہ جو کچھ دیر سے یہاں |
| رمنے وہ دلکشا ہیں فضا جن کی دیکھکر | پائیں گے راحتوں کا غریب الوطن نشاں |
| وہ چیز پانچ جج نہ جسے کر سکے عطا | اگر وہ درع پوش تمہیں دیں گے بیگماں |

دیوتا کا وعدہ پورا ہو جائے گا۔ اب میرے وطن جانے کا زمانہ قریب آگیا مگر اپنے دشمن سے انتقام لیکر پہلے اپنی حسرت و آرزو پوری کرلوں"۔

**فینس**۔ گھبراؤ نہیں۔ اس کا وقت بھی قریب آگیا۔ کل میں اپنے مقتول لڑکے کیلئے بھینٹ و نذر چڑھاؤں گا۔ جب تک **کمبوجیہ** اُس تیغ سے جسے میرے ہاتھوں نے تیز کیا ہے مصر کے جگر کو گھائل و زخمی نہ کرلے گا۔ میں آرام و چین سے نہ بیٹھوں گا آؤ۔ چلو اب تمہیں بادشاہ کی خدمت میں لے چلوں وہ بھی یقیناً تمہاری قدر کرینگے اور اپنے الطاف خسروانہ سے سرفراز فرمائیں گے"۔

---

رات ہوگئی تھی۔ ایرانیوں کا کیمپ مستحکم و قلعہ بند نہ تھا۔ انھیں غنیم کے شبخون مارنے کا اندیشہ تھا اس لئے سب اپنی اپنی جگہ تیار و کمربستہ تھے۔ پیدل سپاہی اپنی ڈھالوں اور نیزوں پر ٹیک لگائے کھڑے تھے۔ سوار اپنے گھوڑوں پر کاٹھیاں ڈالے ہوشیار و مستعد تھے۔ **کمبوجیہ** بھی اپنے اسپ صبارفتار پر سوار ہر طرف گشت لگاتا ہوا لوگوں کو دلاسے و ہمت دے رہا تھا۔ قلب فوج ابھی تک آراستہ نہ تھا اس میں یونانی باڈی گارڈ۔ فسون جاودانی اور خاندانی امراو شاہزادے تھے جو لڑائی کو بچوں کا کھیل سمجھتے تھے اور کبھی اپنے شہنشاہ کا ساتھ نہ چھوڑتے تھے یہ سب بھی جاگ رہے تھے لیکن ایشیائے کوچک کے یونانی اپنے سردار **فینس** کے حکم کے موافق خواب استراحت کے مزے لے رہے تھے۔ **فینس** کا یہ خیال تھا کہ جنگ کے وقت اس کی فوج کو تر و تازہ ہونا چاہیئے۔ اسلئے اسنے

انھیں مسلح ہوکر سونے کی اجازت دیدی تھی اور خود کھڑا ہوا پہرہ دے رہا تھا ارسٹو میقیس سے بادشاہ نہایت مہربانی سے پیش آیا تھا اور یونانیوں کی نصف فوج کا سردار بنا کر بائیں بازو پر اُسے مقرر کیا گیا تھا اور باقی ماندہ کو فینس کی ماتحتی میں داہنی جانب جگہ دی گئی تھی۔ بادشاہ کا ارادہ تھا کہ خود سب سے پہلے دس ہزار قشون جاودانی کے ساتھ لڑائی کا آغاز کرے۔ یہ فوج لشکر ایران کی روح رواں تھی اس کے سامنے رنگ برنگ کے سُنہرے پرچم و جھنڈے نظر آتے تھے اور مشہور درفش کوانی[۱] بھی بڑی آب و تاب

---

[۱] درفش کوانی۔ ایران کے اس قومی جھنڈے کی وجہ تسمیہ بیان کی جاتی ہے کہ درحقیقت یہ کادی لوہار کا چرمی پیرہن تھا جسے اس نے ایک نیزہ پر باندھ کر جھنڈا بنایا اور فریدوں کو شاہ بابل کے قتل پر آمادہ کیا تھا۔ یہ بادشاہ جسے ازہی دہاک بھی کہتے ہیں اس زمانہ میں ایران پر قابض تھا اور نہایت ظالم و بیدرد تھا۔ کہتے ہیں کہ اس کے شانوں پر دو سانپ تھے جنھیں روزانہ بچوں کا مغز کھلایا کرتا تھا۔ کادی کے غریب بچے بھی اسی طرح ہلاک ہوئے تو اس نے علم بغاوت بلند کیا اور بالآخر فریدوں کی مدد سے کامیاب ہوا۔ ایران کو ازہی دہاک سے نجات ملی۔ اور لوہار کا چرمی پیرہن قومی نشان قرار دیا گیا اور کئی صدیوں تک اس بیش بہا تحفہ کے رکھنے کی عزت اصفہان ہی کو جو کادی کا وطن تھا نصیب ہوئی۔ یہ جھنڈا خاص خاص بڑی جنگوں میں فوج کے ساتھ رہتا تھا زمانہ مابعد میں اس کی شکل بدل گئی تھی۔ یہ ۱۸ فٹ لمبا اور ۱۲ فٹ چوڑا تھا۔ اور بے شمار ہیرے جواہرات و موتیوں سے مرصع و مزین تھا۔ جنگ قادسیہ میں وہ ہمیشہ کے لئے ایرانیوں کے پاس سے چلا گیا۔ جس عرب سپاہی نے اُسے چھینا تھا اُس نے تیس ہزار درم یا سات سو اسی پونڈ میں اسے بیچ ڈالا لیکن اس کی اصلی قیمت بارہ لاکھ درم یعنی تیس ہزار پونڈ سے بھی زائد تھی۔

(جیکسن۔ رالنس)

کے ساتھ اُڑ رہا تھا۔ شہزادہ بردیہ ایک ہزار ایرانی سواران خاصہ اور تمام زرہ پوش رسالہ کا افسر اعلیٰ تھا۔ کری سس اُس فوج کا سردار تھا جس کا کام کیمپ کی حفاظت و نگرانی تھی جہاں امیروں و سرداروں کی بیویاں۔ بادشاہ کی بہن و ماں اور تمام خزانہ و زر و جواہر موجود تھا۔

جب متھرا کا چہرہ درخشاں نمودار ہوا۔ اور شب تاریک کے ہولناک و ڈراونے دیو و شیاطین اپنے اپنے غاروں میں جا کر چھپ گئے تو پلوسیم کے عظیم الشان میدان میں ایک عجیب ہل چل نظر آئی۔ سب سے پہلے ایرانیوں کا وہ مقدس اگن ہوتر جو بابل سے تمام راستہ بھر فوج کے آگے آگے لایا گیا تھا مشتعل[۱] کیا گیا اور اُس کے شعلے جن میں بادشاہ اور تمام پروہت بیش بہا خوشبوئیں و بخورات

---

[۱] جنگ و جدل میں امداد غیبی پر ایرانیوں کو بہت بڑا بھروسہ تھا۔ خصوصاً متھرا سب سے بڑا حامی و مددگار سمجھا جاتا تھا۔ اس کی نذریں چڑھائی جاتی تھیں اور فروش یا آباو اجداد کی ارواح کو بھی جگایا جاتا تھا۔ اور خیال تھا کہ وہ پردار چڑیوں کی شکل میں آکر دشمنوں کو ہلاک کریں گے نجومیوں سے ہمیشہ استصواب رائے کیا جاتا۔ مجوس و موبد لشکر کے ہمراہ رہتے تھے اور مقدس آگ ہاتھوں میں اُٹھائے فتح و نصرت کی دعائیں مانگتے ہوئے فوج کے آگے چلتے تھے۔ ان کے پیچھے وہ مقدس رتھ ہوتی تھی جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ جب خشایارشا نے یونان پر حملہ کیا اور ایشیا سے یورپ میں داخل ہونے کی غرض سے ہیلسپونٹس پر ایک پل بنا کر گذرنا چاہا تو اولاً ایک بہت بڑی مذہبی رسم ادا کی گئی یعنی ایک طلائی ساغر میں پڑھا ہوا پانی بھر کر سمندر میں ڈالا گیا۔ پھر وہ جام اور ایک چھوٹی سی مرصع تلوار بھی اُسی میں پھینک دی گئی۔ تمام پل مہندی کی شاخوں سے سجایا گیا تھا۔ عود و لوبان ہر طرف سلگ رہا تھا اور پروہت بھجن پڑھتے ہوئے سب سے پہلے گذر رہے تھے۔ عہد ساسانی میں قاعدہ تھا کہ بادشاہ قبل از جنگ اور بعد از فتح ایک مشہور آتشکدہ میں جا کر دعائیں مانگتا اور نذریں چڑھاتا تھا۔ (رالنس وغیرہ)

ڈال رہے تھے۔ تھوڑی دیر میں آسمان سے باتیں کرنے لگے۔ پھر کمبوجیہ نے بھینٹ و نذر چڑھائی اور ایک کاسہ طلائی اپنے دونوں ہاتھوں میں اُٹھا کر فتح و نصرت کی دعا مانگی اور آسمان کی طرف دیکھ کر زور سے یہ نعرہ بلند کیا "اہرمزد ہمارا حافظ و مددگار رہے"۔ بعدہٗ جب یہ رسم ختم ہوگئی تو بادشاہ بحیثیت افسر اعلیٰ اپنے سواران خاصہ کے آگے کھڑا ہوگیا۔ اس معزز رسالہ کی وردی۔ اس کے خوشنما خودوں پر ہار و پھول کے مکٹ۔ ان کا سج دھج و انداز ایسا تھا کہ دیکھنے والوں کی زبان سے بے اختیار احسنت و آفرین نکلتی تھی اور دوست و دشمن سب ان سے مرعوب تھے۔ یونانیوں نے بھی نذر و نیاز کی اور جب اُن کے پروہتوں نے یہ اعلان کیا کہ شگون بہت اچھے ہیں اور فتح کی خوش خبری دیتے ہیں تو "ہبی ہبی" کہہ کر سب اس زور سے چلائے کہ آسمان گونج اُٹھا۔ دوسری طرف لشکر غنیم میں[۵۱] بھی صبح ہوتے ہی پروہتوں

---

[۵۱] مصری طریقۂ جنگ۔ اعلان جنگ ہوتے ہی ہر ضلع یا صوبہ اپنی معینہ تعداد سپاہیوں کی بہم پہنچاتا تھا۔ تمام فوج کا سپہ سالار بادشاہ تھا مگر بعض اوقات وہ اپنی جگہ کسی آزمودہ کار جنرل کو مقرر کرتا تھا۔ تمام افواج سب سے پہلے ایک جا جمع ہوتیں۔ دیوتاؤں کو بھینٹ و نذر چڑھا کر فتح کی دعائیں مانگی جاتیں۔ قرنا و بگل بجتے۔ پلٹنوں کی صفیں اپنی گردنیں جھکائے ہوئے بادشاہ کے سامنے سے گذرتیں۔ پھر طبل کوچ بجتا۔ رتھیں سب سے آگے ہوتیں۔ ان کے وسط میں فرعون ایک شاندار رتھ پر سوار۔ معزز افسروں کے جلو میں نظر آتا۔ بعدہ باقی ماندہ لشکر پیادے و سوار اپنی مختلف نشان و ہتھیار لئے ہوئے باقاعدہ مارچ کرتے۔

فوج کا کیمپ چوکور یا مستطیل ہوتا تھا۔ اس کے ایک رُخ پر دروازہ تھا۔ وسط میں جنرل و بڑے افسروں کے خیمے تھے اور سپہ سالار کے خیمہ کے گرد ایک دوہری دیوار تھی جس کے بیرونی احاطہ میں اسٹاف افسروں کے خیمے وغیرہ نصب تھے اور اندرونی صحن میں دیوتاؤں کے اگن ہوتر۔ جھنڈے و فوجی خزانہ محفوظ رکھا جاتا تھا۔ پہرے والے باہر کھلے میدانوں میں رہتے تھے۔

نے بھینٹ دینا اور دعائیں مانگنا شروع کیں اور ہر طرف فوج کی صف آرائیاں ہونے لگیں۔ فرعون ساقتیک قلب لشکر کے سامنے ایک رتھ پر سوار تھا ایک سونے کا ترکش اس کے قریب رکھا تھا۔ رتھ کے گھوڑوں کی جھولیں ارغوانی رنگ کی تھیں۔ ان کا طلائی ساز و یراق تھا اور سروں پر شترمرغ کے پر لگے تھے۔ رتھبان جو مصر کے ایک نہایت معزز و شریف خاندان سے تھا۔ دونوں راسیں و

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اُن سے ڈھالیں چھین لی جاتی تھیں تاکہ زیادہ خبردار رہیں اور رات کے وقت سو نہ جائیں۔ ان کے قریب ہی باربرداری کے جانوروں۔ گھوڑوں اور گاڑیوں وغیرہ کے لئے مقامات مخصوص تھے۔

میدانِ جنگ میں حملہ شروع ہونے سے پہلے بگل بجاتے تھے۔ تیراندازوں کی صفیں غنیم کے مقابل صف پر تیر برساتیں۔ سامنے والی رتھوں کے جھنڈ ایک ساتھ حملہ آور ہوتے اور بڑے جوش و خروش کے ساتھ دشمنوں کی صفوں کو چیرتے اور انھیں پامال و ہلاک کرتے ہوئے نکل جاتے۔ بعدہ وہ پیدل سپاہ جو بھاری اسلحہ سے آراستہ ہے نیزے و گرز لئے اور سپریں سامنے کئے ہوئے اپنی گنجان صفوں میں آگے بڑھتی۔ اسکے بازوؤں پر رسالے اور باقی ماندہ رتھیں تھیں جو دشمن کے قلب و بازو پر حملہ آور ہوتیں۔

میدان جنگ میں مغلوب حریف کو امان دیجاتی اور اسکے ساتھ انسانیت کا برتاؤ کیا جاتا۔ قیدیوں کو باندھ کر لیجاتے۔ مقتولوں کے ہاتھ کاٹکر بادشاہ کے سامنے جمع کئے جاتے اور انکی تعداد کا شمار باقاعدہ مندرج ہوتا اسی طرح مال غنیمت یعنی اسلحہ وغیرہ کو بھی ایک جا جمع کر کے کاتب فوج ایک فہرست تیار کرتا جو بادشاہ کے سامنے پیش ہوتی اور وہ تمام فوج کو درجہ بدرجہ انعام و اکرام سے مالا مال کرتا۔

قلعہ بندی فصیل شہر و برج وغیرہ بنانے کا بھی پہلے رواج تھا مگر بعدہٗ متروک ہوگیا اور صرف مندروں کو مضبوط و محصور بنانے پر اکتفا کیا گیا۔ چنانچہ دارالخلافہ ممفس و تھیبز میں کوئی شہر پناہ نہ تھی مصری سُرنگیں بنانے میں بڑے اُستاد تھے اور قلعہ فتح کرنے میں سیڑھیوں و قلعہ شکن گاڑیوں

چابک اپنے ہاتھوں میں پکڑے اپنے آقائے نامدار کے بائیں جانب کھڑا تھا۔ فرعون کے سر پر مصر بالا وزیریں کا ایک دھرا تاج تھا۔ اس کی فوج کے میسرہ میں اہل **یونان** و **کاریہ** تھے۔ رسالہ دونوں بازوؤں کے سرے پر آراستہ تھا اور مصری و حبشی پیدل سپاہ رتھوں اور یونانیوں کے دائیں بائیں چہ مسلسل قطاروں کی شکل میں صف آرا تھی۔ **سامتیک** اپنی رتھ پر سپاہیوں کو ہمت و جوش دلاتا ہوا ہر طرف گھوم رہا تھا۔ جب یونانیوں کے سامنے آیا تو کھڑا ہو گیا اور ان سے مخاطب ہو کر بآواز بلند بولا "میرے جاں باز و فادار سورماؤ! **قبرس** اور **لیبیا** میں جو بہادریاں تم نے دکھائی ہیں میں اُن سے بخوبی واقف ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس مرتبہ بھی دیوتاؤں نے چاہا تو خود اپنے ہاتھوں سے ظفر و نصرت کے سہرے تمہاری پیشانیوں پر باندھوں گا۔ یہ خیال ہرگز نہ کرنا کہ فتح پانے کے بعد میں تمہارے حقوق میں ذرہ برابر بھی کمی کروں گا۔ بعض بدطینت اور دروغ گو لوگوں نے تمہیں بھڑکانے اور مجھ سے بددل کرنے کی غرض سے اس قسم کی افواہیں مشہور کی ہیں مگر میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ اگر مجھے فتح نصیب ہوئی تو تمہیں اور تمہاری اولاد کو ہمیشہ کے لئے مالا مال کر دونگا اور اپنے تاج و تخت کا بڑا حامی و مددگار سمجھوں گا۔ یہ بھی ذہن نشین رکھنا کہ آج تم صرف میرے ہی لئے نہیں بلکہ اپنے عزیز وطن کی حفاظت و آزادی کے لئے بھی دشمن سے مقابلہ کرنے آئے ہو۔ کیونکہ اگر **کمبوجیہ** مصر کا مالک ہو گیا تو کیا اُسی پر قانع رہے گا؟ نہیں۔ بلکہ بہت جلد اُس کی للچائی ہوئی نگاہیں تمہارے خوبصورت وطن پر بھی پڑیں گی۔ اور یونان اور اُس کے جزائر پر قبضہ کرنے کی ہوس اُس کے دل میں پیدا ہو گی اور جو نتیجہ ظہور میں

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) اور انجنوں (بیٹرنگ ریم) سے بھی کام لیتے تھے۔

(ہسٹورین ہسٹری آف ورلڈ)

آئے گا اُسے اپنے ایشیائی بھائیوں سے پوچھو جو ایران کی جابرانہ حکومت سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں۔ تمہارے پُرجوش نعروں سے ظاہر ہے کہ تم بھی میرے اس خیال سے بالکل اتفاق کرتے ہو۔ میں تم سے بس ایک بات اور کہنا چاہتا ہوں اُسے کان کھول کر سُنو۔ اب میرا فرض ہے کہ اُس شخص کے نام سے بھی تمہیں آگاہ کر دوں جس نے اپنی خود غرضی و زر و جواہر کی لالچ سے نہ صرف مصر بلکہ اپنے وطن کو بھی ایران کے ہاتھ بیچ ڈالا۔ اس کا نام فینس ہے۔ تمہیں شاید یقین نہیں آئے مگر میں تم سے قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہی وہ شخص ہے جس نے کمبوجیہ کو مصر پر حملہ کرنے کی ترغیب دی۔ اور تمہارے وطن کے دروازے کھول دینے کا بھی اُس سے وعدہ کیا ہے۔ تم خود اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر سکتے ہو۔ دیکھو یہ دغا باز ملّت فروش سامنے بادشاہ کے ساتھ ساتھ جا جا رہا ہے اور ذرا ذرا سی بات پر اُس کے قدموں کو چھو رہا ہے۔ کیا ایک آزاد یونانی کا یہی شعار ہونا چاہیئے؟ مجھے تو یاد پڑتا ہے کہ میں نے ایک مرتبہ سُنا تھا کہ یونانی سوائے اپنے دیوتا کے اور کسی کے قدموں پر نہیں گرتے۔ مگر جو شخص اپنا ملک و وطن بیچ ڈالے اُس سے ان حرکات کا سرزد ہونا کچھ زیادہ بعید از قیاس نہیں ہے۔ تم مجھ سے اتفاق کرتے ہو؟ تم میرے قول کو صحیح سمجھتے ہو؟ اور اس بے حیا و بے شرم شخص کو اپنا ہم وطن کہنے سے انکار کرتے ہو؟ اگر ایسا ہے تو تم ہی اُسے سزا دو۔ میں اس کی لڑکی کو اب تمہارے ہی حوالہ کرتا ہوں جو چاہو اس کے ساتھ کرو۔ خواہ پھولوں سے آراستہ کر کے اُسے اپنے سر پر بٹھاؤ اس کے قدم چومو یا اپنا انتقام لو۔ مگر یہ نہ بھولنا کہ یہ اُس شخص کی لڑکی ہے جس نے یونانیوں کے نام پر دھبّہ لگایا ہے اور تمہارے اور تمہارے وطن کے ساتھ دغا کر کے تمہاری بیویوں و بیٹیوں کو طوق غلامی پہنانے کا ارادہ کیا ہے۔"

یہ سُننا تھا کہ ایک غیظ و غضب کا نعرہ یونانی فوج کی زبان سے نکلا۔ اور ایک سپاہی نے اُس غریب لڑکی کو جس کا بدن کانپ رہا تھا اپنے دونوں ہاتھوں میں اُٹھا کر اُس کے باپ کو دکھایا۔ جس نے اپنے لختِ جگر کو فوراً پہچان لیا۔ ساتھ ہی ایک مصری نے جو اپنی بلند آوازی کے لئے مشہور تھا **فینیس** سے چلّا کر یہ کہا "یونانی! دیکھ۔ دغا باز و رشوت خواروں کو ہمارے یہاں اس طرح سزا دی جاتی ہے" بعدہٗ جو ظہور میں آیا ناقابلِ بیان ہے ایک کاریں سپاہی نے ایک بڑا پیالہ جس کی شراب نے جو بادشاہ کی طرف سے تحفہ تھی اُسے اور اُس کے ساتھیوں کو مدہوش کر دیا تھا۔ اپنے ہاتھ میں لیا اور لڑکی کے سینہ میں خنجر بھونک کر اس پیالہ میں اسکا خون بھرا۔ اور باپ کے سامنے ہنس کر گویا اُس کا جام صحت پینا چاہتا ہے۔ اُسے اپنے مونھ تک لے گیا۔ پھر دوسرے سپاہی بھی پاگلوں کی طرح اس پر گرے اور خون پی پی کر اپنی پیاس بجھانے لگے **فینیس** دم بخود ایک سکتہ کی حالت میں کھڑا ہوا یہ ہیبت ناک نظارہ دیکھ رہا تھا۔ اتنے میں **سامتیک** نے اپنا پہلا تیر ایرانی لشکر کی طرف مارا۔ یونانیوں نے لڑکی کی لاش زمین پر پھینک دی اور اپنے جنگی نعرے مارتے ہوئے دشمن پر پل پڑے۔ ایرانی صفیں بھی اب حرکت کرنے لگیں۔ سب سے پہلے **فینیس** جسے غم و غصہ نے دیوانہ کر دیا تھا اپنے زرہ پوش سپاہیوں کو لئے ہوئے آگے بڑھا اور اپنے ہموطنوں سے جن کی دس برس تک اس نے خدمت کی تھی ایک سخت انتقام لینے کے لئے بڑے جوش و خروش کے ساتھ ان پر حملہ آور ہوا۔

تھوڑی ہی دیر میں ہر طرف جنگ[1] پھیل گئی اور بڑے گھمسان کا رن پڑا۔

---

[1] ایرانی طریقۂ جنگ۔ جب تمام تیاریاں مکمل ہو جاتیں تو بادشاہ اپنے افسروں کی صلاح و مشورے کے بعد لڑائی کا ایک دن مقرر کرتا اور اپنے زرّیں رتھ پر کاتب کو ساتھ لئے جو ضروری

جب آفتاب نصف النہار کو پہنچا تو مصریوں کا پلّہ بھاری معلوم ہوا۔ لیکن جب وہ

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) احکام لکھتا جاتا تھا۔ معائنہ و ملاحظہ کے لئے باہر نکلتا یا کسی بلند جگہ پر کرسی زرنگار پر جلوہ گر ہوتا۔ اور تمام فوجیں اس کے سامنے سے گذرتیں۔ بعد ازاں صف آرائی شروع ہوتی۔ قلب لشکر میں خود شہنشاہ یا اُس کا سپہ سالار اعظم بطور جانشین موجود ہوتا اور چاروں طرف سے سپاہیان و سواران خاصہ اُس کے جلو میں ہوتے۔ رسالے میمنہ و میسرہ پر رتھیں سب سے آگے جنکے پیچھے پیدل سپاہ کی بیشمار صفیں نظر آتیں بعض اوقات تیر انداز۔ برچھی و گوفن پھینکنے والے متحرک بُرجوں و میناروں پر چھپ کر بٹھائے جاتے۔ یہ بُرج سولہ بیلوں کی گاڑیوں پر نصب تھے اور ایک مقام سے دوسرے مقام تک بآسانی منتقل ہو سکتے تھے۔ ہر حصہ فوج کے ساتھ اُس کے مخصوص علم و نشان ہوتے اور مشہور قومی جھنڈے یا درفش کاویانی کو بادشاہ کے سامنے ایک افسر اعلیٰ اپنے ہاتھ میں لئے رہتا۔ علاوہ بریں مختلف قسم کے طبل۔ شہنائی۔ ڈھول وغیرہ بھی فوج کے ساتھ ساتھ ہوتے تھے۔ اور جب دشمن قریب آتا تھا تو نعرہ مارتے یا گاتے ہوئے اُس پر حملہ کرتے تھے۔

عموماً قدیم کیانیوں میں اور ساسانیوں میں بھی بعض اوقات لڑائی کا آغاز اس طرح ہوتا کہ ایک سورما اپنے لشکر کے سامنے آکر مبارز طلبی کرتا جس کے مقابلہ کے لئے دوسری جانب سے بھی ایک ہیرو آتا۔ دونوں اپنے اپنے جوہر دکھاتے۔ ہر قسم کے ہتھیار استعمال کرتے۔ اور کامیاب نہ ہوتے تو کشتی لڑتے۔ دو بار جو کوئی دوسرے کو گرا دیتا اُسے اپنے حریف کو قتل کر دینے کا حق تھا۔ یہی رستم نے سہراب کے ساتھ کیا۔ غرضکہ تمام فوج دم بخود ان پہلوانوں کی لڑائی کا خاتمہ دیکھتی اور کچھ دخل نہ دیتی بعض اوقات صرف اسی لڑائی کا نتیجہ فیصلہ کن سمجھا جاتا مگر عموماً اس کے بعد جنگ عام ہو جاتی اور دونوں لشکر ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑتے۔ ساسانیوں کے زمانہ میں انکی لڑائی میں ہاتھیوں کا زیادہ استعمال تھا اور وہ نہایت مفید ثابت ہوتے تھے۔ رومن و عرب ان سے بہت خائف تھے وہ ان کی

غروب ہونے لگا تو ایرانیوں کی جیت شروع ہوئی - اور ماہ کامل کے آسمان پر

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) صفوں پر حملہ کرکے روندتے و کچلتے ہوئے نکل جاتے تھے - ان کی پشت پر ہودجوں میں کماندار بیٹھے ہوئے اوپر سے تیر برساتے تھے جس سے غنیم کی صفیں تہ و بالا ہو جاتی تھیں - ایرانیوں کی آخری لڑائیوں میں انکے حریف یعنی اہل عرب کے گھوڑے انھیں ہاتھیوں کے دیکھتے ہی اور ان کے گھنٹیوں کی آوازیں سُنتے ہی بھاگ کھڑے ہوئے اور ایک فیلِ مست نے انکے بہادر سپہ سالار ابو عبیدہؓ کو کچل کر مار ڈالا - بعدہٗ جنگ قادسیہ میں بھی قلب فوج میں ۱۸ ہاتھیوں کا ایک جھرمٹ تھا جن میں سے ایک پر خود سپہ سالار رستم سوار تھا - دونوں بازوؤں پر بھی سات سات ہاتھی مقرر تھے مگر اس مرتبہ عرب زیادہ ہوشیار ہو گئے تھے - انکے جانباز پیادوں نے ہاتھیوں کے تنگ و چار جامے کاٹ کر ہودجوں کو گرا دیا اور بہادر تیر اندازوں نے ان کی سونڈوں اور آنکھوں کو گھائل کرکے ایسا پریشان کیا کہ وہ دیوانہ وار خود اپنے لشکر کو کچلتے ہوئے چیخ مار کر بھاگے - بلحاظ تعداد جنگلوں میں ایرانی افواج کی کثرت حیرت انگیز تھی - جنگ آسس وارپیلا میں دارائے سوم کا لشکر چھ لاکھ دس ہزار تھا - مگر سکندر کے پاس تیس ہزار دسنتیالیس ہزار سے زیادہ فوج نہ تھی - ممکن ہے کہ اس میں یونانی مورخوں نے مبالغہ سے کام لیا ہو لیکن جنگ قادسیہ و نہوند میں بھی رستم و فیروزان کی فوج ایک لاکھ بیس ہزار اور ایک لاکھ پچاس ہزار سے کم نہ تھی جسکے مقابلہ میں سعد بن وقاصؓ کی فوجیں صرف تیس بتیس ہزار تھیں - مختصر یہ کہ شکست و فتح کا دارومدار جیسا آج کل ہے - اُس زمانہ میں بھی حُسن اتفاق - تدبیر - بہتر اسلحہ اور ذاتی شجاعت و ہمت پر بہت کچھ منحصر تھا - بادشاہ یا سنیاپت کے مرتے یا بھاگتے ہی تمام فوج میں ابتری پھیل جاتی تھی - دارائے سوم عین نازک وقت پر نہایت بزدلی کے ساتھ دُم دبا کر بھاگا - جنگ قادسیہ میں ایرانیوں کی فتح ہو رہی تھی کہ یکایک دوپہر کے وقت سمت مغرب سے ایک آندھی چلی جس سے اس قدر ریت اُڑی اور آنکھوں میں گھس گئی کہ سب حواس باختہ ہو گئے

طلوع ہوتے ہی انکے حریف بھاگ نکلے یعنی مصریوں کو شکست فاش ہوئی اور ہزاروں اپنے تعاقب کرنے والے غنیم کی تلواروں کے گھاٹ ہوئے یا پلوسیم کی دلدلوں و ندی نالوں میں گر کر تباہ و برباد ہوئے۔ غرضکہ یہ مشہور جنگ جس نے مصری دنیا کا نقشہ بدل دیا بڑی قتل و غارت کے بعد ختم ہوئی۔ ساحل کی رتیلی زمین نے تقریباً بیس ہزار ایرانیوں اور پچاس ہزار مصریوں کا خون اس دن پیا اور زخمیوں۔ قیدیوں و غرق شدہ لوگوں کی تعداد لاکھوں تک پہنچی۔ **سامتیک** ایک ہلکا سا زخم کھا کر میدان جنگ سے بھاگا اور اپنے تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہو کر بحفاظت دریائے نیل کے دوسرے کنارے پر پہنچا۔ اور وہاں سے مع باقی ماندہ سپاہ کے قلعہ بند ممفس میں پناہ لینے کے لئے بسرعت تمام روانہ ہوا **فینس** نے جس کے سینہ میں انتقام کی آگ بھڑک رہی تھی مصر کی یونانی فوج سے خوب ہی بدلہ لیا۔ اپنی لڑکی کے قاتل کو خود اس نے اپنے ہاتھ سے مارا۔ اکثروں کو تہ تیغ کیا اور دس ہزار اہل کاریہ کو گرفتار کر کے نہایت ذلت و خواری کے ساتھ قیدی بنا کر لایا۔ **ارسٹومیقس** نے بھی باوجود اپنی لکڑی کی ٹانگ کے

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) رستم ایک عالی شان شامیانہ کے نیچے بیٹھا تھا وہ ٹوٹ کر دریائے عتیق میں گر پڑا۔ اور آندھی سے بچنے کیلئے وہ باربرداری کے خچروں کے نیچے پناہ لینے لگا۔ جہاں ایک بورا اس زور سے اسکی پیٹھ پر گرا کہ وہ گھبرا کر نہر میں کود پڑا۔ اتنے میں ہلال بن علقمہ نے اسے دیکھ پایا اور فوراً اس کا سر کاٹ کر اپنے نیزہ پر لگا لیا اور اسکے خالی تخت پر چڑھ کر بآواز بلند یہ کہا "خدائے کعبہ کی قسم میں نے رستم کو جہنم واصل کیا" بس کیا تھا۔ ایرانی فوج میں بھگدڑ مچ گئی اور اسے حسن اتفاق کہئے یا امداد غیبی۔ عربوں کو ایک ایسی فتح نصیب ہوئی جسنے ایران کی قسمت کا ہمیشہ کیلئے فیصلہ کر دیا۔

ان مثالوں سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ ایرانی لشکر کو اکثر شکستیں ہوئیں۔ بخلاف اسکے اسنے تاریخ عالم میں بڑے بڑے کارنمایاں کئے ہیں۔ بڑی بڑی فتوحات حاصل کیں ہیں اور خاصکر اہل روما سے مقابلہ کر کے صدیوں تک ایشیا کو یورپ کی دستبرد سے بچایا ہے۔ (رالنس وغیرہ)

خوب ہی جوہر مردانگی دکھائے لیکن نہ تو وہ نہ اُس کے دوست و ہمراہی سامتیک کے گرفتار کرنے میں کامیاب ہو سکے۔ اختتام جنگ کے بعد ایرانی خوشی کے نعرے مارتے ہوئے اپنے کیمپ میں آئے۔ موبدوں۔ کری سس اور باقی ماندہ سپاہ نے بڑی دھوم سے ان کا استقبال کیا۔ پھر شکرانہ فتح کی دعائیں پڑھی گئیں۔ بھینٹ و نذرانے چڑھائے گئے اور دیگر رسومات ادا ہوئیں۔ دوسرے دن بادشاہ نے تمام سرداران فوج کو طلب کر کے انھیں حسب مراتب انعام واکرام سے مالا مال کیا۔ افسروں کو بیش بہا خلعتیں۔ سونے کی زنجیریں انگوٹھیاں۔ تلواریں اور جڑاؤ زیورات عطا کئے اور عام سپاہیوں کو سونے چاندی کے سکّے لٹائے گئے۔ اسی طرح کئی دن تک خوشیاں ہوتی رہیں۔ عوام جشن اور دعوتوں کے مزے لیتے رہے۔ اور اپنی اُس یادگار فتح کے حالات دُہراتے رہے جس میں سب سے زیادہ معرکتہ الآرا مصریوں کا وہ غضبناک حملہ تھا جو انھوں نے ایرانی قلب فوج پر جس کا افسر خود شہنشاہ تھا کیا تھا۔ عنقریب سپاہِ خاصہ کو شکست ہونیوالی تھی کہ عین موقع پر شہزادہ بردیہ اپنے جانباز رسالہ کے ساتھ دشمن کی صفوں پر ٹوٹ پڑا اور اس بہادری سے لڑا کہ ان کے قدم اکھڑ گئے اور ایرانیوں کو فتح نصیب ہوئی۔ بعدہٗ جب سپاہ نے اپنے عزیز شاہزادہ کو دیکھا تو اُسے فاتح بلوسیم کہہ کر خوشی کے نعرے بلند کئے۔ شاہ کمبوجیہ کے کانوں میں یہ آواز گئی تو اسکے غیض و غضب کی کچھ انتہا نہ رہی۔ اور دل میں کہنے لگا کہ میں نے تو اپنی جان خطرے میں ڈال کر کس بہادری سے دشمن سے جنگ کی تھی اور یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ اگر بردیہ نہ ہوتا تو ہمیں شکست ہو جاتی۔ بردیہ جس کی وجہ سے اُسے پہلے بھی بڑے بڑے صدمے اُٹھانا پڑے تھے اب فتح و ظفر کی نام آوری سے بھی اُسے محروم رکھنا چاہتا ہے۔ اس خیال کے آتے ہی اُس کے دل میں اپنے

بھائی سے حد درجہ کی نفرت ہوگئی۔ اور اُسے خوشی مناتے دیکھ کر غصہ و حسد سے پیچ و تاب کھانے لگا۔

اس لڑائی میں **فینس** مجروح ہونے کے سبب اپنے خیمہ کے اندر پڑا تھا اور اس کے پاس ہی بہادر **ارسٹومیقس** بھی جسے زخم کاری لگے تھے اپنی جان توڑ رہا تھا۔

**اسپارٹی**۔ "بالآخر آریکل ہی جھوٹا ثابت ہوا۔ میں اب جاں بلب ہوں اور وطن دیکھنا مجھے کبھی نصیب نہ ہوگا"

**فینس**۔ نہیں۔ بلکہ اُس کی پیشین گوئی صحیح نکلی۔ بھلا یاد تو کرو کہ اُسکے آخری الفاظ کیا تھے۔ ؎

رمنوں کی حد پہ پھر تمہیں پہنچا کے آئیگا — آئے گا اک سفینہ جو کچھ دیر سے یہاں
رمنے وہ دلکشا ہیں فضا جن کی دیکھ کر — پائیں گے راحتوں کا غریب لوطن نشاں

ان الفاظ کے معنی سمجھنے میں تمہیں شاید غلط فہمی ہوئی۔ کشتی سے مراد کشتی چیران[۵۱] ہے جو تمہیں اپنے اصلی وطن یعنی ہیڈیز[۵۲] لے جائیگی۔

**اسپارٹی**۔ ہاں بھائی سچ کہتے ہو۔ **اپالو** نے سچ کہا تھا۔ یہ میری آخری منزل ہے اور عنقریب ہیڈیز روانہ ہونے والا ہوں۔

**فینس**۔ تمہیں خوش ہونا چاہیے کہ تمہاری زندگی ہی میں **افور** نے تمہیں یہ عزت بخشی کہ وطن واپس ہونے کی اجازت دیدی۔ اور دیوتاؤں کا شکر ادا کرو کہ انہوں نے ایسے نامور فرزند عطا کئے جو **اولمپیہ** کے فاتح کہلائے اور اب تمہیں اپنے دشمنوں سے بدلہ بھی مل گیا۔ جب مجھے صحت ہوجائے گی تو ضرور یونان جا کر

---

۵۱ چیران۔ یونانیوں کا اعتقاد تھا کہ اسی کشتی میں بٹھا کر ارواح سفر آخرت کو جاتی ہیں۔

۵۲۔ ہیڈیز۔ دوسری دنیا جس میں روحیں بعد مردن جاتی ہیں۔

تمہارے لڑکوں سے کہوں گا کہ کس بہادری کے ساتھ ان کے باپ نے جان دی اور اس کی لاش کو ڈھال پر رکھ کر کس اعزاز و افتخار کے ساتھ میدانِ جنگ میں دفن کیا گیا۔

**ارسٹومیقس** - ضرور ایسا کرنا - اور میری ڈھال میرے لڑکے کو دیکر کہنا کہ تمہارے باپ نے مرتے وقت اپنی نشانی بھیجی ہے۔

**فینس** - اور جب **ساماتیک** گرفتار ہو جائے تو کہو تو میں اُسے بھی سُنا دوں کہ تم نے اُسے تباہ کرنے میں کتنا بڑا حصہ لیا ہے۔

**اسپارٹی** - نہیں اس کی ضرورت نہیں وہ مجھے لڑائی میں دیکھ چکا ہے - جیوں ہی مجھ پر اس کی نگاہ پڑی حیران و ششدر رہ گیا اس کے ہوش و حواس غائب ہو گئے - دہشت کے مارے کمان اسکے ہاتھ سے چھوٹ پڑی - جسے اس کے ساتھی بھاگنے کا اشارہ سمجھے اور اپنے گھوڑوں کا رُخ بدلکر فرار ہو گئے۔

**فینس** - خوب ہوا - سچ ہے کہ ظالم و گنہگار کو دیوتا خود اُسی کے شرمناک اعمالوں سے سزا دیتے ہیں - شاید **ساماتیک** یہ دیکھ کر کہ تحت الثریٰ کی ارواح بھی اُس کے مقابلہ کو نکلی ہیں ہمت ہار گیا اور خوف زدہ ہو کر میدانِ جنگ سے بھاگ نکلا۔

**ارسٹومیقس** - خود انسان اس کے لئے کیا کم تھے - ایرانی بڑی بہادری سے لڑے - تاہم اگر **بردیہ** کا رسالہ اور ہم لوگ نہ ہوتے تو فتح پانا محال تھا۔

**فینس** - بیشک سچ کہتے ہو۔

**ارسٹومیقس** - زئیس لکدمونی ! تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے۔

**فینس** - کیا تم دعا مانگ رہے ہو۔

**اسپارٹی** - میں دیوتاؤں کا اس لئے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس لڑائی نے میرے دل میں اپنے وطن کی طرف سے تمام وسوسے و اندیشے دور کر دیئے - ایرانی گو بہادر ہیں مگر ان کی فوج مخلوط اور مختلف الاقوام ہے اور ہمارے ملک کیلئے

زیادہ باعثِ خطر نہیں ہو سکتی۔ حکیم! میرے مرنے میں اب کتنی دیر ہے؟
ملیسیا کا ایک مشہور طبیب جو ایشیائے کوچک کی افواج کے ساتھ آیا تھا
اس وقت یہاں موجود تھا۔ اسپارٹی کا یہ کلمہ سُنکر اُس کے لبوں پر ایک
غم آلود مُسکراہٹ آئی اور تیر کی اُس نوک کی طرف جو اسپارٹی کے سینہ میں پیوست
ہو گئی تھی اشارہ کر کے کہنے لگا "تم صرف چند گھنٹے اور زندہ رہ سکتے ہو۔ تمہارے
زخم سے جب میں اس تیر کو نکالوں گا تو فوراً تم مر جاؤ گے"۔ اسپارٹی نے حکیم کا
شکریہ ادا کیا۔ فینیس کو رخصت کر کے کہا کہ روڈ ہوفس سے میرا اسلام کہہ دینا۔
پھر قبل اس کے کہ کوئی اُسے روک سکے خود اپنے ہاتھ سے تیر کو پکڑ لا اور ایک جھٹکا
دیکر اُسے اپنے سینے سے نکال کر باہر پھینک دیا۔ اور ایک چشم زدن میں جانِ
بحق تسلیم ہو گیا۔

---

لہ یہ صحیح ہے کہ زمانہ مابعد کے جد و جہد میں۔ مخلوط افواج اور نالائق سپہ سالاروں کی وجہ
سے ایران کو یونانیوں کے مقابلہ میں بعض اوقات زک اُٹھانا پڑی۔ مگر یہ نہایت معمولی
تھی جس کا مطلق کوئی اثر ایران ایسی عظیم الشان سلطنت پر نہ پڑا۔ یونانیوں نے حد درجہ
مبالغہ سے کام لیا ہے کیونکہ حقیقت الامر یہ ہے کہ سکندر اعظم سے پہلے انکے تمام حملے بے سود
ثابت ہوئے۔ بخلاف اسکے دارا و خشایارشا نے کئی بار بحر قلزم کو پار کر کے اتھنز و اسپارٹا
کو فتح کر لیا تھا لیکن اول الذکر کی بے وقت موت اور اُس کے بیٹے کی عیش طلبی نے
یونان کو بچا لیا۔ تاہم انصافاً یہ ضرور ماننا پڑے گا کہ یہ چھوٹی سی گستاخ قوم بھی بڑی من چلی
اور اپنے وطن کی شیدا تھی۔ اس کے ملک کی طبعی حالت مدافعت اور جارحانہ
لڑائی کے لئے نہایت موزوں تھی۔ اس کی افواج نہایت تیزی کے ساتھ نقل و حرکت
کر سکتی تھیں اور جانبازی میں اُسے ایرانیوں پر ہر نوع فوقیت حاصل تھی۔

اسی دن ایرانیوں کی ایک سفارت کشتیوں میں بیٹھ کر ممفس روانہ ہوئی تاکہ فرعون کو اطاعت پر آمادہ کرے اور کہے کہ اب زیادہ جنگ وجدل فضول ہے اور اپنے شہر حوالہ کر کے شہنشاہ کے روبرو حاضر ہونا اس کے لئے زیادہ مفید و قرین مصلحت ہے بعد ازاں کمبوجیہ نے ایک فوج بگا باز کی ماتحتی میں تسخیر سئیز کے لئے روانہ کی اور باقی ماندہ لشکر کے ساتھ اپنی سفارت کے پیچھے پیچھے روانہ ہوا۔ جب شہنشاہ ہلیوپولس یا عین الشمس پہنچا تو یونانی باشندگان نوکراتیس اور اہل لیبیا کے نمایندے انکے سامنے حاضر ہوئے اور بیش بہا تحائف سونے کے مکٹ دھار وغیرہ نذر دیکے امن و امان کے خواستگار ہوئے۔ ان کے ساتھ نہایت مہربانی کا برتاؤ کیا گیا مگر سرینی اور برکہ کے سفیروں کو بڑی ذلت کے ساتھ نکلوا دیا گیا اور انکے نذرانہ کو جو پانچ سو نقری منا[۵۱] تھا حقیر سمجھ کر سپاہیوں میں تقسیم کر دیا گیا۔

اسی اثنا میں یہ خبر آئی کہ شاہی سفارت جیوں ہی ممفس کے قریب پہنچی شہر کے باشندوں نے باہر نکل کر نہایت شرمناک طریقہ سے ایرانیوں پر حملہ کیا اور ہاتھ پیر کاٹ کر ان کی لاشوں کو گھسیٹتے ہوئے قلعہ کے اندر لے گئے۔ کمبوجیہ یہ سنتے ہی آگ بگولا ہو گیا اور چلّا کر کہنے لگا "متھرا کی قسم ایک ایک ایرانی کے بدلہ میں دس دس مصریوں کے سر قلم کروں گا"۔ دو دن بعد اس کا زبردست لشکر ممفس کے سامنے پہنچ گیا۔ مصریوں کی ہمتیں پلوسیم کے شکست کی وجہ سے پہلے ہی سے ٹوٹی ہوئی تھیں اور ان کی فوج کی تعداد بھی کم تھی اس لئے محاصرہ[۵۲] زیادہ دن تک نہ رہا

---

۵۱ پانچ سو منا قریباً ڈھائی ہزار پونڈ کے برابر تھا۔ (ایبر)

۵۲ محاصرہ۔ ایرانی اپنے غنیم کے شہروں و قلعوں کا نہایت سختی سے محاصرہ کرتے تھے۔ اولاً اُسے تاوان جنگ دینے و اطاعت قبول کرنے کا پیغام دیا جاتا اگر اُس نے قبول نہ کیا تو اُسے زیر کرنے کیلئے مختلف تدابیر عمل میں لائی جاتیں۔ ایک یہ تھی کہ قلعہ سے کچھ دور

اور شہر بہت جلد مسخر ہوگیا۔ فرعون اپنے افسروں و سرداروں کے ساتھ ماتم کرتا ہوا پیرہن دریدہ فاتح مصر کے سامنے حاضر ہوا۔ کمبوجیہ نے نہایت سرد مہری و رُکھائی کے ساتھ اُس سے برتاؤ کیا اور حکم دیا کہ اُسے مع اپنے ساتھیوں کے نظر بند کرکے ایک علیحدہ مقام پر رکھا جائے۔ اماسس کی بیوہ ملکہ لیدیس بھی شہنشاہ کے روبرو لائی گئی۔ مگر وہ اس سے بہ اخلاق و مہربانی پیش آیا اور فنیس کی سفارش پر اُسے بحفاظت تمام اپنے وطن سرینی جانے کی اجازت دی۔ ملکہ وہاں اپنے بھتیجے کے زمانہ عہد تک رہی۔ بعد ازاں مصر چلی آئی اور شہر انتھیلا میں جو اس کی جاگیر تھا ایک عرصہ دراز تک تنہائی و خاموشی کے ساتھ زندگی بسر کرتی رہی اور بڑی عمر تک پہنچ کر وہیں مر گئی۔ کمبوجیہ کسی کمزور عورت سے بدلہ لینا اپنی کسر شان سمجھتا تھا خصوصاً ایک بادشاہ کی ماں گو وہ قیدی ہی کیوں نہ ہو اسکی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) کھائیاں کھودتے ہوئے انکی پناہ اور ڈھالوں کی آڑ میں خندق تک آنے کی کوشش کرتے اور اُسے مٹی اور لکڑی سے پُر کرکے سیڑھیاں لگاکر فصیل پر چڑھ جاتے دوسری یہ تھی کہ متحرک میناروں کے ذریعہ سے دیوار کے قریب آتے اور مختلف ٹکر مارنے والے اور توڑنے والے آلات سے اس میں شگاف کرتے۔ اگر یہ بھی بے سود ثابت ہوتا تو تیسرے طریقہ سے کام لیا جاتا یعنی اونچے اونچے مٹی کے ٹیلے بنائے جاتے جن پر چڑھکر قلعہ کے اندر آتشین تیر برسائے جاتے۔ یا رال و روغن نفتہ سے دشمن کے مورچوں میں آگ لگاکر تباہ کیا جاتا۔ جب اس میں بھی ناکامیابی ہوتی تو نہایت سختی کے ساتھ کھانے و پانی کا انسداد کیا جاتا اور محصورین کو بھوکے و پیاسے مار کر اطاعت پر مجبور کیا جاتا۔ اور آخر کار جب کوئی تدبیر کارگر نہ ہوتی تو طرح طرح کی حکمت۔ چالوں و سازشوں سے کام لے کر قلعہ میں داخل ہونے کی کوشش کی جاتی۔ اسکی بکثرت مثالیں ایرانی تاریخ میں موجود ہیں مثلاً داریوش کو بابل کی محاصرہ میں اسی طرح کامیابی حاصل ہوئی ہے جس کا حال آخری باب میں مذکور ہے (رالنس وغیرہ)

نگاہوں میں قابل عزت و حرمت تھی اس لئے اس نے اماسس کی بیوہ سے کسی قسم کی باز پرس نہ کی بلکہ اس کے تمام حقوق مدنظر رکھکر بہ عزت و وقار رخصت کیا۔ سامتیک کو بھی اس نے محل میں رہنے کی اجازت دی اور گو اس پر سخت پہرہ تھا مگر شاہانہ اعزاز کے ساتھ اس سے برتاؤ کیا جاتا تھا۔ اسی اثنار میں کمبوجیہ نے دارالسلطنت سئیز کا محاصرہ کیا اور نہایت آسانی سے اُسے بھی فتح کرلیا۔ نیتھوتپ پروہت اعظم جس نے مصریوں کا سردار بن کر انھیں مقابلہ کے لئے آمادہ کیا تھا مع اپنے ساتھیوں کے گرفتار ہوکر ممفس بھیج دیا گیا باقی ماندہ تمام مصری افسروں و امیروں نے کمبوجیہ کے سامنے حاضر ہوکر بخوشی خاطر اپنی فرماں برداری و اطاعت کا اظہار کیا۔ وہ اُسے رامستو یعنی سورج کے بیٹے کے نام سے پکارنے لگے۔ اور باقاعدہ مصر بالاوزیریں کا

---

۵۱ قیدیوں کے ساتھ سلوک۔ ایرانی اپنے بہادر دشمنوں کی قدر کرتے تھے۔ مغلوب بادشاہ بطور ایک معزز مہمان کے شاہی دربار میں جگہ پاتا تھا۔ اسکی اولاد بھی معزز عہدوں پر سرفراز ہوتی تھی۔ مگر وہ دشمن جسنے بہت نقصان پہنچایا ہے یا دغابازی اور عہدشکنی سے کام لیا ہے اُسے بڑی بے دردی کے ساتھ قتل کیا جاتا تھا۔ لڑکے خواجہ سرا اور لڑکیاں لونڈیاں بناکر حرم میں داخل کی جاتی تھیں۔ اس کے شہر و قلعے۔ معبد۔ بتکدے تباہ و برباد کردیئے جاتے تھے۔ بعض اوقات ایک پوری قوم اپنے ملک سے نکال کر دوسری جگہ جلاوطن کردیجاتی تھی۔ غنیم کے ساتھ فیاضی و دریادلی کی مثال کورش اعظم کا کری سس والی لیدیہ کے ساتھ برتاؤ ایک تاریخی واقعہ ہے۔ بخلاف اسکے عہد ساسانی میں جب شاپور اول نے ولیرین قیصر روم کو گرفتار کرلیا تو کہا جاتا ہے کہ اُسے ایک ارغوانی چغہ پہناکر پابہ زنجیر روزانہ عوام کے سامنے دکھاتا تھا اور اس کی پیٹھ پر اپنا پیر رکھ کر گھوڑے پر سوار ہوتا۔

(رالنس وغیرہ)

حکمراں بنا کر رسم تاج پوشی ادا کرنے کے لئے آمادہ ہو گئے۔ نیز دستور قدیمہ کے مطابق بحیثیت ایک فرعون کے پروہتوں کی سرداری منظور کرنے اور ان کے طبقہ میں شامل ہونے کے لئے اس سے ملتجی ہوئے۔ کمبوجیہ ان تمام باتوں کو فضول و بیہودہ سمجھتا تھا۔ لیکن فنیس اور کری سس کے کہنے سے راضی ہو گیا حتی کہ نیتھ کے مندر میں بھی جا کر اس نے دیوی کی بھینٹ و نذر چڑھائی اور نئے مہا پروہت سے اسکے مذہبی رازوں کی بہت سی معلومات حاصل کیں۔ عہد گزشتہ کے مصری درباریوں و امیروں کو اس نے اپنے سامنے طلب کیا اور ان میں سے بعض کو ترقی دیکر بڑے عہدوں پر سرفراز کیا۔ خصوصاً اماسس کے بیڑہ نیل کے امیر البحر پر خاص عنایت خسروانہ ہوئی اور شاہی دسترخوان کے مصاحبین میں اس کا بھی شمار ہونے لگا۔ غرضکہ بعد چند روز ان تمام انتظامات سے فارغ ہو کر بادشاہ بگا بازو کو اپنا نائب و قائم مقام مقرر کر کے ممفس سے رخصت ہوا مگر اس کے جاتے ہی لوگوں نے اپنے دبے ہوئے جذبات ظاہر کرنا شروع کئے طرح طرح کی شورشیں مچائیں۔ ایرانی پہرہ والوں کو مار ڈالا۔ کنوؤں میں زہر ڈال دیا اور رسالوں کے اصطبل میں آگ لگا دی۔ یہ حالت دیکھتے ہی بگا باز نے بادشاہ کے خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اگر سختی سے کام نہ لیا جائے گا تو بہت اندیشہ ہے کہ تمام ملک میں بغاوت پھیل جائے۔ بہتر ہوگا کہ ممفس کے دو ہزار امیر زادے جو ایرانی سفارت کے ہلاک کرنے کے جرم میں پکڑے گئے مع فرزند سامتیک یعنی ولیعہد فوراً قتل کر دیئے جائیں۔ اس طرح عوام پھر کسی کی زیر حمایت اٹھنے کی ہمت نہ کر سکیں گے۔ باقی ماندہ خاندان شاہی پورے طور سے ذلیل و خوار ہو چکا ہے۔ فرعون اور مہا پروہت نیتھوتپ کی لڑکیاں۔ فنیس کے حمام میں آج کل پانی بھرنے کے لئے مجبور کی جاتی ہیں۔ یہ سنتے ہی فنیس نے مسکرا کر جواب دیا

یہ عزت مجھے اپنے آقائے نامدار شہنشاہ اعظم کے حکم سے نصیب ہوئی ہے۔"
کمبوجیہ۔ (کسی قدر ناک بھوں چڑھا کر) لیکن یاد رکھو میں نے تمہیں منع کر دیا ہے کہ خاندانِ فرعون کے درپے آزار نہ ہونا۔ صرف مجھ ہی کو اختیار ہے کہ اپنے ہمسروں کو سزا دوں۔
فینس سر جھکا کر خاموش ہو گیا۔ کمبوجیہ نے بگا باز کو حکم دیا کہ اسیر امیرزادے۔ عوام کی تنبیہ کے لئے کل ہی قتل کر دیئے جائیں۔ ولیعہد کو بھی دوسروں کے ساتھ قتل گاہ پر لے جانا چاہئے مگر اس کے متعلق وہ بعدہٗ فیصلہ کرے گا فی الحال صرف یہ ظاہر کرنا منظور ہے کہ شورش و بغاوت کی کس سختی کے ساتھ سزا دی جاتی ہے۔ یہ سُنکر کری سس نے بے گناہ شہزادے کی جان بخشی کی لئے التجا کی۔ کمبوجیہ نے مُسکرا کر کہا "میرے عزیز دوست۔ اطمینان رکھو۔ وہ ابھی تک زندہ ہے۔ مجھے خود اس کا خیال ہے اور کیا عجب کہ تمہارے لڑکے کی طرح وہ بھی مابدولت کے دربار میں سرفرازی حاصل کرے۔ لیکن میں پہلے یہ دیکھنا چاہتا ہوں کہ آیا تمہاری طرح سامیتک بھی اسی مردانہ صبر و استقلال کے ساتھ اپنی قسمت پر شاکر و صابر رہتا ہے یا نہیں؟
فینس۔ یہ نہایت آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے۔ حضور اپنے دربار میں رونق افروز ہوں اور سب قیدی یکے بعد دیگرے سامنے لائے جائیں۔ فوراً ان کی جوانمردی یا بزدلی کا پتہ چل جائے گا۔
کمبوجیہ۔ بہتر ہے۔ ایسا ہی کیا جائے۔ میں ان کی نظروں سے پوشیدہ یہ تماشہ دیکھنا چاہتا ہوں۔ فینس تم میرے ساتھ رہنا اور قیدیوں کے نام اور مراتب بتاتے جانا۔
دوسرے دن فینس بادشاہ کو محل کے بالائی منزل کے اُس برآمدہ پر

لے گیا جہاں پھولوں کے چند گملے تھے جن کی آڑ میں نیچے کے صحن سے گذرنیوالوں کے حرکات و سکنات اچھی طرح نظر آسکتیں اور اُن کی باتیں بھی بخوبی سُنائی دیتی تھیں۔ اس صحن میں بھی ایک چھوٹا سا چمن تھا جب تمام قیدی بُلائے گئے تو سامتیک اپنے چند پُرانے مصاحبوں کے ساتھ ایک تاڑ کے درخت سے ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا اور افسردہ و غمگین زمین کی طرف دیکھنے لگا۔ اتنے میں اس کی لڑکی اور نیتھوتپ و دیگر امرار کی لڑکیاں بھی کنیزوں کا لباس پہنے پانی کے گھڑے اپنے سروں پر رکھے صحن میں داخل ہوئیں۔ اور فرعون کو دیکھتے ہی آہ و بکا کے نعرے بلند کرنے لگیں۔ سامتیک نے ان مصیبت زدہ ماتم کرنے والیوں کی آواز سُنکر ایک بار نظر اُٹھا کر ان کی طرف دیکھا اور فوراً آنکھیں نیچی کر لیں۔ پھر کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد اپنی لڑکی سے پوچھنے لگا کہ کس کے لئے پانی لائی ہے۔ اُس نے جواب دیا کہ میں فینیس کی لونڈی ہوں اور اسی کی خدمت کر رہی ہوں۔ یہ سُنتے ہی فرعون کا چہرہ زرد پڑ گیا اور اشارہ کر کے اس نے لڑکیوں سے چلا کر کہا جاؤ دور ہو۔"

اسکے کچھ دیر بعد دوسرے قیدیوں کی آمد شروع ہوئی۔ اُن کے گلوں میں حلقے و طوق تھے۔ مونھ میں لگامیں تھیں۔ اور پیچھے پیچھے ایرانی سپاہی کوڑے لئے کھڑے تھے۔ اس گروہ میں سب سے آگے ولیعہد مصر یعنی نوعمر شاہزادہ نکوّ تھا۔ اسنے جیوں ہی اپنے باپ کو دیکھا اُس کی طرف ہاتھ پھیلا کر کہنے لگا کہ ابا جان ان بدذات اجنبیوں کو سزا دیجئے یہ مجھے مارنے لے جاتے ہیں۔ سب مصری یہ سُنکر رونے لگے مگر سامتیک کی آنکھوں میں ایک آنسو بھی نہ تھا اس نے اپنی نگاہ نیچی کر لی اور ایک آہِ سرد بھر کر اپنے روتے ہوئے لختِ جگر کو گلے لگا کر الوداع کہا۔ اس کے بعد اسیرانِ سلیز لائے گئے۔ انھیں میں معمّر نیتھوتپ بھی تھا۔ اس جلیل القدر مہاپروہت کے جسم پر چیتھڑے اور ہتھکڑیاں بندھی تھیں اور ایک لکڑی کے سہارے

بہ مشکل آہستہ آہستہ چل رہا تھا۔ صحن کی دہلیز پر پہنچتے ہی اس نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا شروع کیا۔ اتفاق سے دارا پر اس کی نظر پڑی جسے پہچانتے ہی لپکتا ہوا اسکے پاس آیا۔ اور رو کے اپنا حالِ زار کہا اور دونوں ہاتھ پھیلا کر بڑی عاجزی سے بھیک مانگنے لگا۔ دارا کو اس غریب شخص پر جو اس کا پُرانا اُستاد بھی تھا بہت رحم آیا اور اپنے جیب سے کچھ نکال کر اُسے دینے لگا جسے دیکھتے ہی دوسرے ایرانی اُمرا بھی جو قریب کھڑے ہوئے بڈھے پر ہنس رہے تھے کچھ پیسے اُس کی طرف پھینکنے لگے جنھیں بہ مشکل وہ جھک جھک کے جمع کرتا تھا۔ اور اُن کا بہت شکریہ ادا کر رہا تھا۔ جب **سامتیک** نے یہ دیکھا تو بے اختیار رونے لگا اور اپنے بزرگ پروہت کا نام لے لے کر زور زور سے سینہ پیٹنے لگا۔ کمبوجیہ کو یہ تماشہ بہت حیرت انگیز معلوم ہوا۔ وہ اب درختوں کی شاخیں ہٹا کر پھپّے کے کٹھیرے کے پاس آکر کھڑا ہو گیا اور اپنے بدنصیب قیدی یعنی **فرعون** سے مخاطب ہو کر کہنے لگا:۔

اے عجیب شخص! مجھے سخت حیرت ہے اور تجھ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وجہ اپنی غریب لڑکی اور پیارے فرزند کو جو موت کے مونھ میں جا رہا تھا جب دیکھا تو تیری آنکھوں سے ایک آنسو بھی نہ نکلا۔ مگر اس بڈھے فقیر کے دیکھتے ہی جس سے تیرا کوئی خاندانی تعلق بھی نہیں ہے۔ تیری حالت ابتر ہو گئی۔ تیرا دل قابو سے باہر ہو گیا اور تو نے اس قدر اپنے رنج و غم کا اظہار کیا۔

**سامتیک** نے اپنی آنکھیں اوپر اُٹھا کر شہنشاہ کو یہ جواب دیا "فرزند کورش! تو اس کا سبب معلوم کرنا چاہتا ہے تو سُن کہ میرے خاندان کی تباہی اتنی عظیم الشان ہے کہ آنسو اس کے لئے کافی نہیں ہو سکتے۔ میرا ادبار و میری ذلت گو ایک سانحہ روح فرسا ہے مگر اس کا تعلق میری ہی ذات سے ہے جسے میں صبر و شکر کے ساتھ برداشت کر سکتا ہوں۔ مگر یہ مقدس ہستی۔ یہ مرد بزرگ جو کل ایسا باعزت و ذی اقتدار

اور مرجع خاص وعام تھا آج قسمت نے اُسے اس قدر مجبور کر دیا کہ گداگری کے لئے دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلا رہا ہے۔ یہ ایک ایسا نظارہ ہے جس کی میں تاب نہیں لا سکتا میرا دل بے قابو ہو گیا اور میں اپنے آنسو نہ ضبط کر سکا۔

کمبوجیہ اس جواب سے بہت متاثر ہوا اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو کریسس بردیہ اور تمام ایرانی امرا حتیٰ کہ فینیس تک چشم پُرنم و آبدیدہ تھے۔ مغرور و متکبر فاتح تھوڑی دیر تک خاموش رہا پھر فینیس سے مخاطب ہو کر بولا "ہم سمجھتے ہیں کہ بس اسی قدر کافی ہے۔ ہمیں پورے طور سے اپنا بدلہ مل گیا۔ سامتیک اُٹھ! سامنے آ! اور اپنی قسمت پر شاکر رہ کر آئندہ ہمارے معزز دوست کری سس کی طرح مابدولت کے دربار میں اپنی زندگی بسر کر۔ تجھے اور تیرے خاندان کو تیرے باپ کی دھوکہ دہی اور دروغ گوئی کے صلہ میں اب کافی سزا مل چکی اور وہ ملک جسے اماسس نے ہماری مرحومہ بیوی کے پدر سے غصب کیا تھا اب ہمارے قبضہ میں آگیا اور تو ہمیشہ کے لئے اس سے محروم کر دیا گیا ہے لیکن ہم اب رحم و کرم سے کام لیتے ہیں۔ تجھے اپنا مشیر خاص مقرر کرتے ہیں۔ اور اپنی پیاری نتیتیس کی خاطر جسے تیرا لڑکا عزیز تھا ولیعہد نکو کی بھی جان بخشی کرتے ہیں۔

(فرزند کری سس سے مخاطب ہو کر) گیجیس! فوراً اسی وقت پسر سامتیک کو ہمارے سامنے لا۔ وہ بھی تیری طرح اب ہمارے امراء کے لڑکوں کے ساتھ پرورش پائے گا۔

گیجیس شہنشاہ کا حکم بجالانے کے لئے جلدی سے دروازہ کی طرف بڑھا مگر وہاں پہنچنے سے پہلے ہی فینیس نے اُسے واپس بلا لیا۔ اور خود کمبوجیہ اور سامتیک کے درمیان آکر ایک ایسی آواز سے جو ناقابل بیان جوشِ مسرت سے بھری ہوئی تھی کہا "سامتیک! او ظالم و بدخو سامتیک! تیرا لختِ جگر تیرا نکو میری

شمشیر انتقام کی نذر ہو کر واصلِ ملکِ عدم ہو گیا۔ (کمبوجیہ سے) شاہا! میں نے بیشک تیری حکم عدولی کی اور اس اختیار سے کام لیا جو اولاً مجھے بخشا گیا تھا۔ یعنی سب قیدیوں سے پہلے میں نے اماسس کے پوتے ہی کو تہ تیغ کرنے کا حکم دیدیا تھوڑی دیر ہوئی کہ حضور نے میرے قرنا کی آواز سُنی ہو گی۔ یہ جلّادوں کے لئے اشارہ تھا کہ مصر کے آخری وارث سلطنت کا جلد خاتمہ کر دیں۔ مجھے معلوم ہے کہ اس کے بعد مجھے کیا سزا دی جائے گی لیکن میری زندگی کا منشا پورا ہو گیا۔ اور میں اپنی جان بخشی کے لئے اب کوئی التجا نہیں کرنا چاہتا۔ (کری سس سے مخاطب ہو کر) کری سس۔ میں جانتا ہوں کہ تم میری طرف کیوں ایسی ملامت آمیز نگاہوں سے دیکھ رہے ہو۔ تمہیں شہزادہ کے قتل کا افسوس ہے لیکن زندگی مصائب و ناامیدیوں کا ایک ایسا مجموعہ ہے کہ بقول سولن وہی لوگ زیادہ خوش قسمت ہیں جنھیں دیوتا جلد اس دنیا سے اُٹھالیں۔ سامتیک! تجھے میں یاد دلاتا ہوں کہ ہماری خصومت و نزاع کے کیا وجوہات تھے۔ یہ لوگ جو اس وقت موجود ہیں شاید ان واقعات سے بے خبر ہیں اس لئے میں چند لفظوں میں بیان کرتا ہوں۔ جب اماسس نے قبرس پر فوج کشی کی تھی تو مجھے تجھ پر ترجیح دیکر اپنی فوج کا سپہ سالار مقرر کیا تھا۔ میری نیک نامی و شہرت تیری ذلت و کینہ پروری کا باعث ہوئی اسی عرصہ میں مجھے ایک ایسا راز بھی معلوم ہوا جس سے تیری سلطنت پر حرف آتا تھا۔ علاوہ بریں تیرا ارادہ ہوا کہ ایک باعصمت و شریف لڑکی یعنی سافو کو اُس کی نانی کے مکان سے زبردستی نکال کر عقد میں لے آئے۔ اس میں بھی میں تیرا ہارج ہوا۔ اور مجھے زک نصیب ہوئی۔ بعدہٗ تو میرا دشمن ہو کر ایسا درپے آزار ہوا کہ مجھے نوکری چھوڑ کر اپنی جان بچانے کے لئے مصر سے بھاگنا پڑا۔ پھر تو نے مجھ پر بڑا ظلم کیا اور میرے بے گناہ بچوں کو مروا ڈالا۔ اب میرے انتقام کی باری آئی۔ میں نے تجھے تاج و تخت

سے محروم کر کے تیری رعایا کو غیر قوم کا غلام بنا دیا۔ تیری لڑکی کو اپنی لونڈی بنایا۔ تیرے اکلوتے فرزند کو ہمیشہ کے لئے تجھ سے جدا کرا دیا۔ اور تو نے اُس لڑکی کو بھی جس کی عصمت کے پیچھے پڑا تھا ایک جلیل القدر شہزادے کی بیوی کی حیثیت سے دیکھ لیا۔ اور اب مجھے بھی عزت و اقتدار کے اوجِ کمال پر دیکھ رہا ہے۔ ان تمام باتوں سے تیرے دل پر جو گذری ہوگی اُسے میں ہی خوب سمجھ سکتا ہوں۔ بدنصیب شخص! اس سے بڑھکر میری کامیابی کا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ تیری یہ حالت زار دیکھ کر آج خود میرا دل بے قابو ہو گیا اور میں بھی بے اختیار رونے لگا۔ میری تمام تمنائے دلی حاصل ہو گئیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ بلاشک سب سے زیادہ خوش نصیب دیوتاؤں کا ہمسر وہی شخص ہے جسے میری طرح آج اپنے دشمن کی انتہائی مصیبت و ذلت کا تماشہ دیکھنا نصیب ہوا ہو۔ جو صرف ایک ہی لحظہ کے لئے سہی لیکن میرے لئے نعمت عظمیٰ ہے۔ پھر بعدہٗ جان جائے یا رہے مجھے اب کچھ پرواہ نہیں۔ فینیس یہ کہہ کر چپ ہو رہا اور ہاتھ سے اپنے زخم کو جو اُسے تکلیف دے رہا تھا دبانے لگا۔ کمبوجیہ نے اس تقریر سے حیرت زدہ ہو کر ایک غضب آلود نگاہ سے یونانی کو گھورا۔ وہ ایک قدم آگے بڑھا اور عنقریب فینیس کی بیٹی کو ہاتھ سے چھونے والا تھا جو اُس کے قتل کا اشارہ تھا کہ یکایک اُس کی نظر اُس زنجیر پر پڑی جو اُس نے شہزادی نتیتیس کی بے گناہی ثابت کرنے کے صلہ میں اُسے بخشی تھی۔ اپنی پیاری معشوقہ کی یاد اور یونانی کی بے شمار قیمتی خدمات کے خیال نے اُسے اس ارادہ سے باز رکھا اور وہی ہاتھ جو سزائے موت کے لئے اٹھا تھا پھر اپنی جگہ پر گر پڑا۔ ایران کا جابر و تند خو شہنشاہ کچھ دیر تک حالتِ تذبذب میں اپنے سرکش و نافرمان یونانی سردار کو بغور دیکھتا رہا۔ پھر ایک فوری خیال کے آتے ہی بانداز حاکمانہ اس نے اپنا ہاتھ اٹھا کر محل کے دروازہ کی طرف اشارہ کیا۔ فینیس نے سمجھکر مؤدبانہ اپنی گردن جھکا لی اور شہنشاہ کے دامن کا بوسہ دیکر چپ چاپ اُس کے سامنے

سے باہر نکل گیا۔ سامتیک جس کا جسم کانپ رہا تھا۔ یہ دیکھتے ہی اُچھل کر جلدی سے برآمدہ کے پاس دوڑا۔ مگر قبل اس کے کہ اُس کی زبان سے کوئی لفظ نکل سکے غش کھاکر زمین پر گر پڑا۔ بعدہٗ کمبوجیہ اپنے سرداروں کی طرف متوجہ ہوا اور مہر شکار کو حکم دیا کہ لیبیا کے پہاڑیوں میں شیر کے شکار کا فوراً انتظام کریں۔ پھر اپنے تمام جلوس کے ساتھ فرودگاہ شاہی کی طرف روانہ ہوگیا۔

# باب اُنتیسواں

## دریائے نیل کا سفر

دریائے نیل کی طغیانی شروع ہوگئی تھی فینیس کو فرار ہوئے دو مہینے گذر گئے تھے اس عرصہ میں بہت سے واقعات پیش آئے۔ سافو کی ایک لڑکی پیدا ہوئی اور وہ اپنی نانی کی نگہداشت سے اب اس قدر اچھی اور تندرست ہوگئی تھی کہ دریائے نیل کے سفر کے قابل تھی اس کے شوہر کو ممفس میں زیادہ قیام کرنا گوارا نہ تھا۔ کیونکہ فینیس کے جانے کے بعد بادشاہ کا برتاؤ ایسا ناقابل برداشت ہوگیا تھا کہ بردیہ اس کے پاس سے دور بھاگتا تھا اور فوراً اجازت لے کر سیر چلا آیا تھا۔ رودوفس بھی مع دارا۔ زیپروس۔ گیجیس ہمراہ سفر تھی۔ جس دن نیتھ کا تہوار شروع ہوا اُسی روز صبح کے وقت یہ سب لوگ ممفس سے روانہ ہوکر ایک نہایت آراستہ و خوشنما کشتی پر سوار ہوئے۔ ملاحوں کی تعداد کافی تھی اور باد شمال بھی موافق تھی اس لئے کشتی بڑی تیزی سے روانہ ہوئی۔ اس کشتی کے وسط میں اسکے

بالائی حصہ پر مسافروں کو دھوپ سے بچانے کے لئے لکڑی کا ایک زرّیں و رنگین سائبان کھڑا تھا جس کے نیچے سب آرام سے بیٹھے تھے۔ کری سس و رو ڈوفس آپس میں گفتگو کر رہے تھے ان کے قریب ہی تھیوپمپوس تھا۔ سافو۔ بردیہ کے بازو پر سہارا دیئے بیٹھی تھی۔ دارا دریا کی طرف نظر جمائے کسی خیال میں ڈوبا ہوا تھا اور پاس ہی سلوسن آرام سے لیٹا تھا۔ گیجیس ودہ یا ایک طرف علیحدہ بیٹھے ہوئے ایک مصری غلام سے پھول لے لے کر دونوں خاتونوں کے لئے ہار بنا رہے تھے۔

بردیہ۔ بھلا کوئی کہہ سکتا ہے کہ ہماری کشتی سُست رفتار ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک ہوائی گھوڑے پر سوار اُڑتے ہوئے جا رہے ہیں۔

تھیوپمپوس۔ ہاں بادشمال ہمارے موافق بڑی تیزی سے چل رہی ہے اور مصری ملاحوں کو بھی دعا دو۔ وہ واقعی اپنے فن میں اُستاد ہیں۔

کری سس۔ یہی ملاح جب موجیں خلاف ہوتی ہیں تو کیسا زور لگا کر کھیتے ہیں۔ قاعدہ ہے کہ انسان اپنی پوری طاقت سے اُسی وقت کام لیتا ہے جب کوئی شے اس کے مزاحم ہوتی ہے۔

رو ڈوفس۔ ہاں! اور دریا و سمندر خواہ کیسے ہی ساکت ہوں تاہم بعض اوقات ہم لوگ خواہ مخواہ اپنے لئے مشکلیں پیدا کر لیتے ہیں۔

دارا۔ بیشک۔ کیونکہ بہادر و اُولوالعزم نچلے بیٹھنا پسند نہیں کرتے اور مشہور تیراک سہل و آسان شناوری کو نفرت سے دیکھتے ہیں حالت بے کاری اور امن میں سب لوگ یکساں ہیں مگر دوسروں پر فضیلت پانے اور اپنے جوہر دکھانے کے لئے خطرات و جنگ آزمائی کی ضرورت ہے۔

رھوڈوفس۔ لیکن سچّے بہادروں و سورماؤں کا یہ شیوہ نہیں کہ خود جھگڑے و فساد کا

آغاز کریں۔ اُن گہرے سبز رنگ کے تربوزوں کو دیکھو جو کنارے کھیتوں میں نظر آرہے ہیں۔ اگر بونے والے اُن کے بے شمار بیج زمین پر ڈالدیتے تو ایک بھی تربوز بڑا ہوکر نہ پکنے پاتا۔ اور بکثرت جھاڑ جھنکاڑ اُگ کر اُن کی باڑ کو مار دیتے اور تمام فصل خراب ہوجاتی۔ انسان کی سرشت میں ازل سے جنگجوئی اور اہم مہمات سر کرنے کے جذبات و خواہشیں موجود ہیں لیکن اگر وہ اپنی کوششوں میں کامیاب ہونا چاہتا ہے تو اُسے اعتدال و سلامت روی سے کام لینا اور ایک حد مقررہ سے تجاوز کرنا نہ چاہیئے۔ میرے خیال میں اسی کا نام بہادری و عقلمندی ہے۔

**کری سس**۔ کاش کہ شہنشاہ تمہارا یہ قول سُنکر نصیحت پکڑتا۔ اس فتح عظیم کے بعد بجائے قانع و شاکر ہونے کے اس کی لالچ و حرص اور بڑھ گئی ہے اب وہ چاہتا ہے کہ تمام دنیا کو مسخر کرلے۔ جب سے فینس رخصت ہوا ہے۔ بدمستی و مے نوشی کے دیو اس پر مسلط رہتے ہیں۔

**رھوڈوفس**۔ کیا مادر شاہ کا بھی کچھ اثر نہیں ہے؟

**کری سس**۔ وہ اُسے اپنی بہن کے ساتھ زبردستی عقد کرنے سے بھی باز نہ رکھ سکیں اور مجبوراً تمام رسوم میں شامل ہوئیں۔

**سافو**۔ مجھے غریب اتوسا پر بہت افسوس آتا ہے۔

**کری سس**۔ ہاں۔ اس کی زندگی جب سے وہ ملکہ ایران ہوئی ہے نہایت تکلیف و مصیبت میں بسر ہوتی ہے وہ خود بھی بڑی من چلی اور پُرجوش لڑکی ہے اور خاوند کے ساتھ کبھی امن و چین سے نباہ نہیں کرسکتی۔ میں نے سُنا ہے کہ بدقسمتی سے کمبوجیہ بھی اُس کی پرواہ نہیں کرتا اور بچوں کی طرح برتاؤ کرتا ہے۔ مصریوں میں بھی اس قسم کی شادیاں عجیب نہیں سمجھی جاتیں اور بھائی بہن کے ازدواج کا ان میں بھی عام طور سے رواج موجود ہے۔

نوٹ صفحہ ۲۴۲ پر مندرج ہے

دارا۔ (سنجیدگی سے مُنہ بنا کر) نہیں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے ہی کمبخت ملک میں ہے کہ قریبی رشتہ کی شادیاں زیادہ مستحسن و مبارک سمجھی جاتی ہیں۔

کری سس (دارا کے خیال سے گفتگو کا رُخ بدل کر) ہمارے شہنشاہ کی اولوالعزمی و شرافت میں کوئی کلام نہیں بس صرف یہ عیب ہے کہ بعض اوقات مغلوب الغضب ہو جاتے ہیں پھر اپنی حرکت پر پشیمان بھی ہوتے ہیں مگر عموماً عدل و انصاف کو ہمیشہ مدنظر رکھتے ہیں۔ مثلاً کل ہی رات کا واقعہ ہے کہ دعوت کے موقعہ پر اُنہوں نے حاضرین سے یہ سوال کیا کہ بتاؤ مجھ میں اور میرے باپ میں کیا فرق ہے؟

رہوڈوفس۔ انہوں نے کیا جواب دیا؟

دَدَہ یا۔ ہم سب حیران تھے کہ کیا کہیں۔ اتنے میں انتافرس بولا کہ حضور کو اپنے والد پر اس لئے سبقت حاصل ہے کہ فتح مصر کے بعد آپ کی مملکت و سلطنت اس قدر وسیع ہو گئی جو اُن کے زمانہ میں نہ تھی۔ بادشاہ کو یہ جواب پسند نہ آیا اور میز پر بڑے زور سے گھونسا مار کر چلایا کہ تم سب نہایت ذلیل و کمینے خوشامدی ہو۔ انتافرس نہایت خفیف ہوا اور اپنے دل میں بہت ڈرا۔ پھر اُس نے کری سس سے مخاطب ہو کر یہی سوال کیا جس کا ہمارے دوست نے نہایت خوبی کے ساتھ یہ جواب دیا کہ شاہا! تیرے والد بزرگوار اس لحاظ سے کہ انہوں نے تجھ ایسا فرزند اپنے پیچھے چھوڑا ہر طرح تجھ پر فضیلت و عظمت کے قابل ہیں۔

رھوڈوفس۔ (خوش ہو کر) واہ! کیا کہنا۔ کیا عمدہ جواب دیا۔ شہنشاہ نے اسے سُنکر کیا کہا؟

---

لہ (یہ نوٹ صفحہ ۲۴۲ کا ہے) متعدد قدیم کتبے و آثار اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ بھائی بہن کی شادی اس زمانہ میں عام تھی۔ خاندان ٹالمیز (بطلیموس) میں اس کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں۔ (ایبر)

**نپیروس** - وہ حد درجہ خوش ہوئے - **کریسس** کا نہایت شکریہ ادا کیا - اور کہا کہ تم میرے سچے دوست و بہی خواہ ہو -

**کری سس** - میں نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر اہل حبش و کارتھیجا کے خلاف جنگ کرنے سے باز رکھنا چاہا مگر افسوس کہ ناکامیاب رہا حبشیوں کے متعلق نہایت عجیب غریب قصے مشہور ہیں اگر انہیں باور نہ کیا جائے تو بھی ایک وسیع رگستان کو عبور کرنا ہماری اتنی بڑی فوج کے لئے نہایت خطرناک ہے اور یہ ایک ایسی مہم ہے کہ جس میں فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہے - **کارتھیجیوں** سے لڑنا میری رائے میں اور بھی خلاف مصلحت ہے کیونکہ وہ تمام شامی و فنیقی جو ہمارے جہازوں پر نوکر ہیں ہرگز اپنے بھائی بندوں پر حملہ کرنے کے لئے راضی نہونگے کمبوجیہ نے میرے یہ دلائل سُنکر مجھے بُزدلی کا الزام دیا اور شراب کے نشہ میں قسم کھائی کہ بلا بردیہ **وفینس** کی مدد کے وہ ان دونوں قوموں کو فتح کر سکتا ہے اور ضرور اپنا ارادہ پورا کریگا -

**روھوڈوفنس** - (بردیہ سے) تمہارا نام اس موقع پر کیوں اُسے یاد آیا -

**دد ھریا** - کیونکہ یہی تو جنگ **پلوسیم** کے فاتح مشہور ہیں -

**کری سس** - ایسے کلمات زبان پر نہ لاؤ - اور بہت احتیاط سے کام لو کمبوجیہ کے دل میں رشک و حسد پیدا کرنا نہایت خطرناک ہے - اس کا دل ابھی تک زخمی ہے اور ذرا سی بات سے اُسے سخت صدمہ پہنچتا ہے قسمت نے اُسے اپنی پیاری بیوی اور ایک عزیز دوست سے جدا کر دیا ہے اور اب تم اس کو اپنی رہی سہی خوشی یعنی جنگی ناموری سے بھی محروم کرنا چاہتے ہو -

**بردیہ** - (کری سس کا ہاتھ پکڑ کر) میں بھائی کو کوئی الزام نہیں دے سکتا - انہوں نے کبھی مجھ سے ناانصافی کا برتاؤ نہیں کیا اور نہ مجھ سے حسد رکھتے ہیں - آپ کو معلوم

ہوگا کہ لڑائی کے بعد انہوں نے مجھے ایک بیش بہا تلوار، نو خوبصورت گھوڑے، اور ایک طلائی دستی چکی[1] انعام میں عطا فرمائی تھی۔

سافو خوکری سس کی گفتگو سے کسی قدر متردد ہوگئی اپنے شوہر کا یہ جواب سنکر مطمئن ہوگئی۔ اتنے میں ووہ یا نے اپنا پھولوں کا تاج گوندھ کر رھوڈوپس کے سر پہ رکھ دیا۔ اور گیجیس نے اپنا سافو کی نذر کیا جس نے اُسے اپنی پیشانی پر لگا لیا اور ایسی دلفریب دلنشین معلوم ہونے لگی کہ بردیہ نے بے اختیار سب کے سامنے اپنے گلے سے لگا لیا۔ اس واقعہ نے گفتگو کا رُخ یکایک بدل دیا۔ ہر شخص ایک دوسرے کو خوش کرنے کی کوشش کرنے لگا۔ حتیٰ کہ دارا بھی اپنی سنجیدگی بھول گیا اور دوستوں سے جن کے سامنے اب مزے مزے کی شرابیں لائی جا رہی تھیں ہنس ہنس کر دل لگی کی باتیں کرنے لگا۔ اب شام ہوگئی تھی اور آفتاب پہاڑوں کے پیچھے ڈوب گیا تھا۔ غلاموں نے تختۂ جہاز پر خوشنما آرام کرسیاں، پیر ٹیکنے کی ٹپائیاں اور چھوٹی چھوٹی میزیں لاکر رکھ دیں جن پر سب لوگ جا کر بیٹھ گئے اور ایک ایسے عجیب و غریب تماشہ کا نظارہ کرنے لگے جو کبھی عمر بھر انہوں نے نہ دیکھا تھا۔ نیتھ کا میلہ جو مصریوں میں جشن چراغاں کے نام سے مشہور تھا شروع ہوگیا تھا اور تمام ملک میں گھر گھر روشنی ہو رہی تھی۔ دریائے نیل کے دونوں کناروں پر میلوں تک معلوم ہوتا تھا کہ آگ لگی ہوئی ہے۔ کوئی مندر، مکان یا جھونپڑے ایسے نہ تھے جن پر ان کے رہنے والوں کی حیثیت کے موافق بتیاں و چراغ جگمگا رہے ہوں۔ دیہاتی مکانوں کے چھاکوں اور بڑی بڑی عمارات کے بُرجوں پر برتنوں میں رال رکھ کر جلائی گئی تھی جس کی روشنی دور دور تک جاتی تھی اور دھواں آسمان پر طرح طرح کی شکلیں بناتا ہوا بلند ہو رہا تھا

[1] بقول مورخ ہیرو۔ ایران میں ایک طلائی دستی چکی سب سے بڑا نشان امتیاز و افتخار سمجھا جاتا تھا جسے شہنشاہ شاذ و نادر کسی شخص کو بخشا کرتا تھا۔ (ایڈیٹر)

تاڑوں اور انجیروں کے درخت چاندنی رات میں چمک رہے تھے اور اُنکا سایہ اُن لہروں پر پڑ رہا تھا جو روشنی کے سبب سے سُرخ نظر آ رہے تھے۔ مگر یہ حالت کنارے کے قریب تھی۔ وسط دریا میں جہاں ہماری کشتی جا رہی تھی اب بھی اندھیرا تھا اور ہمارے مسافروں کو گمان ہوتا تھا کہ گویا خود شبِ تاریک میں ہیں۔ مگر دوردیہ روز روشن کا سماں ہے۔ کبھی کبھی چند چمکدار و منور کشتیاں راج ہنسوں کی طرح سامنے سے تیزی کے ساتھ گذر جاتی تھیں اور جب کنارے کے قریب پہنچتی تھیں تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی آہنی بھٹی یا آتشیں موجوں میں پہنچ گئیں اور انھیں چیرتی ہوئی جا رہی تھیں۔ سفید کنول کے پھول چشمانِ آب کی طرح لہروں پر تیر رہے تھے۔ ساحل پر خاموشی طاری تھی۔ بادشمال کے ساتھ جو آوازیں آ رہی تھیں وہ اس قدر دھیمی تھیں کہ وسط دریا تک آتے آتے غائب ہو جاتی تھیں۔ رات کے اس سنسان عالم میں سوائے ملاحوں کے نغموں اور اُن کے چپوؤں کی حرکت کے اور کوئی آواز نہ سُنائی دیتی تھی بڑی دیر تک ہمارے مسافر خاموشی کے ساتھ اس عجیب سین کو غور سے دیکھتے رہے۔ آخر کار دوردیہ یا ایک ٹھنڈی سانس لیکر بولا:۔

دوردیہ مجھے تم پر بہت رشک آتا ہے۔ کیا اچھا ہوتا کہ اسی طرح ہم میں سے ہر ایک کے پاس بھی اس کی جیتی بیوی موجود ہوتی۔

بردیہ۔ (ہنس کر) تمہیں کس نے منع کیا تھا۔ اپنی کسی بیوی کو چُن کر ساتھ کیوں نہ لے آئے۔

زپیروس۔ اگر ایک کو ترجیح دیتا تو دوسری مجھے زندہ نہ چھوڑتیں۔ پرشاد دخر اردوتز جو میری آخری جیتی بیوی ہے اگر اُسے تن تنہا ساتھ لانے کی جرأت کرتا تو یقین جانو کہ یہ خوبصورت سماں میری عمر کا آخری نظارہ ہوتا۔

بردیہ۔ (سافو کا ہاتھ پکڑ کر) میں ہی زیادہ خوش نصیب ہوں۔ میں تمام عمر اپنی

ایک ہی پیاری پر قانع رہوں گا۔

سافو۔ (دودہ یاسے) آپ کی بات قابل اعتبار نہیں۔ شاید آپ اپنی بیویوں کے غصہ کی اتنی پرواہ نہیں کرتے جتنا اپنے ملکی رسم ورواج سے ڈرتے ہیں۔ میں سنتی ہوں کہ لوگ ابھی سے میرے پیارے بردیہ کو الزام دینے لگے ہیں کہ وہ مجھے کسی خواجہ سرا کی حفاظت میں نہیں رکھتے۔ اور ہمیشہ اپنے ساتھ لئے پھرتی ہیں۔

دودہ یا۔ (مسکرا کر) بردیہ نے تمہیں حد درجہ بگاڑ دیا ہے اور اب یہ مصیبت ہے کہ ذرا بھی ہم اپنی بیویوں پر سختی کرتے ہیں تو وہ تم دونوں کی مثال دیکر ہم پر طعنہ زن ہوتی ہیں اگر یہی حالت رہی تو دیکھ لینا تمام عورتیں باغی ہو جائیں گی۔ آستانۂ شاہی پر یلغار کر کے پہنچیں گی اور اپنے بہادر جنگجو شوہروں کو جو غنیم کے نیزے و تیروں سے زندہ بچ کر آئے ہیں اپنی نکیلی تیز زبانوں سے زخمی و مجروح کریں گی۔ یا آنسوؤں کے سیلاب میں غرقاب کر دیں گی۔

سلوسن۔ (ہنس کر) تم کیسے بدخلق و گستاخ ہو۔ عورت جو دیوی افرودیت کی ایک سچی شبیہ و نام لیوا ہے اس کی تمہیں عزت کرنی چاہیئے۔

دودہ یا۔ آپ اپنی تو کہئے۔ کیا یونانی اپنی عورتوں کے ساتھ ہم سے اچھا برتاؤ کرتے ہیں۔ تمام دنیا میں شاید مصر ہی ایک ایسا خطہ ہے جہاں عورتوں کو پوری[1] آزادی حاصل ہے۔

رہوڈوفس۔ سچ کہتے ہو۔ اس عجیب و غریب ملک میں صدیوں سے فرقۂ اناث کو وہی حقوق حاصل ہیں جن کے مرد اپنے لئے مدعی ہیں۔ بلکہ چند باتوں میں تو وہ اُن سے بڑھ گئے ہیں۔ مثلاً قانون مصر کے مطابق بجائے لڑکوں کے بیٹیوں کا یہ فرض ہے کہ اپنے بوڑھے والدین کی نگہداشت و خبرگیری کریں۔ اس سے ظاہر ہوا

[1] مصری عورتوں کو موجودہ یورپ کی طرح پوری آزادی حاصل تھی۔

کہ اس قوم کے مقنن کیسے عقلمند تھے اور کیسی اچھی طرح وہ عورت کی طبیعت و فطرت کو سمجھتے اور جانتے تھے یعنی جن حالتوں میں نگہبانی توجہ۔ ہمدردی و الفت کی ضرورت ہے۔ عورتیں مردوں سے کہیں زیادہ فوقیت رکھتی ہیں۔ اس لئے ان جانور پرستوں کو نفرت سے نہ دیکھنا چاہیئے۔ میں ان کی بہت سی باتیں نہیں سمجھ سکتا تاہم ان کا حد درجہ مداح ہوں۔ ہمارے اُستاد کامل فلٹیا غورث فرماتے تھے کہ مصری پروہتوں کی تعلیم و تلقین میں اتنی بڑی عقل و دانائی مضمر ہے جو اپنی ضخامت و وسعت میں ان کے اہراموں کی ہمسری کرتی ہے۔

دارا۔ مجھے اس سے پورا اتفاق ہے کیونکہ نیتھوتپ پروہت اعظم کو قید سے چھڑا کر چند ہفتے میں اُس کے اور معمار انوفس کی صحبت میں رہا اور ان دونوں کی تعلیم سے مستفید ہوا ہوں۔ اُن سے ایسی ایسی نئی نئی مفید باتیں معلوم ہوئیں جو کبھی میرے وہم و گمان میں بھی نہ تھیں اور جنھیں سُنکر میں تمام دنیوی افکار و رنج و غم بھول گیا۔ وہ آسمان و زمین سب کے حالات سے واقف ہیں۔ ہر بادشاہ کا نام انھیں یاد ہے گزشتہ چار ہزار برس کی تاریخ ازبر ہے۔ جوتش و نجوم میں کمال حاصل ہے اور اپنے ملک کے تمام اہل علوم و فنون کے تصنیفات پر عبور کامل ہے جس کی شاید یہ وجہ ہو کہ صدہا کتابیں و کتبے تھیبز کے ایک خاص محل میں جسے شفاخانہ ارواح[1] کہتے ہیں ابھی تک محفوظ ہیں۔ اور یہ پروہت دن رات ان کا مطالعہ کیا کرتے ہیں۔ ان کا نظام زندگی دانشمندی وزیرکی کا ایک بے مثل نمونہ ہین۔ اور ان کے اصولِ حکومت و معاشرت بلحاظ ضروریات شخصی و ملکی نہایت فہم و ادراک کے

---

[1] بقول مورخ دیودورس مصر کے شہر تھیبز میں ایک مشہور کتب خانہ تھا جسے شفاخانہ ارواح" کہتے تھے۔ اس میں بیس ہزار سے زیادہ کتابیں تھیں۔ محل رامیسیم کے قریب اس کتب خانہ کے آثار دریافت ہوئے ہیں۔ (ایڈیٹر)

ساتھ موضوع کئے گئے ہیں۔ کاش کہ ہمارے ملک کو بھی یہ دعویٰ ہو سکتا اور یہی ترتیب وقاعدے ہمارے آئین ومعاشرت میں بھی پائے جاتے۔ مصریوں کو یہ بات اس لئے حاصل ہوئی کہ انہیں اعداد کا استعمال خوب آتا ہے اور میرے خیال میں ان کی تمام عقل ودانائی اسی علم پر منحصر ہے۔ اعداد ہی کی مدد سے طریق کواکب کا انہیں پتہ چلتا ہے۔ موجودات عالم کا صحیح اندازہ کر سکتے ہیں اور موسیقی کے تاروں کو گھٹا بڑھا کر اس کے سُروں کو مرتب ومربوط کر سکتے ہیں۔ عدد ہی ایک ایسی چیز ہے جس کا علم یقینی ہے اور جس کی تعبیر وتشریح کبھی غلط نہیں ہو سکتی کیونکہ ہر قوم کے خیالات اپنی نیکی وبدی۔ عیب وصواب کے متعلق جُدا جُدا ہیں۔ ہر قسم کا قانون مختلف اتفاقات کی وجہ سے فسخ وبیکار ہو سکتا ہے لیکن جو تجربہ ومشاہدہ کہ اعداد پر مبنی ہے وہ کبھی باطل نہیں ہو سکتا۔ کون کہہ سکتا ہے کہ دو اور دو چار نہیں ہوتے اعداد ہی سے ہمیں صحیح طور پر ہر جزو کا اُس کے کُل وہر شے کا اُس کے ماخذ سے تعلق وتناسب معلوم ہوتا ہے اس لئے اعداد کی ایک جداگانہ ہستی ہے جو ہر مادی شے کے لئے ضروری ولازمی سمجھی جاتی ہے

**دودہ یا**۔ دارا! تمہیں متحضرا کی قسم بس ختم کرو۔ میرا دماغ سُنتے سُنتے چکرا گیا۔ تمہاری گفتگو کوئی سُنے تو یہی خیال کرے کہ تمام عمر مصری فلسفیوں کی صحبت میں رہے ہو اور کبھی تلوار کو ہاتھ سے چھوا تک نہیں۔ بھلا اعداد سے ہمیں کیا مطلب۔ اور اس بحث سے کچھ فائدہ؟

**رمودوفس**۔ تمہیں اس کا حال کیا معلوم۔ **فیثا غورث** نے بھی اسی علم کو جو مصری پروہتوں کا راز سربستہ ہے۔ اسی معمار **نوفس** سے سیکھا تھا جس نے اب دارا پر اُسے ظاہر کر دیا ہے۔ کبھی میرے پاس فرصت کے وقت آؤ گے تو میں بتاؤنگی کہ ہمارے جلیل القدر حکیم نے انہیں اعداد وعلم ہندسہ کی رو سے اپنے علوم وفنون

خصوصاً فنِ موسیقی میں اصلاح کر کے ایک نئی روح پھونک دی۔ مگر خیر اس بحث کو چھوڑنا چاہیئے۔ وہ دیکھو اہرام سامنے نظر آرہے ہیں۔"

سب اپنی اپنی کرسیوں سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور چُپ چاپ اُس عجیب و غریب سین کو جو سامنے تھا دیکھنے لگے۔ گذشتہ شاہانِ مصر کے عظیم الشان قدیم مقبرے دریا کے بائیں کنارے چاندنی کی روشنی میں سر بفلک نظر آتے تھے۔ ان کا حجم و جسامت دیکھ کر ہیبت ہوتی تھی اور خیال گذرتا تھا کہ کہیں زمین اُن کے بوجھ سے دھنس نہ جائے۔ وہ انسان کی ایک غیر معمولی قوتِ ارادیہ اس کی حیرت انگیز جدت و صنعت کی یادگار تھے۔ اور اُس کی خود نمائی زعم عُجب و تکبر کو یاد دلاتے تھے۔ مگر اب اُن کے اولوالعزم بانی کہاں ہیں؟ کہاں ہے چوفو جس نے اپنی رعایا کا پسینہ بہا کر ان کے خون و جگر سے پتھروں کا یہ عالی شان پہاڑ کھڑا کر دیا۔ کہاں ہے وہ چفرا جسے خدائی کا دعویٰ تھا۔ جس نے تمام مندروں کے دروازے مسدود کر کے صرف اپنی بقائے دوام کے لئے ایک ایسی یادگار تعمیر کرائی جو قدرت انسانی سے باہر معلوم ہوتی تھی۔ ان دونوں کا اب کہیں پتہ نہیں۔ ان کے تابوت تک خالی ہیں جس کی شاید یہ وجہ ہو کہ مُردوں کے حجوں نے اُنہیں قابلِ مغفرت نہ سمجھا اور اُن کی لاشوں کو تہ و بالا کر دیا۔ بخلاف اس کے تیسرے وچوتھے اہرام کا بانی جو خدا ترس تھا جس کا نام منکرا تھا اور جس نے صرف ایک چھوٹی سی مگر سب سے زیادہ خوب صورت یادگار بنا کر اُسی پر قناعت کی ابھی تک اپنے نیلگوں سنگین تابوت میں آرام[1] سے سو رہا ہے۔ رات کی خاموشی میں ان عظیم الشان یادگاروں

[1] بقول ہیروڈوٹس۔ ان عظیم الشان اہراموں کے بانی سخت ملحد و کافر تھے اور خدائی کا دعویٰ کرتے تھے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ ان کے گنہگار مشہور ہونے کا اور ہی سبب تھا۔ رعایا سے انہوں نے زبردستی کام لیا تھا اور طرح طرح کی تکالیف انہیں دی تھیں اس لئے ظاہر ہے کہ انہوں نے

پر عجب سماں تھا۔ آسمان کے ستارے ان پر نور افگن تھے اور دشت و بیابان کا پاسبان یعنی ابوالہول ان کی نگہبانی کر رہا تھا۔ ان کے دامن میں بہت سے چھوٹے مقبرے تھے اور منکرا کے اہرام کے سامنے ایک معبد بھی تھا جس میں آسرس کے پجاری مُردوں کے لئے شغل و وظائف میں مصروف رہتے تھے۔

سمت مغرب جہاں سورج لیبیا کے پہاڑیوں کے پیچھے غروب ہوتا ہے اور جہاں زرخیز زمین ختم ہو کر ریگستان شروع ہوتا ہے ممفس کا وہ مشہور قبرستان تھا جسے دیکھتے ہی دل پر ایک عجب ہیبت و احترام پیدا ہو جاتا تھا۔ ہمارے مسافروں کی تیز رفتار کشتی اس مقام سے ہوتی ہوئی گذری بعدہٗ وہ بڑے بڑے پشتے و بند ملے جو منا کے شہر کو سیلاب سے محفوظ کرنے کے لئے بنائے گئے تھے۔ اور آخر کار فراعنہ کے اس مشہور شہر کا سواد نظر آیا اور نتیجہ کے تہوار کی خوشی میں لاکھوں چراغ جگمگاتے نظر آئے۔ خصوصاً قدیم و مشہور معبد ٹاہ کے قریب جب پہنچے تو اس کی روشنی و سجاوٹ دیکھ کر بے اختیار سب کی زبانوں سے احسنت و آفریں کا نعرہ نکل گیا۔ یہ تبکدہ اوپر سے لے کر نیچے تک ایک بقعہ نور نظر آتا تھا۔ اس کی پیلان فصیلوں اور چھتوں پر ہزاروں چراغ و قمقمے رکھے تھے اور ابوالہولوں کی صفوں کے درمیان جو معبد کے مختلف پھاٹکوں سے مرکزی عمارت تک گئی تھیں سینکڑوں مشعلیں جل رہی تھیں متبرک بیل یعنی اپیس کا خالی مکان روشنی سے ایسا چمک رہا تھا جس طرح چکنے پتھروں کی پہاڑیاں ڈوبتے ہوئے آفتاب کی کرنوں سے منور ہو جاتی ہیں۔ ہر طرف لاکھوں جھنڈیاں و پھریرے

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) خوب دل کھول کر اپنے ظلم کرنے والوں کو برا بھلا کہا اور انہیں بدنام کرنے میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا۔ ایسے ملک میں جہاں خدائے واحد کا وجود دراز سر بستہ ہو اور فراعنہ عام طور سے خدائی کا دعویٰ کریں (ایبر) ملحد و کافر کے معنی سمجھنا ذرا مشکل ہیں۔ (مترجم)

اڑ رہے تھے - ہر جگہ پھولوں کی بھرمار تھی اور سُریلی نغموں کی آوازیں کانوں میں آ رہی تھیں -

**رھوڈوفس** - (جوشِ مسرت سے) واہ - واہ - کیا خوشنما منظر ہے دیکھو وہ رنگین دیواریں دستون کیسے چمک رہے ہیں - اور ابوالہول و میناروں کا سایہ کس خوبی کے ساتھ چمکنے اور زرد فرش پر پڑ رہا ہے -

**کری سس** - اور دیوتا کا وہ متبرک مرقد جس کے چاروں طرف روشنی ہے مگر خود تاریکی میں ہے کیسا عجیب و پُراسرار معلوم ہوتا ہے - میں نے بھی ایسا سین اپنی عمر بھر کبھی نہ دیکھا تھا -

**دارا** - مگر میں نے اس سے بھی عجیب تر اور حیرت انگیز ایک نظارہ دیکھا ہے جسے مشکل سے کوئی باور کریگا - میں نے نیتھ کی ایک نہایت مخفی و راز سربستہ مذہبی جشن کا تماشہ مشاہدہ کیا ہے -

**سب دوست** - بیان کرو - ہم اُسے سُننے کے بہت مشتاق ہیں -

**دارا** - **نیتھوتپ** نے پہلے تو مجھے اجازت دینے سے انکار کر دیا تھا - مگر جب میں نے وعدہ کیا کہ چُھپ کر دیکھوں گا اور اُس کے لڑکے کو بھی آزاد کرا دوں گا تو مجھے اپنی رصدگاہ پر لے گیا اور کہنے لگا کہ یہاں خاموش بیٹھ جاؤ اور **اسرس** اور اُس کی بیوی **اسس** کے عجیب واقعات و سرگذشت زندگی کا ایک تماشہ بغل مشاہدہ کرو - یہ کہکر وہ تو چل دیا اور میں اکیلا رہ گیا - اتنے میں کیا دیکھتا ہوں کہ یکایک مقدس کنج میں ایسی تیز روشنی ہوگئی کہ گویا دن نکل آیا ہے اور ذرّہ ذرّہ منور ہوگیا - سامنے ایک نہایت مصفّے جھیل تھی جس کے چاروں طرف خوبصورت درخت اور رنگ برنگ پھولوں کی کیاریاں تھیں اور سطح آب پر بہت سی سُنہری کشتیاں نظر آتی تھیں - ان پر خوش رو لڑکے اور حور وش لڑکیاں سفید لباس

پہنے ہوئے نہایت دلکش آواز سے گیت گا رہے تھے۔ ان کشتیوں کے جلو میں ایک نہایت عالی شان جہاز تھا جو جواہرات سے جگمگا رہا تھا اور جس کی زیب و زینت و آرائش آنکھوں کو خیرہ کرتی تھی۔ اُسے ایک خوبصورت لڑکا چلا رہا تھا۔ مگر عجیب بات تھی کہ جس پتوار کو وہ ہاتھ سے پکڑے تھا اُس کی شکل ایک کنول کے پھول کی تھی جس کی نازک پتیاں بمشکل پانی کو چھوتی تھیں۔ وسط جہاز میں ایک نہایت حسین عورت لباس شاہانہ سے آراستہ۔ بکمال شان و شوکت۔ ریشمی تکیوں سے ٹیک لگائے جلوہ گر تھی اور اُس کے قریب ہی پہلو میں ایک شخص بیٹھا تھا جس کا قد غیر معمولی لانبا سر پر ایک تاج اور گھونگر والے بالوں پر عشق پیچاں لپٹی ہوئی تھی اس کے شانوں و پشت پر چیتے کی کھال پڑی تھی اور ہاتھ میں ایک خمیدہ عصا پکڑے ہوئے تھا۔ جہاز کے پچھلے حصہ میں مختلف قسم کے پھولوں گلاب۔ کنول و عشق پیچاں[1] کے سایہ دار چھت کے نیچے ایک گائے نظر آئی جو دودھ کی طرح سفید تھی۔ اس کے سینگ سنہرے تھے اور اُس کی پشت پر ایک بیش بہا ارغوانی رنگ کی چادر پڑی تھی۔ مرد آسرس تھا۔ عورت آسمس تھی۔ لڑکا جو پتوار پر کھڑا تھا ان دونوں کا فرزند یعنی ہورس تھا اور گائے دیوی کی خاص متبرک جانور تھی۔ دیگر تمام چھوٹی کشتیاں اس جہاز کے گرد طواف کر رہی تھیں اور جب قریب سے گذرتی تھیں تو اُن کی خوشی و مسرت کے نغمے زیادہ بلند ہوتے تھے اور دیوتا دیوی۔ خوبصورت گانے والوں پر پھولوں و پھلوں کی بوچھار کرتے تھے اتنے میں یکایک ایک وحشت انگیز آواز سنائی دی جس کی گونج رفتہ رفتہ بڑھتے بڑھتے اتنی اونچی ہوئی کہ کان پھٹنے اور دل ہلنے لگے۔ یکایک ایک نہایت

[1] عشق پیچاں آسرس کا خاص پودہ تھا اور گائے آسمس کے نام سے متبرک تھی۔ (ایڈیٹر)

مہیب کریہ المنظر شخص نمودار ہوا جس کے جسم پر سور کی کھال تھی جس کے پریشان بال نہایت سرخ رنگ کے تھے اور چہرہ حد درجہ خونخوار و وحشیانہ تھا۔ یہ شخص ایک اندھیرے و تاریک کنج کے اندر سے نکلا اور جھیل میں کود کر جہاز کی طرف بڑھا۔ اس کے پیچھے پیچھے اسی کی شکل و صورت کے ستر مہیب دیو یا راکشس نظر آئے انہیں دیکھتے ہی سب چھوٹی چھوٹی کشتیاں ہوا کی مانند تیزی کے ساتھ بھاگ گئیں لڑکا جو پتوار پر کھڑا تھا کانپنے لگا۔ اس کے ہاتھ سے پدم کا پھول چھوٹ کر پانی میں گر پڑا اور چشم زدن میں وہ مہیب شخص سر پر آپہنچا۔ جست مار کر جہاز پر چڑھ گیا۔ آسرس پر حملہ آور ہوا اور فوراً اسے قتل کر ڈالا۔ پھر اس نے اپنے ساتھیوں کی مدد سے اس کی لاش ایک تابوت میں بند کر کے جھیل کے اندر پھینک دی یہ تابوت پانی میں بہتا ہوا یکایک نظروں کے سامنے سے غائب ہو گیا۔ آسس جلدی سے ایک چھوٹی کشتی میں بیٹھکر پریشان حال بال کھولے ہوئے ماتم کناں چیختی چلاتی ساحل کی طرف بھاگی اور وہاں اُن لڑکیوں کے ساتھ ملکر جو اپنی اپنی کشتیاں چھوڑ کر اس کی منتظر تھیں جھیل کے کنارے دیوانہ وار دوڑنے لگی۔ دوشیزہ لڑکیاں اپنی سیاہ چادروں کو ایک عجیب انداز سے جنبش دیتی ہوئی ماتم کرتی ناچتی و گاتی لاش کو اِدھر اُدھر ڈھونڈنے لگیں اور نوجوان لڑکے اُن سے کچھ دور بیٹھے ہوئے اپنی گم شدہ دیوتا کے لئے ایک پُرتکلف تابوت بنانے لگے۔ اور جب وہ تیار ہو گیا تو وہ بھی ماتم کرنے والیوں[۵۲] کے ساتھ

---

[۵۱] یہ بیان ڈیوڈوس کی کتاب اور پلوٹارک کے "آسس و آسرس" سے ماخوذ ہے۔ (ایڈیٹر)

[۵۲] قدیم مصر میں یہ قاعدہ تھا کہ جب کوئی معزز شخص مرجاتا تو گھر کی عورتیں اپنے چہرہ و سر پر مٹی لگا کر سڑکوں پر نکلتیں سینے کھولے ہوئے اپنے جسموں کو مار کر ماتم کرتیں۔ بعدہ مرد بھی انکے ساتھ شامل ہو جاتے اور ماتم کرتے۔ (ہسٹری آف ورلڈ)

شامل ہو کر ایک غمگین آواز سے گاتے ہوئے کنارِ آب تلاش میں مصروف ہو گئے۔ یکایک ایک نامعلوم مقام سے نغمۂ شیریں پیدا ہوا جس کی لے بڑھتے بڑھتے اونچی ہوتی گئی۔ اور اُس نے یہ آگاہ کیا کہ دیوتا کی لاش بحرِ قلزم کی موجیں بہا کر دور دراز ملک فنیقہ میں زبجبل[1] لے گئی ہیں۔ اس گیت کو سُنکر مجھ پر بہت بڑا اثر ہوا۔ تیتھوتپ کے لڑکے نے کہا کہ اُسے پیغامِ صبا کہتے ہیں۔

آسس نے جیوں ہی یہ خوشخبری سُنی فوراً اپنا ماتمی لباس اُتار کر پھینک دیا اور اپنی حوروش سہیلیوں کے ساتھ مل کر ایک نغمۂ مسرت و شادمانی شروع کیا۔ بالآخر ندائے غیبی کی خبر صحیح نکلی اور دیوی کو اپنے شوہر کا لاشہ و تابوت دونوں اُسی جھیل کی جانبِ شمال مِل گئے۔ اور جیوں ہی سب نے مل کر اُسے پانی سے نکالا اور کنارے پر لائے۔ آسس اپنے پیارے شوہر کی لاش سے لپٹ گئی۔ اُسے چومنے لگی اور اس کا نام لے لے کر پکارنے لگی۔ نوجوان لڑکے عشق پیچاں اور کنول کے پھولوں کی ایک نہایت خوشنما تربت یا قبر تیار کرنے لگے جس میں مقتول دیوتا بڑی شان کے ساتھ دفن کیا گیا۔ بعدہٗ آسس اپنے پیارے بیٹے کو ڈھونڈھنے لگی یکایک جھیل کی سمت مشرق ایک خوبصورت نوجوان لڑکا نظر آیا جو اپنے چند ہم عمر ساتھیوں کے ساتھ شمشیر زنی اور تیر اندازی کی مشق کر رہا تھا۔ یہ ہورس تھا جو اب جوان ہو گیا تھا۔ آسس نے اپنے نخت جگر کو گلے سے لگایا اور ابھی اس سے ملنے کی خوشیاں منا رہی تھی کہ اتنے میں ایک گرجتی و کڑک دار آواز نے ٹائفون کے آمد کی خبر دی۔ اس خونخوار اور مہیب راکشس نے آتے ہی فوراً اپنے مقتول کی قبر پر جھپٹا مارا اور اُس کی لاش کو تابوت کے اندر سے نکال کر چودہ ٹکڑے کر ڈالے اور ایک ہیبت انگیز نعرۂ خوشی بلند کر کے انھیں پانی میں پھینک دیا۔ آسس جب

---

[1] یونانی اسے بلوس کہتے تھے۔ (ایڈیٹر)

اپنے شوہر کے مرقد پر پہنچی تو وہاں سوائے چند پژمردہ پھولوں و خالی تابوت کے اور کچھ نہ تھا۔ مگر سطح آب پر چودہ مختلف مقامات میں چودہ رنگین شعلے پیدا ہو گئے تھے دیوی فوراً ان کی طرف بڑھی اتنے میں جھیل کے پرلے کنارے ایک دوسرا سین نظر آیا۔ ہورس اور اس کے ساتھیوں نے ٹائفون سے جنگ شروع کر دی۔ میری عقل حیران تھی کہ پہلے کیا دیکھوں کیا سنوں۔ ایک طرف قرناؤں کا شور تھا۔ جنگجوؤں کے نعروں سے آسمان و زمین گونج رہے تھے اور اس غضب کی لڑائی ہو رہی تھی جس کے تماشے سے کسی طرح آنکھ اٹھانے کو دل نہ چاہتا تھا۔ دوسری جانب عجب دلکش اور شیریں نغموں کی آوازیں آ رہی تھیں۔ ناچ و رنگ ہو رہا تھا۔ آسس کو شعلہ ہائے آتشیں کے پاس اپنے شوہر کی لاش کے ٹکڑے مل گئے تھے اور وہ اپنا رنج و غم بھول کر اس کی خوشی میں ایک جشن طرب منا رہی تھی۔ دوہ یا تم اس وقت میرے ساتھ ہوتے تو بہت لطف اٹھاتے۔ میری زبان میں قدرت نہیں کہ ان پری جمال و نازک اندام مہ جبینوں کے عجیب و غریب ناچ کا حال بیان کر سکوں۔ کبھی تو وہ منتشر ہو جاتیں کبھی ہجوم کر کے آپس میں مل جاتیں۔ اور دائرے و حلقے بناتیں کبھی نہایت ترتیب و قاعدہ کے ساتھ صف باندھ کر آمنے سامنے کھڑی ہو جاتی۔ بعدہٗ یکایک کوئی نیا طرز اختیار کرتیں اور اپنے رقص دلربانہ کے نئے نئے انداز و جلوے دکھاتیں۔ ان کا لباس نہایت باریک و پرتکلف اور کسی قدر ننگا تھا۔ ان کے شانوں کے درمیان پشت پر رنگ برنگ کے آئینے لگے تھے جن کی حرکت سے نیلگوں روشنی کی شعاعیں ان کے خوشنما جسموں پر تڑپتی ہوئی اپنی چمک دمک سے آنکھوں کو خیرہ کرتی تھیں اور حالت سکون میں انکے ہوش ربا چہروں کا عکس انھیں آئینوں میں نظر آتا تھا۔

آسس اپنے شوہر کی لاش کا آخری ٹکڑا ابھی ڈھونڈھ ہی رہی تھی کہ

یکایک جھیل کے دوسرے کنارے سے ناقوس و سنکھ کا شور بپا ہوا اور فتح و ظفر کے نعرے بلند ہونے لگے۔ ہورس نے ٹائفون کو شکست دیدی اور اب اپنے باپ کو رہا کرنے کی غرض سے تحت الثریٰ کے سفر کو روانہ ہوا۔ یہ مسکن ارواح جھیل کے مغربی سمت واقع تھا جہاں ایک نہایت خونخوار دریائی بھینس کی مادہ اس کے دروازوں پر کھڑی ہوئی پہرہ دے رہی تھی۔ اتنے میں پھر نغمہ ہائے شیریں بلند ہوئے۔ باجوں کی نہایت دلکش آوازیں آنے لگیں۔ عطر آمیز خوشبوؤں و بخورات سے آسمان بس گیا۔ متبرک کنج پر ایک سُرخ روشنی پھیلنے لگی جو بڑھتے بڑھتے ایسی تیز ہوئی کہ روز روشن ہو گیا۔ تحت الثریٰ کا پھاٹک کھلا ہوا ہورس اپنے باپ آسرس کا ہاتھ پکڑے ہوئے نمودار ہوا جس کے دیکھتے ہی آسس دوڑی اور اپنے پیارے شوہر سے جو دوبارہ زندہ ہو گیا تھا بہ انتہائے شوق و محبت بے تابانہ لپٹ گئی۔ اس نے اپنے فرزند کو بجائے شمشیر کے ایک کنول کا پھول انعام میں دیا۔ پھر اپنی سہیلیوں کے ساتھ مل کر ان دونوں پر بیشمار پھول و پھل نثار کرنے لگے۔ بعدہٗ آسرس ایک نہایت عالی شان شامیانے[1] کے نیچے جس پر عشق پیچاں کی بیلیں لپٹی ہوئی تھیں جلوہ گر ہوا اور اس دنیا اور امنتی کی تمام روحیں اس کے سامنے آکر سجدہ کرنے لگیں۔

[1] مصریوں کی امنتی جانب مغرب واقع تھی۔ اور جس طرح سورج مغرب میں غروب ہوتا ہے اسی طرح مُردوں کی ارواح بھی اسی دنیا میں آتی تھیں۔ بطلیموسی زمانہ کے ایک کتبہ میں امنتی اور ہڈیز کو ایک ہی تصور کیا گیا ہے (ایبر)

قدیم مصریوں کا خیال تھا کہ دنیا چاروں طرف پہاڑوں سے گھری ہوئی ہے جس میں صرف دو سوراخ ہیں ایک مشرق اور دوسرا مغرب میں۔ مشرق والے سوراخ سے سورج ہر روز نکلتا ہے اور بوقت شب دوسرے سوراخ میں داخل ہو کر ایک کشتی میں سوار ہوتا ہے اور

یہاں تک کہہ کر دارا خاموش ہوگیا۔ رہوڈوفس بولی "ہم سب تمہارے بہت مشکور ہیں کہ ایسا دلچسپ واقعہ سُنایا اب ممکن ہو سکے تو اس کے معنے بھی بیان کرو کیونکہ اس عجیب و غریب ڈراما میں ضرور کوئی دقیق راز مضمر ہوگا

دارا۔ آپ صحیح صحیح فرماتے ہیں مگر میں نیتھوتپ سے وعدہ کر چکا ہوں اس لئے افسوس ہے کہ اُسے کسی پر ظاہر نہیں کر سکتا"

رہوڈوفس۔ اچھا تو میری سمجھ میں جو اس کا مطلب آیا ہے[1] سنئے "فیثاغورث

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ) ایک نئے عالم میں پہنچتا ہے جسے توت یا امنتی کہتے ہیں۔ یہ درحقیقت اس دنیا کے نیچے نہیں ہے بلکہ اس کے باہر ہے۔ غرضکہ وہ بشکل دائرہ اس عالم کا چکر لگاتا ہوا اور پہاڑوں میں گھومتا ہوا پھر مشرقی درہ میں آتا ہے اور اپنی ایک دوسری کشتی پر سوار ہو کر جسے "سفینہ صدہا سال" کہتے ہیں آسمان کے بحر محیط پر سفر کرتا ہوا نمودار ہوتا ہے۔ (ولکنس)

[1] ایک اور روایت بھی مشہور تھی وہ یہ کہ قدیم اور زمانۂ اولین میں آسرس جنوبی مصر کا بادشاہ تھا اس کا ایک توام بھائی سیت جو ایک دوسرے مقام کا حکمراں تھا اس کی بیوی پر عاشق ہوگیا اسلئے ایک دن اس نے موقع پاکر آسرس کو پکڑ کر دریا میں غرق کر دیا۔ آسرس کی بیوی آسس ایک بڑی جادوگرنی تھی اُسے فوراً معلوم ہوگیا کہ اس کے شوہر کی لاش کہاں ہے۔ وہاں سے اُسے لے آئی اور ایک جگہ پوشیدہ کر کے دفن کر دیا۔ اتفاق سے ایک دن سیت شکار کھیلنے نکلا۔ اُسے وہ مقام معلوم ہوگیا اور اپنے دشمن کی لاش کے چودہ ٹکڑے کر کے تمام ملک میں منتشر کر دیئے۔ بعض کا یہ خیال ہے کہ حقیقت میں آسرس۔ وسیت جنوب و شمال مصر کے بادشاہ تھے۔ آخرالذکر نے حملہ کر کے اپنے دشمن پر غلبہ پایا اور اُس کے ملک کو چودہ صوبوں میں تقسیم کر دیا۔ غرض کہ جو کچھ بھی زمانہ مابعد میں آسرس کی پرستش کا بہت بڑا چرچا ہوا وہ مصریوں کا سب سے بڑا دیوتا تھا جس کا نام بھی زبان سے لینا گستاخی و بے ادبی تھا۔ (ولکنس)

اور انوفس کی گفتگو سے ظاہر ہوتا ہے کہ آسس سے مراد زمین اور آسرس سے نمی دتری یا دریائے نیل ہے جو اُسے زرخیز بنا دیتا ہے ہورس موسم بہار ہے اور ٹائفون خشکی و یبوست کا دیو ہے جو رطوبت یعنی آسرس کا دشمن ہے اور تمام نباتات کو ہلاک و برباد کر کے ہماری بھوم ماتا کو اس کی قوتِ نامیہ سے محروم کر دیتا ہے اس لئے وہ بڑی بے چینی سے قطرۂ آب یا اپنے سیراب کرنے والے کو ڈھونڈھتی ہے اور ٹھنڈے و سرد شمالی ملک میں جہاں نیل کا دہانہ ہے اُسے پالیتی ہے۔ ہورس چونچر کی شادابی و نشوونما کا زمانہ ہے اب ظاہر ہو کر ٹائیفون یا خشک سالی سے مقابلہ کرتا اور اُس پر غالب آتا ہے۔ بعدہٗ وہ قوت نامیہ جو عارضی طور سے مفقود ہو گئی تھی یعنی آسرس تحت الثریٰ سے واپس آکر اپنی بیوی یعنی زمین کے ساتھ پھر دریائے نیل کی زرخیز وادی پر حکومت کرنے لگتا ہے۔

**دودہ یا**۔ (مسکرا کر) یہ عجیب قسم کا زرخیزی کا دیوتا ہے جو تحت الثریٰ سے آتا ہے اور جس کے متعلق اس کہانی کے آخر میں یہ بھی بنایا گیا ہے کہ جنت و دوزخ دونوں کے باشندوں نے اس کی پرستش کی۔ معلوم نہیں کہ مصری اپنے مقام ارواح کو کیا کہتے ہیں۔

**دارا**۔ وہ اُسے اَمنتی کہتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ افسانہ نہ صرف مظاہر قدرت کے حیات و ممات کا استعارہ ہے بلکہ روح انسانی پر بھی صادق آسکتا ہے۔ کیونکہ جب جسم مُردہ ہو جاتا ہے تو آسرس کی طرح اُس کی روح ہمیشہ زندہ رہتی ہے۔

**دُدہ یا**۔ میں آپ کے اس سمجھانے کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ کیونکہ اگر اتفاق سے اس ملک میں مرنے لگا تو یہ یاد کر کے تسکین ہو جائے گی کہ روح تو نہ مرے گی۔ واقعی آسرس کی سرگزشت کا تماشہ قابل دید ہے۔ اب آیندہ کوئی موقع ملا تو

خواہ کچھ ہو جائے مگر میں بھی اُسے دیکھنے جاؤں گا۔

رھوڈوفس۔ میرا بھی یہی حال ہے اور گو بوڑھی ہوں مگر دُنیا کے نئے وعجیب باتوں کے دیکھنے کا شوق ابھی تک میرے دل میں موجود ہے۔

دارا۔ آپ ہمیشہ جوان رہیں گی۔ اب بھی آپ کا چہرہ ایسا ہی دلکش ہے جیسی آپ کی باتیں اور آپ کا دماغ ایسا ہی صاف اور روشن ہے جیسی آپکی آنکھیں۔

رھوڈوفس۔ (تجاہل عارفانہ سے) معاف فرمایئے گا۔ آنکھوں کا نام سُن کر مجھے کحال نبنچاری یاد آگیا۔ شاید میں پھر بھول جاؤں اس لئے اس کے متعلق آپ سے پوچھتی ہوں۔ اب تو میں کسی کی زبان سے اس کا نام ہی نہیں سُنتی۔ ملکہ کاسندانہ کی کیسی کچھ اس نے خدمت کی تھی۔

دارا۔ آپ کو نہیں معلوم؟ اُس غریب کا عجب حال ہوا۔ وہ ہماری فوج کے ساتھ تھا مگر دورانِ سفر میں اس نے ہر شخص سے ملنا جُلنا ترک کر دیا تھا حتیٰ کہ اپنے ہم وطن انوفس سے بھی کبھی نہ بولتا تھا۔ صرف ایک اس کا بوڑھا ملازم جو ہمیشہ اس کے ساتھ رہتا سہتا اس کی خدمت کرتا تھا۔ مگر جنگ کے بعد اُس کی یہ حالت یکایک بدل گئی۔ وہ بادشاہ کی خدمت میں نہایت بشاش وخوش وخرم حاضر ہوا۔ اور اس سے ایک خاص مہربانی کا ملتجی ہوا یعنی اُسے بھی اپنے لشکر کے ساتھ سلیوکیہ تک لے چلے۔ اور وہاں پہنچکر جن دو آدمیوں کو وہ انتخاب کرے اُنھیں اُس کی غلامی میں دیدے۔ کمبوجیہ نے یہ خیال کرکے کہ اس کی ماں پر اس شخص کا بڑا احسان ہے یہ درخواست فوراً قبول کرلی اور اُسے پورا اختیار دے دیا۔ غرض کہ پایہ تخت اماسس میں جب ہم داخل ہوئے تو وہ سیدھا معبد نتیھ گیا اور وہاں پہنچتے ہی اُس کے مہاپروہت اور ایک دوسرے کحال کو جو اس کا دشمن تھا گرفتار کرنے کا حکم دیا جب یہ دونوں اس کے سامنے لائے گئے تو بڑے غصہ سے اُن سے مخاطب ہوکر بولا

کہ تم ہی نے میرے تمام بیش بہا کتبے جلا کر نیست و نابود کر دیئے۔ اس کی سزا یہ ہے کہ اب میں تمہیں ایک ایرانی کے ہاتھ بیچوں گا تاکہ غیر ملک میں ہمیشہ کے لئے مدت العمر ذلیل و خوار رہو۔ میرا اس وقت موجود تھا اور یہ تماشہ دیکھ رہا تھا مصری نے کچھ ایسے جوش غضب کے ساتھ اپنے دشمنوں کو یہ حکم سنایا کہ سچ کہتا ہوں میں بھی تھرا گیا۔ جب وہ ختم کر چکا تو **فیتھوتپ** نے جواب تک خاموش کھڑا تھا۔ بہ آہستگی یہ جواب دیا۔ بیوقوف شخص! اگر تو نے اپنے ملک کے ساتھ صرف اسی وجہ سے غداری کی تھی کہ تیرے چند کتبے و کاغذات جلا دیئے گئے۔ تو اس سے بڑھکر کوئی ظالمانہ حرکت و نادانی نہیں ہو سکتی۔ سُن! تیرے وہ تمام قیمتی کتبے و تصنیفات بالکل محفوظ ہیں۔ میں نے انھیں نہایت احتیاط کے ساتھ اپنے معبد میں رکھوا دیا ہے اور اُن کی ایک نقل بھی لیکر **تھیبز** کے کتب خانہ میں بھیجدی ہے۔ ہم نے سوائے تیرے باپ کے چند خطوط اور ایک پُرانے بیکار رکس کے اور کوئی چیز نہیں جلائی **سامتیک** اور **تیمن** اس وقت موجود تھے اور ان دونوں نے بھی تمہاری تصانیف کو نہایت قدر سے دیکھا۔ اور نہایت افسوس کے ساتھ تمہارے بعض خانگی کاغذات جن کی وجہ سے ملک کو خطرہ تھا جلانے کا حکم دیا مگر اس کے صلہ میں اُنھوں نے تمہارے لئے بطور یادگار ایک عالی شان مقبرہ تعمیر کرایا۔ تم خود جا کر اُسے دیکھ سکتے ہو کہ اس کے در و دیوار پر کس خوبی کے ساتھ اُن تمام دیوتاؤں کی تصاویر بنائی گئی ہیں جن سے تمہیں خاص عقیدت تھی اور دیگر تصاویر جن کا تعلق خاص تمہاری تصانیف سے ہے اور نیز کتاب ارواح کا نہایت مقدس باب۔ یہ سب بڑے خرچ و محنت کے ساتھ اس عمارت پر کندہ و منقوش کرائے گئے۔ اور اس طرح تمہارے علم و فضل کی قدر و منزلت اور پوری عزت افزائی کی گئی۔"

یہ سُنتے ہی حکیم کا چہرہ زرد پڑ گیا۔ مُنہ پر ہوائیاں اُڑنے لگیں۔ اس نے پہلے

اُن دونوں کے ساتھ جا کر اپنے مقبرہ و کتبات کا معاینہ کیا پھر جب اُسے یقین ہو گیا تو دونوں کو فوراً آزاد کر دیا اور ایک دیوانہ شخص کی طرح لڑکھڑاتا بار بار اپنی پیشانی پر ہاتھ پھیرتا ہوا گھر واپس آیا۔ یہاں پہنچکر اس نے ایک وصیت نامہ لکھا اور اپنے پُرانے غلام ہب کے نواسے کو اپنی جائداد کا وارث بنایا۔ بعدہٗ بیماری کا بہانہ کر کے وہ ایک پلنگ پر لیٹ گیا۔ دوسرے دن لوگوں نے اُسے مُردہ پایا۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی زہر ہلاہل یا شاید کچلہ کا عرق پی کر اُس نے خودکشی کر لی۔

**کری سس**۔ واقعی عجب حیرت انگیز موت ہوئی۔ اس غریب بدقسمت شخص کو دیوتاؤں نے دھوکہ دیا۔ اس نے اپنے ملک کے ساتھ جس وجہ سے دغا کی اس میں انتقام کے بجائے مایوسی و ناکامی حاصل ہوئی۔

**رہوڈوفس**۔ مجھے بھی اس کی حالت پر افسوس آتا ہے۔ دیکھئے اب ملّاح چپّو پانی سے نکال رہے ہیں۔ شاید ہم لوگ اپنی منزل پر پہنچ گئے۔ سامنے آپ کی تامجام اور رتھیں نظر آتی ہیں۔ یہ سفر واقعی نہایت دلچسپی کے ساتھ کٹا۔ خدا حافظ! نوکراتیس جلد آئے گا۔ میں سلوسن اور تھیوپمپوس کے ساتھ واپس جاتی ہوں میری طرف سے چھوٹی پرمیس کو بہت بہت پیار کرنا۔ اور اس کی دایہ سے کہنا کہ بچی کو زیادہ دھوپ میں نہ لے جائے یہ اس کی آنکھوں کیلئے مضر ہے۔ سلام **کری سس**۔ خدا حافظ میرے پیارے بردیہ"

ایرانی جہاز سے اُتر کر ساحل پر پہنچے۔ بردیہ نے پیچھے مُڑ کر کسی کو دیکھنا چاہا کہ اتفاق سے اُس کا پیر پھسلا اور وہ زمین پر گر پڑا۔ دُدُہ یا جلدی سے اُس کی مدد کے لئے بڑھا مگر اتنے میں وہ سنبھل کر کھڑا ہو گیا تھا۔ دُدُہ یا کے چہرہ پر فکر و تردد کے آثار نمایاں ہو گئے اور اس نے بردیہ سے کہا:۔

"بردیہ ذرا ہوشیار رہنا۔ ساحل پر اُترتے وقت گرنا نہایت منحوس ہے

میں بھی جب نوکر اتیس پہنچا تھا تو اسی طرح میرے پیروں میں بھی لغزش ہوئی تھی"

# باب تیسواں ۳۰

## نشانہ بازی

اسی زمانہ میں سفیر شاہی یعنی پرکز اسپ جسے کمبوجیہ نے ملک حبش کے حالات دریافت کرنے بھیجا تھا واپس آگیا۔ اُس نے وہاں کے باشندوں کے قد و قامت۔ جسامت و توانائی کی بہت تعریف کی۔ ان کے ملک کے راستہ کو ایک بڑی فوج کے لئے ناقابلِ گذار بتایا۔ اور اور بہت سے عجیب و غریب حالات بیان کئے۔ اہل حبش کا قاعدہ تھا کہ اپنی قوم کے سب سے زیادہ وجیہ و قوی ہیکل شخص کو بادشاہ بناتے تھے اور اس کی نہایت صداقت و وفاداری کے ساتھ اطاعت کرتے تھے۔ ان لوگوں کی عمریں بہت بڑی ہوتی تھیں۔ اور ایک سو بیس سال یا اس سے بھی زیادہ زندہ رہنا کوئی غیر معمولی بات نہ سمجھی جاتی تھی۔ ان کی غذا اُبلا ہوا گوشت اور تازہ دودھ تھا۔ وہ ایک ایسے چشمہ میں نہاتے تھے جس کے پانی سے بنفشہ کی خوشبو آتی تھی اور ایسا ہلکا تھا کہ لکڑی ڈالتے ہی فوراً ڈوب جاتی تھی۔ اس میں غسل کرنے سے جسم نہایت چکنا و ملائم ہو جاتا تھا۔ یہ لوگ اپنے قیدیوں کو سونے کی بیڑیاں پہناتے تھے کیونکہ اور قسم کی دھاتیں ان کے ملک میں شاذ و نہایت گراں تھیں۔ وہ اپنے مُردوں کے جسم پر کچھ یا مٹی پوت کر ایک قسم کی چمکدار شیشہ نما سیال شے اوپر سے لگا دیتے تھے اور ایک ستون کی شکل بنا کر اپنے

گھر میں ایک سال تک اُس کی نذر و نیاز کرتے تھے۔ بعدہٗ یہ تابوت باترتیب قطاروں میں شہر کے گرد نصب کر دیتے تھے۔ اس ملک کے بادشاہ کے سامنے ایرانی تحائف پیش کئے گئے تو انھیں دیکھ کر اس نے اپنی سخت حقارت و نفرت کا اظہار کیا اور کہا کہ مجھے خوب معلوم ہے کہ کمبوجیہ نے یہ دوستی اور اتحاد کی غرض سے نہیں بھیجی ہیں بلکہ میری مملکت کے حالات دریافت کرنا مقصود ہیں۔ اگر فرمانروائے ایشیا عاقل و انصاف پسند ہے تو اُسے اپنے ہی مُلک پر قناعت کرنا چاہیئے اور دوسری قوم کو جس نے اُسے کوئی نقصان نہیں پہنچایا ہے مغلوب کر کے اپنا غلام بنانے کی ہوس دل میں نہ لانا چاہیئے اس کے بعد سفیر کی طرف مُسکرا کر اس نے نہایت طنز آمیز لہجہ سے کہا "میں ایک کمان تمہیں دیتا ہوں اسے اپنے بادشاہ کو میری طرف سے نذر کرنا اور کہنا کہ جب تک ایرانی ہماری طرح اس قسم کی کمانوں کو جھکانے کے قابل نہ ہو جائیں گے اُنھیں لازم ہے کہ اپنے ہی گھروں میں بیٹھے رہیں۔ اور ہمارا مقابلہ کرنے کی خواہش دل میں نہ لائیں کمبوجیہ کو شکر کرنا چاہیئے کہ ہماری قوم کو ابھی تک غیر ممالک کی تسخیر کا خیال نہیں ہوا ہے" پرکزاسپ نے جو اس کمان کو اپنے ساتھ لایا تھا بادشاہ کے سامنے اُسے پیش کر کے سب حال کہہ سُنایا۔ کمبوجیہ حاکم حبش کا غرور آمیز پیام و لاف و گزاف سُنکر بہت ہنسا۔ اور سفیر کو اُس کے حُسنِ خدمت کے صلہ میں بیش بہا انعام عطا فرما کر اس نے تمام اُمرا کو حکم دیا کہ دوسرے دن ایک جگہ جمع ہو کر اپنی زور آزمائی کے جوہر دکھائیں۔ بعدہٗ حسب معمول شراب کے نشہ میں مخمور اپنی خوابگاہ چلا گیا۔ وہ رات اُسے نہایت بے چینی سے کٹی۔ اُس نے خواب میں دیکھا کہ بردیہ تخت ایران پر جلوہ افروز ہے اور اس کا سر اس قدر بلند ہے کہ آسمان تک پہنچتا ہے۔ اس خواب کی تعبیر کے لئے کسی موبد و کلدانی کی ضرورت نہ تھی۔ پہلے تو اُسے بہت غصہ آیا۔ پھر سوچنے لگا اور

---

لہ ماخوذ از مورخ ہیروڈوٹس (ایڈیٹر)

گذشتہ واقعات پر غور و خوض کر کے دل میں کہنے لگا اگر بردیہ کو میری طرف سے عناد و کینہ ہے تو اُسے کس نے پیدا کیا؟ بے شک میرا ہی قصور ہے۔ کیا اس کے دل سے محو ہو سکتا ہے کہ میں نے ہی اُسے قید میں ڈالا تھا اور باوجود بے گناہ ہونے کے اُسے سزائے موت کا مستوجب ٹھیرایا تھا اب میں اُسکے خلاف ایک اُنگلی بھی اُٹھاؤں تو یقیناً میرے ہی خاندان والے سب اُس کی طرفداری کو آمادہ ہو جائیں گے۔ میں نے اُن کے ساتھ کونسا ایسا اچھا برتاؤ کیا ہے کہ اپنے بھائی کے مقابلہ میں ان کی الفت و وفاداری کی توقع کروں۔ یا کبھی آئندہ اُنسے کوئی امید رکھوں۔ نیتیس کی وفات اور فنیس کے رخصت ہونے کے بعد اب دُنیا میں کون رہ گیا ہے جو قابل اعتبار و میرا سچا بہی خواہ ہو۔ ان خیالات نے اُسے اس پیچ و تاب میں ڈالا کہ اپنے پلنگ سے گھبرا کر اُٹھ بیٹھا اور چلّا کر کہنے لگا "دوستی و محبت کو مجھ سے کچھ سروکار نہیں اور نہ میں ایسے فضول جذبات کی کچھ پرواہ کرتا ہوں۔ دوسرے ان سے فائدہ اُٹھائیں۔ میں اپنی درشتی و سختی پر قائم رہوں گا۔ ورنہ وہی لوگ جو میری سزاؤں سے ڈرتے اور میرے انصاف سے نفرت کرتے ہیں مجھے کمزور دیکھ کر اپنے داؤں کھیلیں گے اور مجھ پر قابو پانے کی کوششیں کریں گے۔ یہ میرے سامنے تو چاپلوسی اور خوشامد کرتے ہیں مگر غیبت میں مجھے گالیاں و صلواتیں سُناتے ہونگے۔ اب تو ہر امر بھی میرے خلاف معلوم ہوتا ہے کیونکہ نہ صرف اُس نے میرے سچے خیر خواہ و محب مجھ سے جدا کئے بلکہ مجھے اولاد اور جنگی ناموری سے بھی محروم کر دیا۔ کیا بردیہ مجھ سے اس قدر زیادہ افضل و برتر ہے کہ اُسے اس دنیا کی تمام نعمتیں حاصل ہوں اور مجھے کچھ بھی نہیں۔ محبت، دوستی، عزت و اولاد سب اُسی کے حصہ میں جائے اور میں یونہی ناکام و نامراد رہوں۔ تاہم حکومت ابھی تک میرے قبضہ میں ہے میں ہی مالک و بادشاہ ہوں اور بہت جلد اس احمق کو بتا دوں گا کہ ہم دونوں میں کون زیادہ طاقتور

وصاحب قدرت ہے۔ اس ملک میں صرف ایک ہی سب پر بالا و برتر ہو سکتا ہے۔
وہ یا میں۔ میں یا وہ۔ بہتر یہ ہے کہ وہ مجھ سے دور ہی رہے۔ میرا ارادہ ہے کہ چند
دنوں بعد اُسے باختر کا ستراپ مقرر کر کے ایشیا روانہ کر دوں۔ وہاں وہ آرام سے
اپنی بیوی کے نغمہ و سرود سُنے اور اپنے بچے کو گلے سے لگائے پھرا کرے۔ میں
حبش پر فوج کشی کر کے شہرت دوام حاصل کرونگا۔ (خادم سے) ہمارا لباس لاؤ۔
اور جام شراب حاضر کرو۔ میں ایرانیوں کو بتاؤں گا کہ ان گستاخ حبشیوں کو کس
طرح زیر کرتے ہیں اور میری تیر اندازی کے سامنے وہ کیسے مجوب ہوتے ہیں۔ ایک
جام اور لانا۔ بھلا مجال ہے کہ کیان مجھ سے نہ جھکے۔ اگر وہ مضبوط سے مضبوط لکڑی
کی بھی ہو اور اُس کے تار موٹے لوہے کے ہوں لیکن میرے سامنے بچوں کا
کھیل ہے۔"

یہ کہہ کر شراب کا ایک بہت بڑا جام مُنہ کے قریب لایا اور ایک ہی گھونٹ
میں چڑھا گیا اور اپنے زور بازو پر اکڑتا ہوا اپنی طاقت پر گھمنڈ کرتا محل کے باغات میں آیا
جہاں وہ سردار جو اُس کے منتظر تھے دیکھتے ہی بہت جھک کر آداب بجا لائے اور
نعرہ ہائے خوشی سے مرحبا کہنے لگے۔ یہاں درختوں کے کنج و جھاڑیوں کے درمیان
بکثرت ستون نصب کئے گئے تھے جن میں سُرخ دوڑیاں بندھی تھیں اور زرد۔
سبز اور نیلگوں کپڑے سونے و چاندی کی چھلوں سے لٹکے ہوئے ہوا میں اڑ رہے
تھے۔ متعدد رنگین دریاں بچھیں جن پر آرام دہ گدے بچھے تھے بشکل دائرہ ایک طرف
بچھی تھیں اور ہوشیار و تیز گام ساقی شرابوں کے چھلکتے ہوئے جام ہاتھوں میں
لئے ہوئے حاضرین جلسہ کے سامنے جو آج اپنی اپنی زور و قوت کے کرشمے
دکھانے جمع تھے۔ پیش کر رہے تھے۔ بادشاہ کا ارشاد ہوتے ہی تمام سرداران
ہخامنش کھڑے ہو گئے۔ اس نے ان کی صفوں پر نگاہ ڈالی اور دل میں بہت

خوش ہوا کہ اس کا بھائی بردیہ موجود نہ تھا۔ بعد ازاں پرکز اسپ نے آداب بجالا کر
حبشی کمان اس کے سامنے پیش کی اور نشانے کی طرف جو کچھ فاصلہ پر نصب کیا گیا
تھا اشارہ کیا۔ کمبوجیہ کمان دیکھ کر بہت ہنسا اور اپنے داہنے ہاتھ میں لے کر
اُس کے وزن کا اندازہ کرنے لگا۔ پھر اُمرا سے مخاطب ہوا کہ اب اپنی اپنی
تیر اندازی کے جوہر دکھائیں۔ سب سے پہلے معرگستاسپ نے جو اس مجمع
میں سب سے زیادہ سر برآوردہ تھا قسمت آزمائی کی۔ بعدہٗ چھ بڑے بڑے امرا
نے یکے بعد دیگرے اُسے جھکانے کی کوشش کی مگر کامیاب نہ ہوئے۔ بادشاہ
جو شراب کے جام و قدح پہ قدح چڑھا رہا تھا یہ کیفیت دیکھ کر نہایت مسرور ہوا۔
آخر کار اب دارا کی باری آئی وہ اپنی تیر اندازی میں مشہور تھا۔ حبشی کمان کو ہاتھ
میں لیکر اُس نے بھی بڑی زور آزمائی کی مگر باوجود حد درجہ کوشش کے اُسے خم نہ کر سکا
کمبوجیہ کو اب اور بھی مسرت ہوئی اور دارا کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگا۔ پھر اپنی
کامیابی پر پورا یقین کر کے باآواز بلند بولا "دارا۔ اب یہ ہتھیار میرے حوالہ کر دو۔ میں
بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ ایران میں صرف ایک ہی شخص ہے جو شہنشاہی کے
لقب کا سزاوار ہے۔ صرف وہی اہل حبش کو شکست دینے کی قدرت رکھتا ہے
اور اُن کی کمان کو بہ آسانی جھکا سکتا ہے"۔ یہ کہہ کر اُس نے اپنے زبردست ہاتھوں
میں کمان اُٹھائی۔ اس کا سیاہ آبنوسی دستہ بائیں ہاتھ اور اس کا تانت جو شیر
کی آنتوں کا تھا داہنے ہاتھ سے پکڑا۔ پھر اپنا قدم زمین پر جما بیٹھ جھکائے دم
روک کر اُسے کھینچنے کی کوشش کی اور اس قدر زور کیا کہ بدن کی تمام مچھلیاں کھڑی
ہو گئیں پٹھے چرچرانے لگے نسیں پھٹنے لگیں۔ پیشانی کی رگیں پھول گئیں اور جسم پسینہ
پسینہ ہو گیا مگر وہ کمبخت کمان نہ جھکنا تھی نہ جھکی۔ اس طرح پندرہ بیس منٹ کی غیر معمولی
قوت و زور آزمائی کے بعد اس کا دم چڑھنے لگا۔ طاقت جواب دینے لگی اور

کمان جسے وہ صرف دارا کے برابر جھکا سکا تھا اچھل کر سیدھی ہو گئی۔ آخر کار بالکل تھک کے عاجز ہوا تو انتہائے غصہ اور جھنجلاہٹ کے ساتھ اُسے زمین پر پھینک کر چلّایا "حبشی جھوٹا و دغا باز ہے۔ کوئی انسان آج تک اُسے نہ جھکا سکا ہے جو کام میرے بازوؤں سے نہیں ہو سکتا کسی دوسرے کی مجال نہیں کہ اسے انجام دے سکے۔ تین دن بعد اس بدذات قوم کو سزا دینے کے لئے میری فوج روانہ ہو گی اور وہاں پہنچ کر میں اُس کے بادشاہ کو تن تنہا لڑنے کے لئے بلاؤنگا۔ پھر دیکھوں کون زیادہ طاقتور ہے۔ پر کزاسپ یہ کمان اُٹھا کر احتیاط سے اپنے پاس رکھ لے کیونکہ میں اس کی مضبوط تانت سے اسی سیاہ فام دروغ گو کا گلا گھونٹوں گا۔ اِسکی لکڑی واقعی لوہے سے بھی زیادہ سخت ہے جو شخص اسے جھکا دے اُسے بیشک میں اپنا اُستاد مانوں اور اپنے آپ سے افضل و برتر سمجھوں گا۔" مشکل سے یہ الفاظ ختم ہوئے تھے کہ شہزادہ بردیہ حلقہ امرا میں نمودار ہوا۔ اس کے سڈول جسم پر ایک نہایت چست و خوشنما لباس زیب دے رہا تھا اور اس کا چہرہ بھی ایک غیر معمولی جوش و فخر سے اس وقت چمک رہا تھا۔ جب وہ سرداران ہخامنش کی صفوں کے سامنے سے گذرا تو سب اس کی آن بان دیکھ کر دنگ ہو گئے اور جھک کر آداب بجا لائے۔ بردیہ نے نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ ہر ایک کو جواب دیا اور سامنے آکر بڑے ادب سے اپنے بھائی کے دامن کا بوسہ لیا اور کہنے لگا "میرے مہربان آقا! میرے بزرگ بھائی! مجھے کچھ دیر ہو گئی ہے۔ معاف فرمائیے گا۔ یا شاید عین وقت پر حاضر ہوا ہوں؟ مجھے نشان پر کوئی تیر نظر نہیں آتا اس لئے یقین ہے کہ حضور والا نے جن کا ہمسر دنیا میں کوئی نہیں ہے ابھی تک اپنی تیر اندازی کے جوہر نہیں دکھائے۔ حضور کسی قدر چین بجبیں معلوم ہوتے ہیں۔ سچ عرض کرتا ہوں کہ میری تاخیر کا سبب ہمارا چھوٹا

بچہ ہے۔ جو آج ہی پہلے دفعہ مسکرایا تھا اور اپنی ماں کی گود میں ایسے تماشے کرنے لگا کہ مجھے اس نشانہ بازی کا خیال جاتا رہا۔ حضور اس بیوقوفی پر ہنسیں گے مگر میرے پاس سوائے اس کے اور کوئی عذر نہیں ہے۔ دیکھئے وہ ایسا شریر ہے کہ میری زنجیر کا ستارہ بھی اسی نے توڑ ڈالا مگر مجھے اپنے عزیز بھائی کی الفت و شفقت سے پوری امید ہے کہ آج یہ بازی جیت گیا تو اس کے صلہ میں ایک دوسرا عطا فرمائیں گے۔ اگر حکم ہو تو میں کمان ہاتھ میں لوں یا حضور پہلے تیر ماریں گے؟"

کمبوجیہ۔ (بھائی کی طرف سے منہ موڑ کر) "پرکزاسپ یہ کمان مانگتا ہو دیدے"

بردیہ۔ کمان ہاتھ میں لیکر اس کی لکڑی و تانت کو آزمانے کا قصد کر رہا تھا کہ بادشاہ نے تمسخرانہ لہجہ میں ہنس کر کہا "متھرا کی قسم! شاید تو سمجھتا ہے کہ جس آسانی سے لوگوں کے دل لبھا لیتا ہے اسی طرح یہ دھنک بھی قابو میں آجائے گی۔ جا۔ جانے دے اسے رکھ دے۔ یہ بھی عورتوں اور بچوں کا کوئی کھلونہ ہے؟ جس نے بڑے بڑے سورماؤں کے پتے پانی کر دیئے وہ بھلا تجھ سے جھکے گی"

یہ تلخ آمیز الفاظ سنتے ہی بردیہ کا چہرہ مارے غصہ کے سرخ ہو گیا۔ اس نے فوراً جھک کر ایک مضبوط و بھاری تیر جو سامنے پڑا ہوا تھا داہنے ہاتھ میں اٹھایا۔ پھر نشانہ کی طرف نگاہ جمائی اور اپنی غیر معمولی قوت سے کام لیکر کمان کا تانت کھینچنا شروع کیا اور اس قدر کھینچا کہ آخر کار وہ جھک گئی اور تیر کی آہنی نوک نشانہ کے مرکز پر پڑتے ہی آر پار ہو گئی۔ مگر ساتھ ہی کمان بھی دو ٹکڑے ہو کر زمین پر

---

۵۱ - فردوسی اپنے شاہ نامہ میں تیر اندازی کا ایک سین بیان کرتا ہے جو اگرچہ جنگ سے متعلق ہے مگر یہاں لکھ دینا بھی خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔

خدنگے بر آورد پیکاں چو آب — نہادہ بر او چار پر عقاب

بمالید چاچی کماں را بدست — بچرم گوزن اندر آورد شست

گر گئی۔ اس عجیب و غریب قوتِ خداداد کا تماشہ دیکھتے ہی حاضرین نے ایک ایسا نعرۂ خوشی بلند کیا کہ آسمان و زمین گونج اُٹھے مگر جو لوگ عقلمند و دوراندیش اور اپنے جوانمرد فاتح کے سچے دوست تھے اُن کے چہرے زرد پڑ گئے اور چُپ چاپ کبھی تو بادشاہ کی غضبناک صورت دیکھنے کبھی بردیہ کی ناعاقبت اندیشی پر کفِ افسوس ملنے لگے۔

کمبوجیہ کی حالت ناقابلِ بیان تھی۔ معلوم ہوتا تھا کہ وہ تیر نشانہ پر نہیں بلکہ اُسی کے دل پر لگا اور ایک لحظہ میں اس کی عزت و بزرگی و جاہ جلال کو خاک میں ملا دیا۔ اس کی آنکھوں سے شعلے نکل رہے تھے اس کے کان گونج رہے تھے۔ دل میں ایک سخت طوفان بپا تھا رخسارے سُرخ تھے اور اُس کا داہنا ہاتھ بار بار پرگز اسپ کے بازو کو زور زور سے دباتا تھا۔ سفیر جو قریب ہی کھڑا تھا اپنے آقا کے اس اشارہ سے بخوبی واقف تھا اور دل ہی دل میں کہہ رہا تھا کہ غریب بردیہ اب تیری خیر نہیں ہے۔ آخر کچھ دیر بعد بادشاہ نے اپنی طبیعت پر بڑی انتہا ضبط کر کے نہایت رُکھائی اور خاموشی کے ساتھ بھائی کی طرف بطور انعام ایک طلائی زنجیر پھینک دی۔ پھر امرا کو پیچھے آنے کا حکم دیا اور خود باغ سے نکلتا ہوا اپنے کمرے میں داخل ہوا اور وہاں مضطربانہ ٹہلنے لگا اور اپنے غصہ و رنج کو جام شراب سے بہلانے لگا۔ یکایک ایک خیال اس کے دل میں پیدا ہوا۔ اس نے فوراً اپنے تمام درباریوں کو سوائے پرگز اسپ کے باہر نکل جانے کا

---

(بقیہ نوٹ صفحہ گذشتہ)

ستوں کرد چپ راد خم کرد راست — خردش از خمِ چرخ چاچی نخواست
چو سوفارش آمد بہ بنائے گوش — ز چرم گوزناں بر آمد خروش
چو پیکاں ببوسید انگشتِ او — گذر کرد از مہرۂ پشتِ او

حکم دیا اور جب تنہا رہ گیا تو آنکھیں نکال کر بھرائی ہوئی آواز سے سفیر کا بازو پکڑ کر کہنے لگا
"میں اب اس سے زیادہ برداشت نہیں کر سکتا۔ مجھے اس دشمن سے کسی طرح نجات دلا
پرکز اسپ تیرا بڑا احسان ہوگا"

سفیر تھر تھر کانپنے لگا۔ اپنے آقا کے قدموں پر گر پڑا۔ اور دونوں ہاتھ اوپر اٹھا کر
نہایت منت و عاجزی سے کچھ کہنے لگا۔ مگر کمبوجیہ کو حسد و غصہ نے ایسا اندھا کر دیا
تھا اور وہ شراب کے نشہ میں ایسا مدہوش تھا کہ سفیر کی التجا کا مطلب نہ سمجھ سکا بلکہ
اس نے خیال کیا کہ شاید وہ اپنی اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کرنا چاہتا ہے اور
آواز اس قدر دھیمی کر کے گویا خود اپنے الفاظ کے سننے سے خائف ہے
بولا "خبردار۔ نہایت ہوشیاری و احتیاط سے کام لینا۔ سوائے ہم دونوں کے
اور کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔ اگر تجھے اپنی جان عزیز ہے تو اب چلا جا اور اپنا کام کر
جس کے صلہ میں تجھے دولت و ثروت سے مالا مال کر دونگا۔ مگر یاد رکھ وہ بڑا طاقتور
و دلیر ہے اور لوگوں کو جلد اپنا گرویدہ بنا لیتا ہے اگر تو بھی اس کے باتوں میں آگیا تو سمجھ لینا
تیری بیوی بچوں کی خیر نہیں ہے" یہ کہہ کر شراب کا ایک اور لبالب جام چڑھا گیا۔
پھر جھومتا لڑکھڑاتا ہوا کمرے کے باہر نکلا۔ اور پرکز اسپ کی طرف پشت کئے
اپنی دونوں مٹھیاں زور سے دبائے بھرائی ہوئی آواز سے بولا۔ گویا خود اپنے آپ
سے مخاطب ہے "یہ عورتوں کا چھیلا۔ قسمت کا دھنی۔ میری عزت و آبرو غصب
کرنے والا۔ اگر زندہ بچ گیا تو یاد رکھ تجھی سے بدلہ لوں گا اور تیرے کل خاندان کو
نیست و نابود کر دونگا"

بادشاہ کے چلے جانے کے بعد ایک عرصہ تک پرکز اسپ دم بخود سکتہ
کے عالم میں جہاں تھا وہیں کھڑا رہ گیا وہ ایک ذی حوصلہ اور خود غرض شخص تھا
مگر کمینہ نہ تھا اس لئے اس ظالمانہ حکم کی بجا آوری سے حد درجہ ناخوش و

دل برداشتہ ہوا۔ وہ یہ بھی جانتا تھا کہ اگر بادشاہ کی اُس نے ذرا بھی نافرمانی کی تو انتہائی ذلت وخواری وموت اُس کے سامنے موجود ہیں مگر ساتھ ہی بردیہ سے بھی اُسے نہایت الفت تھی اور اُسے بے گناہ قتل کرنا ہرگز گوارا نہ تھا۔ محل سے رخصت ہونے کے بعد ایک عرصہ دراز تک انھیں خیالات کا ایک عجیب طوفان اُسکے سینہ میں موجزن رہا۔ راستہ میں اُسے کری سس و دارا ملے جنھیں دیکھتے ہی وہ ایک مکان کی آڑ میں چھپ گیا اور سمجھا کہ کہیں اس کی صورت سے وہ اسکے رازِ دل سے واقف نہ ہو جائیں۔ جب وہ دونوں قریب سے گذرے تو اس نے کری سس کو یہ کہتے سُنا "میں نے بردیہ کو اُس کی احمقانہ حرکت پر بہت ملامت وسرزنش کی ہے۔ بادشاہ اپنے غصہ میں معلوم نہیں اس وقت کیا کا کیا کر دیتا مگر دیوتاؤں کا شکر ہے کہ بظاہر یہ بلا ٹل گئی۔ بردیہ اب میری رائے پر عمل کر کے مع اپنے بیوی کے سئیز روانہ ہو گیا۔ چند روز تک اُسے بادشاہ کے سامنے ہرگز نہ آنا چاہیئے کیونکہ شاید اُسے دیکھتے ہی پھر اُس کا غصہ تازہ ہو جائے جس کا نتیجہ نہایت خراب ہوگا۔ تم جانتے ہی ہو کہ حاکمِ وقت کی خوشامد کے لئے اکثر لوگ ذلیل سے ذلیل حرکت کرنے پر ....." دونوں اب دور نکل گئے تھے اس لئے باقی ماندہ الفاظ سُنائی نہیں دیئے مگر پرکراسپ کے دل میں چور تھا وہ سخت گھبرایا کہ کہیں کری سس اس پر تو شبہ نہیں کرتا۔ اس نے عہد کر لیا کہ چاہے جو کچھ ہو مگر وہ اپنے پیارے دوست بردیہ کے خون سے ہرگز دامن آلودہ نہ کرے گا۔ اور شرافت وصداقت کو موت پر ترجیح دیگا۔ اسی خیال میں وہ اپنے گھر پہنچا۔ یہاں دروازے کے باہر اُسے اپنے دو خرد سال لڑکے نظر آئے جو کھیل کے میدان سے ابھی واپس آئے تھے اور دیگر سردارانِ ہخامنش کے لڑکوں کی طرح فوجِ شاہی کے ہمراہ تھے بچے اپنے باپ کو دیکھتے ہی پدر پدر

کہتے ہوئے اس کے پیروں سے لپٹ گئے۔ سفیر نے انھیں اپنے سینہ سے لگالیا اور اپنی الفت کا اس غیر معمولی طریقہ سے اظہار کیا جس کا سبب خود اُس کی سمجھ میں نہ آیا۔ پھر جب گھر کے اندر داخل ہوا تو اُس کی سب سے پیاری بیوی اپنی شیر خوار بچی سے کھیل رہی تھی یہ دیکھتے ہی اُس کا دل اُمنڈ آیا لیکن بہت ضبط کیا۔ تاکہ بیوی کو کچھ شبہ نہ ہو۔ فوراً اپنے کمرے میں چلا گیا۔ اب رات ہوگئی تھی۔ پرکرزا سپ پلنگ پر لیٹا ہوا بڑی بے چینی سے کروٹیں بدل رہا تھا اُسے اپنی اولاد کی محبت اور یہ اندیشہ کہ بادشاہ کی حکم عدولی سے ان پر کیا کیا مصیبتیں نازل ہونگی اس قدر دامنگیر ہوا کہ رفتہ رفتہ اس کے نیک ارادوں میں کمزوری آنے لگی۔ اور کریسس کے وہی الفاظ جو ابھی تھوڑی دیر ہوئی اس کے شریفانہ جذبات ہیجان میں لائے تھے اب اُلٹا اثر کرنے لگے "بادشاہ کے لئے اکثر لوگ ذلیل سی ذلیل حرکت کرنے پر تیار ہو جاتے ہیں" اس سے یقیناً اُس کی عزت و شرافت پر حرف آتا ہے لیکن میں نے انکار بھی کر دیا تو کیا فائدہ؟ اور سینکڑوں لوگ اُسے کرنے کے لئے بخوشی تیار ہو جائیں گے" یہ بات اُسکے ایسی ذہن نشین ہوئی کہ رحم و انسانیت غائب ہونے لگی۔ وہ اپنے پلنگ سے اُچھل کر کھڑا ہو گیا اور ان مختلف خنجروں کو جو خوابگاہ کی دیوار پر سجے ہوئے تھے اُٹھا اُٹھا کر غور سے دیکھنے لگا اور ایک جو سب سے زیادہ تیز تھا اُسے پسند کر کے اپنے تکیہ کے نیچے حفاظت سے رکھ لیا۔ پھر اُس کے دل نے دوبارہ ملامت کی۔ اسے ایک عجیب پریشانی و خلجان پیدا ہوا۔ تھوڑی ہی دیر ہوئی کہ لیٹا تھا مگر پھر اُٹھ بیٹھا اور دیکھنے لگا کہ صبح کب ہوتی ہے جو اُسے اس مصیبت و سوہان روح سے نجات حاصل ہو۔ آخر کار اسی اضطراب میں شب سیاہ رخصت ہوئی اور سپیدۂ صبح نمودار ہوا۔ سب سے پہلے اُس کے کان میں اُس گھڑیال کی آواز آئی جو امیر زادوں کی نماز و عبادت کے لئے بجتا تھا اُسے معاً اپنے بچوں کا

خیال آیا اور خنجر اُٹھا کر پھر اُس کی دھار آزمانے لگا۔ بعد ازاں درباریوں کا ایک غول جو قصر شاہی کی طرف جا رہا تھا اس کے مکان کے سامنے سے گذرا۔ انہیں دیکھتے ہی اُس نے اپنی پیٹی باندھ کر خنجر کھونسا۔ اتنے میں زنان خانہ کے اندر سے اس کے سب سے چھوٹے بچے کے ہنسنے و کھیلنے کی آواز آئی تو فوراً مستعد ہو کر اُس نے اپنا خود سر پر رکھا اور بلا اپنی بیوی سے رخصت ہوئے چند غلاموں کو ساتھ لیکر دریائے نیل کے ساحل کا رُخ کیا اور وہاں پہنچتے ہی ایک کشتی میں بیٹھ کر ملاحوں کو حکم دیا کہ بہت جلد سیئز روانہ ہوں۔

بردیہ گزشتہ واقعات کے بعد ہی کری سس کی ہدایت پر عمل کر کے فوراً اپنی بیوی وغیرہ کو لیکر سیئز روانہ ہو گیا تھا۔ یہاں رہوڈوفس موجود تھی وہ نوکراتیس جانے والی تھی مگر کچھ خیال اس کے دل میں آیا اور ارادہ فسخ کر کے سیئز چلی آئی۔ پچھلے سفر میں بردیہ جہاز سے اُترتے وقت زمین پر گر پڑا تھا اور رہوڈوفس نے اُس کے بائیں جانب سے ایک اُلّو کو بھی اُڑتے ہوئے دیکھا تھا یہ دونوں باتیں بڑی بدشگون تھیں اس لئے اس کا دل بے چین تھا اور اپنے پیاروں سے ایک لحظہ کے لئے بھی جدا ہونا نہ چاہتی تھی وہ رات اُسے سخت پریشانی میں کٹی اور بہت بُرے بُرے خواب نظر آئے تھے۔ صبح اُٹھتے ہی اُس نے قصد مصمم کر لیا کہ اب سیئز سے نہ جاؤں گی اور وہیں ان دونوں کا انتظار کروں گی۔ سافو اور بردیہ معمم خاتون کی اس اچانک موجودگی سے بہت خوش ہوئے اور جب وہ پرمیس کو اچھی طرح پیار کر چکی تو اُسے محل کے وہ کمرے دکھانے لے چلے جو اُن کے رہنے کے لئے مخصوص تھے۔ یہ وہی کمرے تھے جن میں بدنصیب تاشوں نے اپنی زندگی کے آخری دن کاٹے تھے۔ ان میں بہت سا ایسا سامان اب بھی موجود تھا جن سے نہ صرف متوفہ کی جنس و عمر کا بلکہ اُس کے مذاق و خیالات کا بھی پتہ لگتا تھا۔ مثلاً سنگار میز پر سُرمہ دانیاں۔ ہاتھی دانت کی کنگھیاں۔

غازہ رکھنے کی ڈبیاں۔ روغن وعطریات کی شیشیاں اور دو چھوٹی صندوقچیاں تھیں۔ ان میں سے ایک کی شکل بالکل دریائی بط کی تھی اور دوسری جس میں شہزادی اپنے بیش بہا جواہرات رکھتی تھی اُسکے ڈھکنے پر ایک بانسری بجانے والے کی نہایت خوشنما تصویر منقش تھی۔ قریب ہی ایک مجلّا وچمکدار دھات کا آئینہ تھا جس کا خوشنما دستہ ایک خوابیدہ لڑکی کی شبیہ تھا۔ کبھی اس میں ایک پری جمال شہزادی اپنی صورت کا عکس دیکھتی تھی مگر اب وہ گرد وغبار سے آلودہ تھا۔ اسی کمرے میں ایک نہایت خوبصورت مسہری بھی تھی جسکے پائے شیر کے پنجوں کے تھے اور اپنی نزاکت وکام کے لحاظ سے اعلیٰ درجہ کی مصری صنائی کا نمونہ تھے۔ اسی طرح وہ طلائی سسترم باجہ بھی جس کے تار اب عرصہ ہوا کہ ٹوٹ گئے تھے رہنے والی کے ذوق موسیقی کو یاد دلاتا تھا۔ وہاں ہاتھی دانت کا ایک شکستہ تکلا بھی نظر آیا جس میں جالی پر نقش ونگار کا کام ادھورا رہ گیا تھا اور متوفہ کے مذاق دستکاری کا پورا ثبوت تھا۔ رھوڈوفس نے ان تمام اشیاء پر نظر ڈالی تو شہزادی کی زندگی اور اس کی طرز معاشرت کا سماں آنکھوں کے سامنے بھر گیا اور اس دنیا کی بے ثباتی کا ایک اور غمناک ثبوت مل گیا۔ ابھی وہ انھیں خیالات میں تھی کہ اتفاق سے اس کی نگاہ ایک بڑے سے رنگین صندوق پر پڑی جسے کھول کر اُس نے دیکھا تو پہلے تو چند پژمردہ پھول نظر آئے پھر ایک گیند کی طرح مدوّر شے نکلی جس پر گلاب کی چند خشک پنکھڑیاں وپتیاں لپٹی ہوئی تھیں۔ علاوہ ان کے متعدد ومختلف قسم کے طلائی تعویذ بھی محفوظ تھے جن میں ایک کے ڈھکنے پر عشق کی دیوی کی شکل بنی تھی۔ دوسرے میں ایک چھوٹا سا خانہ تھا جس کے اندر پیپرس کے چند ٹکڑے جن پر جادو وسحر کے الفاظ مرقوم تھے لپٹے ہوئے نظر آئے۔ بعد ازاں اس کی نظر چند خطوط پر پڑی جو یونانی زبان میں لکھے تھے انھیں نکالکر وہ لیمپ کی روشنی میں دیکھنے لگی۔ یہ وہ خط تھے جو نتیتیس نے اپنی بہن کو ایران سے بھیجے تھے۔ رھوڈوفس نے انھیں پڑھا تو اُس کی آنکھوں میں بے اختیار آنسو بھر آئے

تاشو کے رازِ عشق کا پورا حال اسے معلوم ہوگیا۔ اور بردیہ کے ساتھ جو اُسے انتہائی الفت و محبت تھی ظاہر ہوگئی۔ یہ پژمردہ پھول اُسی کی نشانی تھے اور گیند بھی جسے اُس نے پھولوں سے لپیٹ کر رکھا تھا بردیہ کی دی ہوئی تھی۔ اسی طرح تعویذوں و دعاؤں سے اپنے دردِ دل کا افاقہ و تسکین یا شہزادہ کے دل میں محبت پیدا کرنا مقصود تھا۔ وہ ان خطوں کو صندوق میں رکھنے ہی والی تھی کہ اس کا ہاتھ کپڑے کے چند ٹکڑوں پر پڑا جن میں ایک سخت لمبی شے لپٹی ہوئی معلوم ہوئی۔ اسے اٹھا کر اُسنے کھولا تو رنگین موم کا ایک چھوٹا سا بُت نکلا جو منبتیس کا مجسمہ تھا اور اصل سے ایسا مشابہ تھا رھوڈوفس حیران و ششدر رہ گئی اور بڑی دیر تک اُس سے اپنی نگاہ نہ ہٹا سکی یہ مجسمہ مشہور و معروف نقاش تھیوڈورس باشندہ ساموس کی صنعت و دستکاری کا اعلیٰ نمونہ تھا۔ رھوڈوفس اب لیٹ گئی اور مصر کی بدنصیب شاہزادی یعنی دخترِ فرعون کا خیال کرتے کرتے سو گئی۔ دوسرے دن صبح ہوتے ہی وہ محل کے اُس باغ میں گئی جس کا نظارہ ہم اماسس کے زمانہ میں کر چکے ہیں۔ یہاں انگور کی ٹٹیوں کے نیچے اُس نے ان دونوں کو جنہیں اُس کی آنکھیں ڈھونڈھ رہی تھیں موجود پایا۔ سافو ایک ہلکی سی بید کی کرسی پر بیٹھی تھی اُس کی گود میں ایک برہنہ شیر خوار بچہ تھا جو اپنے ہاتھ پیر کبھی باپ کی طرف پھیلا دیتا۔ کبھی اپنی ماں کی طرف دیکھ کر کھیلتا تھا جو اُس پر جھکی ہوئی مسکرا رہی تھی۔ بچی کی ننھی ننھی انگلیاں جب نوجوان سورما کی کالیں و ڈاڑھی پکڑ کر کھینچتی تھیں تو وہ سر آہستہ سے پیچھے ہٹا لیتا تھا تاکہ اپنی لختِ جگر کی قوت کا اندازہ کر سکے اور وہ بھی جانے کہ سچ مچ اپنی باپ کی ڈاڑھی کھینچ رہی ہوں۔ کبھی کبھی اس کے ننھے پیر جب بردیہ کے چہرہ سے لگ جاتے تو انھیں وہ اپنے دونوں ہاتھوں میں تھام لیتا اور اُن پیارے انگوٹھوں و تلوؤں کو جو مخمل سے زیادہ ملائم و نازک تھے چومنے لگتا۔ اگر پیس اُس کی ایک اُنگلی پکڑ لیتی تو وہ ایسا موند بنتا کہ گویا چھڑا ہی

نہیں سکتا۔ اُس کے شانوں کا بوسہ لیتا۔ اور اس کے پیٹ پر اپنا
مونھ مل کر گدگداتا۔ سافو یہ دیکھ کر خوش ہو رہی تھی اور کبھی کبھی جھک کر خود بھی اپنی پیاری
بچی کے چومنے کا ارادہ کرتی تھی تو اس کی پیشانی اپنے شوہر کے بالوں سے لگ جاتی
اور وہ فوراً اپنی بیوی کا بوسہ لیکر اُسے بچی کے پیار سے محروم کر دیتا۔

رھوڈوفس بڑی دیر تک چھپی ہوئی یہ تماشہ دیکھتی رہی اور آنکھوں میں آنسو بھرے
دعا مانگنے لگی کہ دیوتا اس کے پیاروں کا یہ عیش و راحت ہمیشہ قایم رکھیں۔ پھر درختوں
کے کنج سے باہر نکلی۔ دونوں کو پکار کر دعا دی اور ملیتہ کی یہ احتیاط دیکھ کر کہ بچی کو اندر
لے جانے کی غرض سے دھوپ کے بچاؤ کے لئے ایک بڑی سی چھتری ہاتھ میں لئے
ہوئے آرہی تھی۔ اُس کے حُسن و تدبیر کی تعریف کرنے لگی۔ بوڑھی دایہ جب سے
شاہی بچی کی اتا مقرر ہوئی تھی اپنے اس عہدہ پر بڑی نازاں تھی اور اس تکلف و
شان کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتی جسے دیکھکر بے اختیار ہنسی آتی تھی۔ وہ ایک
نہایت زرق برق ایرانی لباس پہنے رہتی تھی اور جس قدر مامائیں تھیں اُن سب کو
اپنے سے حقیر سمجھ کر بڑے رعب و داب کے ساتھ اُن سے کام لیتی تھی۔ سافو کی نظر
اپنی نانی پر پڑی تو مکان میں جانے سے پہلے اُسنے اپنے شوہر کی گردن میں ہاتھ ڈالکر
چپکے سے کان میں کہا "نانی اماں سے کہہ دیجئے گا اور پوچھئے گا کہ وہ بھی راضی ہیں یا
نہیں"۔ شہزادہ مسکرایا اور اپنی پیاری کی ادائے معشوقانہ و حسن خرام سے اور بھی مفتوں
ہوگیا۔ پھر سافو جب اندر چلی گئی تو رھوڈوفس سے مخاطب ہوکر کہنے لگا "آپ کے
خیال میں کیا یہ پہلے سے کچھ تنومند ہوگئی ہیں؟"

رھوڈوفس۔ معلوم تو ہوتا ہے۔ کیونکہ دوشیزگی و لڑکپن کا ایک انداز جداگانہ ہے اور
زمانہ مادری آتے ہی ایک نیا رعب و وقار پیدا ہو جاتا ہے۔ عورت اپنے اوج کمال
کو پہنچتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ جسمانی حیثیت سے ترقی پذیر ہے مگر حقیقت میں یہ

اس کی فریضۂ جنسیہ کی تکمیل کا نتیجہ ہے جو اُسے ایسا بزرگ و برتر بنا دیتا ہے۔"

**بردیہ** ۔ بے شک آپ صحیح فرماتی ہیں۔ میرے خیال میں جسمانی و روحانی راحت و خوشی کو بھی اس سے بہت کچھ تعلق ہے۔ سب سے پہلا کل ہی کا دن تھا کہ ہم دونوں میں صرف ایک بات پر اختلاف ہوا ہے۔ جسے میں اُن کی اجازت سے آپ سے عرض کرتا ہوں۔ مجھے آپ کے تجربہ و عقل و دانش سے امید ہے کہ ضرور کوئی مفید رائے دیجئے گا۔

بردیہ نے تیر اندازی کی آزمائش کا افسوس ناک واقعہ پوری طور سے بیان کیا اور آخر میں کہا۔ "کرمی سس نے میری ناعاقبت اندیشی پر سخت ملامت کی۔ مگر میں اپنے بھائی کے مزاج سے اچھی طرح واقف ہوں کہ عین حالت غصہ میں ہر قسم کا فعل اُن سے سرزد ہو سکتا ہے۔ وہ چاہتے تو اُسی وقت مجھے قتل کر دیتے لیکن غصہ فرو ہونیکے بعد میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹال گئی۔ اور ممکن ہے کہ وہ اپنی مہم و فوج کشی کی تیاریوں میں ایسے مصروف ہوں کہ اسے بالکل بھول گئے ہوں۔ سال بھر ابھی نہیں گذرا کہ ایران میں ان کے برابر کوئی تیر انداز نہ تھا۔ اور اگر شراب نوشی و مرگی کے مرض نے انھیں کمزور نہ کر دیا ہوتا تو وہی حالت ابھی ہوتی۔ بخلاف اس کے میں دیکھتا ہوں کہ میری قوت دن بدن بڑھتی جاتی ہے۔

**رھوڈوفس** "سچی خوشی سے عورت کا اگر حسن دوبالا ہوتا ہے تو مرد کے زور بازو میں بھی ترقی ہوتی ہے۔ شراب نوشی و دماغی تکالیف و افکار وغیرہ انسان کو کمزور و نحیف کر کے قبل از وقت اس کے بڑھاپے و موت کا سبب ہوتی ہیں۔ میرے پیارے فرزند! اپنے بھائی سے خبردار و ہوشیار رہنا۔ جس طرح اس کے زبردست بازو کمزور ہو گئے ہیں ممکن ہے کہ اُس کی روحانی شرافت میں بھی زوال آگیا ہو یقین جانو یہ میرا تجربہ ہے کہ جب ایک شخص کسی قبیح و کمینے جذبہ کا غلام بن جاتا ہے تو بمشکل اپنے

دوسرے جذبات پر قابو رکھ سکتا ہے۔ علاوہ بریں جس شخص کے قویٰ انحطاط پذیر ہوتے ہیں وہ فطرتاً اپنی کمزوری و مذلت کو بہت محسوس کرتا ہے۔ پھر کہتی ہوں کہ اپنے بھائی سے خبردار رہنا۔ تم ابھی دنیا سے واقف نہیں ہو۔ تمہارے خیالات بہت شریفانہ ہیں اس لئے تم دوسروں کو بھی شریف سمجھتے ہو۔"

بردیہ۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ بھی سافو سے اتفاق کرتی ہیں وہ بہت مُصر ہیں کہ جہاں تک جلد ہو سکے انہیں اپنے ساتھ لے کر میں ایران چلا جاؤں۔ ان کی رائے میں بھائی اس واقعہ کو اتنی جلدی نہیں بھول سکتے مگر کچھ عرصہ کے لئے نہ مجھے دیکھیں نہ میرے متعلق کچھ سُنیں تو ممکن ہے کہ ان کا غصہ فرو ہو جائے۔ میں ابھی تک راضی نہ ہوا تھا اور جنگ حبش سے محروم رہنا نہ چاہتا تھا۔

رھوڈوفس۔ میں بھی تم سے بمنت و عاجزی کہتی ہوں کہ اپنی بیوی کا کہنا مانو۔ یہ بات اُس کے دل سے نکلی ہے اور ضرور صحیح ہو گی۔ تم دونوں کی جدائی سے جس قدر مجھے رنج و الم ہو گا اُس کا بیان لاحاصل ہے خیر میں اُسے برداشت کر لوں گی۔ مگر تمہیں یہاں رہنے کی ہرگز صلاح نہ دوں گی پھر کہتی ہوں کہ ایران کے سفر کی تیاری کرو۔ اور جلدی کرو۔ یاد رکھو کہ بلا کسی وجہ اپنی زندگی و آرام کو خطرے میں ڈالنا بیوقوفوں کا کام ہے۔ ملک حبش پر فوج کشی دیوانگی و جنون ہے وہاں دشمن سے تو کچھ زیادہ خوف نہیں مگر اندیشہ یہ ہے کہ سفر کی تکالیف اور ریگستان و بیابان کی مصیبتیں۔ بھوک و پیاس و گرمی۔ کہیں ایرانی لشکر کی تباہی کا باعث نہ ہوں اور تمہارے لئے تو اس مہم میں شامل ہونا ہرگز قرین مصلحت نہیں۔ کیونکہ نہ صرف تمہاری جان اور تمہارے بال بچوں کی خوشی و راحت معرض خطر میں ہے بلکہ اگر تم نے کوئی نمایاں کام بھی کیا تو اس کا صرف یہی نتیجہ ہو گا کہ تمہارے بھائی کا غصہ و حسد اور بھڑک اُٹھے گا۔ اس لئے میرے عزیز بردیہ پھر کہتی ہوں کہ جہاں تک جلد ہو سکے یہاں سے چلے جاؤ۔

بردیہ معمر خاتون کے اعتراضات، شبہات و خطرات کا جواب دینے ہی والا تھا کہ اتنے میں اس کی نظر پرگز اسپ پر پڑی جس کا چہرہ نہایت زرد تھا اور سر جھکائے شہزادہ سے ملنے کے لئے سامنے سے آرہا تھا۔ معمولی سلام و مزاج پرسی کے بعد سفیر نے آہستہ سے نوجوان کے کان میں کہا کہ آپ سے تنہائی میں کچھ کہنا چاہتا ہوں اور جب رھوڈوفس اٹھ کر چلی گئی تو تھوڑی دیر تک کچھ سوچتا رہا۔ پھر نہایت اضطراب و سراسیمگی سے اپنے انگلیوں کی انگوٹھیاں گھما کر رُک رُک کے کہنے لگا "شاہ والاجاہ نے مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔ کل آپ نے اپنی تیر اندازی کے جوہر دکھا کر انھیں بہت ناراض و برہم کر دیا تھا۔ اس لئے وہ آپ کو کچھ عرصہ تک دیکھنا نہیں چاہتے اور حکم دیتے ہیں کہ آپ فوراً ملک عرب جا کر جس قدر اونٹ مل سکیں بہم پہنچایئے یہ جانور نہایت جفاکش اور بھوک پیاس کے عادی ہیں۔ اور ہماری فوج کی بار برداری و آب رسانی کے لئے نہایت موزوں اور ریگستانی سفر کے لئے از حد ضروری ہیں۔ آپ کو فوراً روانہ ہو جانا چاہئے۔ شہنشاہ کا ارشاد ہے کہ آج ہی اپنی بیوی وغیرہ سے رخصت ہو کر رات ہونے سے پہلے کوچ کر دیجئے۔ اس کام میں شاید آپ کو ایک مہینہ لگے گا۔ میں بھی آپ کے ہمراہ پلوسیم تک چلتا ہوں۔ ملکہ کاسندانہ کی خواہش ہے کہ آپ اپنی بیوی و بچے انھیں کے پاس رہنے کے لئے بھیج دیجئے۔ کل ہی وہ ممفس روانہ ہو جائیں۔ مادر شاہ کی نگرانی میں وہاں ہر طرح کا انھیں آرام ملے گا۔"

بردیہ نے یہ گفتگو نہایت خاموشی کے ساتھ سنی مگر سفیر کے غیر معمولی پریشانی کو نہ دیکھا اس نے بھائی کی اس حکم کو اپنے حق میں بہت بہتر جانا اور مصر سے جلد چلا جانا نہایت غنیمت سمجھا۔ پھر اپنے جھوٹے دوست کا ہاتھ بڑی محبت و اخلاق سے پکڑ کر اسے ساتھ لئے ہوئے محل کے اندر چلا گیا۔ شام ہوتے ہوتے سفر کی تمام

تیاریاں مکمل ہوگئیں۔ بردیہ نے اپنی بچی کو جو ملیتہ کی گود میں تھی اُٹھا کر پیار کیا۔ بیوی کو بھی تسکین و دلاسے دیکر بڑی محبت سے الوداع کہا۔ اور رھوڈوفس سے مسکرا کر کہا کہ دیکھئے اس مرتبہ آپ کا خیال کیسا غلط نکلا اور میرے بھائی کے متعلق آپ کو غلط فہمی ہوئی۔ اتنے میں سائیس گھوڑا سامنے لایا وہ بڑی پھرتی سے اُچھل کر اُس پر بیٹھ گیا۔ پیچھے پیچھے سفیر بھی اپنے گھوڑے پر سوار ہونے لگا۔ سافو قریب کھڑی تھی اس نے جھک کر پرگزاسپ سے کہا:۔

"دیکھئے ان کی بہت اچھی طرح خبر گیری رکھئے گا۔ اور اگر خدانخواستہ اپنے آپ کو جان جوکھم میں ڈالیں تو میری اور اس پیاری بچی کی یاد دلا کر انھیں باز رکھئے گا۔"

سفیر۔ (گھوڑے کی لگام درست کرنے کے بہانہ سے نگاہیں چُرا کر) "میرا اور ان کا تو صرف پلوسیم تک ساتھ ہے۔ پھر یہ تن تنہا جائیں گے۔"

سافو۔ (اپنے شوہر کا ہاتھ پکڑ کر بے اختیار رونے لگی) تمہیں دیوتاؤں کے سپرد کرتی ہوں۔ دیکھو پیارے! غافل نہ رہنا۔ اپنی حفاظت کرنا۔"

بردیہ نے اپنی بیوی کی یہ حالت دیکھی تو اُسے سخت حیرت ہوئی کیونکہ عموماً وہ بڑی متحمل و صابر تھی مگر اس وقت اس کی بیتابی و بے قراری کا عجب عالم تھا۔ آنسوؤں کی جھڑی کسی طرح نہ رُکتی تھی یہ دیکھ کر اُس کے دل پر بھی ایک سخت چوٹ لگی اور ایسے ناقابل بیان وسوسے و خیال پیدا ہوئے جو کبھی عمر بھر نہ آئے تھے۔ اس نے جلدی سے جھک کر اپنی پیاری کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اُسے اوپر اُٹھا لیا اور دیر تک اسی طرح اپنے سینہ سے لپٹائے رہا اور ایک عجب محبت و گرمجوشی سے پیار کیا جس کے یہ معنے تھے کہ پیاری اب ہم ہمیشہ کے لئے رخصت ہوتے ہیں۔ پھر اُسے آہستہ سے زمین پر اُتارا۔ بچی کو اپنی گود میں لے کر اُسے بھی پیار کیا اور ہنس کر کہا کہ دیکھو اپنی ماں کا دل بہلانا اور اُسے رنجیدہ نہ ہونے دینا۔ بعدہٗ رھوڈوفس سے مخاطب ہو کر

رخصتی الفاظ کہے اور گھوڑے کو ایڑ لگا کر پرکزاسپ کے ہمراہ محل کے پھاٹک سے نکل گیا۔
سافودم بجز دسکتہ کے عالم میں کھڑی کی کھڑی رہ گئی۔ اور جب دونوں سوار دور نکل گئے اور اُن کے گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز بھی بند ہوگئی تو وہ بے تاب ہوکر اپنی نانی کے سینہ پر گر پڑی اور باوجود اس کے بہت سمجھانے بجھانے کے دیر تک زار و قطار روتی رہی۔

# باب اکتیسواں ۳۱

## پشیمانی وجنوں

حبشی کمان والے واقعہ کے دوسرے دن کمبوجیہ کو اپنی پرانی بیماری کا ایک ایسا سخت دورہ ہوا کہ دو دن تک بستر سے نہ اُٹھ سکا اور حالت بیہوشی میں پاگلوں کی طرح بکنے وچلانے لگا۔ تیسرے دن جب اُس کے ہوش وحواس درست ہوئے تو پرکزاسپ کو جس خوفناک کام کے لئے روانہ کیا تھا یاد آتے ہی اُس کے تمام جسم پر لرزہ پڑ گیا۔ اس نے سفیر کے بڑے بیٹے کو جو شاہی اُمرا کے عہدہ پر ممتاز تھا فوراً اپنے سامنے طلب کیا اور اس کے باپ کا حال پوچھا۔ بیٹے نے عرض کیا کہ وہ بلا کسی سے ملے جلے ایک دن ممفس سے یکایک کہیں باہر چلے گئے۔ یہ سُنکر بادشاہ نے دارا، گیجیس، اور دوہ یا کو جو

بردیہ کے خاص دوست تھے بلایا اور اُن سے پوچھا کہ میرا بھائی کہاں ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ شاید سئیز میں ہوں گے۔ یہ سُنتے ہی اس نے ان تینوں کو حکم دیا کہ فوراً وہاں جائیں اور یرکز اسپ راستہ میں ملے تو اُسے فی الفور یہاں بھیجدیں۔ نوجوان امیرزادے بادشاہ کا یہ عجیب حکم اور غیر معمولی عجلت و پریشانی دیکھ کر بہت متحیر ہوئے۔ ان کے دلوں میں بھی طرح طرح کے وسوسے آنے لگے اور اسی دن سئیز روانہ ہو گئے۔ اب کمبوجیہ کا اضطراب دم بدم بڑھنے لگا۔ اُس دن اُس نے شراب کو بھی ہاتھ نہ لگایا اور دل ہی دل میں اپنے نشہ و بدمستی کو لعنت بھیجنے لگا۔ کچھ دیر بعد پائیں باغ میں ٹہلنے نکلا تو اپنی ماں کو وہاں دیکھ اُس سے آنکھ ملانے کی تاب نہ لا سکا۔ اور چھپنے کی کوشش کرنے لگا غرض کہ اسی طرح ایک پورا ہفتہ جو اُسے ایک سال کے برابر معلوم ہوا گذر گیا مگر یرکز اسپ کا پتہ نہ چلا۔ اس نے کئی بار اُس کے لڑکے سے بُلا کر پوچھا مگر جواب ہمیشہ نفی میں ملا۔ جب تیرہ دن اس طرح گذر گئے تو کاسندانہ نے اُسے ملنے کے لئے بُلایا۔ کمبوجیہ کو خیال ہوا کہ شاید ماں کے باتوں سے کچھ تسکین ہوا اور راتوں کی نیند جو اچاٹ ہو گئی ہے واپس آجائے۔ اس لئے فوراً حاضر ہوا اور اس محبت و اطاعت کے ساتھ پیش آیا کہ خود ملکہ حیران ہو گئی۔

کاسندانہ کے چہرہ سے پریشانی ظاہر تھی اس نے بردیہ کی بیوی کی آمد سے اطلاع دی اور اپنے بیٹے سے کہا کہ وہ تمہیں ایک تحفہ پیش کرنا چاہتی ہے۔ سافو جب سامنے آئی تو اس نے کل حالات بیان کئے اور کہا کہ اس کا شوہر بموجب حکم شاہی سفیر کے ہمراہ ملک عرب روانہ ہو گیا اور وہ بھی ملکہ عالم کا پیغام سُنتے ہی فوراً ممفس چلی آئی۔ یہ خبر سُنتے ہی بادشاہ کا چہرہ زرد ہو گیا اور اپنے بھائی کی حسین بیوی کی طرف ایسی رنج آلود نگاہ سے دیکھنے لگا کہ سافو

کھٹک گئی اور سمجھی کہ یقیناً کوئی خاص بات ہے جو مجھ سے چھپائی جاتی ہے۔ اس خیال نے اُسے بے انتہا خائف و پریشان کر دیا مگر بہت ضبط کر کے اپنے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے وہ خوبصورت بکس جس میں نفتیتس کی مومی مورت بحفاظت رکھ کے لائی تھی بادشاہ کے سامنے پیش کیا اور عرض کیا "میرے شوہر نے یہ تحفہ خدمتِ عالی میں بھیجا ہے"۔ کمبوجیہ نے اُسے ہاتھ میں لے کر ایک خواجہ سرا کے حوالہ کر دیا۔ اور اپنی بھاوج سے چند کلمے کہہ کر جن سے اظہار شکریہ مقصود تھا فوراً باہر چلا گیا۔ اتوسا بھی پاس کھڑی تھی مگر وہ اُس کی طرف متوجہ نہ ہوا۔ درحقیقت وہ اُسے اب بالکل بھول گیا تھا۔ اور وہ بھی سامنے آنا پسند نہ کرتی تھی۔ ماں کی اس ملاقات سے بجائے اس کے کہ دل کو تسکین ہو اس کا اضطراب اور بڑھ گیا۔ اور سافو کی زبانی حال سُنکر آخری امیدیں بھی منقطع ہو گئیں۔ اور اُسے خیال آیا کہ پرکزاسپ اگر نہ بھی قتل کر چکا ہوگا تو کیا عجب ہے کہ شاید اُسی وقت اسکے نوجوان بھائی کے سینہ میں خنجر مارنے کا قصد کر رہا ہو۔ اب اس واقعہ کے بعد وہ اپنی ماں کے سامنے کس مُنہ سے جائے گا اور وہ حسین و پری جمال لڑکی جو کس حسرت و یاس سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی اور جس کی آہو مثال آنکھوں سے کیسی غم و پریشانی برس رہی تھی اب اپنے شوہر کا حال پوچھے گی تو ان سوالوں کا وہ کیا جواب دیگا؟ اس کا ضمیر چلّا کر بولا کہ بھائی کے ظالمانہ قتل کا سبب تیرے ہی دل کی بزدلی اور بیجا خوف و خطر تھا۔ اس کا تمام جسم کانپ اُٹھا اور یہ خیال کہ لوگ مجھے برادر کش کہیں گے ایک تیز چھری کی طرح اُس کے دل و جگر کو زخمی کرنے لگا اس سے پہلے وہ بہت سے آدمیوں کو خود اپنے ہاتھ سے قتل کر چکا تھا۔ لیکن یا تو میدانِ جنگ میں سب کے سامنے۔ جس کا مطلق اُسے کچھ رنج و غم نہ ہوا وہ صاحبِ قدرت و حاکم سلطنت تھا جو چاہتا کرتا۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ کچھ

کہ سکتا اور اگر بردیہ کو بھی اپنے ہی ہاتھ سے تہ تیغ کر دیتا تو اُس کا نفس ملامت نہ کرتا مگر خفیہ طور سے کسی دوسرے شخص کے ہاتھوں قتل کرا دینا اور وہ بھی صرف اس معمولی بات پر کہ اس نے اپنی قوت و شجاعت کا اظہار کر کے خاندان ہخامنش کا نام رکھ لیا۔ کس درجہ شرمناک و بزدلانہ حرکت تھی۔ یہ احساس ہوتے ہی اُس کے دل میں اس درجہ پشیمانی خجالت و تاسف پیدا ہوا کہ مارے غصہ کے اپنے بدن کی بوٹیاں نوچنے لگا۔ اس نے اپنے آپ کو حد درجہ کمینہ و ذلیل کہا۔ اور پھر رفتہ رفتہ اس کے دل میں یہ شبہ پیدا ہوا کہ شاید جو لوگ اس کے حکم سے پہلے قتل ہو چکے ہیں وہ بھی بردیہ کی طرح معصوم و بے گناہ تھے اور اس کا جواب دہ وہ اہرمز کے سامنے ہوگا۔ اس خیال نے اُس کا اضطراب اور بھی بڑھا دیا جسے دور کرنے کے لئے اس نے مئے ناب کی طرف ہاتھ بڑھایا لیکن یہ غم و افکار کی بھلا دینے والی اس مرتبہ اس کے جسم و دماغ دونوں کے لئے زہر ہلاہل ہو گئی۔ اس کی قویٰ جنھیں مے نوشی اور صرع نے حد درجہ کمزور کر دیا تھا گزشتہ واقعات کے روح فرسا اثر کی تاب نہ لا سکے۔ وہ کبھی تو سردی سے کانپنے لگتا۔ کبھی بخار کی گرمی سے جلنے لگا۔ اور مجبوراً اب اپنے بستر پر لیٹنے کے ارادہ سے بڑھا اور کپڑے اتار رہا تھا کہ یکایک اُسے اپنے بھائی کا بھیجا ہوا تحفہ یاد آیا۔ اس نے خادموں سے بکس منگوا کر اپنے سامنے کھلوایا اور اس کے ڈھکنے پر مصری تصاویر و نقش و نگار دیکھتے ہی فوراً اُسے متیتیس کا خیال آیا اور دل میں کہنے لگا کہ اگر آج وہ زندہ ہوتی تو میری اس ظالمانہ حرکت پر کس قدر نفرت کرتی۔ پھر جھک کر بکس کے اندر سے ایک مومی مورت نکالی جس پر نگاہ پڑتے ہی وہ مبہوت رہ گیا۔ تصویر اپنی اصل سے اس قدر مشابہ تھی کہ اس کے کمزور دماغ میں فوراً یہ وہم پیدا ہوا کہ کسی نے اس پر جادو کر دیا ہے اور بڑی دیر تک ٹکٹکی باندھے اپنی معشوقہ کے پیارے چہرہ

کو تکتا رہا۔ یکایک اُسے محسوس ہوا کہ اس مجسمہ میں جان پڑ گئی۔ اس کے ہونٹ و آنکھیں حرکت کرنے لگیں جسے دیکھتے ہی ایک ناقابل بیان خوف اس کے دل پر طاری ہوا دست و پا تھر تھر کانپنے لگے۔ مومی مورت چھوٹ کر زمین پر گر پڑی اور پاش پاش ہو گئی۔ اور وہ زور سے ایک چیخ مار کر بیہوش پلنگ پر جا گرا۔ اُس وقت سے اسکے بخار میں اور بھی تیزی ہو گئی اور اُس حالتِ بے خودی و ہذیان میں یہ نظر آیا کہ فنیس سامنے کھڑا ہوا ایک مضحکہ آمیز یونانی گیت گا کر اُسے بُرا بھلا کہتا ہے جسے سُنکر وہ اپنا گھونسا تان کر اُسے مارنے دوڑتا ہے۔ پھر اس کا رفیق و وفادار کری سس بھی سامنے آکر لعنت ملامت کرتا ہے اور وہی گستاخانہ الفاظ جو نتیتیس کے واقعہ کے زمانے میں اس نے کہے تھے زبان پر لاتا ہے یعنی دیکھو خبردار اپنے بھائی کے خون سے دامن تر نہ کرنا۔ ورنہ مظلوم کی آہیں دھواں بن کر آسمان کی طرف اٹھیں گی اور ایسے بادل بن جائیں گے جو قاتل کی باقی ماندہ زندگی تیرہ و تار کر کے اُس کے سر پر انتقام کی مہیب بجلیاں برسائیں گی۔ حالت خواب میں اس تشبیہ نے اصلیت کی شکل اختیار کر لی۔ اس نے دیکھا کہ سیاہ سیاہ بادلوں سے خونی مینھ برس رہا ہے جس سے وہ بچ کر بھاگنا چاہتا ہے مگر اُس کا جسم اور تمام کپڑے تر ہوئے جاتے ہیں۔ کچھ دیر بعد جب یہ بارش موقوف ہو گئی تو وہ اپنی نجاست دور کرنے کے لئے دریائے نیل کی طرف جاتا ہے یہاں نتیتیس مسکراتی ہوئی اُس کی طرف آتی ہے اور وہ اُسے دیکھ کر بے تابانہ اُس کے قدموں پر گرتا ہے اور ہاتھ کا بوسہ لینا چاہتا ہے۔ مگر ان کے چھونے ہی اس کی معشوقہ کی انگلیوں پر یکایک خون کی ایک بوند نمودار ہوتی ہے اور وہ خوف زدہ ہو کر اس کا ہاتھ چھڑا کر بھاگنا چاہتی ہے۔ اب کمبوجیہ بصد منت عاجزی اس سے معافی مانگتا ہے مگر وہ کچھ پرواہ نہیں کرتی۔ یہ دیکھ کر اُسے غصہ آتا ہے پہلے تو اُسے گھڑکتا و جھڑکتا

ہے۔ پھر خوفناک سزاؤں کی دھمکی دیتا ہے۔ وہ یہ سُنکر اس کی ہنسی اُڑاتی ہے اور نفرت سے منہ پھیر لیتی ہے۔ اس پر وہ اور غضبناک ہوتا ہے اور ایک خنجر پھینک کے اُسے مارتا ہے جس کے لگتے ہی جس طرح مورت کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے تھے اُسی طرح وہ بھی پاش پاش و ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے لیکن اس کی طنز آمیز ہنسی بند نہیں ہوتی بلکہ اور زیادہ اونچی اُٹھتی ہے نیز بہت سی دوسری آوازیں بھی اب اس کا ساتھ دے رہی ہیں اور اس پر لعنت بھیجنے میں ایک دوسرے سے سبقت لیجانے کی کوشش کرتی ہیں۔ ان سب میں بردیہ اور نتیتیس کی آوازیں بہت صاف اُسے سُنائی دیتی ہیں اور سب سے زیادہ اس پر نفریں کر رہی ہیں آخر کار جب وہ دیکھتا ہے کہ یہ خوفناک صدائیں بند نہیں ہوتیں تو اپنے دونوں کان زور سے بند کر لیتا ہے۔ اس سے بھی کچھ حاصل نہیں ہوتا تو اپنا سر بیابان کی جلتی ہوئی ریگ میں چھپانے کی کوشش کرتا ہے اور بعد ازاں نیل کے برفیلے پانی میں غوطہ مار کر بیہوش ہو جاتا ہے۔ اب یکایک وہ چونک پڑا اور نہایت وحشت و خوف سے اِدھر اُدھر دیکھنے لگا اس کی سمجھ میں نہ آیا کہ دراصل یہ عالم بیداری ہے یا خواب۔ کیونکہ وہ بوقت شب پلنگ پر لیٹا تھا اور اب ڈوبتے ہوئے آفتاب کی ترچھی شعاعیں بستر پر اس طرح پڑ رہی تھیں کہ صبح کا گمان نہ ہو سکتا تھا۔ بلکہ رات کی آمد آمد تھی۔ کیونکہ پروہتوں کی آوازیں جو مستھرا کے رخصتی بھجن زور زور سے گا رہے تھے باہر سے آ رہی تھیں۔ کچھ دیر بعد اس کی مسہری کے پردے کے پیچھے سے لوگوں کے چلنے پھرنے کی آہٹ سُنائی دی۔ اُس نے اٹھنا چاہا مگر اس قدر کمزور تھا کہ بالکل حرکت نہ کر سکا۔ آخر کار بڑی کوشش و ہمت سے اپنے خادموں و غلاموں کو آہستہ سے پکارا۔ فوراً نہ صرف وہ بلکہ اُس کی ماں پرکرا سپ اور بہت سے عالم و فاضل مجوس اور چند مصری اندر داخل ہوئے اور ادب سے

گردنیں جھکا کر کھڑے ہو گئے۔ بعدہٗ سردار خواجہ سرا نے عرض کیا کہ حضور کئی ہفتوں سے ایک سخت بخار میں مبتلا تھے۔ اب دیوتاؤں کے فضل سے افاقہ ہوا ہے۔ مصری حکیموں کے علاج اور آپ کی والدہ کی خبر گیری اور تیمارداری نے شکر ہے کہ خطرہ دور کر دیا۔ کمبوجیہ نے آنکھیں کھولتے ہی سفیر کے چہرہ کی طرف دیکھا اور کچھ سمجھتے ہی اُس پر اس قدر اثر ہوا کہ پھر بیہوش ہو گیا۔ دوسرے دن اُسے کچھ افاقہ تھا۔ اچھی نیند سویا اور طبیعت پہلے سے زیادہ بحال معلوم ہوئی۔ چار دن بعد اتنی طاقت آگئی کہ آرام کرسی پر بیٹھ سکتا تھا۔ اور پرگز اسپ سے اپنے بھائی کے متعلق جس کی اُسے اس قدر فکر تھی دریافت کر سکتا تھا۔ سفیر نے یہ خیال کر کے کہ اُس کا آقا اب تک بہت کمزور ہے گفتگو سے پرہیز کرنا چاہا۔ لیکن کمبوجیہ نے اپنا ہاتھ اُٹھا کر دھمکایا اور ایسی غضبناک نگاہ سے اس کی طرف دیکھا کہ پھر اُسے اپنی زبان بند رکھنے کی ہمت نہ ہوئی اور یوں گویا ہوا:۔

"میرے آقا! مبارک ہو بردیہ جس نے حضور کی عزت اور نام مٹانے کی کوشش کی تھی اپنے کیفر کردار کو پہنچ گیا۔ انہیں ہاتھوں نے اُسے واصل ملک عدم کیا ریگ بیابان اور بحر احمر کی موجیں اس کی شاہد ہیں۔ اور سوا میرے یا اُن چیل کوؤں کے جو اُس کے قبر پر منڈلا رہے ہیں کسی نے اس واقعہ کو نہیں دیکھا ہے۔"

یہ سُننا تھا کہ ایک ایسی دلخراش چیخ کمبوجیہ کے مونہ سے نکلی کہ تمام کمرہ گونج اُٹھا۔ وہ غش کھا کر گر پڑا اس کے بخار کا دورہ پھر شروع ہو گیا اور پہلے کی طرح جنون و ہذیان کی کیفیت ہو گئی۔ ہفتوں اسی حالت میں گذر گئے۔ ہر روز اسکی موت کا انتظار ہونے لگا۔

---

لہ اس واقع کے متعلق داراؔ اپنے کتبہ بیستون میں اسطرح لکھتا ہے کہ :-

کمبوجیا نام پورکورش از تخمہ ما۔ او ایں جا بادشاہی داشت۔ او کمبوجیا برادرے بار دنام داشت۔ از یک مادر و پدر پس کمبوجیا آن برادرانش را کشت (ایران نامہ)

بالآخر اس کے مضبوط قویٰ بیماری پر غالب آئے مگر اس کے دماغ پر ایسا اثر ہوا کہ پھر اپنی اصلی حالت پر نہ آیا اور آخر عمر تک منتشر و مخبوط رہا۔ کئی ماہ کے بعد جب وہ کمرے سے باہر نکلا اور تیر و کمان چلانے کے قابل ہوا تو پرانی عادتیں پھر عود کر آئیں اور مے نوشی جسے اُسنے چھوڑ دیا تھا پھر بڑھنے لگی اب اس کے دل میں ایک عجیب وہم پیدا ہوا۔ یعنی بردیہ حقیقت میں مرا نہیں ہے بلکہ شاہِ حبش کے کمان کی تکل بن گیا ہے یا اس میں اسکی روح حلول کر گئی ہے اور اُس کے متوفہ باپ کے فَرَدَش اُسے حکم دے رہے ہیں کہ جلد اس سیاہ فام قوم کو فتح کر کے اپنے بھائی کو زندہ کر اور اصلی صورت میں لے آ۔ یہ خیال جسے اُس نے اپنے مصاحبوں سے بھی بڑی رازداری کے ساتھ کہنا شروع کیا رفتہ رفتہ اب اس قدر مُسلّط ہوا کہ جب تک ملک حبش ایک بڑی فوج کے ساتھ روانہ نہ ہو گیا اُسے چین نہ آیا۔ مگر اس مہم میں اُسے سخت ناکامیابی ہوئی اور بغیر اپنا مقصد حاصل کئے مجبوراً واپس آنا پڑا۔ شدت گرمی اور کھانے پینے کی تکالیف سے اس کی فوج کا بہترین حصہ راستہ ہی میں تباہ ہو گیا۔ اُس زمانہ کا ایک مورخ[۵۱] جسے قریباً اس کا ہمعصر کہنا چاہیئے۔ لکھتا ہے کہ جب ایرانی فوج کی رسد ختم ہو گئی تو غریب سپاہی گھاس پھوس کھانے لگے۔ لیکن جب ریگستان میں یہ بھی میسر نہ ہوا تو ان کی مصیبت کی انتہا نہ رہی اور جو تدبیر انھوں نے اپنے زندہ رہنے کے لئے کی وہ ایسی ہولناک تھی کہ بیان سے باہر ہے یعنی تمام سپاہی قرعہ ڈالتے تھے اور ہر دسواں شخص جس کے نام پر ایک خاص نمبر آتا تھا دوسروں کی غذا کے لئے مخصوص ہوتا تھا اور اُسے مار کر کھا جاتے تھے۔ بالآخر اس سپاہ نے شورش و بغاوت شروع کر دی اور بادشاہ کو مجبوراً واپس آنا پڑا۔ جب وہ ممفس داخل ہوا تو اہل مصر جنھیں ایک نیا اپس مل گیا تھا اپنے اس دیوتا کی خوشی میں ایک بہت بڑا تہوار جشن منا رہے تھے۔ علاوہ بریں اُتھینبز ہی میں یہ خبر پہنچ گئی تھی کہ جو لشکر صحرائے

۵۱ کمبوجیہ کی وفات کے ساٹھ برس بعد ہیروڈوٹس نے مصر کا سفر کیا تھا۔ (ایڈیٹر)

لیبیا میں اُمّن کی طرف گیا تھا وہ اثنائے راہ میں بادسموم کے چلنے سے ہلاک و برباد ہو گیا اور جو بیڑہ جہازات کہ کاریر تھیج فتح کرنیکے لئے روانہ ہوا تھا اُس کے بھی ملاح باغی ہو گئے اور اپنے ہم قوموں کے خلاف لڑنے پر راضی نہ ہوئے۔ غرضکہ یہ پے در پے شکستیں و ناکامیاں اور پھر باشندگان ممفس کا خوشیاں منانا کمبوجیہ کو فوراً خیال گذرا کہ مصری اُس سے باغی ہو گئے۔ اُس نے عمائدین شہر کو سامنے طلب کر کے اپنی ناخوشی کا اظہار کیا اور پوچھا کہ اس کی کیا وجہ کہ ایرانی فتوحات سے تو وہ ایسے غمگین و افسردہ تھے اور اب اُنکے شکستوں کے بعد اس قدر جوش مسرت کا اظہار کر رہے ہیں۔ مصری امرا نے اُسے سمجھانے کی کوشش کی اور عرض کیا کہ آپس کا ظاہر ہونا ہمیشہ سے اس ملک میں باعث برکت و خوشی سمجھا جاتا ہے جس سے ہرگز شہنشاہ کی بغاوت و تحقیر مقصود نہیں بلکہ یہ ایک مذہبی رسم ہے جس کا ادا کرنا اُن کا فرض ہے۔ کمبوجیہ اس جواب سے مطمئن نہ ہوا اور غصہ میں آکر ان سب کو قتل کرا دیا۔ بعدہٗ اس نے مصری پروہتوں کو اپنے سامنے طلب کر کے اُن سے بھی یہی سوال کیا اور جب وہی جواب ملا تو نہایت تمسخر و ہنسی سے مونھ بنا کر کہنے لگا کہ میں بھی اس نئے دیوتا کے درشن کرنا چاہتا ہوں۔ ذرا اُسے میرے سامنے لاؤ۔ غرض کہ آپس حاضر کیا گیا جسے پیش کر کے بڑے پروہت نے عرض کیا کہ ایک اچھوتی گائے کا جسے چاند کی کرنوں نے گابھن کیا تھا۔ یہ فرزند ہے اس کے خاص علامات ہیں یعنی رنگ بالکل سیاہ ہے۔ پیشانی پر ایک سفید مثلث نشان۔ پشت پر عقاب کی شکل۔ پہلو پر ہلال۔ دُم پر دو قسم کے بال اور زبان پر مقدس بھونرے کی شکل اُبھری ہوئی موجود ہے۔ بادشاہ نے اس عجیب سانڈ کو اپنے سامنے کھڑا کر کے اُسے بغور دیکھا اور جب کوئی مذکورہ بالا علامت نظر نہ آئی تو اُسے بہت غصہ آیا اور فوراً اپنی تلوار اس کے پہلو میں بھونک کر آپس کو مار ڈالا اور بڑے زور سے ہنس کر کہنے لگا۔ "بے وقوف گدھو۔ اپنے دیوتا کے مرنے کا تماشہ دیکھو۔ اس بیل کو پوجتے تھے اب جاؤ

اسے بھون کر کھا جاؤ اور خبردار میرے خلاف زبان نہ ہلانا۔ سپاہیو! ان احمقوں کو میرے سامنے سے نکال دو۔ اور اگر کسی شخص کو یہ بیہودہ تہوار مناتے دیکھو تو فوراً اس کا سر قلم کر دو۔" اس حکم کی پورے طور سے تعمیل کر دی گئی۔ جس سے مصریوں کی آزردہ دلی اور بڑھ گئی۔ وہ اپنے مردہ آپس کو اٹھا کر لے گئے اُسے مقدس بیلوں کے اس مقبرے میں جو بمقام سرا پیم واقع تھا خفیہ طور سے دفن کر دیا۔ بعد ازاں سامتیک کی سرداری میں انھوں نے ایک بغاوت کی۔ جسے ایرانیوں نے بآسانی فرو کر دیا۔ اس لڑائی میں اماسس کا بدنصیب فرزند مارا گیا۔ اس کے عیوب اور گذشتہ حرکتیں قابل عفو ہیں۔ کیونکہ آخر میں اس نے اپنی قوم کو غیر ملک کی غلامی سے رہا کرنے کی حد درجہ کوشش کی۔ اور اپنی جان دیکر حق حب الوطنی ادا کر دیا۔ کمبوجیہ کے جنون نے اب ایک نئی شکل اختیار کر لی۔ بردیہ جسے وہ سمجھتا تھا کہ کمان کی شکل بن گیا ہے۔ جب اُسے زندہ کرنے کی کوشش میں اُسے ناکامیابی ہوئی تو اُس کا مزاج اور بھی چڑچڑا ہو گیا اور ذرا ذرا سی بات پر اپنے آپے سے باہر ہونے لگا۔ اس کا وفادار مشیر و مصاحب کری سس جو اس کے ساتھ ہمیشہ رہتا تھا کئی بار جلاد کے نذر ہو چکا تھا مگر سپاہی اپنے مالک کی طبیعت جانتے تھے کہ دوسرے ہی دن یا تو اپنا حکم بھول جاتا تھا یا افسوس کرنے لگتا تھا اس لئے کری سس کو ضرر پہنچانے کی کسی کی ہمت نہ ہوئی لیکن روزانہ کوئی نہ کوئی امیر یا غریب بادشاہ کا غصہ ٹھنڈا کرنے کے لئے لقمۂ اجل ہوتا تھا۔ غرضکہ کمبوجیہ سے جو جو ظالمانہ حرکتیں اس زمانہ میں سرزد ہوئیں وہ ناقابل بیان ہیں۔ چند واقعات قابل ذکر ہیں جن کے سُننے سے معلوم ہوگا کہ اس شخص کا جنون کس حد تک بڑھ گیا تھا۔ ایک دن بعد طعام شب نشہ میں چور تھا۔ پرکزاسپ سے پوچھنے لگا کہ ایرانی میرے متعلق کیا کہتے ہیں سفیر جس کا نفس اب ہر وقت ملامت کیا کرتا تھا اور اپنی گزشتہ حرکت پر حد درجہ نادم تھا۔ اور تلافی مافات کے خیال سے بادشاہ کو نیک اعمال کی طرف راغب کرنا

چاہتا تھا۔ یہ سُنکر بولا کہ رعایا حضور کی ہر طرح لے دے ثنا خواں ہے۔ البتہ شراب نوشی کے متعلق ان کا ضرور یہ خیال ہے کہ حضور نے آج کل بہت کثرت کر دی ہے۔ یہ سُنتے ہی کمبوجیہ پُر غضب ہو گیا اور جوش میں آکر چلایا "کیا ایرانی یہ سمجھتے ہیں کہ مے نوشی سے میری عقل جاتی رہی ہے۔ اچھا تو دیکھو میں ابھی ثابت کرتا ہوں کہ ان کا یہ خیال کس قدر غلط ہے۔" یہ کہہ کر اُس نے کمان ہاتھ میں لی اور پرکزاسپ کے سب سے بڑے لڑکے یعنی آبدار شاہی کی طرف جو سامنے کھڑا تھا شست باندھ کر ایسا تیر مارا جو اُس کے سینہ کے آر پار ہو گیا۔ اور جب وہ گر کر تڑپنے لگا تو کہنے لگا کہ اس کا سینہ چاک کر کے دیکھو کہ تیر کہاں لگا ہے۔ اس حکم کی تعمیل کی گئی اور جب یہ معلوم ہوا کہ نشانہ ٹھیک قلب پر پڑا ہے تو دیوانہ مارے خوشی کے ناچنے لگا اور سفیر سے ہنس کر بولا "کہو پرکزاسپ میری عقل جاتی رہی ہے یا اُن ایرانیوں کی جو مجھے الزام دیتے ہیں۔ بھلا اس سے اچھا نشانہ کون مار سکتا ہے۔ تم بھی ضرور قائل ہو گئے ہو گے۔" پرکزاسپ کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ اس کا چہرہ زرد تھا اور بُت کی طرح ساکت و خاموش کھڑا تھا۔ سچ ہے کہ وہ نفس جو غلامی کا عادی ہو گیا ہو اور اپنے حاکم کو قادر مطلق سمجھتا ہو کس طرح خنجر انتقام کے پکڑنے کی جرأت کر سکتا ہے۔ جب بادشاہ نے مکرر وہی سوال کیا تو اُس نے اپنا ہاتھ سینہ پر رکھ کر آہستہ سے جواب دیا "بیشک جہاں پناہ! حضور سے بڑھ کر بھلا کون نشانہ مار سکتا ہے۔" چند ہفتے بعد بادشاہ سیر کو گیا وہاں جب محل شاہی میں اپنی معشوقہ کے خاص کمرے دیکھے تو پرانے جذبات نے پھر جوش مارا لیکن ساتھ ہی اُسے اماسس کی دھوکہ بازی اور دروغ کا واقعہ بھی یاد آیا۔ بس کیا تھا۔ مُردہ فرعون کو ہزاروں صلواتیں سُنانے لگا۔ اور مارے غصہ کے چیختا چلاتا معبد منیچ میں پہنچا جہاں اماسس کی ممی محفوظ و مدفون تھی۔ وہاں اُسکے حکم سے فرعون کی لاش تابوت کے اندر سے باہر نکالی گئی اُسے لکڑیوں سے پیٹا گیا۔ سوئیوں و کیلوں سے چھیدا گیا اور ایرانی تمام

عقائد کے خلاف جو مقدس آگ کو مردہ کی تربت تک لانا سخت گناہ سمجھتے ہیں اُسے جلا دیا گیا۔ بعدہٗ اُس نے اماسس کی پہلی بیوی کی لاش بھی جو تھیبز میں دفن تھی اسی طرح جلوادی۔ اب کچھ عرصہ بعد وہ ممفس واپس آیا اور اتفاقیہ محل میں گیا تو کسی معمولی بات پر غصہ میں آکر غریب اتوسا کو بہت مارا۔ ایک دن ایک کتے و شیر کے بچے کی لڑائی اُس کے سامنے کی گئی جب شیر غالب آگیا تو دوسرا کتا جو مغلوب جانور کا بھائی تھا اپنی زنجیریں تڑا کر شیر پر جھپٹا اور اُسے مار ڈالا۔ کمبوجیہ یہ دیکھ کر بہت خوش ہوا لیکن بادشاہ و اتوسا جو وہاں موجود تھیں بے اختیار زار و قطار رونے لگیں۔ کمبوجیہ نے بڑی حیرت سے انکے رونے کا سبب پوچھا تو اتوسا منہ بنا کر غصہ سے بولی کہ ایک بہادر جانور نے تو بھائی کے لئے اپنی جان کی بھی کچھ پرواہ نہ کی مگر پیارے بردیہ کو جس کمبخت نے قتل کیا اُس سے انتقام لینے والا کوئی پیدا نہیں ہوتا۔ کمبوجیہ جس کے دل میں چور تھا یہ الفاظ سنتے ہی ایسا آگ بگولا ہو گیا کہ ملکہ کا سندانہ ہاتھ نہ پکڑ لیتی تو ضرور اتوسا کو مار ڈالتا۔ ماں نے اُس کی طرف ایسے غصہ و نفرت سے دیکھا کہ وہ ڈر گیا اُس کے دل میں وہ نگاہیں چبھ گئیں اور اب اُسے ایک نیا وہم پیدا ہوا کہ عورتوں کی آنکھوں میں جادو ہے وہ اُسے زہر دیکر مار ڈالیں گی۔ اس واقعہ کے بعد جب کبھی وہ کسی عورت کو دیکھتا تو فوراً چھپ جاتا اور اُس کے سامنے سے بھاگنے لگتا۔ بالآخر یہ جنون اس قدر بڑھا کہ اُسکے حکم سے محل کی تمام عورتیں معہ اُس کی ماں وغیرہ یحیبیس اور آریاسپ کے ہمراہ ایران روانہ کر دی گئیں جب حرم شاہی سیئر پہنچا تو فرعون کے قدیم محل میں اترا۔ نحری سس بھی اُنکے ساتھ بیمانتک آیا تھا۔ ملکہ کا سندانہ کو گزشتہ واقعات نے بہت کچھ بدل دیا تھا۔ رنج و غم سے اس کے چہرہ پر جھریاں پڑ گئی تھیں مگر قد ابھی تک سیدھا تھا۔ اس کی بیٹی اتوسا بھی بہت غمگین و اداس رہتی تھی مگر اُس کے حسن و جمال میں کمی نہ تھی بلکہ بھرپور جوانی نے اُسے اور بھی دوبالا کر دیا تھا اب بجائے لڑکپن کے شوخی شرارت و ضد کے اس کے مزاج میں صلاحیت

اور ہمت و استقلال میں پائیداری پیدا ہوگئی تھی۔ گزشتہ افسوسناک واقعات اور تین سال تک ایک مجنوں بھائی کے ساتھ بحیثیت اُس کی زوجہ کے انتہائی مصیبت کے ساتھ زندگی بسر کرنے نے صبر و تحمل کا اُسے ایک نہایت عمدہ سبق سکھا دیا تھا تاہم اپنے عاشق کی یاد ابھی تک اُسکے دل سے محو نہ ہوئی تھی۔ سافو کے ساتھ اُسے ایک خاص اُنس و محبت ہوگئی تھی اور اُس کی رفاقت و ہمدردی نے غمِ جدائی کی ایک حد تک تلافی کردی تھی۔ پری جمال سافو اپنے شوہر کے مفقود الخبر ہونے کے بعد بالکل ہی بدل گئی تھی نہ چہرہ کا وہ گلابی رنگ تھا نہ ہونٹوں کی دلفریب مسکراہٹ تھی۔ زرد رو۔ آنکھیں نیچے گئے اُداس و مغموم اری اڈنی[1] کی طرح دن رات وہ اپنی تھی سیوس کے آنے کی دعائیں مانگا کرتی تھی۔ اور سرتاپا ایک تصویرِ انتظار بن گئی تھی۔ کسی کے قدموں کی آہٹ سُنائی دیتی۔ دروازہ کھلتا یا کسی مرد کی آواز یکایک کانوں میں آتی تو وہ چونک پڑتی۔ فوراً کھڑی ہوجاتی آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنے لگتی اور باوجود متواتر مایوسیوں و ناامیدیوں کے بھی دامنِ امید و صبر کو ہاتھ سے نہ جانے دیتی۔ مختصر یہ کہ اُس کی تمام زندگی اپنے پیارے کی یاد و انتظار میں گذرتی تھی اور صرف ایک ہی جذبہ۔ ایک ہی خیال یعنی اُس سے ملنے کی آرزو تمنّا اس کے دل و دماغ پر غالب و حاوی تھی البتہ بعض اوقات جب پیاری بچّی گود میں ہوتی یا اس سے کھیلتی و پیار کرتی تو تھوڑی دیر کے لئے اگلی حالت پھر عود کر آتی۔ پژمردہ رخساروں پر ایک رنگ دوڑ جاتا۔ آنکھیں چمکنے لگتیں رنج و غم کسی قدر دل سے جاتا رہا کیونکہ یہ ہی یعنی بردیہ کی زندہ نشانی اُس کے لئے اب کچھ تھی۔ وہ ہی اُس کی زندگی کا مقصدِ خاص اور اس دنیا میں جس کا لطف شوہر کے جانے کے بعد بالکل ہی غائب ہوگیا تھا تعلق و وابستگی کا تنہا سبب ہوسکتی تھی۔ کبھی جب وہ اُس کی خوبصورت آنکھوں کو جو بالکل اپنے باپ کی طرح نیلگوں تھیں بغور دیکھتی تو اُسے خیال آتا۔ کاش کہ یہ لڑکا ہوتی جو بڑا ہوکر

[1] اری اڈنی۔ ایک یونانی دیوی جس کا تھی سیوس سے عشق کا واقعہ مشہور ہے۔

اپنے باپ سے ایسا مشابہ ہوتا کہ مجھے بعض وقت انھیں کا دھوکا ہو جاتا اور سمجھتی کہ شاید وہی آ گئے۔ یہ خیالات زیادہ دیر تک نہ رہتے وہ اپنی ننھی بچی کو پیار کر کے فوراً گلے لگا لیتی اور خود کو نفرین و ملامت کرتی کہ میں کیسی بیوقوف اور ناشکر گذار ہوں۔ ایک دن اتوسا کو بھی یہی خیال آیا اور اُس کی زبان سے نکل گیا "کاش کہ یہ میسیں لڑکا ہوتی جو بڑا ہو کر بھائی کی طرح ہوتا اور ایران پر ایسی حکومت کرتا کہ لوگ اُسے کورش ثانی کے نام سے یاد کرتے

سافو کے ہونٹوں پر افسردگی آمیز مسکراہٹ آئی اور اپنی بچی کو لپٹا کر پیار کرنے لگی اس پر کاسندانہ بولی "بیٹی! دیوتاؤں کا شکر کرو کہ اُنھوں نے تمہیں لڑکی دی۔ اگر وہ لڑکا ہوتی تو چھ سال کے عمر کے بعد تم سے جدا ہوتی اور اُس کی تعلیم و تربیت امیر زادوں کے ساتھ باہر ہوتی۔ مگر اب تو عرصۂ دراز تک وہ تمہارے ہی پاس رہے گی" سافو اپنی بچی سے جدا ہونے کے صرف خیال ہی سے کانپ اٹھی فوراً اُس نے اپنے گوہر بے بہا کو سینہ سے لگا لیا اور پھر اس دن سے کبھی لڑکے کی خواہش کا نام نہ لیا۔ اتوسا کی رفاقت نے نوجوان بیوہ کا دکھا ہوا دل بہت کچھ سنبھال لیا تھا اس سے اُسے کوئی حجاب مانع نہ تھا اور حسب دلخواہ جب تک چاہتی بردیہ کا ذکر کرتی اور تسکین و دلاسہ دیتی تھی۔ اتوسا اپنے گم گشتہ بھائی کی جان نثار بہن سے بڑھ کر اور کون اس کا غمگسار ہو سکتا تھا لیکن کوئی غیر بھی سافو کی باتیں سُنتا تو دلدادہ ہو جاتا۔ اس کی زبان میں جادو تھا۔ اس کے کلام میں عجب شیرینی تھی اور جب کبھی اپنا زمانہ عیش یاد کرتی تو بے ساختہ اُس کے مُنہ سے اشعار نکلتے یا لیرا ہاتھ میں لیکر اپنے ہمنام مشہور شاعرہ کی وہ غزل جو ہجراں نصیبوں کے حسب حال تھی ایسی درد بھری آواز سے گاتی کہ سننے والوں کے دل ہل جاتے۔ پھر وہی اگلی صحبتیں دسین آنکھوں کے سامنے پھرنے لگتے۔ آہ کیا ناقابل بیان خوشی و مسرت ہے! چاندنی رات چمیلی کے خوشبودار جھاڑیاں جن کے نیچے بیٹھی ہوئی اپنے عاشق دلدادہ کے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کر رہی ہے۔ تخلیہ نے ایک لحظہ میں اُسے کہاں سے کہاں پہنچا دیا اور اپنی موجودہ حالت سے

بے خبر کر دیا۔ مگر افسوس کہ تھوڑی ہی دیر میں یہ طلسم ٹوٹ جاتا ہے۔ ایک آہ جگر خراش اُسکے سینہ سے نکلتی ہے۔ ہاتھ سے باجہ چھوٹ کر نیچے گر پڑتا ہے اور اپنی اندوہ بھری آنکھوں سے سامنے تکنے لگتی ہے۔ کاسندانہ گو ان جذبات سے آشنا نہ تھی۔ تاہم یہ حالت دیکھ کر اُس کے آنکھیں بھی پُرنم ہو جاتیں۔ اتوسا بھی گلے سے لپٹ جاتی اور پیشانی کا بوسہ لیکر بہت کچھ اُسے تسکین و دلاسے دیتی۔ اسی طرح دن گزرتے گئے۔ سافو کو اس عرصہ میں اپنی نانی سے ملنے کا موقع نہ مل سکا کیونکہ کمبوجیہ کے حکم بموجب اور پرمیس کی خاطر وہ حرم سے کبھی باہر نہ جاتی تھی۔ کری سس نے جو اس سے اپنی لڑکی سے زیادہ محبت کرتا تھا اس خیال سے کہ وہ بلا اپنی نانی سے رخصت ہوئے کیونکر مصر چھوڑ سکتی ہے۔ رھوڈوفس کو سیئز بُلا بھیجا۔ کاسندانہ کا یہی اصرار تھا کیونکہ اس نے یونانی خاتون کے متعلق اس قدر سُنا تھا کہ اس سے ملنے کی بہت مشتاق تھی۔ غرض کہ جب رھوڈوفس آئی تو فوراً مادر شاہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ دونوں عورتیں جب برابر برابر کھڑی ہوئیں تو کوئی اجنبی یہ ہرگز نہ کہہ سکتا تھا کہ ان میں ملکہ کون ہے۔ اور کس کے سر پہ تاج شاہی زیادہ زیب دیتا ہے۔ کری سس نے ترجمانی کا کام اپنے ذمہ لیا اور اُس کی مدد سے دونوں میں سلسلۂ کلام شروع ہوا۔ تھوڑی ہی دیر میں کاسندانہ یونانی خاتون کی باتوں سے ایسی گرویدہ ہو گئی کہ اپنی اظہار خوشنودی کے لئے پوچھنے لگی کہ آپ کے دل میں کوئی خواہش ہو تو بیان کیجئے۔ رھوڈوفس نے کچھ دیر سوچنے کے بعد اپنے دونوں ہاتھ سامنے اٹھا کر عرض کیا "میری پیاری سافو کو مجھے عنایت کر دیجئے۔ وہی میرے بڑھاپے کی راحت و آرام ہے اور بلا اُس کے میری زندگی محال ہے۔"

کاسندانہ (تاسف آمیز مُسکراہٹ سے) "مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کی یہ التجا منظور کرنے سے قاصر ہوں۔ ہمارے رسم و رواج کے مطابق اولاد ہنخامنش کی پرورش شاہی خاندان میں ہونا ضروری ہے اس لئے میں پیاری پرمیس کو جو کورش اعظم

کی اکلوتی پوتی ہے کیونکر کسی دوسرے کے حوالہ کر سکتی ہوں۔ اور یہ بھی جانتی ہوں کہ سافو اُسے ہرگز اپنے سے جدا نہیں کریگی۔ علاوہ بریں مجھے اور میری لڑکی کو سافو سے اس قدر محبت ہے کہ گو ہمیں آپ کی اُلفت کا بخوبی اندازہ ہے مگر اُس کی جدائی گوارا نہیں کر سکتے (رھوڈوفس کو آبدیدہ دیکھ کر) لیکن اس کا ایک تدارک ہو سکتا ہے۔ آپ بھی نوکر انیس چھوڑ کر ہمارے ساتھ چلیے چلئے اور تمام عمر اپنی نواسی کے ساتھ رہئے۔ جہاں تک ہم سے ہو سکے گا آپ کے آرام و آسائش میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھیں گے۔"

رھوڈوفس۔ (سر ہلا کر آہستہ سے) ملکۂ عالم! میں آپ کی اس عنایت و مہربانی کا بہت شکریہ ادا کرتی ہوں مگر افسوس ہے کہ مجبور ہوں میرے تمام رگ و ریشے یونان کے ساتھ اس قدر وابستہ ہیں کہ اُس سے جدا ہوئی تو وہ بھی ٹوٹ جائیں گے۔ علاوہ بریں میں اپنے آزاد و ہم خیال ہم وطنوں کی صحبت کی اس قدر عادی ہو گئی ہوں کہ غم کی قیود میں گھل گھل کر مر جاؤں گی۔ کروسس نے آپ کے اس الطاف خسروانہ کا جب اولاً مجھ سے ذکر کیا تھا تو کئی دن تک میں سوچتی رہی اور بڑی روحانی جد و جہد کے بعد مجھے یقین ہو گیا کہ بعض فرائض زندگی ایسے ہیں جن کے مقابلہ میں مجھے اپنی محبوب ترین شے کو بھی قربان کئے بغیر کوئی دوسرا چارہ نہیں ہو سکتا۔ کارآمد زندگی بسر کرنا آرام و عیش و عشرت حاصل کرنے سے کہیں زیادہ مشکل ہے اور ایک سچے محب وطن کا اس سے بڑھ کر کوئی دوسرا فرض نہیں ہو سکتا کہ اپنی قومی ضروریات کے سامنے ذاتی خوشی و راحت کی کچھ پرواہ نہ کرے۔ میرے دل میں سافو کی وجہ سے ایران کی کشش ہے مگر دماغ و روح اپنے ملک کی طرف کھینچتے ہیں۔ اگر کسی دن آپ یہ سن لیں کہ یونان میں جمہوریت قایم ہو گئی اور میری قوم سوائے اپنے دیوتاؤں اور اپنے قوانین کے کسی کے سامنے سر نہیں جھکاتے تو سمجھ جائیگا کہ وہ کام جس کے لئے یہ ناچیز اور دیگر بڑے بڑے یونانیوں نے اپنی زندگی وقف کر دی تھی پورا و مکمل ہو گیا۔ گستاخی معاف اگر میں یہ عرض کروں کہ ایک

سچا یونانی خواہ بھیک مانگے مگر اپنی حریت کو ترجیح دیگا اور یہ گوارا نہ کریگا کہ دوسروں کی قید یا غلامی میں حکومت یا عیش و عشرت سے زندگی بسر کرے۔"

کاسندانہ کو رہوڈوفس کے یہ خیالات عجیب معلوم ہوئے۔ وہ اُن کے سمجھنے سے قاصر تھی مگر اس قدر اس نے بھی محسوس کیا کہ یہ عورت نہایت اولوالعزم ہے اس لئے اُس کی نگاہوں میں اس کی عزت اور زیادہ ہوگئی اور اس کے ہاتھوں کو بوسہ دیکر کہنے لگی "جو آپ کی مرضی ہو کیجئے لیکن میری طرف سے بخوبی اطمینان رکھئے کہ جب تک میری جان میں جان ہے یا میری لڑکی زندہ ہے۔ ہم دونوں آپ کی نواسی کو کبھی آزردہ خاطر نہ ہونے دیں گے۔ اور اپنے اخلاص و پیار میں کمی نہ کریں گے۔"

رہوڈوفس۔ آپ کی شریف صورت۔ آپ کی نیک دلی و محبت دیکھ کر مجھے بھی پورا یقین ہے۔"

ملکہ۔ (آہ سرد کھینچ کر) "نہیں! میں اسے اپنا فرض سمجھتی ہوں کہ جو ظلم و ستم اس غریب لڑکی پر ہوا ہے حتی المقدور اُس کی تلافی کروں اور اپنی پیاری پرمیس کی تعلیم و تربیت میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھوں۔ وہ ابھی سے بڑی ہوشیار و ذہین معلوم ہوتی ہے اور اپنی ماں کے گانے کو کیسے شوق سے سُنتی ہے۔ میں موسیقی کو بُرا نہیں جانتی مگر ہمارے ملک میں شریف زادیوں کو اس کی تعلیم نہیں دی جاتی اور یہ فن طبقہ ادنیٰ کے لئے مخصوص سمجھا جاتا ہے۔"

رہوڈوفس۔ (جوش میں آکر) "ملکہ عالم! اگر اجازت ہو تو میں اس مضمون پر اپنے خیالات کا اظہار کروں۔"

ملکہ۔ "بے شک۔ بلا تکلف فرمایئے۔"

رہوڈوفس "جب آپ نے اپنے پیارے لڑکے کی موت یاد کر کے ٹھنڈی سانس لی تو مجھے خیال گذرا کہ اگر ایرانی اپنے لڑکوں کو زیادہ موزوں و بہتر تعلیم دیتے یعنی انھیں مختلف گوناگوں علوم و فنون سے آگاہ کرتے تو ممکن ہے کہ یہ حادثۂ جانکاہ ظہور میں نہ آتا۔ بروئے

نے ایک مرتبہ مجھ سے ذکر کیا تھا کہ ایرانی امیرزادوں کو صرف تیراندازی۔ نیزہ بازی۔ شہسواری شکار کھیلنا۔ سچ بولنا۔ اور علم نباتات کے بعض مفید و مضر پودوں کے خواص وغیرہ جاننا غرضکہ اسی قسم کی چند باتوں کی تعلیم پر اکتفا کی جاتی ہے اور یہ خیال کرلیا جاتا ہے کہ یہی اُنکی آیندہ زندگی کے لئے کافی و فائدہ مند ہیں۔ ہمارے یونان میں بھی لڑکوں کی تربیت میں جسمانی ورزش پر بہت زور دیتے ہیں اور اچھی طرح جانتے ہیں ان کی صحت و تندرستی صرف اسی سے قایم رہ سکتی ہے مگر یہ خیال بھی ضروری ہے کہ ایک شخص جو اپنی جسمانی حیثیت سے بیل سے زیادہ طاقتور ہے راستبازی میں دیوتاؤں کا ثانی ہے عقل و دانائی میں مصری پروہتوں کا ہمسر ہے۔ اگر اُس کے مزاج میں شائستگی۔ نفاست۔ صلاحیت و اعتدال نہیں تو یہ تمام اوصاف بالکل نامکمل و ادھورے رہ جائیں گے اور یہ اصلاح جب ہی ہوسکتی ہے کہ اُس کی تعلیم میں فنونِ لطیفہ کو بھی شامل کیا جائے۔ جس میں موسیقی کا سب سے بڑا مرتبہ ہے کیونکہ اس سے ایک سچی مسرت و روحانی بالیدگی حاصل ہوتی ہے آپ سُنکر ہنسیں گی اور شاید میرا مطلب نہ سمجھ سکیں لیکن اس سے تو شاید آپ بھی انکار نہ کرسکیں کہ اعلیٰ درجہ کی موسیقی کس قدر ہمارے بہترین جذبات ہیجان میں لاتی ہے۔ چنانچہ تکمیل انسانی کے لئے اُسے اور ورزش جسمانی دونوں کو ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم سمجھ کر یہ یاد رکھنا چاہیے کہ دونوں کا اثر جسم و روح پر یکساں پڑتا ہے اس سے میری یہ مراد ہے کہ جو شخص صرف موسیقی کا دلدادہ ہے وہ اُس لوہے کی طرح جو بھٹی میں پڑکر ملائم و لچکدار ہوگیا ہے۔ ضرور نرم دل و ذکی الحس ہوگا اُس کی طبیعت کا وحشی پن دور ہو کر اخلاق و آداب میں نفاست و شائستگی آجائے گی۔ مگر بالآخر اس کی ہمت و دلیری بھی غائب ہونے لگے گی مزاج چڑچڑا ہوجائیگا۔ چھوٹی چھوٹی باتوں سے ڈرنے اور رنج و دُکھ سہنے لگے گا اور میدانِ جنگ میں بالکل بے کار و بزدل ثابت ہوگا کیونکہ اُسنے اپنے جسم کی پرورش و تربیت سے بالکل غفلت کردی تھی اور ایرانیوں کا نصب العین

اپنے دل سے بھلا دیا تھا۔ بخلاف اس کے وہ جو صرف ورزش ہی کے پیچھے پڑا رہا ہے یہ سچ ہے کہ ہمارے شہنشاہ کمبوجیہ کی طرح اپنے زور بازو اور دلیری میں سب پر سبقت لیجائیگا مگر میں آپ کے فرزند عالی شان کی طرف اشارہ نہیں کرتی ایسے شخص کی روح بالکل مُردہ ہو جائے گی۔ اس کے جذبات و احساس میں وہ نفاست و صلاحیت پیدا نہ ہوگی کہ تحمل و بردباری کے ساتھ کسی بات پر غور کر سکے۔ بلکہ اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے وہ ایک درندے جانور کی طرح اکثر ظلم و تشدد کا مرتکب ہوگا۔ اُس کی زندگی تہذیب و شائستگی سے خالی۔ جہالت و خود غرضی و تنگدلی کی دلدل میں پھنس جائے گی اور اُسے کبھی اس دنیا میں سچی خوشی حاصل نہ ہو سکے گی۔ اس لئے نہ تو صرف موسیقی اور نہ ورزش ہی تنہا ہمارے لئے مفید ہو سکتے ہیں۔ مگر یہ دونوں مکمل ہماری ترقی کا باعث ہیں اور مسرت روحانی۔ وسعتِ نظری۔ شرافت و شائستگی۔ دلیری و مردانگی کے زیوروں سے ہمیں آراستہ کرتے ہیں۔[۵۱] (کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد) جس شخص کو اس قسم کی تعلیم نہیں دی گئی ہے اور جو اپنے لڑکپن ہی سے بد دماغی و سخت مزاجی کا عادی ہو گیا ہے اور کوئی اُسے روک ٹوک کرنے والا نہ ملا ہے۔ جو ہمیشہ دوسروں کی تعریف و چاپلوسی سنتا رہا ہے مگر کبھی کسی نے اُسے ملامت و سرزنش نہیں کی ہے جیسے قبل اس کے کہ اطاعت و فرماں برداری کا سبق ملے۔ لوگوں پر حکومت کرنے کا اختیار کلّی دیدیا گیا ہے اور جس کی تربیت صرف اس اصول پر ہوئی ہو کہ جاہ و حشم۔ قوت و قدرت۔ دولت و ثروت ہی اس دنیا میں سب سے بڑی نعمتیں ہیں۔ ایسا شخص کبھی اس عالی و شریفانہ مرتبۂ انسانی کو نہیں حاصل کر سکتا جو ہمارا نصب العین ہے اور جس کے لئے ہمیں دیوتاؤں سے دست بدعا ہونا چاہیے کہ ہمارے فرزندوں کی ہدایت و رہنمائی کریں۔ اگر یہ بدنصیب شخص علاوہ بدمزاج ہونے کے شہوت و نفسانیت کا بھی غلام ہے تو ورزش جسمانی اس کے یہ تمام عیوب اور بھی دوبالا کر دیں گے۔ اپنے زور بازو کے گھمنڈ میں

---

۵۱ یہ اسپیچ فلاطون کی جمہوریت سے ماخوذ ہے۔ (مترجم)

طرح طرح کی بے عنوانیاں اُس سے سرزد ہوں گی منجملہ اُن کے ایک کثرت مے خواری ہے جو اُس کی تباہی و بربادی کا یقینی پیش خیمہ ہے۔ آہ! اس سے بڑھ کر اس دنیا میں کوئی ٹریجڈی کوئی اندوہ ناک حادثہ نہیں ہو سکتا کہ ایک معصوم بچہ جس کی فطرت وطینت کا خمیر مائل بہ نیکوئی و راستی ہو بڑا ہو کر اپنی ماحول کے تاثیرات اور خراب تعلیم و تربیت کی وجہ سے درندوں و بہائم کے زمرہ میں شامل ہو جائے **رھوڈوفس** یکایک چپ ہو گئی کیونکہ ملکہ کا سندانہ زار و قطار رو رہی تھی اُسے خیال ہوا کہ وہ اپنے جوش میں ضرورت سے زیادہ کہہ گئی جس نے مادر شاہ کے زخمی شدہ دل میں ایک اور ٹھیس لگا دی۔ وہ کسی قدر منفعل و پشیمان آگے بڑھی اور اُسکے دامن کا بوسہ دیکر گردن جھکا کر بولی "ملکۂ عالم! میں معافی کی خواستگار ہوں"

**کاسندانہ** نے اشارہ سے منع کیا۔ اپنے آنسو پونچھ کر رخصت ہونے کے لئے اُٹھ کھڑی ہوئی اور دروازہ پر پہنچکر ذرا ٹھیری پھر پیچھے مُڑ کر **رھوڈوفس** سے کہنے لگی۔

"تم یہ نہ خیال کرنا کہ مجھے تمہاری کوئی بات بُری معلوم ہوئی ہے یا تم سے رنج ہے۔ تمہاری ملامت کرنا بالکل بجا تھا مگر اب میری خواہش ہے کہ تم بھی اپنے دل سے گزشتہ واقعات بھلا دو اور معاف کرو کیونکہ میں تمہیں یقین دلاتی ہوں کہ جس شخص نے میرے اور تمہارے دونوں کے دل زخمی کئے ہیں وہ بھی باوجود اپنی تمام عظمت و شوکت کے آج اس دنیا میں سب سے زیادہ بدنصیب و ناشاد ہے۔ میں تم سے اب رخصت ہوتی ہوں مگر یاد رکھنا کہ کورش اعظم کی بیوہ ہمیشہ تمہاری بہی خواہ رہے گی۔ اور اُس کی عین آرزو و تمنا ہے کہ کسی دن تمہیں یہ معلوم ہو کہ فیاضی و احسانمندی بھی باوجود ان کی کمزوریوں کے ایرانی قوم کا ایک شیوہ اور اُن کی طبیعت کا بہت بڑا خاصہ ہیں" یہ کہہ کر چلی گئی۔ اُسی دن **رھوڈوفس** کو یہ خبر ملی کہ **فینیس** جو اپنے اُستاد حکیم **فثاغورث** کے یہاں مقیم تھا اور فلسفہ کی تعلیم حاصل کر رہا تھا چند مہینے ہوئے کہ اپنے زخموں کی وجہ سے مر گیا۔ مرتے وقت اُسے کوئی رنج نہ تھا اور نہایت اطمینان و استقلال کے ساتھ اُس نے جان دی۔

رھوڈوفس یہ خبر سُنکر بہت متاثر ہوئی اور کری سس سے کہنے لگی "فنیس کی موت یونان کے لئے ایک صدمہ جانکاہ ہے مگر شکر ہے کہ اُسکے ہم خیال ابھی موجود ہیں اور ہر روز پیدا ہو رہے ہیں۔ مجھے ایران کی روز افزوں ترقی سے کوئی خوف نہیں بلکہ یقین رکھتی ہوں کہ میرا عزیز وطن جس کے فی الحال متعدد سر ہیں۔ جب کسی بڑے خطرہ یا آفت کا سامنا ہوگا تو یہ سب متفق ہو کر ایک عظیم الشان سر بن جائیں گے اور جس طرح روح جسم پر حکومت کرتی ہے اسی طرح اپنی روحانیت سے مادی طاقت کا مقابلہ کر کے اُسے زیر و زبر کر دیں گے۔"

---

تین دن بعد سافو اپنی نانی سے بچشم گریاں رخصت ہوئی اور حرم شاہی کے ہمراہ ملک ایران سدھاری جہاں باوجود اُن واقعات کے جو آئندہ پیش آئے اُسے بردیہ کی واپسی کا ہمیشہ یقین رہا۔ اُسی کی اُلفت۔ محبت و یاد و اُمید میں اُس نے ہمہ تن اپنے تئیں اپنی بچی کی تعلیم و تربیت اور عہم ملکہ کی خدمت اور خبر گیری میں صرف کر دیا۔ پرمیس بڑی ہو کر اپنے حُسن و جمال میں لاثانی نکلی اور ماں کی زبانی سُن سُن کر اُس کے دل میں اپنے مفقود باپ کی عزت و محبت سب سے زیادہ مستحکم ہو گئی۔

گرمیوں کے زمانہ میں سافو بابل کے باغات معلقہ میں قیام پذیر ہوئی جہاں کا سندانہ اور اتوسا جب اُس سے ملنے آتیں تو تینوں اُس پری جمال دختر فرعون کو یاد کرتے جس کی وجہ سے کیا کیا واقعات ظہور میں آئے اور کتنی سلطنتیں تہ و بالا ہو گئیں۔

# باب تیسواں

## کمبوجیہ کی موت

ہماری داستان اب قریب الاختتام ہے صرف کمبوجیہ کی جسمانی موت کا

حال لکھنا رہ گیا۔ وہ دماغی حیثیت سے تو کبھی کا مر چکا تھا۔ نیز بعض اُن لوگوں کا انجام بھی جن کا تعلق ہمارے قصہ سے ہے مذکور کرنا ضروری ہے۔ ملکہ کی روانگی کے کچھ عرصہ بعد نوکراتیس میں یہ خبر آئی کہ اروتز۔ لیدیہ کے ستراپ نے اپنے پرانے دشمن پولی کراتیس کو دھوکہ دیکر سارڈیس بُلایا اور وہاں پکڑ کر اُسے سولی پر چڑھا دیا۔ اس طرح اماسس کی پیشین گوئی صحیح نکلی اور ساموس کے جابر کا خاتمہ بُری طرح ہوا۔ ستراپ بلاباد شاہ کی اجازت کے یہ حرکت سرزد ہوئی۔ اب مملکت میدیہ میں ایسے نئے نئے انقلابات ہو رہے تھے کہ لوگوں کا خیال تھا کہ خاندان ہخامنش کے زوال کا زمانہ قریب آپہنچا ہے۔ کمبوجیہ کا قیام ایک عرصہ دراز تک ایک دور دراز ملک میں ہونے کی وجہ سے لوگوں کے دلوں سے اسکا خوف جاتا رہا تھا اور باغیوں و سرکشوں کی ہمتیں بڑھ گئیں تھیں۔ اُس کی دیوانگی نے رعایا کی نظروں میں اسے حقیر کر دیا تھا اور جب انھیں یہ معلوم ہوا کہ صحرائے لیبیا اور حبش میں اُسی کی حماقت سے ایرانی لشکر کو ہزیمت نصیب ہوئی تو رہا سہا رعب و وقار بھی غائب ہو گیا اور وہ آتش نفرت و حقارت جسے مجوسی عرصہ سے سُلگا رہے تھے یکایک بھڑک اُٹھی۔ اولاً میدی بعدہٗ اہل اشور اور آخر میں ایران کی وفادار رعایا نے بھی کھلم کھلا علم بغاوت بلند کر دیا۔ کمبوجیہ جس شخص کو نائب سلطنت بنا کر آیا تھا یعنی موبد اعظم اردوبیس سب سے پہلے وہی سرکش و منحرف ہو کر باغیوں کا سردار بن بیٹھا۔ اسنے عوام کو طرح طرح کے لالچ و دھوکے دیے۔ محاصل و لگان کی معافیاں اور بیش بہا تحائف و انعام وغیرہ کے وعدے کئے اور جب اُسے یقین ہو گیا کہ وہ اُسکے طرفدار ہو چلے ہیں تو سوچا کہ خود ہی مالک تاج و تخت کیوں نہ بن جاؤں اور ایک اتنی بڑی چال کھیلا جو آج تک تاریخ میں یادگار ہے[1]۔

---

[1] دارائے اعظم اپنے کتبہ بیستون میں اس بغاوت کا حال اس طرح لکھتا ہے:۔

"پس کمبوجیا بمصر رفت۔ چوں کمبوجیا بمصر رفت پس رعایا چند (او) شدند۔ پس دروغ در دہیم (ولایات) پیدا شد۔ چہ در فارس۔ چہ در میدیہ چہ در دیگر ولایت ہا۔ پس یک مرد مجوس بود۔ گوماتا نام

اُسے معلوم تھا کہ اس کا بھائی گوماتا جس کے ناک وکان کٹ گئے تھے۔ شہزادہ بردیہ پسر کورش اعظم سے کس قدر مشابہ تھا اس لئے جیوں ہی اُس نے آخر الذکر کے قتل کی خبر سُنی فوراً گوماتا کو بردیہ مشہور کر کے تخت پر بٹھا دیا۔ رعایا نے بھی کچھ مراحمت نہ کی۔ کیونکہ کمبوجیہ کی مجنونانہ حرکات سے وہ پہلے ہی متنفر تھے اور بردیہ سے حد درجہ الفت کرتے تھے اس لئے دام میں آگئے اور موبد اعظم کی تدبیر کارگر ہوگئی علاوہ بریں اردوسپتس نے اپنے بہت سے ایلچی و نمایندے دور دور کے شہروں و مختلف ولایتوں کو روانہ کئے اور بد دل رعایا کو یقین دلایا کہ بردیہ کی موت کی افواہیں غلط ہیں۔ وہ زندہ ہے اور اپنے بھائی سے لڑ کر سلطنت پر قابض ہوگیا ہے اور جو شخص اس کا ساتھ دیگا اُسے فوجی خدمت اور ہر قسم کا ٹکس بھی تین سال کے لئے بالکل معاف کر دیا جائیگا۔ یہ سُننا تھا کہ تمام ملک میں دھوم مچگئی اور سب نے بڑے جوش مسرت کے ساتھ نئے تاجدار کو اپنا حاکم و بادشاہ مان لیا۔ مصنوعی بردیہ یعنی گوماتا اپنے بھائی پردوہت اعظم کے ہاتھ میں کٹھ پتلی تھا جو کچھ وہ کہتا تھا آنکھ بند کر کے اُسی پر عمل کرتا تھا اُس نے فوراً نیسیا (نیشاپور یا درہ گز) کے عالی شان محل شاہی پر قبضہ کر کے رعایا کو دن میں ایک بار اپنا درشن دکھانا شروع کیا مگر اتنی دوری و فاصلہ سے کہ وہ اس کے چہرہ کا عیب نہ معلوم کر سکے اور اپنے پیارے شہزادے کی شباہت دیکھ کر دھوکے میں آگئے بعد ازاں کچھ عرصہ کے بعد گوماتا نے افشائے راز کے خوف سے باہر نکلنا بالکل ترک کر دیا۔ اور اندرون محل روپوش ہو کر شب و روز عیش و عشرت کے مزے لینے لگا اور اسکے بھائی نے جس کے ہاتھ میں کل انتظام سلطنت تھا تمام معزز عہدوں پر اپنے دوستوں۔ مصاحبوں و محبوسیوں کو مقرر کرنا

(بقیہ نوٹ صفحہ گزشتہ) او بلند شد (خروج کرد) او بہ مردم چنیں دروغ گفت من باردیا پور کورش پسر کمبوجیہ ہستم۔ پس مردم ہمہ با او ہمراہ شدند" (ایران نامہ)

شروع کر دیا۔ جب سب طرف سے اُسے اطمینان ہو گیا تو اکساتیس خواجہ سرا کو اس نے مصر روانہ کیا تاکہ فوج کو بھی بردیہ کی تخت نشینی کی اطلاع دیکر کمبوجیہ کے خلاف بغاوت پر آمادہ کرے۔ اس چالاک قاصد نے اس اہم کام کو نہایت خوبی و ہوشیاری کے ساتھ انجام دیا۔ اور ہزاروں سپاہیوں کو اپنا موافق بنا کر موقعہ کا منتظر تھا کہ اتنے میں چند شامیوں کے ہاتھ آ گیا جو اُسے پکڑ کر انعام و اکرام کی لالچ سے کمبوجیہ کے پاس ممفس لے گئے۔ بادشاہ نے اس کی جان بخشی کا وعدہ کر کے صحیح واقعات بیان کرنے کا حکم دیا۔ خواجہ سرا نے تمام باتوں کی تصدیق کی اور عرض کیا کہ بردیہ ایران پہونچ کر تاج و تخت کا مالک ہو گیا اور اکثر رعایا نے اس کی اطاعت قبول کر لی ہے۔ کمبوجیہ یہ سن کر ایسا حیران و خوف زدہ ہوا جس طرح کوئی کسی مُردہ کو قبر کے باہر زندہ دیکھکر ہوتا ہے۔ باوجود اپنی مجبوط الحواسی کے اسے یہ اب بھی یاد تھا کہ پرکزاسپ نے اپنی واپسی کے بعد اُسے بردیہ کے قتل کی مبارک باد دی تھی۔ تاہم اُسے شبہ ہوا کہ ممکن ہے کہ سفیر ہی نے نوجوان شہزادے کی جان بچا کر دروغ گوئی سے کام لیا ہو اس لئے فوراً اس نے اسے اپنے سامنے طلب کر کے ملامت و سرزنش کی۔ سفیر بہت متحیر ہوا اور قسمیں کھانے لگا کہ میں نے خود اپنے ہاتھوں سے غریب شہزادے کو نہ صرف قتل ہی کیا بلکہ دفن بھی کیا تھا اس پر قاصد سے یہ سوال کیا گیا کہ اس نے نئے بادشاہ کو کبھی اپنی آنکھوں سے بھی دیکھا ہے۔ اس نے کہا نہیں۔ کیونکہ بادشاہ صرف چند ہی مرتبہ محل کے باہر نکلے تھے اور لوگوں نے صرف دور سے انھیں دیکھا تھا۔ پرکزاسپ فوراً سمجھ گیا کہ ہو نہ ہو اس میں کچھ دال میں کالا ہے۔ اور موبد اعظم کی شرارت و دغا بازی معلوم ہوتی ہے۔ اس نے کمبوجیہ کو باغات معلقہ کا وہ واقعہ یاد دلایا۔ جب گوماتا کے ہم شکل بردیہ ہونے کے سبب سے بڑے بڑے لوگوں نے دھوکہ کھایا تھا۔ اور کہا کہ یہ بھی اُسی کی کارستانی معلوم ہوتی ہے اگر نہ ہو تو وہ بخوشی اپنا سر کاٹ کر بادشاہ کے قدموں پر رکھ دیگا۔

کمبوجیہ کو یہ سُنکر پورا یقین ہوگیا اور اُس وقت سے دن رات اسی فکر میں رہنے لگا کہ کس طرح جلدی جاکر بے ایمان مجوسی کو ماروں اور اُس سے بدلہ لوں۔ اس نے افواج شاہی کو تیاری کا حکم دیا۔ اور ایک ہخامنش سردار ارسیندز نامی کو مصر کا والی مقرر کرکے فوراً مع اپنے تمام لشکر کے ایران روانہ ہوگیا۔ کمبوجیہ کے سر پر اب ایک نیا جنون سوار تھا۔ رات دن اس نے برابر کر دیئے اور بلا کسی جگہہ آرام لئے نہایت تیزی کے ساتھ کوچ کرتا ہوا ملک شام آیا۔ یہاں ایک دن وہ اپنے اسپ صبا رفتار پر سوار حسب معمول سفر کر رہا تھا کہ یکایک گھوڑا راستہ میں اڑ گیا۔ اس پر اُسے سخت غصہ آیا اور اتنی ٹھوکریں ماریں کہ جانور بیدم ہوکر زمین پر گر پڑا۔ اور اتفاقیہ وہ خنجر جو اُس کی پیٹی میں بندھا ہوا تھا اپنے میان سے نکل کر خود اُسی کے پہلو میں پیوست ہوگیا[1]۔ یہ دیکھکر چاروں طرف سے لوگ دوڑ پڑے اور اُسے اُٹھا کر خیمہ میں لے گئے۔ یہاں کئی دن تک بیہوش رہنے کے بعد ایک روز اُس کی حالت کچھ بظاہر اصلاح نظر آئی اور آنکھیں کھولتے ہی سب سے پہلے اُس نے آریاسپ کو پوچھا۔ بعدہٗ اپنی ماں واتوسا کو یاد کیا مگر یہ تینوں نو مہینے پہلے کبھی کے ایران روانہ ہوگئے تھے۔ بادشاہ کی باتوں سے اب ظاہر ہونے لگا کہ تین سال ہوئے جب اُسے بخار کا پہلا حملہ ہوا تھا اُس وقت سے اب تک کا تمام زمانہ اس کے لئے ایک خواب پریشان تھا۔ یعنی دوران کا جو واقعہ اُس سے بیان کیا جاتا

[1] کمبوجیہ کی موت کا حال کتبہ بیستون میں اس طرح لکھا ہے کہ جس سے یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ اُس نے خودکشی کی اس میں مورخین کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ اتفاقیہ گھوڑے سے گر پڑا اور اپنے ہی خنجر سے مجروح ہوا۔ اور (۲۰) دن زندہ رہ کر مرگیا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اُس نے خودکشی کی۔ داریوش کے کتبہ کے الفاظ کا دونوں طرح سے مطلب نکل سکتا ہے۔ مگر رالنس کا خیال ہے کہ خودکشی کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔ بظاہر اس کی موت اتفاقیہ ہوئی تھی

(ایران نامہ)

اُسے نیا و عجیب معلوم ہوتا جسے سُنکر حد درجہ خود اُسے رنج و افسوس ہوتا۔ سوائے اپنی بھائی کی موت کے اور یہ کہ پرکرنا سپ نے اُسی کے حکم سے بردیہ کو قتل کرکے اس کی لاش بحر احمر کے ساحل کے قریب کہیں دفن کردی تھی اور کوئی بات اُسے یاد نہ تھی پھر بتدریج اُسے پورے طور سے یہ احساس ہونے لگا کہ ایک عرصۂ دراز تک وہ پاگل و مجنوں رہا ہے غرضکہ وہ تمام رات اسی تاسف و پشیمانی میں کٹی۔ صبح ہوتے ہی اُس کی آنکھ لگ گئی اور جب سوکر اٹھا تو اتنی طاقت آگئی تھی کہ کری سس کو اپنے سامنے طلب کیا اور اُس سے کہا کہ گزشتہ واقعات کا اعادہ کرے۔ اس معمر و بزرگ شخص نے جو کمبوجیہ کا سچا بہی خواہ مشیر و دمساز تھا اپنے آقا کے حکم کی تعمیل کی۔ گزشتہ حالات کہہ سُنائے اس کے تمام بیجا حرکات و مظالم بھی بے کم و کاست بیان کردیئے مگر اُسے امید نہ تھی کہ اس کے مخاطب پر کچھ اثر پڑیگا یا آیندہ کے لئے وہ متنبہ ہوگا اس لئے جب اس نے اسکے خلاف دیکھا اور بادشاہ کے مزاج میں ایک عجیب و غریب تغیر پایا تو اُسے سخت حیرت و مسرت ہوئی۔ کمبوجیہ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے وہ اپنے گناہوں پر حد درجہ نادم و پشیمان تھا اور اپنے جنون پر لعنت بھیج رہا تھا۔ بعدہٗ اُس نے کری سس کا ہاتھ پکڑ کر بڑی عاجزی سے معافی مانگی۔ اس کے تحمل و صبر کا شکریہ ادا کیا اور آخر میں یہ کہا کہ جن جن لوگوں پر میں نے ظلم کیا ہے خصوصاً ملکہ۔ سانفو اور اتوسا۔ ان سب سے میری طرف سے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگنا۔ کری سس نے بادشاہ کے مُنہ سے یہ الفاظ سُنے تو اُس سے بھی ضبط نہ ہوسکا۔ بے اختیار رونے لگا۔ اور اپنے آقا کو تسکین و تسلی دیکر کہنے لگا کہ گھبرایئے نہیں آپ اچھے ہوجائینگا۔ اور اپنی جود و سخا، فیض و کرم سے گزشتہ باتوں کی تلافی کرسکینگے کمبوجیہ نے گردن کے اشارہ سے نا امیدی ظاہر کی اور باصرار کہا کہ مجھے اُٹھاکر باہر لے چلو اور ایک بلند مقام پر تخت بچھاکر تمام امراء و وزراء کو سامنے حاضر کرو۔ اس پر طبیبوں و حکیموں نے بہت منع کیا مگر بادشاہ نے نہ مانا۔ اس کی خواہش پوری کی گئی۔ وہ تخت پر

گدی سے ٹیک لگا کر سیدھا ہو کر بیٹھا اور ایک ایسی بلند آواز سے جو دور تک سُنائی دیتی تھی حاضرین سے یہ خطاب کیا "ایرانیو! اب وہ وقت آگیا ہے کہ میں تمہیں اپنے ایک بہت بڑے راز سے آگاہ کروں کچھ زمانہ ہوا کہ ایک خواب دیکھ کر میں دھوکہ میں پڑ گیا اور اپنے بھائی سے ایک معمولی بات پر ناراض ہو کر میں نے پرکزاسپ کو خفیہ طور پر اُس کے قتل کا حکم دیا جس کی تعمیل کی گئی مگر بجائے اسکے اس سے مجھے چین و اطمینان نصیب ہوتا مجھ پر جنون و دیوانگی کا تسلط ہو گیا اور ایسے افعال سرزد ہوئے جو اب میرے انتہائے روحانی تکالیف کا باعث ہیں۔ میں اپنی غلطیوں کا اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گزشتہ حرکات پر حد درجہ نادم ہوں۔ ساتھ ہی تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ میرا بھائی بردیہ اب زندہ نہیں ہے تم نے سُنا ہوگا کہ مجوس تخت ایران پر قابض ہو گئے ہیں۔ اس فتنہ کا بانی و سرغنہ موبد اعظم اردو لیتس یعنی میرا نائب سلطنت ہے جس نے اپنے بھائی گوماتا کو بردیہ مشہور کر کے ایرانیوں کو فریب دیا ہے۔ تمہیں یاد ہوگا کہ یہ وہی گوماتا ہے جسے ایک مرتبہ دیکھکر کری سس انتافرس اور میرے مکرم و بزرگ چچا گستاشپ بھی دھوکہ میں آگئے تھے اور اُسے میرا بھائی سمجھے تھے۔ ہیہات صد ہزار افسوس کہ مجھ ہی کمبخت نے اپنے ایسے قوت بازو و عزیز برادر کو تہ تیغ کرا دیا جو اگر آج زندہ ہوتا تو ضرور ان بدمعاش مجوس سے ان کی گستاخی و دغابازی کا بدلہ لیتا۔ افسوس کہ مُردے کو کوئی زندہ نہیں کر سکتا۔ پیارے بردیہ کو میں اپنی مدد کے لئے نہیں بُلا سکتا اس لئے اب تم ہی لوگوں سے اپنی آخری وصیت کرتا ہوں اور سلطنت کی بہبودی کا ذمہ دار ٹھیراتا ہوں تمہیں میرے بزرگ اجداد فروش کی قسم اور تمام پاک و نیک ارواحوں کا واسطہ ہرگز ہرگز اپنے ملک کی حکومت ان دغاباز مجوس کے ہاتھ میں نہ جانے دینا۔ انہوں نے اس وقت اپنی چالاکی و فریب سے تسلط حاصل کر لیا ہے۔ جس کے جواب میں تم بھی انھیں تدابیر کو عمل میں لانا اور اگر وہ آمادۂ جنگ ہوں تو اپنی پوری قوت کے ساتھ ان کا مقابلہ کرنے میں کبھی کوتاہی نہ کرنا اور جب تک

ان پر غالب نہ آجاؤ آرام سے نہ بیٹھنا۔ یاد رکھو یہ میری آخری وصیت ہے اس پر عمل کروگے تو دنیا کی نعمتیں تم پر کشادہ ہو جائیں گی۔ تم صاحب اولاد ہوگے۔ تمہارے گلے بڑھیں گے تمہاری کھیتیاں بار ور ہوں گی اور ہمیشہ عزت و آبرو کے ساتھ زندگی بسر کروگے۔ لیکن بخلاف اس کے اگر تم نے میرا کہنا نہ مانا تو اہرمن کے پنجۂ لعنت میں گرفتار ہوگے اور ایسی ایسی مصیبتیں نازل ہوں گی کہ نہ صرف تم بلکہ ایران کا ہر بچہ بچہ کفِ افسوس ملتا ہوا اس دنیا سے سدھاریگا۔"[1]

یہ کہہ کر بادشاہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ اور انتہائی ضعف و ناتوانی سے پیچھے گر پڑا۔ سرداران ایران نے اپنے شہنشاہ کی یہ حالت دیکھی تو کپڑے چاک کر کے آہ و بکا کے نعرے بلند کرنے لگے۔ چند گھنٹوں کے بعد کمبوجیہ، کریسس کی آغوش میں جاں بحق تسلیم ہوگیا۔ دم واپسیں اُسے نتیتیس کی یاد پھر آئی۔ اُسی کا نام لبوں پر تھا اور آنکھیں افسوس و ندامت سے پُر نم تھیں۔ جب ایرانی حُردے کی لاش کو جسے وہ نجس سمجھتے ہیں چھوڑ کر چلے گئے تو کریسس اس کے قریب دوزانو بیٹھا اور آسمان کی طرف اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر کہنے لگا "کورش اعظم۔ میں نے اپنا وعدہ پورا کر دیا۔ اور تیرے اس بدنصیب لڑکے کا آخری وقت تک ساتھ دیا۔"

دوسرے دن یہ شریف و نیک مزاج لیدیہ کا معزول تاج دار اپنے لڑکے کے ساتھ برنی چلا گیا یہ اس کی جاگیر کا شہر تھا۔ یہاں کئی سالوں تک وہ زندہ رہا۔ رعایا اُسی اپنے باپ کے برابر سمجھتی تھی۔ دارا اس کی بہت عزت کرتا تھا اور اُس زمانہ کے تمام مشہور لوگ اسے نہایت قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

کمبوجیہ کی وفات کے بعد ایران کے سات بڑے بڑے قبیلوں کے سردار یکجا جمع ہوئے۔ انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ سب سے پہلے غاصب یا نئے حکمراں کی شناخت

---

[1] یہ تقریر مورخ ہیرڈ کی کتاب سے ماخوذ ہے (ایڈیٹر)

کی جائے۔ اور اس کے متعلق تمام حال دریافت کیا جائے۔ اس لئے انانس نے اپنا ایک وفادار خواجہ سرا خفیہ طور سے اپنی لڑکی فدیما کے پاس بھیجا جو نیسیا کے محل میں دیگر بیگمات کے ساتھ نئے بادشاہ کے تصرف میں آگئی تھی۔ قاصد کے واپس آنے سے پہلے فوج کا بیشتر حصہ منتشر ہو چکا تھا اور سپاہی اپنے اپنے وطن واپس چلے گئے تھے۔ آخر کار بڑے انتظار کے بعد خواجہ سرا واپس آیا اور اتانس کو بیٹی کی طرف سے یہ پیغام پہونچایا کہ صرف ایک بار نیا بادشاہ مجھ سے ملنے آیا تھا۔ رات کے وقت جب وہ سو گیا تو میں نے اپنی جان خطرے میں ڈال کر اچھی طرح اُسے دیکھ کر یہ معلوم کر لیا کہ اسکے دونوں کان غائب ہیں۔ اس سے پہلے بھی مجھے شبہ تھا کہ یہ غاصب جو بردیہ سے اس قدر زیادہ مشابہ ہے درحقیقت گوماتا برادر اروپستس ہے۔ کیونکہ یہ راز میرے پرانے دوست بوگس نے جو آج کل خواجہ سراؤں کا سردار ہے مجھ پر افشا کر دیا تھا بوگس کو پروہت اعظم نے ایک دن شوس کی سڑکوں پر بھیک مانگتے دیکھا فوراً اسے اپنے ساتھ لے لیا اور کہنے لگا کہ میں نے تجھے پہچان لیا ہے تو مفرور ملزم ہے جسے قتل کا حکم مل چکا ہے مگر خیر تو اب میرے ساتھ چل۔ مجھے آج کل تجھ ایسے لوگوں کی بہت ضرورت ہے۔ اس دن سے اس نے اُسے اپنے پرانے عہدہ پر بحال کر دیا ہے۔ آخر میں فدیما نے بڑی منت و عاجزی سے کہلا بھیجا کہ کسی نہ کسی طرح مجھے اس کمبخت مجوسی سے جو میرے ساتھ بہت برا برتاؤ کر رہا ہے نجات دلائے۔ میری حالت ناگفتہ بہ ہے اور اگر جلد مدد نہ کیجئے گا تو زہر کھا کر مر جاؤں گی۔ گو کہ اس سے پہلے بھی کسی ہنجا منشی سردار کو یقین نہ تھا کہ بردیہ ابھی تک زندہ ہے تاہم فدیما کا یہ پیغام سُنکر اُن کے رہے سہے شکوک بھی دور ہو گئے اور اچھی طرح پتہ چل گیا کہ غاصب کون شخص ہے۔ اسکے بعد زیادہ تاخیر کی ضرورت نہ تھی وہ فوراً اپنی باقی ماندہ فوج کے ساتھ مینسیا روانہ ہوئے اور اپنی قوت یا حکمت عملی سے مجوس کا خاتمہ کرنے کی تدابیر

سوچنے لگے۔ بالآخر جب وہ نئے پایۂ تخت کے قریب آئے تو اپنی دوستی کا اعلان کرکے شہر کے اندر بلا مزاحمت داخل ہو گئے۔ وہاں یہ معلوم ہوا کہ تمام رعایا نئے بادشاہ کی طرف دار ہو گئی ہے انھوں نے بھی یہ کہنا شروع کیا کہ ہمیں بھی شہنشاہ عالی جاہ کے سامنے اپنی اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کرنے کی غرض سے دربار میں حاضر ہونے کی اجازت دی جائے۔ مگر مجوس دھوکے میں نہ آئے اور اپنے قلعہ کے اندر بیٹھے رہے وہیں سے انھوں نے انعام و اکرام کے لالچ دیکر مینیسیا کے میدان میں ایک فوج جمع کی اور اُسے یقین دلانا چاہا کہ درحقیقت شہزادہ بردیہ ہی ان کا نیا بادشاہ ہے۔ موجودہ حالت کے لحاظ سے اگر کسی شخص سے انھیں ڈر تھا یا کوئی ان کی مدد کر سکتا تھا تو وہ پرکزاسپ تھا جس کی ایرانی بڑی عزت کرتے تھے اور جو یہ کہہ کر کہ میں نے بردیہ کو نہیں مارا اس کی موت کی افواہوں کو بالکل باطل و بے بنیاد ثابت کر سکتا تھا۔ سفیر آج کل بالکل علیحدہ ایک کنج تنہائی میں اپنی غمزدہ زندگی بسر کر رہا تھا۔ کیونکہ جب سے اس کے دوستوں و ساتھیوں نے بادشاہ کی زبانی قتل بردیہ کا حال سُنا تھا تو نہایت متنفر ہو کر انھوں نے اس سے ملنا جلنا ترک کر دیا تھا اس لئے ارو بسپتس کو اور بھی اپنی کامیابی کی امید ہوئی۔ ایک دن اُس نے خفیہ طور سے اسے اپنے پاس بُلایا اور بہت انعام و اکرام کے لالچ دیکر کہا کہ تم ایک بلند مینار پر چڑھ کر اُن لوگوں سے جو نیچے جمع ہوں گے کہہ دینا کہ دشمن مجھے بردیہ کا قاتل بتاتے ہیں مگر یہ سراسر غلط ہے۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے نئے شہنشاہ کو دیکھا ہے اور اس امر کی تصدیق کر سکتا ہوں کہ وہی شہزادہ بردیہ ہے۔ پرکزاسپ اس بات پر راضی ہو گیا اور اپنے بال بچوں کو بڑی محبت سے رخصت کر کے آتشکدہ میں دعا مانگنے کے بعد اس وسیع میدان کی طرف جو محل کے قریب تھا روانہ ہوا یہاں لوگ جوق جوق اسکا اعلان سُننے کے لئے جمع ہو رہے تھے۔ راستہ میں اُسے ہفت قبائل کے سردار ملے

جنہوں نے نہایت بیرخی کے ساتھ اس کی طرف سے مُنہ پھیر لیا۔ یہ دیکھ کر اُس نے باآواز بلند کہا "بیشک میں اسی نفرت وحقارت کا مستحق ہوں۔ کاش کہ میں تلافی مافات کرکے آپ لوگوں کی نظروں میں قابل معافی ہوسکتا" یہ سُن کر دارا نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ جلدی سے آگے بڑھا اور اُس کا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا "دارا میں تمہیں اپنے فرزند سے زیادہ عزیز سمجھتا ہوں۔ اگر میں مرجاؤں تو میرے بچوں کی خبر گیری کرنا۔ اے ذوالجناح دارا! دیکھو اب وقت آگیا ہے۔ تمہارے بازوؤں کی آزمائش کا یہی موقع ہے دیکھو اُن سے بخوبی کام لینا" یہ کہہ کر بڑے استقلال واطمینان کے ساتھ مینار پر چڑھ گیا اور ایک ایسی بلند آواز سے جو دور دور تک ہزاروں آدمیوں کو سنائی دیتی تھی چلّا کے بولا "آپ سب لوگوں کو معلوم ہے کہ وہ تمام تاجدار جو آج تک اس ملک پر حکمراں اور اس کی عزت وشان وشوکت کا باعث ہوئے ہیں۔ خاندانِ ہخامنش سے تھے۔ کورش اعظم نے ایک مہربان باپ کی طرح حکومت کی۔ کمبوجیہ نے سختی کا برتاؤ کیا اور بردیہ بھی اگر زندہ ہوتا اور میرے ان ہاتھوں نے اسے قتل کرکے بحر احمر کے ساحل پر دفن نہ کر دیا ہوتا تو آج وہ بھی تاج شاہی اپنے سر پر رکھ کر ہمارے لئے باعث رحمت وعظمت ہوتا۔ متھرا کی قسم! بادشاہ کے حکم سے مجبوراً مجھ سے یہ شرمناک فعل سرزد ہوا جس کا ابھی تک نہ صرف میرے دل میں از حد قلق ہے بلکہ میری زندگی تلخ اور میرا آرام وچین حرام ہوگیا ہے۔ چار برس مجھ پر چار صدیوں کی طرح گزرے ہیں اور ایک ایسے جانور کی مثال جس کے پیچھے شکاری کتے لگے ہوں ملامت، پشیمانی اور انتقام کے دیو ایک لمحہ کے لئے بھی میرا پیچھا نہیں چھوڑتے ہیں۔ اس لئے اب میں نے مصمم ارادہ کرلیا ہے کہ اس کمبخت وذلیل زندگی کا جہاں تک جلد ہوسکے خاتمہ کردوں۔ اور اگر ممکن ہو تو کوئی نیک کام کرکے اس روحانی مصیبت وصعوبت سے نجات پاؤں۔ گو مجھے یہ معلوم ہے کہ چنود کے پُل پر سے گزرنا میرے لئے محال ہے۔

اور آخرت کا عذاب ضرور میری قسمت میں ہے تاہم کم سے کم یہ تو ہوگا کہ لوگ مجھے
برا نہ کہیں گے اور وہ کلنگ کا ٹیکہ جو میرے ماتھے پر لگا ہے تھوڑا سا مٹ جائیگا۔
لوگو۔ آگاہ ہو اور جانو! کہ جو شخص کورش اعظم کے پسر ہونے کا دعویٰ کر رہا ہے اسی نے
مجھے انعام واکرام کی لالچ و طمع دیکر تمہارے سامنے بھیجا ہے کہ اس مینار پر کھڑے ہو کر
تمہیں دھوکہ دوں اور یقین دلاؤں کہ یہ غاصب روح رواں ہنجامنش یعنی ہمارا متوفے
بردیہ ہے لیکن میں اس کے جھوٹے دعوے کو نفرت سے دیکھتا ہوں اور اس کے
وعدے وانعام واکرام پر لعنت بھیجتا ہوں۔ اور بڑی سی بڑی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ پاک
ومقدس متھرا و بزرگ شاہنشاہوں کے فروش میرے گواہ ہیں یعنی جو شخص تم پر حکومت
کر رہا ہے وہ ایک ذلیل پروہت ہے اور موبد اعظم ونائب سلطنت ارو لسپتس کا چھوٹا
بھائی ہے جس کے دونوں کان وناک پہلے ایک جرم کی سزا میں جو سب جانتے ہیں
قطع کر دیئے گئے تھے۔ اگر تم خاندان ہنجامنش کے احسانات فراموش کرنا چاہتے
ہو۔ اگر تم کور باطن وکوتاہ اندیش ہو اور ذلت وخواری کو ترجیح دیتے ہو تو البتہ ان بدذات
مجوس کی اطاعت کرو۔ انھیں اپنا حاکم مانو۔ لیکن اگر تمہیں دروغ سے نفرت ہے اور
ایک دغاباز ونالایق شخص کو اپنا بادشاہ بنانا باعث ننگ سمجھتے ہو تو میں کہتا ہوں اور
پھر کہتا ہوں کہ قبل اس کے کہ پاک ومقدس متھرا آسمان سے رخصت ہو جائے ان مجوسیوں
کو نکال دو اور خاندان ہنجامنش کے اس سب سے بڑے شریف ونجیب وفرزانہ روزگار
یعنی دارا پسر گستاشپ کو جو مجھے یقین ہے کہ کورش ثانی ضرور ہوگا اپنا شہنشاہ منتخب
کرو۔ اب اس لئے کہ تم میرا قول سچ جانو اور یہ نہ سمجھو کہ دارا نے مجھے اپنی طرف سے
سکھا پڑھا کر یہاں بھیجا ہے۔ میں اپنی صداقت کا ثبوت دیتا ہوں جس سے امید ہے
کہ تمہارے تمام شبہات دور ہو جائیں گے اور تمہیں یقین ہو جائے گا کہ ہنجامنش
کی بہبودی وعزت مجھے اپنی جان سے زیادہ عزیز ہے۔ آگاہ ہو کہ تم نے میری رائے

پر عمل کیا تو یزدان پاک تمہاری مدد کرے گا اور تم پر اپنی برکتیں نازل فرمائیگا۔ لیکن اسکے خلاف کیا اور مجوس سے انتقام نہ لیا تو تم پر ابدالآباد تک اس کی لعنت و پھٹکار برسے گی۔ دیکھو بھائیو! میں اب سچائی اور ایمانداری کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہوتا ہوں"۔ یہ کہہ کر وہ منیار کی سب سے اونچی چوٹی پر چڑھ گیا اور وہاں سے بے دھڑک نیچے کود پڑا۔ زمین پر گرتے ہی اُس کا دم نکل گیا اور اس شریفانہ خودکشی نے اُس کی زندگی کی سب سے بڑے گناہ کی تلافی کردی۔ سب لوگ جو بالکل خاموش و حیرت زدہ اُس کی تقریر سُن رہے تھے یہ حالت دیکھتے ہی اپنے آپے سے باہر ہوگئے اور پکڑو مارو کے نعرے بلند کرتے ہوئے محل شاہی کی طرف بڑھے اور اُس کے دروازے توڑ کر اندر گھسنے والے تھے کہ ساتوں[1] سرداران ہنجامنش نے سامنے آکر انھیں روک دیا۔ انھیں دیکھتے ہی عوام نے خوشی کے نعرے بلند کئے اور بڑے جوش و خروش سے کہا "شہنشاہ داریاوش کی فتح"۔ پھر گستاسپ کے فرزند ذی شان کو لوگ اپنے سروں پر اٹھائے ہوئے لیچلے اور ایک بلند مقام پر کھڑا کر دیا جہاں سے اُس نے بآواز بلند اعلان کیا کہ ہنجامنش نے بدذات و غاصب مجوس کا خاتمہ کر دیا ہے۔ یہ سُنتے ہی لوگوں نے پھر نعرۂ خوشی بلند کیا اور کچھ دیر بعد جب اردوسپتس اور گوماتا کے خون آلود سر انھیں دکھائی دیئے تو ان کے جوش کی انتہا نہ تھی۔ وہ سڑکوں پر چلّاتے نعرے مارتے دوڑتے پھرتے تھے اور جہاں کوئی مجوسی نظر آیا مار ڈالتے تھے۔ غرض کہ یہ خوفناک قتل عام جب تک رات نہ ہوئی برابر جاری رہا۔ اس واقعہ کے چار دن بعد تمام سرداران ہنجامنش

---

[1] کتبہ بیستون میں داراؤل اپنے علاوہ چھ سرداروں کا نام لکھتا ہے۔ یہ حسب ذیل ہیں:۔
(۱) انتافرس یا دوفرنا۔ (۲) اتانس۔ یا اتانا۔ (۳) گیریاس یا گادیرودا۔ (۴) ہیدانس یا وی دارنہ۔ (۵) میگابازوس۔ بگابازیا باغ بخش۔ (۶) اردومنش یا اسپاچنا۔ زمانہ مابعد میں ان کی اولاد کو خاص حقوق عطا کئے گئے اور وہ ہمیشہ شہنشاہ کے مصاحب خاص رہے۔ (ایران نامہ)

ایک جا جمع ہوئے اور دارا پسر گشتاسپ کو بوجہ اُس کے مرتبہ اور قابلیت کے اپنا بادشاہ منتخب کیا۔ یہ خبر مشہور ہوتے ہی تمام ایران میں خوشی و مسرت کے شادیانے بجنے لگے دارا نے خود اپنے ہاتھ سے گوماتا کو قتل کیا اور بگابازپدر دُدہ یا نے اُس کے بھائی موبد اعظم کی خبر لی اور خنجر کے گھاٹ اُتارا۔ جس وقت پرکرسپ لوگوں کے سامنے تقریر کر رہا تھا تو ساتوں سرداریعنی اتاما۔ انتافرس۔ گاوبردا۔ بگابازا۔ اردومنش۔ وی وارنہ۔ اور دارا جو بجائے اپنے معمر باپ کے اُن کے ساتھ شامل ہو گیا تھا محل کے اُس دروازہ سے جہاں زیادہ پہرہ وغیرہ نہ تھا چپکے سے اندر داخل ہو گئے۔ یہاں اُنھیں پتہ لگا کہ مجوس کس جگہ جمع ہیں اور چونکہ وہ محل کے کونے کونے سے واقف تھے اور اکثر محافظ سپاہی بھی اس وقت باہر کا تماشہ دیکھنے میں مصروف تھے اس لئے بآسانی اُن کے سر پر پہنچ گئے یہاں چند خواجہ سراؤں نے جن میں بوگس بھی شامل تھا مقابلہ کرنا چاہا مگر مغلوب ہو کر سب مارے گئے بوگس کو پہچانتے ہی دارا نے بڑے جوش و خروش سے اُس پر حملہ کیا اور ایک ہی وار میں اس کا خاتمہ کر دیا۔ خواجہ سراؤں کے چیخنے چلانے کی آوازیں سُنکر تمام مجوسی گھبرا کر باہر نکلے اور ایرانی سرداروں کو دیکھتے ہی جان توڑ کر مقابلہ کیلئے تیار ہو گئے۔ اردوبسیتس نے مقتول بوگس کے ہاتھ سے نیزہ چھین کر انتافرس کی ایک آنکھ پر ایسا تاک کر مارا کہ اُسے کور کر دیا۔ پھر اردومنش کا پیر بھی سخت زخمی کیا۔ اتنے میں بگابازنے سامنے آکر اُس کے سینے میں اس زور سے خنجر مارا کہ موبد اعظم لڑکھڑا کر گرا اور

---

لہ دارا کتبۂ بیستون میں اس طرح لکھتا ہے :-

"مردی نہ در فارس - نہ درمید - نہ در قخمہ ما کسے کہ آں گاد متا مجوس راز سلطنت محروم بکند۔ تا انیکہ من (بہ ایران) رسیدم۔ پس من از اورمزد کمک خواستم۔ اورمزد (خداوند) مرا یاری کرد۔ دہم روز شدہ بود۔ آں وقت من با مردم کم (عدد قلیل) آں گاد متا مجوس را کشتم و مردے کہ پیش بودند در ہمراہی باو (مقصود اینکہ گوماتا را با ہمراہیانش بقتل رسانیدم) ایں واقعہ در قلعہ نسایا در میدان اتفاق افتاد۔ گوماتا شش ماہ سلطنت کرد) (ایران نامہ)

تڑپ تڑپ کر جان توڑنے لگا۔ گوماتا نے یہ حال دیکھا تو وہاں سے بھاگا اور ایک کمرے کے اندر گھس کر دروازہ جلدی سے بند کرنے ہی والا تھا کہ دارا و گاوبرو ابلائے ناگہانی کی طرح اُس کے سر پر پہنچ گئے گاوبروا نے اُسے پکڑ کر زمین پر دے مارا اور سینہ پر چڑھ بیٹھا۔ کمرہ بالکل تنگ و تاریک تھا۔ دارا کو سخت پس و پیش ہوا کہ اگر مجوسی کو مارتا ہوں تو کہیں اپنے دوست کو ضرر نہ پہنچے گاوبروا کو جیوں ہی یہ معلوم ہوا اُس نے چلّا کر کہا "اب تامل کا موقعہ نہیں ہے۔ جلدی مارو کچھ مضائقہ نہیں اگر میں بھی زخمی ہو جاؤں" تب دارا نے ہاتھ سنبھال کر اپنے خنجر کا وار کیا جو خوش قسمتی سے صرف مجوسی ہی کے سینہ پر پڑا۔ اس طرح اروپستیس اور گوماتا دونوں دغاباز اپنے کیفر کردار کو پہنچے۔ آخر الذکر جھوٹے سمرڈس کے نام سے آج تک تاریخ میں مشہور ہے۔ دارا کے انتخاب کے متعلق طرح طرح کی روایتیں مشہور ہوئیں۔ کوئی تو الہامات و علامات آسمانی پر اسے مبذول کرتا تھا اور کوئی اسکے ایک سائیس کی ہوشیاری و چالاکی بتاتا

لہ دارا کے انتخاب کے متعلق یونانی مورخ لکھتے ہیں کہ جب گوماتا کا قتل ہو چکا تو وہ ساتوں ہنجامنشی سردار جنہوں نے اس بغاوت کے فرو کرنے میں حصہ لیا تھا آپس میں جھگڑنے اور سلطنت کا دعویٰ کرنے لگے۔ بالآخر یہ طے پایا کہ ایک دن بوقت صبح شہر کے باہر ایک ساتھ نکلیں گے جس کسی کا گھوڑا پہلے ہنہنائے وہی بادشاہ ہوگا۔ دارا کا ایک نہایت ہوشیار سائیس تھا۔ اُس نے راستہ میں ایک گھوڑی باندھ دی اور رات کے وقت اپنے مالک کے گھوڑے کو وہاں لیجا کر اُسے دکھا دیا۔ دوسرے دن جب سب نکلے تو دارا جلدی سے اپنا گھوڑا دوڑا کر اُسی مقام پر پہنچا۔ جہاں گزشتہ شب گھوڑے کی مادہ بندھی تھی اس لئے وہ بڑے زور سے ہنہنایا۔ دارا نے بازی جیت لی اور سب نے اُسے اپنا بادشاہ مان لیا۔ یہ حکایت بظاہر غلط معلوم ہوتی ہے کیونکہ اول تو کتبہ بیستون میں دارا صاف طور سے کہتا ہے کہ خود میں نے گوماتا کو مار کر اپنے زور بازو سے سلطنت حاصل کی دوم خاندانی اور ذاتی قابلیتوں کے لحاظ سے بھی سوائے اسکے اور کوئی دوسرا بادشاہ نہیں ہو سکتا تھا۔ (ایران نامہ)

تھا۔ غرض کہ چند ہی ہفتوں بعد پارسا گرد میں بسپر گستاسپ کا ایک نہایت عالی شان جشن تاج پوشی[۱] منعقد ہوا۔ اور اُس کے تھوڑے ہی عرصہ بعد اپنی پیاری اتوسا سے شادی کرکے اس سے بھی زیادہ دھوم دھام کے ساتھ اُس نے خوشیاں منائیں۔ گزشتہ واقعات نے اتوسا کے مزاج میں غیر معمولی صلاحیت پیدا کردی تھی۔ وہ اپنے پیارے شوہر دارا کے آخری وقت تک بڑی رفیق و ہمدم[۲] اور نہایت وفادار بیوی رہی۔ اور اُسکے مشہور و معروف کارناموں میں ہمیشہ حصہ لیتی رہی۔ پرکزاسپ کی پیشین گوئی صحیح نکلی دارا اتنا بڑا بادشاہ گزرا کہ نہ صرف ایران بلکہ تاریخ عالم میں باعث[۳] فخر ہے۔ وہ ایک نہایت

---

[۱] ۔ تمام شاہان ہخامنش اپنی رسم تاج پوشی کے لئے پارسا گرد جاتے تھے جو کورش اعظم بانی سلطنت کا مدفن ہونے کے سبب سے نہایت متبرک سمجھا جاتا تھا۔ عموماً یہ رسم بڑی دھوم دھام کے ساتھ ایک عالی شان معبد میں ادا کی جاتی تھی جہاں موبد اعظم نئے بادشاہ کے سر پر تاج رکھتا تھا۔ (دالمس)

[۲] ۔ اتوسا دارا کی سب سے زیادہ چہیتی بیوی تھی۔ اسی کا لڑکا خشایارشا یا زرزیر ولیعہد سلطنت مقرر ہوا گو کہ دختر گاؤبرو اکے بطن سے تین بڑے لڑکے موجود تھے۔ (ایبر)

[۳] اُس زمانہ میں باستثنائے یونان تمام متمدن دنیا پر درفش کاوانی لہراتا تھا۔ ایک طرف فتوحات کا ڈنکا بجتا تھا۔ حدود مملکت میں ترقیاں ہوتی تھیں۔ دوسری طرف استخر۔ شوس۔ و ہمدان میں بڑے بڑے قصر تیار کئے جاتے تھے ملک آباد رعایا خوش حال تھی۔ ہر طرف امن و امان اور عیش و راحت نظر آتا تھا اس حالت کا اندازہ کرنیکے پہلے اُس زمانہ کے تمدن اور مشکلات حکومت پر خیال کرنا چاہیئے کہ اتنی وسیع سلطنت جسکے ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہونچنے میں ایک سال سے زیادہ صرف ہوتا تھا جس میں مختلف مذاہب و ہزاروں قومیں بستی تھیں جو درحقیقت ایک سلطنت نہ تھی بلکہ دنیا تھی جسکے حکمراں کی ذرا سی غفلت سے ہر جگہ ابتری پیدا ہوجانے کا اندیشہ تھا۔ اس پر چھتیس ۳۶ برس تک جو اس خوبی کے ساتھ حکومت کرے وہ دارا ہی کا حق تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ بعدہ اگر ایک جانشین بھی اُسکا ہمسر ہوتا تو ایشیا و یورپ کا نقشہ بالکل بدل جاتا اور دنیا کی تاریخ دوسرے ہی طرز پر لکھی جاتی۔ (ایران نامہ)

قابل و دلیر جنرل تھا اور انتظام سلطنت میں اپنا نظیر نہ رکھتا تھا۔ اس نے اپنی عظیم الشان[1] مملکت پر اس خوبی کے ساتھ حکمرانی کی ہے کہ دنیا کے مشہور و معروف المعروف بادشاہوں میں اس کا شمار کیا جاتا ہے اور یہ صرف اُسی کی قابلیتوں کا نتیجہ تھا کہ اُس کے کمزور جانشین اتنی بڑی سلطنت کو دو سو برس تک اور سنبھال سکے تھے۔ وہ بڑا فیاض و دریا دل تھا۔ اور اپنی رعایا کی جان و مال کا بہت خیال رکھتا تھا۔ کبھی اس نے ان پر جبر و تشدد نہیں کیا اور نہ اپنے حق سے زیادہ یا خلاف قاعدہ کچھ طلب کیا تاہم اُس کا خزانہ[2] ہمیشہ مامور رہا اور

[1] دارائے اعظم ایران کا وہ سب سے پہلا حکمران تھا جس نے انتظام سلطنت ایک مستقل بنیاد پر قائم کیا۔ اس نے اپنے ملک کو ۲۰ یا ۲۸ صوبوں پر منقسم کیا اور ہر صوبہ میں تین حاکم مقرر کئے جس کا اوپر ذکر آچکا ہے۔ ان صوبوں کے نام دیکھنے سے اس کی وسعت سلطنت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ وہ یہ ہیں بابل۔ اشور (اطراف موصل) عربستان۔ مصر۔ یونان۔ لیدیہ۔ یا غربی اناطولیہ۔ سواحل بحر سیاہ۔ ارمنستان۔ خراسان۔ میڈ۔ کابل۔ خوارزم۔ باختر۔ سغد۔ قندھار۔ ترکستان۔ اسگرو۔ ہرات۔ قفقار۔ پنجاب۔ کرمان۔ علاوہ بریں جزائر قبرس و دیگر دو بحر قلزم۔ سواحل شام متراکیا۔ تسالیا۔ بلغاریہ۔ تا دہنہ رود ڈینوب۔ نیز کشمیر۔ سندھ۔ گجرات کا ایک حصہ و جزائر کمبائی وغیرہ۔ (ایران نمبر)

[2] دارا نے ہر صوبہ کا ایک مستقل خراج مقرر کیا۔ صرف صوبہ فارس اس سے مستثنےٰ تھا مگر اس کی ایرانی رعایا کو بھی جب بادشاہ ان کی حدود سے گزرتا تو نذریں پیش کرنا ضروری تھا۔ خراج نقد و جنس دونوں طریقوں سے لیا جاتا تھا۔ صوبہ ہندوستان جس کی ڈیڑھ کروڑ روپیہ آمدنی تھی نہایت متمول سمجھا جاتا تھا اور بلوچستان جس کا آج کل بھی یہی حال ہے اُس زمانہ میں بھی سب سے زیادہ غریب و نادار تھا۔ مصر کو علاوہ ایک مقررہ خراج کے اپنی ماہی گیری کی کل آمدنی دینا پڑتی تھی۔ اور ایک لاکھ بیس ہزار ایرانی فوج جو وہاں مقیم تھی اس کا خرچ بھی برداشت کرنا پڑتا تھا۔ بابل سال میں چار ماہ شاہی ضروریات کے لئے غلہ و رسد بہم پہنچاتا تھا۔ باقی آٹھ ماہ دوسرے صوبوں کے ذمہ تھے۔ بابل سے ہر سال پانچ سو خواجہ سرا بھی آتے تھے۔ حبش کا خراج بکثرت غلام۔ حاج اور ابنوس کی لکڑی تھی۔ عرب سے

اس کے انعام واکرام شاہانہ داد و دہش میں کبھی کمی نہ آئی۔ اس نے ٹیکس و محاصل کا ایک باقاعدہ انتظام کیا۔ رعایا کی فلاح و بہبودی کے لئے جو باتیں اس کے ذہن میں مناسب معلوم ہوئیں انہیں جاری کرنے میں کسی دوسرے کی مزاحمت و مخالفت کی مطلق پرواہ نہ کی۔ چنانچہ وہ اپنے ملک کی مالی حالی درست کرنے کیلئے جو تدابیر عمل میں لایا انھیں اس کے بعض جنگجو جاہل سردار حقارت سے دیکھتے تھے اور اسے تاجر یا بیوپاری کہہ کر پکارتے تھے لیکن اس نے کبھی اس کا خیال نہ کیا اور ہمیشہ اپنی دھن کا پکا رہا۔ یہ اسی کے زمانہ کی ایک معرکتہ الآرا ایجاد ہے کہ اپنی سلطنت میں جسے اس زمانہ کی متمدن دنیا کے نصف حصہ سے زیادہ سمجھنا چاہیے اسی نے سب سے پہلے ایک باقاعدہ سکہ[۵] جاری کیا۔ وہ ہر قوم کے مذہب و رسم و رواج کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) کئی سو من یومیہ آتا تھا۔ علاوہ بریں مختلف صوبوں کی معدنیات وغیرہ کی آمدنی بھی شاہی خزانہ میں جمع ہوتی تھی۔ یہ سب کچھ شہنشاہ کی مرضی پر منحصر تھا۔ اگر وہ کسی صوبہ سے خوش ہوتا تو اس کا خراج کم یا ایک عرصہ کے لئے بالکل معاف کر دیتا۔ غرض کہ یہ کل آمدنی شاہی خزانہ میں جمع ہوتی تھی اور چونکہ شاہی اخراجات کے دوسرے ذرائع بھی تھے اس لئے اس میں سے بہت کم خرچ ہوتا تھا اور ایک بے شمار دولت جمع تھی جس کا ایک خفیف سا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ دو سو برس بعد جب ایران کے ادبار کا زمانہ آیا تو اس گئی گذری حالت میں بھی جو مال غنیمت سکندر اعظم کو ملا ہے اسے لے جانے کے لئے دس ہزار گاڑیوں اور پانچ ہزار اونٹوں کی ضرورت ہوئی تھی اور وہ کل ملا کر کئی کرور روپے سے زیادہ تھا۔

(رالنس۔ سائکس)

[۵] غالباً یہ فن لیدیہ سے ایران میں آیا لیکن دنیا کے بڑے بادشاہوں میں سب سے پہلا دارائے اعظم تھا جس نے اپنی فوج کو تنخواہ دینے کے لئے ۵۱۶ ق م۔ باقاعدہ سکے جاری کئے۔ جو دو سو برس تک نہ صرف ایران بلکہ تمام دنیا حتے کہ پنجاب تک میں رائج تھے۔ اشرفی کو دارک۔ دارائی۔ یا "پارسی تیرانداز" کہتے تھے۔ کیونکہ اس پر بادشاہ کی ایک تصویر کندہ تھی جو دوزانو بیٹھا ہوا کمان کھینچے دشمن کی طرف نشانہ

اور جب یہودیوں نے اکباتان کے دفاتر سے کورش اعظم کا وہ فرمان جس سے کمبوجیہ بے خبر تھا۔ نکال کر اس کے سامنے پیش کیا تو اُس نے فوراً انھیں اپنے معبد کی ترمیم و تعمیر کی اجازت دیدی۔ اُس نے اُن یونانی اقوام کو جو ایونیان شہروں میں بستی تھیں بخوشی خاطر سوراج بخش دیا۔ اور اگر یونانی خصوصاً اتھنز کے باشندے اس کے ساتھ گستاخانہ پیش نہ آتے تو کبھی اُن کے ملک پر فوج کشی نہ کرتا۔ علاوہ دیگر علوم مختلفہ کے علم سیاست مدن بھی اس نے مصریوں ہی سے حاصل کیا تھا اسلئے اس قوم کی اُس کے دل میں بڑی عزت تھی اور اپنی طرح طرح کی بخشش و انعام سے اُسے سرفراز فرماتا تھا۔ مثلاً مصریوں کی تجارت کو ترقی دینے کی غرض سے اُس نے دریائے نیل اور بحر احمر کے درمیان ایک نہر کھود کر راستہ بنا دیا اور ان کی آمد و رفت کے لئے بڑی سہولتیں ہوگئیں۔ اُس نے اپنے عہد حکومت میں اُس ظالمانہ برتاؤ کی جو کمبوجیہ نے مصریوں کے ساتھ کیا تھا بہت کچھ تلافی کرنا چاہی اور اُنکے علوم و فنون کا ہمیشہ شایق و دلدادہ رہا۔ جب تک وہ زندہ رہا کسی کی مجال نہ تھی کہ مصریوں کے مذہب یا رسم و رواج وغیرہ میں مداخلت کرکے اُن کا دل دُکھائے۔ یا انھیں کسی

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) مار رہا ہے۔ دارک کا سونا اعلیٰ درجہ کا خالص تھا اور اسکا وزن ۱۳۰ گرین تھا۔ نقرئی سکہ جسے شکت یا سگلوی کہتے تھے وزن میں ۶۸ گرین تھا۔ اس کی قیمت قریباً دو ڈھائی شلنگ انگریزی تھی اور اشرفی میں بیس ملتے تھے۔ یہ درحقیقت بیڑہ جہازات کے فینسکی ملاحوں کی تنخواہ ادا کرنے کیلئے مضروب کیا جاتا تھا۔ اسی لئے اسکے ایک طرف مینار کی تصویر تھی اور دوسری طرف بادشاہ مع اپنے رتھبان کے ایک ورشکہ پر سوار نظر آتا تھا۔

ایران میں متعدد دارالضرب تھے مگر ماردیس کا سب سے زیادہ مشہور تھا بعض ستراپ اور باج گزار حاکموں کو بھی اپنا سکہ چلانے کی اجازت تھی۔ مگر صرف نقرئی۔ کیونکہ طلائی اشرفی ضرب کرنے کا سوائے شہنشاہ کے اور کسی کو اختیار نہ تھا۔ (سائکس و رالنس)

قسم کا ضرر پہونچائے۔ معمر و بزرگ پروہت اعظم منیتوتپ جو بادشاہ کا اوستاد تھا تادم زیست اُس کا ہمدم رہا اور اپنے علم نجوم کی غیر معمولی قابلیت سے ہمیشہ اُسے نہایت مفید صلاح و مشورے دیتا رہا۔ مصری بھی اپنے نئے حکمراں کی شفقت و محبت دیکھ کر اُس کے ایسے گرویدہ ہوگئے کہ دارا کو اپنے شاہانِ سلف کی طرح ایک دیوتا ماننے لگے تھے لیکن افسوس کہ اُس کے بڑھاپے کے زمانہ میں گزشتہ احسانات اُنکے دل سے محو ہوگئے اور خود مختاری کی ہوس نے ایک ایسی حکومت سے جو اگرچہ نہایت نرم و عادلانہ تھی مگران کی اپنی نہ تھی انھیں بغاوت و سرکشی پر آمادہ کردیا۔ اس جد و جہد کا خاتمہ اُس زمانہ میں ہوا جب ان کا مربی و بہی خواہ دارا مرچکا تھا۔ اور اُس کا لڑکا خشایارشا تخت نشین تھا جس نے مصریوں کو سخت سزائیں دیکر انھیں بغاوت کا خوب مزا چکھایا اور پھر اپنا مطیع و فرمانبردار بنالیا۔ دارا نے ایک عالی شان و خوشنما محل کوہ رحمت پر جو پرسی پولس (استخر) کے قریب ہے تعمیر کرایا اور اپنے عہد کی ایک ایسی یادگار چھوڑی جس کے کھنڈرات دیکھکر اب بھی سیاح دنگ ہوتے ہیں۔

---

لہ عہد دارائے اعظم کی جو یادگاریں موجودہ زمانہ میں دریافت ہوئی ہیں انھیں مختصر طور سے ہم بیان کرتے ہیں اور سب سے پہلے استخر اور اُس کے نواح سے شروع کرتے ہیں :۔

دریائے پلور میدان مشہد مرغاب کو سیراب کرتا ہوا جہاں پاسارگرد کے آثار ہیں۔ بہت سی تنگ و پیچیدہ وادیوں سے ہوکر گزرتا ہے اور بالآخر ایک سرسبز میدان میں آکر رود بند امیر سے مل جاتا ہے اس دوسری وسیع و مسطح سبزہ زار کو میدان مرودشت کہتے ہیں۔ یہاں ایک دوسرے کے قریب تین بڑی بڑی یادگاروں کے نشان موجود ہیں۔ (۱) نقش رستم۔ ہمارے سامنے ایک اونچی سی پہاڑی ہے جسے یہاں کے باشندے حسین کوہ کہتے ہیں۔ اس کے سامنے والے رُخ پر جو اس قدر ڈھالو و سپاٹ ہے کہ بمشکل کسی کا گذر ہوسکتا ہے۔ چار حجرے پتھر میں کھود کر بنائے گئے ہیں۔ یہ دارائے اعظم خشایارشا۔ اردشیر دراز دست اور دارائے ورم کے مقبرے ہیں۔ یہ باہر سے بمشکل صلیب نما

اور اُس زمانہ کی صنعت و حرفت کی تعریفیں کرتے ہیں۔ چھ ہزار مصریوں نے جنھیں

(بقیہ صفحہ گزشتہ) نظر آتے ہیں۔ سامنے ایک چھوٹا سا دروازہ ہے جس کے ادھر اُدھر ستون ہیں جن کی چوٹیاں ایرانی طرز کے مطابق بیلوں کے سروں کے ہیں۔ دروازہ کے اوپر مختلف تصاویر کندہ ہیں جن میں سے ایک قابلِ ذکر ہے۔ یعنی ایک تخت پر جسے مفتوحہ قومیں اُٹھائے ہوئے ہیں بادشاہ جلوہ گر ہے اُس کے بائیں ہاتھ میں کمان ہے اور داہنا ہاتھ ایک اگن ہوتر کی طرف جس میں مقدس آگ جل رہی ہے اشارہ کر رہا ہے۔ اوپر آفتاب کا نشان اور درشکہ روحانی کی شبیہ ہے۔ یہ دارا کا مزار ہے۔ کیونکہ اس پر اس کا نام کندہ ہے۔ دوسرے مقبروں پر کوئی نام نظر نہیں آتا۔ نیسیاس۔ جو آرتاکسترا یا بہمن اردشیر دراز دست کا یونانی حکیم تھا بیان کرتا ہے کہ جب یہ مقبرہ تیار ہو گیا تو دارا اوپر چڑھ کر اُسے دیکھنا چاہتا تھا مگر کلدانی منجموں نے اُسے منع کیا۔ اس پر بادشاہ کے والدین چڑھنے کے لئے تیار ہو گئے۔ اور چالیس پروہتوں نے جو مقبرہ کے اوپر تھے ایک رسّی کے ذریعہ اُنھیں اوپر کھینچنا شروع کیا۔ مگر یہ ابھی ہوا میں معلّق تھے کہ اتفاق سے ایک سانپ نمودار ہوا جسے دیکھ کر مجوس ایسا ڈرے کہ رسّی اُن کے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور دارا کے غریب والدین نیچے گر کر مر گئے اس پر بادشاہ کو ایسا غصّہ اور رنج ہوا کہ اُس نے ان تمام بزدل مجوسیوں کو فوراً قتل کرا دیا۔

دوسری روایت یہ ہے کہ دارا کا چہیتا خواجہ سرا بگا بانس یا بگا پاتا اپنے آقا کی وفات کے بعد سات سال تک اُس کے مزار کی جاروب کشی کرتا رہا اور وہیں مر گیا۔ چوتھے مقبرہ کے سامنے تین گز کے فاصلہ پر ایک مربع عمارت ہے جسے لوگ قبرِ زردشت کہتے ہیں۔ کرزن کا خیال تھا کہ یہ گستاشپ پدر دارا کی قبر ہے۔ مگر دوسرے محققین اُسے ایک آتشکدہ کہتے ہیں جہاں بادشاہ مقبروں کی زیارت کے بعد پرستش کرتے یا دعا مانگنے آتے تھے۔

مذکورۂ بالا مقبرے جس چٹان پر واقع ہیں اُس کے حصۂ زیریں میں ساسانی بادشاہوں کی تصاویر کندہ ہیں جنھیں عوام الناس شاہنامہ کے ہیرو رستم سے منسوب کرتے ہیں۔ اسی لئے یہ مقام بھی نقشِ رستم کے نام سے مشہور ہو گیا۔

(۲) میدان مرودشت کے شمالی حصہ میں شہر استخر کے کھنڈرات نظر آتے ہیں۔ یعقوب کا

کمبوجیہ ایران پکڑ کر لایا اُس کے بنانے میں حصہ لیا تھا اور انھیں معماروں کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) بیان ہے کہ اس شہر کا بانی تہمورشاہ پیشدادی یا اُس کا لڑکا استخر تھا اور اس کی تکمیل ہوشنگ و جمشید کے زمانہ میں ہوئی۔ فردوسی لکھتا ہے کہ کیکاؤس نے اپنے لئے ایک عالیشان محل یہاں بنایا تھا اور بقول طبری اسی شہر میں شاہ گشتاسپ نے اوستا کا وہ اصلی نسخہ جو طلائی حروف میں لکھا تھا اور جسے بعدہٗ سکندر نے جلوا دیا تھا۔ ایک خزانہ قلعہ کے اندر محفوظ رکھا تھا شہر کے کھنڈروں کے قریب ہی سمت جنوب ایک بڑا سا چبوترہ ہے جسے تخت طاؤس یا تخت رستم کہتے ہیں۔ غالباً قدیم زمانہ میں بادشاہ اس پر کھڑے ہو کر افواج کا ملاحظہ کرتا تھا۔ اسی نواح میں ایک پہاڑی بنام نقش رجب ہے جس پر ساسانی زمانہ کی متعدد تصاویر کندہ ہیں۔

(۲) نقش رستم سے ۵۔ ۶ میل سمت جنوب اور شیراز سے چالیس میل جانب شمال شہر پرسی پولس کے خاص آثار شروع ہوتے ہیں۔ یہ شہر جس کا قدیم نام "پارسہ کتر" یا "پارسیوں کا شہر" تھا۔ پارسا گرد سے چالیس میل سمت جنوب واقع تھا اور دارائے اعظم کے بعد شاہان ہخامنش کا پایۂ تخت رہا تھا۔ یہاں ایک پہاڑ کے دامن میں جس کا نام کوہِ رحمت (شاہ کوہ) ہے وہ مشہور و معروف سنگین چبوترہ ہے جسے تخت جمشید کہتے ہیں اور جس پر شاہان ہخامنش نے دارائے اعظم سے لیکر اردشیر چہارم تک اپنے ایوان و محلات تعمیر کرائے تھے۔ دارا اپنے کتبہ میں شائدا سے ایک قلعہ سے تعبیر کرتا اور لکھتا ہے :-

"میں نے یہ قلعہ ایسے مقام پر تعمیر کرایا جہاں پہلے کوئی نہ تھا۔ یہ ہرمزد کی مدد سے ظہور میں آیا"

دیودورس یونانی مورخ بھی لکھتا ہے کہ پرسی پولس کا قلعہ نہایت شاندار تھا۔ اس کے پھاٹک برنجی تھے اور اس کے گرد ایک تہیری دیوار تھی۔ جس کی وجہ سے تمام محلات محفوظ تھے مگر آج کل اس دیوار کا کہیں نشان نہیں اور نہ اس کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کیونکہ چاروں طرف بلند پہاڑیاں ہیں جو قدرتی محافظ و پاسبان ہیں۔

تخت جمشید کی لمبائی پندرہ سو فیٹ۔ چوڑائی نو سو فیٹ اور اونچائی مختلف ہے یعنی

سپرد شاہی مقبروں کی تعمیر بھی تھی - یہ مقبرے پہاڑ کے اندر پتھروں کو کاٹ کر

(بقیہ صفحہ گزشتہ) وسطی حصہ جو سب سے زیادہ اونچا ہے زمین سے چالیس فٹ مرتفع ہے۔ تخت کے شمالی مغربی گوشہ میں ایک عالی شان دوہرا زینہ تھا جس کی دیواریں رنگین تصاویر و نقش و نگار سے مزین تھیں۔ اس زینہ کی سیڑھیاں تعداد میں سو سے زیادہ تھیں مگر ایسی وسیع و بتدریج ڈھلوان کہ دس سوار ایک ہی قطار میں بآسانی اوپر چڑھ سکتے تھے۔ زینہ کے سرے پر پہونچکر قریباً ۲۰ گز آگے چند شکستہ ستون نظر آتے ہیں۔ یہ آستانہ یا باب شاہی تھا۔ اس سے نکل کر جنوب مشرق ۱۵۰ گز تک سوائے ایک حوض کے اور کوئی نشان معلوم نہیں ہوتا تھا۔ غالباً قدیم زمانے میں اس جگہ ایک خوشنما چمن ہوگا جس کے سامنے خشایارشا کا دربار عام تھا۔ آخر الذکر کے آثار چہل منیار یا ستون کے نام سے مشہور ہیں۔ مگر درحقیقت اس ایوان کے ۷۲ ستون تھے جن میں اب صرف ۱۳ باقی ہیں۔ اس کی دیواروں پر نہایت خوشنما نقش و نگار و تصاویر ہیں اور دروازہ پر یہ عبارت کندہ ہے:-

"منم خشایارشا۔ شاہ بزرگ۔ شاہ شاہان شاہ ولایت ما۔ پر جان باشاہ ایں بوم بزرگ و وسیع۔ پور شاہ دارا ہنجا منشی"

یہاں سے پچاس گز جنوب کی طرف جانے کے بعد دارائے اعظم کا محل جو چبوترہ کے سب سے اونچے حصہ پر واقع ہے نظر آتا ہے اس کے کھنڈرات پر جابجا یہ لکھا ہے "یہ ترجمہ (محل)۔ یہ وث (قصر) یہ ہدش (مکان) شاہ دارا کا ہے" دارا کی مختلف تصاویر بھی منقش ہیں۔ کسی میں وہ ایک خونخوار جانور سے لڑ رہا ہے اور کسی میں خدام اسکے پیچھے ایک چھتری مورچھل لئے کھڑے ہیں۔ یہاں سے پھر جنوب کی طرف کچھ دور چلنے کے بعد اردشیر سوم کے محل کے کھنڈر نظر آتے ہیں۔ اس پر بھی بانی کا نام کندہ ہے مگر نسبتاً چھوٹا معلوم ہوتا ہے یا شاید ناتمام رہ گیا ہو۔ اس کے بائیں جانب مشرق خشایارشا کا وہ عالی شان محل تھا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ قدیم دنیا میں صنعت انسانی نے اس کا ہمسر پیدا نہیں کیا۔ اس کا کل رقبہ آٹھ ہزار مربع گز سے زیادہ تھا۔ اسکے

بنائے گئے ہیں - اور ابھی تک بہت اچھی حالت میں بلندی کوہ پر واقع ہیں جہاں


(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) زمینوں پر خوشنما تصاویر کندہ تھیں - اس کے اندرونی آرائش و زیبائش بھی لاجواب تھی - اور جب اپنی اصلی حالت میں ہوگا تو واقعی عجائب عالم میں شمار کیا جاتا ہوگا - یہاں سے نکل کر سمت مشرق پچاس گز کے فاصلہ پر چند آثار ہیں جن کا حال زیادہ معلوم نہیں - ممکن ہے کہ یہاں ازبر کے زمانہ ولیعہدی کا کوئی محل ہو - اب اس سے چالیس گز شمال مغرب اونچے سے ٹیلہ پر ایک شکستہ در ہے جو باب دارا تھا - قریب ہی اُس عالی شان عمارت کے آثار ہیں جو دارائے اعظم کا دربار ہال تھا اس کا رقبہ ۲۲۵ مربع فیٹ تھا - اس میں ایک سو ستون تھے مگر اب ایک کا بھی پتہ نہیں صرف انکے شکستہ ٹکڑے ادھر اُدھر منتشر نظر آتے ہیں اسکے سنگین در وں و کمانوں کے کھمبوں پر دارا کی مختلف تصاویر ہیں کسی میں وہ خونخوار جانور سے لڑ رہا ہے - کسی میں برسر دربار ہے اور تاج سر پر رکھے تخت پر جلوہ گر ہے یہی وہ خوشنما عالی شان ایوان تھا جسے سکندر فیلقوسی نے شراب کے نشہ میں اپنی معشوقہ آتھے کے اغوا سے جلا کر خاکستر کر دیا اور اُس کے ساتھ شاہان ہخامنش کا بیش بہا کتب خانہ بھی تباہ و برباد ہو گیا - یہاں سے ۶۰ - ۰ گز سمت شمال ستونوں کے چند ٹکڑے نظر آتے ہیں جو اُس پیشگاہ یا باب شاہی کے آثار ہیں جس سے دربار عام کو راستہ جاتا تھا - قریب ہی ایک حوض ہے اور ایک وسیع چمن ہے جس کے وسط میں ایک مرتفع مقام یا اونچے سے ٹیلہ پر ایک خوشنما بارہ دری بنی ہوگی جہاں شہنشاہ بوقت شام تفریحاً آتا اور اپنے محلات - شہر اور اردگرد کے خوشنما منظر کا لطف اُٹھاتا ہوگا - وہ قرب و جوار کی پہاڑیاں جو آج کل برہنہ ہیں اُس زمانہ میں سبزہ و گیاہ سے لدی ہوں گی اور جگہ جگہ سے خوبصورت چشمے و جھرنے بہتے ہوئے عجب بہار دکھاتے ہونگے - اس باغ کی آبپاشی اور دیگر ضروریات کے لئے جو تروں کے نیچے پانی کی نالیاں نہریں اور سرنگیں تھیں - اب بھی کہیں کہیں اُنکا پتہ لگتا ہے - غرضکہ یہ آثار عہد ہخامنش کے صناعی کا ایک لاجواب نمونہ ہیں اور اپنی اصلی حالت میں ایسے شاندار و خوشنما ہونگے جس کا حال پورے طور سے لکھنا قلم کی طاقت سے باہر ہے - اب ہمیں صرف یہ بیان کرنا باقی رہ گیا کہ تخت جمشید کی پشت پر کوہ رحمت

انسان کا گزر محال ہے اور بے شمار جنگلی کبوتروں نے انہیں اپنا مسکن بنا رکھا ہے
دارا کی ایک دوسری یادگار کوہ بہستون[۵] کی اونچی پہاڑی ہے جو غالباً اس
مقام سے کچھ دور نہ ہوگی جہاں اس نے اتوسا کی جان بچائی تھی۔ اس کی چکنی
و سپاٹ چٹان پر دارائے ایرانی، میدی و اشور تینوں زبانوں میں اپنے زمانہ
کے مشہور واقعات کندہ کرائے تھے جو صدیوں تک رازِ سربستہ تھے مگر ماہرین

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) واقع ہے جسکے ڈھلواں رُخ پر تین مقبرے ہیں جو نقش رستم سے مشابہ ہیں
پہلا و دوسرا اردشیر دوم و سوم کا ہے اور تیسرا جو ناتمام رہ گیا ہے شاید دارائے سوم ایران کے آخری
تاجدار کا ہوگا۔ (ماخوذ از پروفیسر جکیس)

[۵] ۔ بیستون یا بہستون۔

ہمدان اور کرمان شاہ کے راستہ میں اول الذکر سے چار دن کی مسافت پر ایک پہاڑی
ہے جسے بیستون کہتے ہیں۔ یہ چار ہزار فیٹ اونچی ہے۔ اس کے دامن یا حصۂ زیریں میں چٹان
کا ایک بہت بڑا ٹکڑا تراشا ہوا ہے جس پر کوئی کتبہ وغیرہ نہیں ہے اور کہا جاتا ہے کہ فرہاد نے
شیریں کے عشق میں یہیں اپنا تیر چلایا تھا۔ مگر اس سے زیادہ عجب تر وہ کتبہ ہے جو اس
عظیم الشان پہاڑی پر جو جبل الطارق کی طرح سپاٹ و ڈھلواں معلوم ہوتی ہے۔ زمین سے
تین سو فیٹ کی بلندی پر نظر آتا ہے۔ جس لوح پر وہ کندہ ہے وہ ۲۰ فیٹ لمبی و دس فیٹ چوڑی
ہے۔ اس کی تحریر خط میخی میں ہے اور اس زمانہ کی ہر سہ مروجہ زبانوں یعنی فارسی قدیم
میدی یا ترکی و بابلی میں مرقوم ہے۔ مذکورۂ ذیل مثال سے واضح ہوگا۔

خط میخی :- 

ترجمہ قدیم فارسی = ب گ ا (بگا)

ترجمہ جدید فارسی = خ د ا (خدا)

فن نے اب انہیں حل کر کے صحیح طور سے پڑھ لیا ہے۔ ہم نے گزشتہ بابوں

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) اس کتبہ میں دارائے اعظم نے اپنا نسب نامہ بیان کر کے کمبوجیہ کی لشکر کشی بردیہ کے قتل اور گوماتا کی بغاوت کا ذکر کیا ہے۔ پھر اپنے عروج کا حال بیان کیا ہے۔ اپنے ۱۹ جنگوں و فتوحات کا ذکر کیا ہے۔ اور آخر میں اپنی قوم کو نصیحت کی ہے کہ صداقت اختیار کریں۔ دروغ و بے دین کی بیخ کنی کریں اور اس کے کارناموں کو مشہور کریں۔ پھر یہ دعا دی ہے کہ جو کوئی اسکے کتبات کی حفاظت کریگا اُسے ہرمزد عمر طولانی بخشے، کثیر الاولاد کرے، اور اس دنیا میں ہمیشہ خوش و خرم رکھے۔ مثالاً ایک نمونہ پیش کیا جاتا ہے جس میں دارا اپنے ۱۹ اسیر بادشاہوں کا ذکر کرتا ہے۔

ثاتہ ئی داریہ وش خشیہ تیا امہ ئی ۹ خشیہ شیا اوم اگربایم

می گوید دارا شاہ ہستند این ۹ (نفر) بادشاہ (کہ) من گرفتم

انتر اِما ہمہ رنا۔

اندر این جنگ ہا

اسی چٹان پر مذکورہ بالا کتبات کے نیچے چند تصاویر کا ایک مجموعہ ہے جو نہایت دلچسپ ہے۔ ۹ شخص جنہیں دارا نے معلوم داسیر کیا ہے سامنے کھڑے ہوئے ہیں۔ ان کے ہاتھ پشت پر بندھے ہیں ان کی گردنوں میں ایک رسّی پڑی ہے۔ ہر قیدی کے سر کے اوپر اور تیسرے کے لباس پر بھی اس کا نام کندہ ہے اور ایک لوح پر اس کی بغاوت و سرکشی کا حال مرقوم ہے۔ آٹھ اسیروں کے مختلف لباس و سر برہنہ ہیں۔ نواں جو غالباً تاتاری ہے اس کے سر پر ایک اونچی سی ٹوپی نظر آتی ہے۔ قیدیوں کے سامنے شاہ دارا کھڑا ہے اس کے سر پر تاج ہے۔ ایک ہاتھ میں کمان ہے۔ دوسرے سے باغیوں کی طرف اشارہ کر رہا ہے اور اپنے پیر سے ایک قیدی (دسواں) کے جسم کو کچل رہا ہے۔ جو نیچے لیٹا ہاتھ پھیلائے رحم کا خواستگار ہے۔ بادشاہ کے پیچھے دو ایرانی امیر استادہ ہیں ایک اس کا ترکش بردار و حاجب خاص

میں جن واقعات کا ذکر کیا ہے اُن کا پتہ اس کتبہ سے بخوبی لگتا ہے اور ہیروڈوٹس کے مشہور تاریخ کی تصدیق ہوتی ہے۔ ایرانی کتبہ میں ایک مقام پر لکھا ہے۔ دارا شاہ نے فرمایا:۔

"جو کچھ میں نے کیا وہ اہرمزد کے رحم و کرم سے کیا۔ جب بادشاہ باغی ہو گئے تو میں نے ۱۹ لڑائیاں لڑیں۔ میں نے اہرمزد کی مدد سے سب کو شکست دی۔ تو بادشاہوں کو میں نے قید کیا۔ ایک کا نام گوماتا تھا وہ میدی تھا اور اُس نے جھوٹ بولا جب یہ کہا کہ میں بردیہ (برتجہ) پسر کورش ہوں۔ اُس نے ایران کو باغی بنا دیا"

آگے چل کر وہ اُن سرداروں کا نام لیتا ہے جنھوں نے مجوس کا قلع قمع کرنے میں اُس کی مدد کی تھی۔ اور ایک دوسری جگہ لکھا ہے۔ شاہ دارا نے فرمایا:۔

"جو کچھ میں نے کیا وہ اہرمزد کی مدد سے کیا۔ اہرمزد نے میری مدد کی اور دوسرے دیوتاؤں نے بھی۔ کیونکہ میں غاصب نہ تھا۔ دروغ گو نہ تھا۔ ظالم نہ تھا۔ نہ میں نہ میرا خاندان۔ جس نے میری نسل کی اعانت کی اُس سے میں مہربانی سے پیش آیا جس نے مخالفت کی اُس کو میں نے سخت سزا دی۔ تم جو میرے بعد بادشاہ ہو گے اس شخص سے دوستی نہ کرنا جو جھوٹا یا باغی ہے۔ اُسے بڑی سختی سے سزا دینا"

یوں فرماتا ہے شاہ دارا:۔ تم جو میرے کتبات کندہ دیکھو گے اُنھیں خراب و

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) اردو منش ہے دوسرا اُس کا نیزہ بردار گاؤبرو اہے۔ نیز دارا کے سر کے اوپر ایک درشکہ روحانی بھی نظر آتا ہے یعنی ایک تصویر بصورت انسانی جو سر سے کمر تک ایک حلقہ کے اندر جس کے دو طرف پر نکلے ہیں سایہ افگن نظر آتی ہے۔ مذکورۂ بالا ۹ قیدی بابل۔ خوزستان۔ عراق و فارس وغیرہ کے سرکش و باغی حکمراں ہیں اور جو شخص نیچے پڑا ہوا ہے وہ غالباً گوماتا یا ایران کا مشہور غاصب مجوس ہے جسے دارا نے خود اپنے ہاتھ سے قتل کیا تھا۔

(سائکس جیکسن۔ ایران نامہ)

برباد نہ کرنا بلکہ جب تک زندہ رہو اُن کی حفاظت کرنا"

اب ہمیں یہ لکھنا باقی رہ گیا کہ دُدُہ یا پسر بگا بازنے مرتے دم تک کس رفاقت و وفاداری کے ساتھ اپنے آقا و دوست دارا کا ساتھ دیا۔ ایک دن کسی درباری نے بادشاہ کو ایک انار دکھا کر پوچھا "وہ کون سی شے ہے جسے آپ اتنے بار حاصل کرنا چاہتے ہیں جتنے اس پھل میں دانے ہیں"

دارا نے ایک لحظہ توقف کے بعد فوراً جواب دیا۔ "دودہ یا کی رفاقت" دُدُہ یا کو بھی آیندہ ایک ایسا موقع ملا کہ اس نے اپنے آقائے محترم کی محبت و احسانات کا ایک عجیب غیر معمولی طریقہ سے بدلہ اُتارا۔ کمبوجیہ کی وفات کے بعد بابل نے بغاوت کر دی تھی۔ دارا نو مہینے تک اس کے محاصرہ میں مصروف رہا لیکن اُسکی تمام کوششیں بے کار گئیں۔ ایک دن وہ عاجز آکر محاصرہ اُٹھانے والا تھا کہ دُدُہ یا سامنے حاضر ہوا مگر عجیب ہیئت کذائی کے ساتھ یعنی ناک و کان ندارد اور مُنہ سے خون جاری۔ بادشاہ نے گھبرا کر پوچھا کہ یہ کیا ہوا۔ تو اُس نے عرض کیا میں نے خود اپنے ہاتھوں یہ حال بنایا ہے تاکہ اہل بابل کو دھوکہ دیکر حضور کو اس محاصرہ کی تکلیف سے نجات دلاؤں۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ کسی زمانہ میں یہ غلام حسینوں کا دلدادہ اپنی صورت پر کیسا نازاں تھا اب میں اُن کے پاس جا کر کہتا ہوں کہ دیکھو دارا نے میری شکل بگاڑ کر مجھ پر یہ ظلم و ستم کیا ہے اور میں تمہاری مدد سے اُس سے بدلہ لینا چاہتا ہوں۔ اُنھیں میری یہ حالت دیکھ کر فوراً یقین آجائیگا اور اپنے لشکر کا کچھ حصہ بھی ساتھ کر دیں گے جسے لیکر میں ان کا اعتبار بڑھانیکے لئے دو تین جھوٹے حملے بھی آپ کی فوج پر کروں گا۔ بالآخر اس طرح مجھے قلعہ کی کنجیاں ملجائینگی اور اس کا دروازہ کھول کر افواجِ شاہی کو اندر داخل کر دوں گا"

بادشاہ نے اپنی خوش رو۔ خوش مزاج و پیارے دوست کی جب یہ حالت دیکھی اور اُسکی صداقت و جان نثاری سے بھرے ہوئے الفاظ جو ایک عجیب لاپروانہ و تمسخرانہ لہجہ

سے ادا کئے گئے تھے سُننے تو اس سے ضبط نہ ہو سکا - اس کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو گئے - دُدُہ یا کو گلے لگا لیا اور جب اس کی تدبیر سے وہ قلعہ جو ناقابلِ تسخیر تھا فتح ہو گیا تو اُس نے ایک آہ سرد بھر کے کہا "سینکڑوں بابل میرے دُدُہ یا پر فدا تھے - کاش کہ وہ میرے لئے اپنا چہرہ نہ بگاڑتا"

پھر اس نے اپنے دوست کو بابل کا گورنر مقرر کیا اور اُس ملک کی تمام آمدنی بخش دی - اور ہر سال بیش بہا تحائف سے اُسے مالا مال کرتا رہا - اور بعد ازاں اکثر کہا کرتا تھا کہ سوائے کورش اعظم کے جس کا کوئی ہمسر پیدا نہیں ہوا دُدُہ یا کی شرافت ہمت و جان نثاری کی مثال دنیا میں نہیں مل سکتی - الغرض بہت کم ایسے بادشاہ گذرے ہیں جنھیں دارا کی طرح سچے و صادق دوست نصیب ہوئے ہوں - کیونکہ انکی قدر وہی خوب جانتا تھا اور اُنکے ساتھ احسان و مراعات سے پیش آنا کچھ اُسی کی طبیعت میں قدرت نے ودیعت کیا تھا - جب سلوسن یعنی مقتول پولی کراتیس کا بھائی ایک دن شوس آیا اور اس کے سامنے حاضر ہو کر اپنی گزشتہ خدمات یاد دلانے لگا تو دارا نے اسکے ساتھ دوستانہ خاطر و مدارات کی اپنی فوج و جہاز ساتھ کر دیئے اور سارس کے فتح کرنے میں اس کی پورے طور سے مدد فرمائی - اہل جزیرہ نے ایک نئے جابر کو غیر ملکی کے لشکر کے ساتھ آتا ہوا دیکھا تو بڑی سختی سے مقابلہ کیا مگر آخر میں شکست کھائی تو اس طرح خوشامدانہ کہنے لگے "سلوسن کا آنا مبارک ہو - ہمارے سر آنکھوں پر بیٹھیں - بھلا انھیں ہم کب منع کرتے تھے" ہیروڈوٹس نے اپنے زمانۂ زندگی میں یونان کے بہت سے انقلاب دیکھ لئے - ہیپاکورس دو شخصوں یعنی ہرمودیوس - ارسٹوجیٹن کے ہاتھوں مارا گیا - اسکا بھائی پیٹیاس جو اتھنز کا جابر[1] تھا دبار و مصیبت کی گرداب میں پھنس گیا -

---

[1] یونان میں سب سے پہلے شخصی حکومت تھی - پھر حکومت شرفا - بعد جبابرہ (وسط ۷ صدی ق م) اور سب سے آخر میں جمہوریت قایم ہوئی

رھوڈوفس کی وفات اپنے دوستوں کی آغوش میں ہوئی۔ تھیوپمپوس اور کلیاس نے آخر وقت تک اُس کا ساتھ دیا۔ مرتے مرتے وہ یونان کی ترقی و عروج کی جسکا اُسے پورا یقین تھا دعائیں مانگتی گئی۔ اُس کی موت کے بعد نوکراتیس میں ماتم بپا ہوگیا اور کلیاس نے فوراً ایک قاصد شوس روانہ کیا تاکہ بادشاہ وساقو کو اس سانحۂ جانکاہ سے خبر کرے۔ چند ماہ کے بعد مصر کے ستراپ کے پاس دارا کا یہ فرمان پہنچا:۔

"مابدولت نے نہایت رنج والم کے ساتھ یہ خبر سُنی ہے کہ یونان کی معزز خاتون رھوڈوفس کا ابھی کچھ دن ہوئے کہ نوکراتیس میں انتقال ہوگیا۔ چونکہ ان کی نواسی تخت ایران کے اصلی وارث وحق دار کی بیوہ ہے اور اب بھی ایک ملکہ کی حیثیت رکھتی ہے اور چونکہ ہم نے حال ہی میں شہزادی پرمیس یعنی بردیہ وساقو کی لڑکی اور مرحومہ کی پرنواسی کو اپنی زوجیت[1] میں لیا ہے اس لئے ضروری ولازم ہے کہ ہر دو

---

[1] اُس زمانہ کی رسم کے مطابق دارا کی متعدد بیویاں تھیں۔ اُنکے نام حسب ذیل ہیں:۔

(۱) اتوسا۔ سب سے زیادہ چہیتی بیوی دختر کورش اعظم۔ جس کے بطن سے پانچ لڑکے ہوئے پہلا لڑکا خشاریاشا یا زریہ۔ اپنے پدر کا جانشین ہوا۔

(۲) دخترگاوبروا (یا گبریاس) جس سے ایام شہزادگی میں شادی ہوئی۔ اس سے تین لڑکے تھے۔

(۳) ارتس تونہ۔ اس سے دو لڑکے ہوئے۔

(۴) فدیما۔ جو خاندان ہخامنش سے تھی۔ (یہ کمبوجیہ کی فدیما نہیں ہے)

(۵) فرات گون۔ اس سے دو لڑکے ہوئے۔

(۶) پرمیس۔ اس سے ایک لڑکا آریومردوس نام ہوا۔

(۷) دوسری بیویاں جن سے متعدد لڑکیاں ولڑکے ہوئے۔

(ایران نامہ)

والا مرتبت بیگمات شاہی کے خیال سے مرحومہ کی وفات کا تمام ملک میں ماتم کیا جائے۔ نیز تمہیں حکم دیا جاتا ہے کہ رھوڈوفس جسے ما بدولت ہمیشہ ایک نہایت بزرگ و جلیل القدر خاتون سمجھتے تھے اُس کی خاک اس بیش بہا خوبصورت ظرف میں رکھ کر جسے سافو اپنی طرف سے روانہ کرتی ہے۔ مصر کے سب سے بڑے اور عظیم الشان یادگار یعنی اہرام بزرگ میں دفن کی جائے اور تمام اعزاز شاہانہ کے ساتھ یہ آخری رسم ادا ہو۔"

دستخط

داریاوش پسر گستاشپ

شہنشاہِ ایران

از قصر جدید۔ استخر

تمت